بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

دم میراں لعل پاک بہاول شیر قلندرؒ

تحفۃ الگیلانی حجروی مقیمیؒ

جدید تحقیق اور نئے تجربات کے ساتھ بھرپور

حصہ اوّل

مصنّف

پیرِ طریقت رہبرِ شریعت مہتابِ قادریت شہزادہ غوث الوریٰ

حضرت پیر سیّدنا سبطین حیدر شاہ گیلانی حجروی مقیمی

آستانہ عالیہ گیلانی قادری 2½ کلومیٹر حویلی روڈ حجرہ شاہ مقیم

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ط

مدینہ کتب خانہ
0300-6990739
067-3354593

دم میراں لعلؒ پاک بہاول شیر قلندرؒ

تحفۃ الگیلانی حجروی مقیمیؒ

جدید تحقیق اور نئے تجربات کے ساتھ بھرپور

حصہ اول

مصنف

پیر طریقت رہبر شریعت مہتاب قادریت شہزادہ غوث الوری حضرت

پیر سید ناسبطین حیدر شاہ گیلانی حجری مقیمی

آستانہ عالیہ گیلانی قادری ½ 2 کلومیٹر حویلی روڈ حجرہ شاہ مقیم

ضلع اوکاڑہ فون: 861317 - 04449

مشتاق بک کارنر

الکریم مارکیٹ۔ اردو بازار، لاہور

Scanned with CamScanner

جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ہیں

نام کتاب

تحفۃ الگیلانی حجروی مقیمیؒ (حصہ اوّل)

مصنف

پیر طریقت رہبر شریعت مہتاب قادریت شہزادہ غوث الوریٰ
حضرت پیر سیدنا سبطین حیدر (شاہ گیلانی حجروی مقیمیؒ)

ناشر .... مشتاق احمد
مطبوعہ .... آر۔آر، پرنٹرز، لاہور
اشاعت 2011ء
قیمت .... 250 روپے

کتاب ہذا میں اگر کہیں کوئی غلطی نظر آئے تو ادارہ کو مطلع فرما کر شکریہ ادا کرنے کا موقع فراہم کریں تاکہ اگلے ایڈیشن میں درستگی کی جاسکے۔ شکریہ

نعت شریف

محبوب دے روضے تے اِک وار بلا مولا
انہاں سک دیاں اکھیاں نوں دیدار کرا مولا

لگی دھڑکن سینے نوں جاواں شہر مدینے نوں
ملے جام جو پینے نوں میری پیاس بجھا مولا
محبوب دے روضے تے اِک وار بلا مولا

تیرا ہجر ستاندا اے دل ڈب ڈب جاندا اے
نہ پینیدا کھاندا اے آکھے یار ملا مولا
محبوب دے روضے تے اک وار بلا مولا

جاتے غیبی علم سارے جیندے نوکر چن تارے
کائنات پیا وارے کرے آپ ثنا مولا
محبوب دے روضے تے اک وار بلا مولا

تنگ کر دے وچھوڑے نے دن زندگی دے تھوڑے نے
ایہہ فقیر نوں جھوڑے نے منگے روز دعا مولا
محبوب دے روضے تے اک وار بلا مولا

بشکریہ پنجابی شاعر فقیر علی قادری چورستہ میاں خان

Scanned with CamScanner

حمد

اوّل حمد خداوند تائیں
جس تے پیدا کیتا میرے سائیں

لکھ لکھ شکر کراں اُس ذات دا میں
جس نے دنیا تے مینوں بشر بنا دتہ

کن نک تے مینوں زبان بخشی
دو پیراں تے مینوں چلا دتہ

دو نین دتے یار ویکھنے نوں
وچ مقناطیسی کشش پہنچا دتہ!

اک دل دتہ پریت یار دی لئی   دوجا دل نوں خون پہنچا دتہ
کم کرن لئی دو ہتھ دتے   اک ہتھ وچ قلم پھڑا دتہ
مزہ چکھن لئی مینوں زبان بخشی   نالے قینچی وانگ اس نوں چلا دتہ

سبطین بس کر ذکر اس ذات دا
جس نے اس قابل تینوں بنا دتہ

۹ اپریل ۸۸

انتساب

والدین محترم ومکرم استاد صاحب میاں شہامد صاحبؒ اور اپنی زوجہ محترمہ کے نام جن کی شفقت لگن اور دعاؤں کے بل بوتے پر مجھ بندہ ناچیز میں قلم اٹھانے کی طاقت آئی ورنہ بندہ اس قابل کہاں تھا؟
جنہوں نے مجھ ناچیز کو کندن بننے کے قابل کیا۔

بندہ ناچیز
۱۵ جنوری ۹۶ء

ضروری اطلاع

اس کتاب میں کوئی بھی عمل وظیفہ یا تعویذات علم نجوم علم اعداد ہیں وہ بندہ ناچیز کا ذاتی تجربہ ہیں۔
علم قیافہ نسخہ جات بھی ذاتی تجربہ ہیں کوئی بھی چیز کسی کتاب کی مدد سے نہیں لکھی گئی ہے۔

باقی اپنے تجربہ کے علاوہ استادوں کے تجربات عامل دوستوں کے تجربات بزرگوں کے بتائے ہوئے تجربات اپنی ۲۲ سالہ (عامل زندگی) کے تجربات لکھ دیئے ہیں تاکہ مخلوقِ خدا مستفید ہو اور دعاؤں سے نوازیں کوئی عمل اُلٹا پڑنے کے ذمہ دار ہم نہ ہوں گے یا ہم سے اجازت لیں یا پھر کسی کامل اُستاد پیر سے اجازت لیکر کریں۔

شکریہ

بندہ ناچیز

فقط

0302 - 6772387
.. - 41 - 4621217

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ؕ

التماس!

میرے استاد محترم جناب میاں شہامد صاحب کا مجھ پر کرم ہے کہ میں اس قابل ہوا ہوں۔ یہ اُس زمانہ کی بات ہے جب میری عمر صرف تقریباً ۹ سال کے قریب ہو گی۔ استاد محترم ذات کے ہے تو کمہار تھے مگر اُن پر اُن کے مرشد پیر احمد علی کاڑیاں والی سرکار کا کرم تھا کہ جب آپ اس دنیا فانی سے رخصت ہوئے تو جاتے وقت اپنے مرید میاں شہامد کو باطنی اور ظاہری علم سے فیض یاب کر گئے۔

میرا بچپن کا زمانہ تھا جب میاں شہامد نے مجھے کہنا شروع کیا تھا لیکن بچپن تھا مجھے کچھ سمجھ نہ تھی آپ فرمایا کرتے تھے کہ میں نے آپ کے گھر کی ایک چیز چوری کی ہوئی ہے مجھ سے لے لو تقریباً دو سال تک میاں صاحب نے میرے ساتھ یہی سلوک کیا آخر ایک دن آ ہی گیا۔ جب میں نے میاں صاحب سے پوچھنے کی کوشش کی کہ کیا چیز ہے جو کہ ہمارے گھر کی آپ نے چوری کی ہے۔ شب برات کی رات تھی مسجد سے نفل عبادت سے فارغ ہو کر میاں صاحب باہر نکلے تو بندہ ناچیز بھی ساتھ ہو لیا۔ میں نے عرض کی کہ حضرت صاحب وہ کون سی چیز ہے جو آپ نے میرے گھر سے چوری کی ہے۔ انہوں نے ناچیز کو مسجد میں بلایا اور انہوں نے اپنے تمام راز مجھ پر فاش کر دیئے پھر کیا کہنا کہ خدا تعالیٰ نے مجھ ناچیز کو اس راستہ پر لگایا۔ اب الحمد اللہ میری عمر تقریباً ۳۵ سال کے قریب ہے۔ اللہ تعالیٰ کا کرم اور فضل ہے کہ اب ناچیز حقیقت۔ معرفت۔ شریعت

کی دنیا کو جاننے کے قابل ہوا ہے مگر میں اس قابل نہ تھا میرا اس کتاب کو لکھنے کا مقصد صرف اور صرف یہ ہے کہ اس سے مخلوق خدا فائدہ اٹھائے۔ یہ کتاب میری زندگی کا نچوڑ ہے۔ اس میں تمام چیزیں شامل حال ہیں جو کہ ناچیز نے اپنے استادوں سے سیکھیں باقی کچھ باتیں اپنے عامل دوستوں سے لیکر لکھیں ہیں مگر تمام کی تمام تجربہ شدہ ہے۔ ناچیز نے اپنے تمام تر تجربات کا نام تحفۃ الگیلانی مجرّبی مقیمیؔ رکھا ہے۔ یہ مکمل کتاب آپ کے ہاتھوں میں ہے بندہ ناچیز نے تجربات کافی مشکلات کے ساتھ کیے ہیں۔

نوٹ:۔ وَاللّٰہُ اَشَدُّ : والا عمل بہت سخت ہے اس میں کسی کامل کی اجازت کا ہونا ضروری ہے۔ اجازت کے بغیر نہ کریں۔ بندہ ناچیز کے ساتھ رابطہ قائم کیا جائے۔ اگر کسی نے اجازت کے بغیر کیا تو نقصان کے خود ذمہ دار ہوں گے۔ باقی میری طرف سے ہر سلسلہ والے کو اس کی اجازت ہے۔ کر سکتے ہیں۔ باقی کچھ تعویذات یا کوئی عمل ایسے ہیں جن کی زکوٰۃ نہیں لکھی گئی ہے۔ اگر زکوٰۃ ادا کریں تو آپ مکمل عامل بن جائیں گے۔ ورنہ کوئی تعویذ کام کرے گا کوئی نہیں کام کرے گا اس میں شک کی گنجائش نہیں چھوڑی ہے۔

ـــ بے شک جس نے شک کیا وہ گمراہ ہو گیا۔

زندگی تجربہ کی محتاج ہے۔ مخلوق خدا کی خدمت کے لیے دل کے تمام قیمتی خزانے اس میں درج کر دیئے ہیں تاکہ مخلوق کو فائدہ حاصل ہو۔

خیر اندیش

بندہ ناچیز

۲۲ اگست ۹۶ء

فہرست

نمبر شمار	عنوانات	صفحہ نمبر
۱	قابل غور باتیں	۱۳
۲	عامل کے لیے ضروری ہدایات	۱۳
۳	زندگی کا سب سے پہلا عمل	۱۵
۴	بسم اللہ شریف کے فوائد	۱۵
۵	بسم اللہ شریف دشمن کو نقصان کے لیے	۱۵
۶	بسم اللہ شریف کا نقش برائے زبان بندی	۱۶
۷	بسم اللہ شریف برائے محبت	۱۶
۸	بسم اللہ شریف برائے تلاش گمشدہ	۱۶
۹	بسم اللہ شریف برائے خاوند کو قبضہ لانا	۱۷
۱۰	بسم اللہ شریف اگر بھینس دودھ نہ دے تو	۱۷
۱۱	وہ عمل جو میاں صاحب نے پہلے کروایا تھا	۱۷
۱۲	عمل برائے حاضری جنات	۱۸
۱۳	خلائق کو مسخر کرنا سورۃ مزمل شریف	۱۹
۱۴	ہزاروں وظیفوں کا ایک وظیفہ	۲۰
۱۵	محبوب کو قبضہ میں لانا	۲۱
۱۶	کسی کو اپنا طابع کرنا	۲۲
۱۷	دشمن کو نقصان دینا	۲۲
۱۸	دافع اٹھرا	۲۲

Scanned with CamScanner

نمبر شمار	عنوان	صفحہ نمبر
۱۹	تلاش گمشدہ کے لیے	۲۲
۲۰	متفرق تعویذات	۲۳
۲۱	بچوں کا سوکھا پن	۲۶
۲۲	بچے کے رونے کے لیے	۲۷
۲۳	ہر کام کے لیے مجرب نسخہ	۲۸
۲۴	میاں صاحب کا دوسرا نقش	۲۹
۲۵	ہر قسم کی بیماری کے لیے	۲۹
۲۶	اٹھرا کے لیے تعویذ	۲۹
۲۷	اٹھرا کے لیے تعویذ	۳۰
۲۸	تنگی، رزق کے لیے عمل	۳۰
۲۹	عمل غائب کی روزی کے واسطے	۳۱
۳۰	عمل دست غائب سورۃ مزمل شریف	۳۱
۳۱	ھمزاد کو قبضہ میں لانا	۳۲
۳۲	علم حروف ابجد کے بارے میں	۳۵
۳۳	علم نجوم کے بارے برجوں کے بارے	۴۴
۳۴	جبل کاف	۵۱
۳۵	اولاد نہ ہونے کی وجہ	۵۲
۳۶	تلاش گمشدہ یا غائب حاضر کے لیے	۵۳
۳۷	تنگدستی کے لیے	۵۳
۳۸	نفل استخارہ	۵۴
۳۹	نقش اکسیر	۵۵
۴۰	حاسدوں فتح یابی کے لیے نقش	۵۶

نمبر شمار	عنوان	صفحہ نمبر
۴۱	نقش تلی اور ہر حاجت کے لیے	۵۶
۴۲	قرآنی نقش	۵۷
۴۳	کاروبار بند کے لیے	۵۷
۴۴	سورۃ مبارکہ کے عمل	۵۸
۴۵	حل المشکلات	۶۰
۴۶	عمل برائے حب	۶۲
۴۷	دست شناسی علم قیافہ	۶۳
۴۸	نسخہ جات	۸۱
۴۹	عمل دانت درد کے لیے	۹۶
۵۰	عمل اگر ہر کام بند ہو جائے تو	۹۸
۵۱	واسطے لڑائی	۹۸
۵۲	خواص الحروف	۹۹
۵۳	جانوروں کا بیان	۱۰۲
۵۴	عمل برائے حُب	۱۰۴
۵۵	وسعت رزق کے لیے	۱۰۵
۵۶	عمل تسخیر مخلوق کے لیے	۱۰۵
۵۷	حل المشکلات	۱۰۵
۵۸	چراغ حاضری	۱۰۶
۵۹	تعویذات	۱۰۷
۶۰	اکسیر اعظم حل المشکلات	۱۱۱
۶۱	غوثیہ قصیدہ	۱۱۲
۶۲	درود تاج	۱۲۰

Scanned with CamScanner

نمبر شمار	عنوان	صفحہ نمبر
۶۳	فضائل دُرود ابراہیمی۔	۱۲۳
۶۴	قرض سے نجات کے لیے	۱۲۵
۶۵	فضائل کلمہ طیبہ	۱۲۵
۶۶	فضائل آیۃ الکرسی۔	۱۲۷
۶۷	سوئم کلمہ کے فضائل۔	۱۲۸
۶۸	گناہوں سے توبہ کے لیے بہترین طریقہ۔	۱۲۸
۶۹	ناچیز کے روزانہ کرنے والے عملیات۔	۱۲۹
۷۰	حُب اور بدحُب کے لیے بہترین کارآمد نسخہ۔	۱۳۱
۷۱	بدرُوح حاضر کرنے کا طریقہ۔	۱۳۲
۷۲	محبوب کو قبضے میں لانا دشمن کو ایذا دینا حاکم سے کام لینا۔	۱۳۳
۷۳	مندرنہ حضرت علیؑ	۱۳۴
۷۴	ڈُنکا جناب حضرت علیؑ۔	۱۳۶
۷۵	عمل قائم کرنے کے لیے۔	۱۳۷
۷۶	دائرہ حروف معہ موکل۔	۱۳۹
۷۷	حروف کی سمت۔	۱۴۰
۷۸	اللہ الصمد یا عزیز ۔ عمل کے فضائل۔	۱۴۰
۷۹	اسماء خداتعالیٰ اور اس کے برج کیفیت ۔	۱۴۳
۸۰	یاوہاب کے فضائل۔	۱۴۵
۸۱	بابا گلشن شاہ کا دوسرا عمل ۔	۱۴۶
۸۲	کشتہ جات۔	۱۴۶
۸۳	کشتہ سونا ۔	۱۴۶
۸۴	کشتہ پوست بیضہ مرغ۔	۱۴۸

قابل غور بات

عمل کرنے سے پہلے کسی قابل شخص کی اجازت ضروری ہے اور مرشد کامل کی نگاہ کرم کا ہونا ضروری ہے یا کسی شخص کو استاد بنائیں پھر عمل کو شروع کریں ورنہ ہو سکتا ہے کہ آپ ناکام ہو جائیں یا پھر کوئی نقصان نہ ہو جائے یا مصنف ہذا سے اجازت لیں ورنہ نقصان کے خود ذمہ دار ہوں گے۔

عامل کے لیے ضروری ہدایات

۱۔ عمل صرف وہ کیا جو کہ اشد ضروری ہے

۲۔ عمل صرف اور صرف نیک نیتی کے ساتھ کیا جائے۔

۳۔ عمل بعد نماز عشاء شروع کریں اور جگہ پاک صاف ہو۔

۴۔ عمل کرتے وقت بات چیت نہ کریں۔

۵۔ پانچوں وقت نماز کا پابند ہونا ضروری ہے۔

۶۔ عمل کسی جنگل یا کسی تنہا مکان میں کریں مسجد میں ہرگز نہ کریں نہر کے کنارے پر بھی کیے جا سکتے ہیں جو عمل نہر کے کنارے والے ہیں نہر کے کنارے پر ہی کیے جائیں۔

۷۔ عمل کے دوران پرہیز جلالی جمالی ضروری ہے اگر پرہیز نہ کیا گیا تو کامیابی ناممکن ہو گی اور وظیفہ بجائے سیدھا ہونے کے الٹا ہو جائے گا۔

پرہیز جلالی۔

اگر عامل جلالی آیات و عملیات کرے تو لازم ہے کہ ہر قسم کا گوشت، مچھلی، انڈا، شہد اور مشک کا استعمال ترک کرے۔ اونی اور ریشمی کپڑا چرمی ڈھول

Scanned with CamScanner

کا پانی اور ہر اس چیز سے جو جانور سے پیدا ہوتی ہے مکمل پرہیز کرے۔ جوں نہ مارے دانت اور سینگ کے دستہ والے چاقو چھری یا چھڑی بھی استعمال نہ کرے۔ جوتی اور موزہ نہ پہنے دوران عمل حجامت نہ کروائے اور نہ ہی ناخن تراشے عورت کے نزدیک نہ جائے۔ بعض عامل مسور کی دال اور پانی کے علاوہ لہسن اور پیاز اور دیگر بُو والی سبزی مثلاً مولی وغیرہ کے استعمال سے بھی منع کرتے ہیں۔ دوسرے کے بستر پہ نہ سوئے ہر وقت باوضو رہے کسی دوسرے کے ساتھ بھی نہ لگے اگر طاقت ہو تو روزہ رکھے کسی قسم کا میوہ نہ کھائے۔ دودھ گھی۔ لسی استعمال نہ کرے کسی قسم کی مٹھائی نہ کھائے۔ تل اور سرسوں کا تیل بھی منع ہے۔ البتہ اگر کسی مسلمان تیلی سے نہایت صفائی اور احتیاط کے ساتھ نکلوا کر استعمال کرے ہر روز غسل کرے دودھ والے درخت کا پتہ نہ توڑے کسی جاندار جانور پر سواری نہ کرے۔ بغل موئے زیر ناف موئے لب ناخن تراشنے کی اجازت بعض عامل دے دیتے ہیں۔

پرہیز جمالی :-

مچھلی گوشت ہر قسم۔ سرکہ پیاز۔ لہسن ترک کر دے۔ جماع نہ کرے۔ دودھ دہی لسی استعمال نہ کرے۔ ہر وقت لباس پاک صاف رکھے۔ باوضو رہے۔ ہلکی غذا استعمال کرے حجامت کرا سکتا ہے سیا ہوا کپڑا پہنے اور سواری بھی رکھے۔

۸۔ عمل کے دوران اگر ڈر محسوس ہو تو فوراً مرشد کا تصور کرے دوسرے دن اُس کو بتائے جس نے اجازت دی تھی۔

۹۔ ہر نوری عمل کرنے سے جب شروع کرے۔ ۴۱ دفعہ درود پاک ابراہیمی پڑھے اور ختم کرنے پر بھی ۴۱ دفعہ پڑھے۔

۱۰۔ عمل کرنے کے دوران اپنا منہ قطب شریف کی طرف رکھے۔

زندگی کا سب سے پہلا عمل

وضاحت کے لئے تحفہ الگیلانی جلد دوئم بسم اللہ شریف کے اسرار مخفی کا مطالعہ ضروری ہے۔ عمل صرف زندگی میں ایک ہی کیا ہو تو کافی ہوتا ہے۔ مگر صحیح طریقہ کے مطابق کیا ہو تو عمل کی سب سے پہلے زکوٰۃ ضروری ہے۔ زکوٰۃ سوا لاکھ دفعہ ادا کرے۔ اگر ہمت نہ ہو تو پھر گیارہ تسبیح ضروری ہیں۔ بہر حال بہتر تو یہی ہے کہ سوا لاکھ کی زکوٰۃ ادا کریں۔

عملیات کا آغاز سب سے پہلے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم سے شروع کرے۔ روزانہ ۷۸۶ دفعہ ۱۱ دن کرنے سے عمل کرنے کا آغاز ہو جائے گا۔ اگر بسم اللہ شریف کا عمل سوا لاکھ دفعہ کیا جائے تو بھی اچھا ہے (تفصیل جلد دوم میں ہے)

بسم اللہ شریف کے فوائد :

سر درد کے لیے سات سات دفعہ پڑھ کر دم کریں درد انشاء اللہ دفع ہو گی۔ کان درد کے لیے گیارہ گیارہ دفعہ تین بار دم کریں۔

دانت درد کے لیے مریض کو بولیں کہ وہ اپنے دائیں ہاتھ کی شہادت کی انگلی دانت پر رکھے پھر ۴۱ دفعہ پڑھ کر پھونک مار کر پوچھیں کہ درد ہے کہ نہیں اگر ہے تو پھر دوبار پڑھے یا پھر ۴۱، ۴۱ دفعہ پڑھ کر سات دفعہ پھونک لگائیں۔ میرا ذاتی تجربہ ہے۔

دشمن کو نقصان دینے کے لیے :-

پہلے نمبر پر تو جناب سرکار دو عالم صلعم بھی اپنے دشمنوں کے ساتھ شفقت کے ساتھ پیش آتے تھے ہمیں بھی پرہیز کرنا چاہیے کہ کسی کو نقصان نہ ہو اگر دشمن زیادہ حاوی ہے تو معاف کر دیں۔ اگر زیادہ ہی تنگ کرے تو پھر بوجہ مجبوری عمل کر سکتا ہے۔ کسی قبرستان پر جا کر پرانی قبر کے پاؤں والی جگہ پر کھڑا

Scanned with CamScanner

ہو جائے اور نمکین چیز پاس رکھے اور چوہے کی مٹی پرانی قبر کی مٹی کسی شہید کی قبر کی مٹی۔ چوہے کے بل کی مٹی لیکر اُلٹی بسم اللہ شروع پڑھے۔ خیال رہے کہ پاس کوئی سبز درخت یا سبزہ نہ ہو۔ ۱۰۱ دفعہ پڑھے نمکین چیز دشمن کو کھلائے اور مٹی دشمن کے گھر میں پھینک دے۔

زبان بندی کے لیے

نقش بسم اللہ شریف لکھے اور دونوں فریقوں کا نام لکھے جن کے درمیان زبان بندی ضروری ہے اور وزن کے نیچے دبا دے۔ نقش یہ ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

۱۹۶	۱۹۹	۲۰۲	۱۸۹
۲۰۱	۱۹۰	۱۹۵	۲۰۰
۱۹۱	۲۰۴	۱۹۷	۱۹۴
۱۹۸	۱۹۳	۱۹۲	۲۰۳

جائز محبت کے لیے:۔

ہر روز سات دن تک ۷۸۶ دفعہ بعد نماز عشاء ایک جگہ پڑھتے وقت کوئی میٹھی چیز پاس رکھے ساتویں دن بعد مٹھائی محبوب کو کھلائے۔ انشاء اللہ محبوب طابع ہوگا۔

تلاش گمشدہ کے لیے:۔

گم شدہ کا تصور رکھ کر ہر روز ایک سو ایک دفعہ پڑھے۔ طریقہ یہ ہے۔
بسم اللہ الرحمٰن الرحیم فلاں بن فلاں حاضر شد الرحیم بحق یا جبرائیل ۲۱ دن کے اندر کام ہو جائے گا۔

خاوند کو قبضے میں لانا۔

بسم اللہ شریف کا نقش لکھ کر سات دن گھول کر پلائیں۔ انشاء اللہ خاوند فرماں بردار ہوگا۔

بھینس دودھ نہ دے تو۔

۱۱ دفعہ تین بار آٹے کا پیڑا یا چارہ دم کرکے کھلائیں اس کے علاوہ بسم اللہ شریف کی بہت ساری فضیلت ہے جو کہ قلم لکھنے سے قاصر ہے۔ اگر آپ نے سوا لاکھ دفعہ عمل کیا ہے تو پھر دنیا کا تمام نیک کام ہر قسم کی تکالیف کا حل ہو جاتا ہے

بقیہ حصہ جلد دوم میں دیکھیں۔

وہ عمل جو کہ میاں صاحب نے سب سے پہلے مجھ سے کروایا تھا۔

اس سے خدا تعالیٰ کی ذات تمام گناہوں کو معاف فرما دیتی ہے۔ زمین آسمان کی تمام ظاہری اور باطنی اشیاء کے بارے میں معلوم ہو جاتا ہے۔ اس کے کرنے سے انسان اس طرح ہو جاتا ہے جس طرح آج پیدا ہوا ہو۔

موکلات بھی تابع ہو جاتے ہیں۔ ہر دنیاوی کام آسان ہو جاتا ہے اور جناب سرکار دو عالم صلعم کی زیارت نصیب ہوتی ہے ہر دنیاوی مشکل آسان ہو جاتی ہے۔ رزق کی تنگی دور ہو جاتی ہے۔ جناب غوث پاکؒ کی زیارت ہوتی ہے جس چیز کی طلب ہوگی۔ ان شاء اللہ پوری ہوگی۔ یہ وظیفہ جناب حضرت میاں صاحب استاد محترم نے کیا ہوا تھا اُن کے گرد ہر وقت مخلوق خدا کی قطاریں لگی رہتی تھیں۔ آپ جناب ہر مشکل کے لیے اس کو استعمال کرتے تھے۔ مجھ کو بھی انہوں نے پہلی دفعہ یہی وظیفہ کروایا تھا جس کا شمار کسی جگہ میں نہیں ہے۔ ہدایات و شرائط وہی ہیں جو کہ ہر عمل کے لیے ہوتا ہے۔

وظیفہ یہ ہے۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ رَبِّیْ مِنْ کُلِّ ذَنْۢبٍ وَّ اَتُوْبُ اِلَیْہِ ۔

گیارہ تسبیح ہر روز ۴۱ دن پڑھیں با پرہیز اور درود پاک ابراہیمی کی ۱۱ تسبیح یہ دونوں عمل ایک ہے۔ ۴۱ دن کرنا ہوگا۔ عمل کے دوران حصار بنانے کی ضرورت نہیں ہے۔ یہ وظیفہ میرا ذاتی تجربہ شدہ ہے اور میاں صاحب نے مجھے عطا فرمایا تھا۔ اول آخر درود شریف ۱۱،۱۱ دفعہ اور آیۃ الکرسی ۱۱، ۱۱ دفعہ پڑھنی ہوگی۔

انشاء اللہ ہر دینی اور دنیاوی مشکلات آسان ہوں گی۔ اس کے پڑھنے سے چڑیلیں حاضر ہوتی ہیں اور بندہ پر عاشق ہو جاتی ہیں عمل پرہیز کے ساتھ کریں ورنہ نقصان ہوگا۔ میرے پر بھی یہ انکشاف ظاہر ہوا تھا۔ اس سے ہر سلسلہ والا فائدہ اٹھا سکتا ہے۔

جنات کی حاضری:

عمل پرہیز گاری کے ساتھ کریں۔ ۴۱ دن عمل کرنا ہوگا۔ اس عمل میں جنات صرف بچے کو نظر آئیں گے۔

جب عمل آپ کریں گے تو سات سال سے کم عمر کے بچے کو پاس بیٹھا کر جگہ پاک صاف پر بیٹھے سب سے پہلے سرسوں کے تیل کا چراغ روشن کریں چراغ بچے کے پیچھے رکھیں اور بچے کے ہاتھ میں شیشہ دیں اور بچے کو کہیں کہ شیشہ میں چراغ کی طرف دیکھے بچے کو مٹھائی پر ۱۱، ۱۱ دفعہ عمل پڑھ کر کھلائیں بچے کو کہیں فلاں شخص کہتا ہے کہ بتیاں دو ہو جائیں۔ پھر بولیں کہ فلاں شخص کہتا ہے کہ تین ہو جائیں پھر کہیں کہ چار ہو جائیں بچہ بھی آپ کے ساتھ ساتھ یہی الفاظ کہتا جائے جو آپ ادا کر رہے ہیں۔ پھر بچے کو بولیں کہ فلاں شخص کہتا ہے (فلاں شخص کی جگہ عامل اپنا نام لے) میدان ہو جائے۔ بچے کو بولو کہ غور سے دیکھیں کہ ہو گیا ہے کہ نہیں جب میدان ہو جائے تو پھر بچے کو بولیں کہ فلاں شخص کہتا ہے کہ جھاڑو والا حاضر ہو جائے پھر بولیں کہ بہشتی حاضر ہو جائے پھر بولیں کہ حضرت سلیمان پیغمبر علیہ کا تختہ آ جائے

پھر بولیں کہ دو سپاہی آ جائیں۔ جب تمام کچھ ہو جائے تو پھر جو سوال آپ کے پاس سائل لیکر آیا ہے بچے کو کہیں کہ بولے۔ اس طرح جادو ٹونہ امتحان میں فیل پاس تلاش گمشدہ۔ خزانہ وغیرہ۔ بچہ پیدا ہوگا یا بچی پیدا ہوگی۔ حتیٰ کہ آپ جو بھی سوال بچے کو بولیں گے بچہ آپ کے ساتھ بولے گا اور جواب شیشہ میں جنات بتا دیں گے۔

عمل کی ۱۱ تسبیح اول آخر درود شریف ۱۱، ۱۱ دفعہ پڑھیں اور ۴۱ دن پڑھنا ہوگا۔ درود پاک ابراہیمی پڑھیں۔

عمل یہ ہے۔

اَلِیکَامَالِیکَا اَنْتَاتَعْلَمُوْن بحق سلمان سوہنا پیر جوائی دا حاضر شاہ حضور شاہ عزت شاہ۔ یہ عمل مجھے میرے استاد محترم جناب حضرت میاں رحمت علی لبھیر پور والے المعروف بابا گیارہویں والے نے عطا کیا تھا میرا بھی ذاتی تجربہ ہے۔ میری طرف سے ہر سلسلہ والے کو اجازت ہے عمل کر سکتا ہے۔ عمل کرنے کے لیے مرشد پاک اور استاد محترم کی اجازت ضروری ہے کسی بھی کامل شخص سے اجازت لے سکتے ہیں۔ عمل کرتے وقت حصار کی ضرورت نہیں ہے۔ جنات صرف پڑھائی کے وقت نظر آئیں گے اور تنگ کریں گے مگر گھبرانے کی ضرورت نہیں ہے۔ عمل کسی خالی مکان میں کریں جہاں بالکل آپ کے سوا کوئی نہ موجود ہو کیونکہ اگر چوہے نے بھی کوئی چیز اپنی جگہ سے ہلا دی تو آپ ڈر جائیں گے۔ عمل کے دوران اگربتی ضرور جلائیں اور عمل اندھیرے میں کریں کوئی روشنی پاس نہ ہو۔ چاند کی تو چندی تاریخوں میں عمل شروع کرنا چاہیے۔

تمام خلائق کو مسخر کرنا:

یہ عمل میرے استاد محترم جناب میاں شاہد صاحب رح نے دیا تھا مگر بد قسمتی سے میں مکمل نہ کر سکا تھا میرے استاد صاحب کا آزمایا ہوا تھا۔

بعد نماز عشاء اول آخر درود شریف ۱۱۔۱۱ دفعہ پڑھیں قائم جگہ پر کریں۔ عمل صرف

سورۃ مزمل شریف کا ہے جو کہ ۱۴ دفعہ ہر روز ۱۴ دن پڑھنا ہے۔

یہ حُبّ کا بہترین عمل ہے۔ مخلوق خدا کی ہر چیز مسخر ہو گی حتیٰ کہ آپ شیر پر بھی سواری کر سکتے ہیں۔ جنگل کے تمام جانور بھی آپ کے تابعدار ہوں گے۔

ہزاروں وظیفوں کا ایک وظیفہ

یہ عمل ایک ایسا عمل ہے جس سے آپ کی زبان بھی سیف ہو جائے گی بلکہ آپ جو بھی جائز ناجائز بات منہ سے نکالیں گے پوری ہو گی لیکن ہر ناجائز بات کرنیوالہ خود ذمہ دار ہو گا۔ میری طرف سے ہر سلسلہ والوں کو اجازت ہے اس سے ہزاروں نہیں لاکھوں کام کیے جا سکتے ہیں اور میرا ذاتی تجربہ ہے۔ میں نے ہزار ہا دفعہ آزمایا ہے اور میں یہی عمل اکثر کرتا ہوں۔ اس کے کرنے کے بعد میں نے تمام عمل کرنے بند کر دیئے ہیں۔ ضرورت ہی محسوس نہیں ہوئی تھی اس کی خاطر میں ایک سال سائیکل پر حجرہ شاہ مقیم سے بصیر پور ۲۴ کلومیٹر کا فاصلہ روزانہ طے کرتا تھا۔ ایک سال کی جدوجہد کے بعد مجھے یہ وظیفہ ملا ہے جو کہ میرے استاد محترم میاں راشد محمد نے مجھے دیا تھا ہے بہت مجرّب۔ اس عمل کے آگے بہت لوگ ہیچ ہو گئے ہیں یہ صرف اس ہی کا کرم ہے کہ میں اس منزل تک پہنچ گیا ہوں۔

اس میں زبان بھی سیف ہو جاتی ہے۔ ہر کام کے لیے مجرب المجرب ہے آپ جس بھی کام میں استعمال کریں گے۔ انشاء اللہ پورا ہو گا۔ میرا بار ہا آزمایا ہوا ہے۔

سب سے پہلے پرہیز جلالی جمالی کے ساتھ سوا لاکھ دفعہ زکوٰۃ ادا کریں پھر اُس کے بعد عمل کو کام میں لائیں۔

عمل یہ ہے۔ وَاللّٰهُ اَشَدُّ بَاْسًا وَّاَشَدُّ تَنْكِيْلًا ٥

یہ آیت مبارکہ قرآن شریف کے سپارہ نمبر ۵ نصف کے پاس اور ۸۴ نمبر آیت ہے اعراب لگا کر درست کریں۔

عمل کرنے وقت گیارہ گیارہ دفعہ اوّل آخر آیت الکرسی اور گیارہ گیارہ دفعہ درود پاک ابراہیمی پڑھ کر سینہ پر دم کریں اور پورے جسم پر دم کر لیں۔ کمرہ علیحدہ ہو۔ ایک جگہ پر قائم کر کے عمل میں لائیں ورنہ نقصان کے خود ذمہ دار ہوں گے پاس بخورات جلائیں۔

محبوب کو قبضہ میں لانا

پہلے زکوٰۃ واجب ہے زکوٰۃ کے بغیر کام ہو جائے گا مگر بعض دفعہ عمل اُلٹا ہو جاتا ہے میرے ساتھ کئی دفعہ ہوا ہے۔ بندہ ناچیز زکوٰۃ کے بغیر کام نہیں کرتا ہے۔ طریقہ یہ ہے کہ نماز عشاء ادا کر کے منہ شمال کی طرف کر کے کھڑے ہو جائیں اور تینتیس دفعہ تین بار پڑھ کر پاؤں دائیں والا سات بار زور کے ساتھ زمین پر ماریں پڑھنے کا طریقہ یہ ہے۔

وَاللّٰهُ اَشَدُّ بَاْسًا وَّ اَشَدُّ فُلاں بن فلاں تنکیلا ٥

۳۰ دفعہ پڑھیں اور سات بار زمین پر پاؤں زور سے ماریں اس طرح تین دفعہ کریں عمل اندھیری رات کو شروع کریں۔

ایضاً: رات کو غسل کریں باوضو ہو کر منہ قطب شریف کی طرف کریں اور گیارہ سو مرتبہ پڑھیں محبوب کی فوٹو پاس ضرور رکھیں دونوں طریقوں میں۔ عمل اندھیری رات کو شروع کریں۔ فوٹو لازمی ہے ورنہ کام نہ ہو گا پاس بخورات جلائیں۔ اس طرح پڑھنے میں نماز کی کوئی پابندی نہیں ہے۔

ایضاً: اتوار یا منگل کے دن دوپہر کے پونے بارہ بجے شروع کریں اور بارہ بجے پورے ختم کریں۔ نو کالی مرچ لیں اور ہر مرچ پر مندرجہ بالا طریقہ پر پڑھ کر پھونک ماریں اور آگ میں جلاتے جائیں جو کہ پہلے جلا کر پاس رکھی ہو۔ اتولہ سفید صندل آگ میں جلائیں محبوب کا کپڑا بھی جلائیں پہلے دن ہی محبوب حاضر ہو کر عاجزی کرے گا اگر خدا نخواستہ نہ ہو تو پھر تیسرے دن گیارہویں دن

یا پھر ۲۱ دن کریں مطلب پورا ہو گا۔

نوٹ ۔ یہ عمل بہت سخت ہے ۔ اس لیے نا جائز طور پر نہ کریں اور نہ ہی نا جائز طور پر کام ہو گا۔

کسی کو اپنا طابع کرنا :۔

مندرجہ بالا عمل ہر روز نماز پنجگانہ کے بعد ۱۰۰ دفعہ پڑھیں جس کسی کو اپنے طابع کرنا مقصود ہو تو سات دن عمل کریں ۔ ان شاء اللہ پہلے ہی دن آثار معلوم ہو جائیں گے ۔

دشمن کو نقصان دینا :۔

مندرجہ بالا عمل سات سو دفعہ پڑھا ہے کی مٹی یا نمک پر پڑھ کر دشمن کے گھر پھینک دیں تاکہ دشمن کا پاؤں اوپر آجائیں ۔ انشاء اللہ دشمن اپنی آگ میں خود جلتا رہے گا آپ کو پوچھے گا بھی نہیں ۔

اٹھرا کے لیے ۔

واللہ اشد باساء وّاشد تنکیلا ۱۰۰ دفعہ پانی پر دم کر کے عورت کو خالی کر کھ شروع کریں اور پورے نو ماہ پلاتے رہیں ۔

تلاش گم شدہ کے لیے :

واللہ اشدُّ باسًا و اشدُّ فلاں بن فلاں تنکیلا ۔

عشاء کی نماز لازمی پڑھیں بخورات جلائیں منہ قطب شریف کی طرف کر کے روزانہ ۴۱ تسبیح پڑھیں اور ۴۱ دن پڑھیں ۔ انشاء اللہ ساتویں دن ہی غائب حاضر ہو گا جب حاضر ہو جائے تو عمل بند کر دیں ورنہ مسلسل ۴۱ دن کرنا ہو گا۔ عمل ایک جگہ پر کریں۔ مسجد میں کریں تنہائی کا کمرہ ہو

Scanned with CamScanner

متفرق تعویذات

اس باب میں متفرق تعویذات لکھے گئے ہیں جو کہ زیادہ میرے ذاتی تجربہ شدہ ہیں اور میرے دوستوں کے آزمائے ہوئے ہیں۔ اس میں کوئی بھی تعویذ کتابی نہیں ہے۔

حفاظت جان صحت از بیماری

یہ تمام تعویذ اسم اللہ آیت مبارکہ واللہ اشد باساء وّاشد تنکیلا کے بنائے ہوئے ہیں میرا ذاتی تجربہ ہے۔ اگر کسی قسم کی بھی بیماری ہو ہر بیماری کیلئے استعمال کریں تعویذ یہ ہے مریض کے گلے میں رکھیں۔ ایک پلائیں کم از کم دن میں تین بار پلائیں۔

۳۱۵	۳۱۸	۳۲۲	۳۰۸
۳۲۱	۳۰۹	۳۱۴	۳۱۹
۳۱۰	۳۲۴	۳۱۶	۳۱۳
۳۱۷	۳۱۲	۳۱۱	۳۲۳

چور اور دشمن سے مال کی حفاظت کے لیے

اگر کسی شخص کو چور ڈاکو کا خطرہ ہو کہ میرا مال چوری کر جائے گا تو مندرجہ ذیل تعویذ مال کے پاس رکھے انشاء اللہ محفوظ رہے گا۔ تعویذ یہ ہے ۔

۳۱۴	۳۱۹	۳۲۱	۳۰۹
۳۲۲	۳۰۸	۳۱۵	۳۱۸
۳۱۱	۳۲۳	۳۱۷	۳۱۲
۳۱۶	۳۱۳	۳۱۰	۳۲۴

ہر تعویذ کو چال کے مطابق پُر کریں ورنہ کام نہیں ہوگا۔ ترتیب ۳۰۸، ۳۰۹، ۳۱۰ کے مطابق کریں۔

آیت مبارکہ کے حروف ابجد ۱۲۶۲ ہیں:۔

صلح دوست برادران۔

یہ نقش دو عدد پُر کریں ایک اپنے پاس عمامہ میں رکھیں اور دوسرا وزن کے نیچے رکھیں۔ نقش یہ ہے۔

	۳۱۸	۳۰۹	۳۲۴	۳۱۲
فلاں بن فلاں	۳۱۵	۳۲۱	۳۱۰	۳۱۷
بین	۳۰۸	۳۱۹	۳۱۳	۳۲۳
فلاں بن فلاں	۳۲۲	۳۱۴	۳۱۶	۳۱۱

زبان بندی کے لیے:۔

مندرجہ ذیل نقش دو عدد پُر کریں ایک وزن کے نیچے دوسرا مچھلی کے منہ میں رکھ کر منہ سلائی کر دیں اور پرانی قبر میں دبا دیں انشاءاللہ دشمن کی زبان بند ہوگی۔

نقش یہ ہے۔

۳۱۲	۳۱۷	۳۲۳	۳۱۱
۳۲۴	۳۱۰	۳۱۳	۳۱۶
۳۰۹	۳۲۱	۳۱۹	۳۱۴
۳۱۸	۳۱۵	۳۰۸	۳۲۲

فلاں بن فلاں بین فلاں بن فلاں

محبوب حاضر کرنا:

مندرجہ ذیل نقش تین عدد لکھیں ایک تعویذ کسی پھلدار درخت کے ساتھ

باندھ دیں دوسرا چرخہ کے ساتھ باندھ کر اُلٹا گھمائیں تیسرا تعویذ وزن کے نیچے رکھیں۔ پہلے سات دن انتظار کریں پھر ۴۱ دن تک کام ہو جائے گا۔ انشاءاللہ

تعویذ یہ ہے۔

۳۱۱	۳۲۳	۳۱۷	۳۱۲
۳۱۶	۳۱۳	۳۱۰	۳۲۴
۳۱۴	۳۱۹	۳۲۱	۳۰۹
۳۲۲	۳۰۸	۳۱۵	۳۱۸

فلاں بن فلاں

مفسدین کے خوف واسطے:۔

اگر کسی کو ہر وقت مفسدین کا خوف رہے تو مندرجہ ذیل نقش لکھ کر ایک عدد پرانی قبر میں دبائے اور دوسرا اپنے پاس رکھے یہی نقش ۲ عدد لکھیں۔

	۳۰۸	۳۱۹	۳۱۳	۳۲۳
فلاں بن فلاں	۳۲۲	۳۱۴	۳۲۴	۳۱۱
بین	۳۱۸	۳۰۹	۳۱۶	۳۱۲
فلاں بن فلاں	۳۱۵	۳۲۱	۳۱۰	۳۱۷

تسخیر افسران حاکمان وامیران

اگر کسی کے ساتھ افسر حاکم یا کوئی امیر آدمی ناراض ہو تو اس کو چاہیے کہ دو عدد نقش لکھے ایک اپنے پاس رکھے اور دوسرا وزن کے نیچے رکھے۔ ان شاءاللہ کام ضرور ہوگا۔

فلاں بن فلاں	۳۲۳	۳۱۱	۳۱۲	۳۱۷
	۳۱۳	۳۱۶	۳۲۴	۳۱۰
بین	۳۱۹	۳۱۴	۳۰۹	۳۲۱
فلاں بن فلاں	۳۰۸	۳۲۲	۳۱۸	۳۱۵

Scanned with CamScanner

برائے مراد دولت وصحت از زحمت

حصول مراد دولت کے لیے نقش کو ہر روز ۲۱ دفعہ لکھے سورج نکلنے سے پہلے آٹے میں گولیاں بنا کر نہر میں مچھلیوں کو کھلائے۔ صحت از زحمت کے واسطے ۲ عدد نقش لکھے اگر گلے میں ڈالے دوسرا پانی میں گھول کر پیئے۔ مچھلیوں کو ۲۱ دن کھلائیں جب بھی کوئی تعویز پانی میں تیرنے لگے اُس کو اٹھا کر گلے میں ڈال لیں یا کاروبار دکان وغیرہ میں لگا دیں انشاء اللہ تعالیٰ فائدہ ہوگا
تعویذ یہ ہے

۳۲۲	۳۰۸	۳۱۵	۳۱۸
۳۱۴	۳۱۹	۳۲۱	۳۰۹
۳۱۶	۳۱۳	۳۱۰	۳۲۴
۳۱۱	۳۲۳	۳۱۷	۳۱۲

برائے عداوت جدائی بربادی دشمن

اگر کسی میں عداوت ڈالنی منظور ہو تو یا جدائی مقصود ہو تو یا بربادی منظور ہو تو مندرجہ ذیل نقش دوپہر کے وقت لکھے۔ نقش ۲ عدد ہوں۔ ایک آگ میں دفن کریں دوسرا دشمن کے راستے میں اونچا کر کے دفنا دیں۔ جو خدا تعالیٰ کو منظور ہوگا ہو جائے گا۔ ان شاء اللہ۔ نقش یہ ہے۔

۳۲۲	۳۱۴	۳۱۶	۳۱۱
۳۰۸	۳۱۹	۳۱۳	۳۲۳
۳۱۵	۳۲۱	۳۱۰	۳۱۷
۳۱۸	۳۰۹	۳۲۴	۳۱۲

بچوں کا سوکھا پن

یہ تعویذ مجھے سید لال شاہ گیلانی نے عطا فرمائے تھے انہوں نے ہزارہا

بار آزمائے ہوئے ہیں اور میرے بھی بہت دفعہ آزمائے ہیں بہت مجرب ہیں۔ اگر کسی بچے کو سایہ جادو ٹونہ کسی خبیث چیز کا سایہ ہو جائے تو مندرجہ ذیل نقش سات عدد لکھیں اور ہر روز بعد نماز عشاء پلائیں حمل والی عورت اور جانور کے پاس ہرگز نہ پلائیں بچے کے پاس نہ پلائیں ورنہ نقصان ہوگا سات دن گھر میں گوشت انڈا نہ پکائیں اور نہ کھائیں سودک والے گھر سے پرہیز کریں ورنہ کام نہ ہوگا۔ گلے والا تعویذ تین ماہ تک بچے کے گلے میں رکھیں۔ یاد رکھے کہ ناپاک عورت تعویذ کو ہاتھ بھی نہ لگائے۔ تعویذ یہ ہے۔ پلانے والے سات عدد

پلانے کے لیے

فع	نا	ر	نو
مجید	۵۷	۶۷	مطلع ۶۶
۵۸	۵۴	۱۵۱	۶۱
عاصم	۶۰	۵۹	موجد



فہ ق ل م ر ذ ز س ص ض
وننزل من القرآن ما ھو شفاء
یا حیّ حیا لا حیّ فی وھوبیہ
ورحمۃ للمومنین۔
وتعالیٰ یا حیّ

بچے کے رونے کے لئے

یہ تعویذ میرے بہنوئی سید حسین پیر شاہ گیلانی ساہیوال والے نے دیا تھا میرا بھی بہت تجربہ شدہ ہے۔
اگر کسی کا بچہ ہر وقت روتا رہے اور چپ نہ کرے تو
مندرجہ ذیل دھونی بچہ کو دیں
طریقہ یہ ہے کہ رطب والی جگہ سے

فرعون	عو	فرعون
قارون	عو	شداد
شداد	عو	ہامان
ہامان	عو	عزور
عزور ابلیس	عو	ابلیس الرجیم

دھونی کوٹے کرتے جائیں اور بتی بنالیں بعد میں سرسوں کے تیل میں ڈبو کر نیلے یا کالے رنگ کا کچا دھاگا لیکر بائیں طرف سے لپیٹنا شروع کریں شروع کرتے وقت بسم اللہ وغیرہ نہ پڑھیں۔ بچوں کے پاس دھونی نہ دیں۔
بائیں سے دائیں دھونی دیں۔ بچے کو ماں کے دودھ پر لٹیا کر دیں بہت مجرب ہے۔ صبح دوپہر شام دیں اور کم از کم تین دن تک ضرور دیں کام ہو جائے گا۔ ان شاء اللہ

ہر کام کے لیے مجرب نسخہ

یہ نقش مجھے میرے استاد محترم میاں شاہد صاحب رح نے عطا فرمایا تھا۔ میرا ذاتی تجربہ ہے آپ جناب ہر کام کے لیے استعمال کرتے تھے انہوں نے دریائے چناب پر بیٹھ کر اس نقش کی سوالاکھ زکوٰۃ ادا کی ہوئی تھی جادو ٹونہ، ناراضگی خاوند۔ بچوں کی بیماری تلاش گمشدہ گھریلو لڑائی جھگڑا ہر قسم کے کاروبار کے لیے تسخیر عوام کے لیے نیز آپ ہر کام اس نقش سے لیتے تھے انہوں نے مجھے عطا فرمایا تھا۔
بہت مجرب ہے۔ استعمال اسکا چاروں طریقے سے کیا جا سکتا ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ

بحق یا جبرائیل یا بدوح

۹	۲	۵	۵
۲۱	۳	۲	۶
۱۸	۱۵	۸	۵
۱۴	۳۲	۲۳	۲

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ

بحق یا جبرائیل یا بدوح

[illegible]

میاں صاحب کا دوسرا نقش :-

یہ نقش بھی میاں شاہد کا آزمایا ہوا ہے۔ آپ فرماتے تھے کہ اس کا بھی سوالاکھ پورا کیا ہوا ہے۔ دریائے چناب پر آپ وظیفہ کیا کرتے تھے۔ آپ اس نقش کو اکثر لڑائی جھگڑا کے لیے استعمال کرتے تھے۔ پلائیں پاک و صاف وزن کے نیچے رکھیں۔ طرفین کے نام لکھنا ضروری نہیں ہے۔ نقش یہ ہے

ح ح ح ح ح ح

ع ع ع ع ع ع

لا الٰہ الا اللّٰہ

محمد رسول اللّٰہ

ہر قسم کے مریض کے لئے

یہ تعویذ میرے استاد محترم میاں رحمت علی المعروف باباگیارہویں والا بصیر پور والوں نے مجھے عطا فرمایا تھا میں نے بھی کئی دفعہ آزمایا ٹھیک کام کرتا ہے۔ جس بھی قسم کا مرض ہو اس نقش کو لکھ کر مریض کے گلے میں ڈالیں دوسرا لکھ کر مریض کو پلائیں۔ نقش یہ ہے۔

۷	۲	۹	۸	۱۹	۲۲	۱	ی	ف	ا	ش
۸	۶	۳	۲۱	۲	۷	۲۰	۲	۳۹	۱۱	۷۹
۳	۱۰	۵	۳۰	۲۵	۱۷	۶	۳۸	۳	۷۸	۸
			۱۸	۵	۴	۳	۷۷	۹	۳۱	۴

اٹھرا کے لیے :

یہ نقش باباگیارہویں والے نے اسی طرح ہی مجھے عطا کیا تھا آپ فرماتے تھے

کہ میں تقریباً ۴۵ سال سے اس کو استعمال کر رہا ہوں۔ اٹھرا کے لیے بہت مجرب ہے۔ نقش اٹھارہ بار لکھیں اور ہر روز صبح نہار منہ کھلائیں نقش یہ ہے۔

دافع اٹھرا۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ سلام قولا من رب الرحیم

یہ نقش سید لال شاہ گیلانی بصیر پور والے نے مجھے عطا فرمایا تھا اُن کا جدی پشتی چلا آ رہا ہے عورت کو خالی کھوکھ استعمال کروائیں اور ہر ماہ گیارہ دن ایک تعویذ پئیں جس برتن میں تعویذ ڈالا ہے گیارہ ماہ وہی برتن استعمال کریں گلے والا گلے میں رکھیں جب بچہ پیدا ہو تو عورت اپنے گلے سے اتار کر بچے کے گلے میں ڈالے گوشت اور سودک کا خاص خیال رکھیں۔ گلے والا نقش آگے لکھا ہوا ہے۔ صفحہ نمبر ۱۱۰ پر

پینے کے لیے

یاغفور	یاغفور	یاغفور
یاغفور	یاغفور	یاغفور
یاغفور	یاغفور	یاغفور

ساتھ کوئی بھی دافع اٹھرا گولیاں کھلائیں۔ ہر روز تعویذ کے ساتھ گولی کھائیں یا ہم سے رجوع کریں۔ گولیاں بھی مل جائیں گی۔

تنگی رزق کے لیے

یہ عمل دیپالپور سے سید اصغر علی شاہ گیلانی صاحب (سجادہ نشین حضرت امیر بالا پیر) نے مجھے عطا فرمایا تھا میں نے اسے پھر اپنا معمول بنا لیا تھا بہت آزمایا ہوا تھا۔

اس میں ایک شرط لازمی ہے کہ اگر پڑھنا چھوڑ دو گے تو روزی کم ہو جائے گی لہذا ہر وقت ادا کرتے رہیں طریقہ اس کا یہ ہے کہ صبح کی سنتوں اور فرضوں کے درمیان ۴۱ دفعہ درود شریف پڑھیں اور آیت پڑھنا ہے۔ انشاءاللہ سات دن

کے بعد روزی شروع ہو جائے گی روزی وہاں سے ملے گی جس کا آپ کو گمان بھی نہ ہوگا۔ آیت شریف یہ ہے۔

وَمَنْ يَّتَّقِ اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّهٗ مَخْرَجًا ۝ وَّيَرْزُقْهُ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ ۭ وَمَنْ يَّتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ فَهُوَ حَسْبُهٗ ۭ اِنَّ اللّٰهَ بَالِغُ اَمْرِهٖ ۭ قَدْ جَعَلَ اللّٰهُ لِكُلِّ شَيْءٍ قَدْرًا ۝

فرضوں اور سنتوں کے درمیان صرف ایک تسبیح ادا کریں۔

غائب کی روزی کے لیے :۔

سورۃ مبارکہ سورۃ طلاق میں موجود ہے آیت مبارکہ اُوپر والی ہے۔ طریقہ یہ ہے کہ نوچندی جمعرات کو عمل شروع کریں پرہیز جلالی جمالی کے ساتھ عمل شروع کریں۔ ہر روز گیارہ تسبیح آیت مبارکہ کی پڑھیں اول آخر درود شریف ۴۱ بار پڑھیں اور ۴۱ دن متواتر پڑھیں انشاءاللہ گیارہ دن کے بعد غائب سے روزی ملنی شروع ہو جائے گی اگر گیارہ دن میں نہ شروع ہو تو گھبرانے کی ضرورت نہیں ہے۔ ۴۱ دن بعد کام ہو جائے گا۔ انشاءاللہ۔

دست غائب سورۃ مزمّل شریف :۔

یہ میرا ذاتی تجربہ شدہ نہیں ہے مگر میرے استاد محترم حضرت میاں شاہد صاحب نے کیا تھا۔ آپ فرماتے تھے کہ بہت مجرب ہے اور عوام کی تسخیر کے لیے بھی مجرب ہے۔ خوب دکانداری چلتی ہے اور غائبانہ روزی مصلے کے نیچے سے ملتی ہے۔ اگر کوئی کر سکتا ہے تو فائدہ اٹھا لے۔ صبح کی نماز کے بعد پڑھنا ہوگا طریقہ یہ ہے اول درود شریف ابراہیمی ۱۰ دفعہ اور آخر میں بھی ۱۰ دفعہ درود پاک پڑھیں۔

سورۃ مزمل شریف اس طرح پڑھیں۔ پہلے آیۃ الکرسی ۱ بار۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ رَبِّیْ مِنْ کُلِّ ذَنْبٍ وَّاَتُوْبُ اِلَیْهِ سات بار یا ۷ بار یَا اَیُّهَا الْمُزَّمِّلُ ایک سانس میں سات بار۔ زَمِّلْنِیْ بِلُطْفِكَ الْخَفِیِّ ۳ بار یا ۲۰ بار قُمِ الَّیْلَ .... ترتیلا تک لا کے بعد وَمَنْ یَّتَّقِ اللّٰهَ یَجْعَلْ لَّهٗ مَخْرَجًا ۙ وَّیَرْزُقْهُ مِنْ حَیْثُ لَا یَحْتَسِبُ ؕ وَمَنْ یَّتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ فَهُوَ حَسْبُهٗ ؕ اِنَّ اللّٰهَ بَالِغُ اَمْرِهٖ ؕ قَدْ جَعَلَ اللّٰهُ لِكُلِّ شَیْءٍ قَدْرًا ۵ ۵ بار یا ۵۰ دفعہ اِنَّا سَنُلْقِیْ عَلَیْكَ قَوْلًا ثَقِیْلًا ۵ ۱۰ بار یا ۱۰۰ دفعہ آگے رَبَّنَآ اَنْزِلْ عَلَیْنَا مَآئِدَةً مِّنَ السَّمَآءِ تَكُوْنُ لَنَا عِیْدًا لِّاَوَّلِنَا وَاٰخِرِنَا وَاٰیَةً مِّنْكَ وَارْزُقْنَا وَاَنْتَ خَیْرُ الرّٰزِقِیْنَ ۵ ۳ بار یا ۳۰ بار پھر وَاصْبِرْ عَلٰى مَا یَقُوْلُوْنَ سے اِلٰى رَبِّهٖ سَبِیْلًا تک پھر رَبَّنَآ اَنْزِلْ عَلَیْنَا مَآئِدَةً مِّنَ السَّمَآءِ تَكُوْنُ لَنَا عِیْدًا لِّاَوَّلِنَا وَاٰخِرِنَا وَاٰیَةً مِّنْكَ وَارْزُقْنَا وَاَنْتَ خَیْرُ الرّٰزِقِیْنَ تین بار یا ۳۰ دفعہ آگے اِنَّ رَبَّكَ یَعْلَمُ سے قَرْضًا حَسَنًا (ط) کے بعد اَلَآ اِلَى اللّٰهِ تَصِیْرُ الْاُمُوْرُ۔

۲۱ بار ایک سانس میں پڑھیں۔

پھر ۱۰ دفعہ درود ابراہیمی پڑھ کر سجدہ میں یہ دعا پڑھیں۔

اَللّٰهُمَّ یَا مُفَتِّحُ فَتْحًا یَا مُسَبِّبُ سَبَبًا یَا مُفَرِّجُ فَرْحًا یَا مُسَهِّلُ وَ یَا مُیَسِّرُ یَسِّرْ وَ یَا مُدَبِّرُ دَبِّرْ وَ یَا مُتَمِّمُ تَمِّمْ یَا نَصِیْرُ۔ ۷ بار پڑھیں

یہ وظیفہ ۴۱ دن کرنا ہوگا۔ بہتر ہے کہ زیادہ والی تعداد میں پڑھیں۔

ہمزاد کو قبضہ میں لانا :-

میرے استاد محترم جناب حکیم غلام مصطفیٰ صاحب کا عطا کیا ہوا اُن کے

دوست لیاقت پور میں رہتے تھے وہ اس کے عامل تھے میں نے بذات خود کیا تھا لیکن چند وجوہات کی بنا پر مکمل نہ کر سکا۔

ہمزاد کو قبضے میں لا کر آپ مندرجہ ذیل کام کر سکتے ہیں۔

گم شدہ کا پتہ کرنا :-

آپ کی اگر کوئی چیز گم ہو گئی ہے مثلاً کوئی عورت کسی کے ساتھ چلی گئی یا گھریلو چیز گم ہو گئی ہے تو آپ بذریعہ ہمزاد گم شدہ اشیاء کا پتہ چلا سکتے ہیں۔

محبوب کو قبضہ میں لانا :

بذریعہ ہمزاد آپ سنگ سے سنگ دل محبوب کو قبضہ میں لا سکتے ہیں قبضہ میں نہیں بلکہ اٹھوا کر بھی لا سکتے ہیں۔

بے موسم پھل کھانا :-

جب آپ نے ہمزاد کو قبضہ میں لے ہی لیا ہے تو پھر آپ ہمزاد کے بذریعہ سے بے موسم پھل بھی حاصل کر سکتے ہیں پھل بے موسم نہیں ہوتے بلکہ کسی نہ کسی ملک میں پھلوں کا موسم ہوتا ہے ہمزاد آپ کو منٹوں میں دوسرے ملک سے باآسانی لا کر دے سکتا ہے۔

بذریعہ ہمزاد آپ زمین میں دفینہ بھی حاصل کر سکتے ہیں۔ دور دراز کی خبریں بھی چند سیکنڈ میں آپ لے سکتے ہیں۔ ہمزاد گھنٹوں کا سفر منٹوں میں طے کرتا ہے۔ ہزاروں میل کی خبریں منٹ میں حاصل کر سکتے ہیں ہر قسم کا فائدہ آپ حاصل کر سکتے ہیں اس کے حاصل کرنے سے آپ تعویذ گنڈہ جادو ٹونہ چوری وغیرہ دنیا کا ہر کام حاصل کر سکتے ہیں۔ نیز یہ بات یاد رکھیں کہ اگر آپ کسی عورت کو اُٹھا کر ناجائز فائدہ اٹھائیں گے تو ہمزاد آپ کو نقصان دے گا۔ بلکہ آپ کی

گردن توڑ دے گا۔

ہمزاد کو قبضہ میں لانے کا طریقہ مندرجہ ذیل ہے۔

لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ۔

رات کو تقریباً ۱۱ ۔ ۱۲ بجے کے درمیان اُٹھیں باوضو ہو کر سرسوں کے تیل کا چراغ جلائیں اور اپنی پشت کی طرف رکھیں اور اپنی نگاہ اپنے سایہ پر گردن کے مقام پر رکھیں اور آیت مبارک ۸۲ ۷ دفعہ پڑھیں۔ درود شریف یا حصار کی کوئی ضرورت نہیں ہے۔ پڑھو گے تو ہمزاد حاضر نہیں ہو گا۔

عمل علیحدہ کمرہ میں پڑھیں جہاں پر کوئی بھی چیز آپ کی عبادت میں خلل نہ ڈال سکے اگر کمرہ میں چوہے ہیں تو پہلے اُن کو بھی ختم کریں گھڑی بھی چین والی اتار کر پڑھائی کریں۔ اگر ہمت ہو تو روزہ رکھیں عورت کے ساتھ صحبت نہ کریں۔ عورت کے ہاتھ کا پکا ہوا کھانا نہ کھائیں گوشت مچھلی سے بھی پرہیز کریں جمالی اور جلالی پرہیز مکمل کرنا ہو گا۔ اگر نہ کریں گے تو عمل بجائے سدھ ہونے کے الٹا پڑ جائے گا لینے کے دینے پڑ جائیں گے۔ ہمزاد حاضر کرنے کے لئے تین چلے کرنے ضروری ہیں۔ ایک چلہ میں اکثر کامیابی حاصل نہیں ہوتی ہے۔ جب ہمزاد حاضر ہونا شروع ہو جائے تو اپنے پاس کھیر پکا کر رکھیں۔ جب ہمزاد حاضر ہو جائے تو وہ کھیر مانگے گا تو اس کو کھیر نہ دیں۔ تین دن ایسے کریں۔ جب وہ زیادہ تنگ کرے گا تو پھر اس کو کہیں کہ میرے ساتھ وعدہ کرو کہ جب میں بلاؤں تو حاضر ہو جایا کرو۔ اور ساتھ حاضر ہونے کا طریقہ بھی بتا دیں۔ جب وہ وعدہ کرے گا تو پھر آپ اُس کو کھیر دے دیں۔ پھر جب چاہیں بلالیں۔ یا جو وقت دیگا اس وقت بلائیں۔ اگر ہر وقت حاضر رہے تو پھر باوضو رہا کریں۔

کچھ علم حروف ابجد کے بارے میں

حروف ابجد :-

ا ب پ ت ٹ ث ج چ ح خ

۱ ۲ ۲ ۴۰۰ ۴۰۰ ۵۰۰ ۳ ۳ ۸ ۶۰۰

د ڈ ذ ر ڑ ز ژ س ش ص ض ط

۴ ۴ ۷۰۰ ۲۰۰ ۷ ۱۰ ۶۰ ۳۰۰ ۹۰ ۸۰۰ ۹

ظ ع غ ف ق ک ل م و ہ ء

۹۰۰ ۷۰ ۱۰۰۰ ۸۰ ۱۰۰ ۲۰ ۳۰ ۴۰ ۶ ۵ ۱

ی ن

۱۰ ۵۰

ہفتہ : ۹۰۴ اتوار : ۶۰۸ پیر : ۲۱۲ منگل : ۱۴۰ بدھ : ۱۱
جمعرات : ۱۴۷ جمعہ : ۱۱۸

حروف ابجد کا علم بھی کافی گہرا ہے۔ اس کو جاننے کے لیے کافی مہارت کی ضرورت ہے اگر آپ بھی کرنا چاہتے ہیں تو کر سکتے ہیں۔ آپ کی خدمت کے لیے سب کچھ عرض کر دیا ہے۔ تاکہ خدا تعالیٰ کی مخلوق فائدہ اٹھا سکے۔ مجھے یہ علم میاں شامد نے عطا فرمایا تھا بہت تجربہ ہے۔ ابجد میں ہر سوال کا جواب مل جاتا ہے اور بہت کارآمد علم ہے۔ طریقہ کار مندرجہ ذیل ہے نام کے حروف ابجد دن کے حروف ابجد والدہ کے حروف ابجد وغیرہ جمع کر کے کریں۔

مریض یا آسیب :

دن + مریض ÷ ۴

۱ رہے اندرونی بخار۔ ۲ رہے تو جسمانی مرض۔ ۳ رہے تو آسیب جن بھوت وغیرہ۔ ۴ رہے تو جادو ٹونہ تعویذ گنڈہ

مریض صحت یاب ہوگا یا نہیں :-

مریض + والدہ + دن ÷ 3

۱ بچے مریض سخت دشواری کے ساتھ۔

۲ بچے بدرجہ اوسط جلد شفا۔

۳ بچے زیست منقطع ہے خواہ کوئی ہو۔

پہلے انتقال مرد کا ہوگا یا زوجہ کا :

شوہر کا نام + والدہ + زوجہ + والدہ ÷ ۲

۱ بچے پہلے مرد ۲ بچے تو زوجہ

حاملہ لڑکا یا لڑکی ہوگی :

حاملہ + دن ÷ 3

۱ بچے تو لڑکا ہوگا۔ ۲ بچے لڑکی ہوگی۔ صرف پہلا لڑکا لڑکی پیدا ہونے کیلئے ہے

حمل زن تمام یا ضائع ہوگا :

حاملہ + دن ÷ 2

۱ بچے ٹھیک ہے 2 بچے قبل از وقت ضائع

حمل ہے کہ نہیں :-

حاملہ + دن ÷ 3

۱ بچے حمل ہے 2 بچے حمل نہیں ہوگا۔ اگر برابر تقسیم ہو تو پھر انتظار کرنا ہوگا

حاکم ظالم ہے یا عادل :-

سائل + دن ÷ 3

۱ بچے عادل ۲ بچے ظالم۔ اگر برابر تقسیم ہو تو پھر میانہ روی ہوگا۔

مابین مرد زن وصل ہوگا یا نہیں

مرد + والدہ + زن + والدہ ÷ ۵

۱، ۳، ۵ وصل ہوگا ۲، ۴ ہرگز نہیں ہوگا۔

فلاں شخص دوستی سے پیش آئے گا یا نہیں

نام سائل + دن ÷ ۴

۱ بچے جانی دشمن ۲ بچے دوستی ضرور ۳ بچے بظاہر محبت باطنی دشمنی ۴ بچے ظاہر باطن دوستی محبت

مال ہاتھ آئے گا یا نہیں

نام + دن ÷ ۲

۱ بچے ہاتھ نہیں آئے گا دشواری سے۔

2 بچے آسانی سے۔

Scanned with CamScanner

مال کہاں سے ہاتھ آئے گا:۔

نام + دن ÷ ۷

ا بچے لکھتے سے ۲ بچے مردوں سے ۳ بچے پیداوار سے
۴ بچے سفر سے ۵ بچے میراث سے ۶ بچے تجارت ۷ بچے قرض

شادی موافقت رہے گی یا نہیں:

نام + والدہ + عورت + والدہ ÷ ۳

ا بچے موافق ۲ بچے موافق نہ ہوگا کچھ نہ بچنے پر صالح ہوگی۔

دو تن یکجا ہونے کے لیے:

نام + دن ÷ ۲

ا بچے تو نہیں ۲ بچے ہاں

خبر صحیح ہے یا جھوٹ:

سائل + دن ÷ ۲

ا بچے جھوٹ ۲ بچے صحیح

غائب کس حال میں ہے:

نام + دن ÷ ۴

ا بچے قید ۲ بچے جلد واپس آئے گا۔
۳ بچے ہرگز واپس نہیں ۴ بچے تو دو ہفتہ دو ماہ دو سال بعد واپس
آئے گا۔

غائب زندہ ہے یا نہیں

نام + والدہ + دن ÷ ۲

ا بچے مردہ ۲ بچے زندہ ہے

غائب واپس آئے گا یا نہیں

مندرجہ بالا طریقہ پر
ا بچے نہ واپس آئے گا ۲ بچے واپس آئے گا۔

یہ امید پوری ہے کہ نہیں

نام + دن ÷ ۲

ا بچے بر آئے گی ۲ بچے کسی تدبیر کے ساتھ

دوا سے فائدہ یا بے سود

دواؤں کے نام + دن ÷ ۳

ا بچے فائدہ ۲ بچے نہ فائدہ نہ نقصان
۳ بچے نقصان دہ

سفر کروں یا نہیں

نام + دن ÷ ۲

ا بچے سفر نہ کرے ۲ بچے تو سفر کرے

سفر سے فائدہ ہوگا یا نہیں

نام + دن ÷ ۳

Scanned with CamScanner

۱ بچے نقصان ۲ بچے نفع ۳ بچے حکم اوسط

گریختہ کس سمت گیا ہے۔

مندرجہ بالا طریقہ تین گناہ کرے ÷ ۴
۱ بچے مشرق ۲ بچے شمال ۳ بچے مغرب ۴ بچے جنوب کو گیا۔

مال مسروقہ ملے گا یا نہیں

مندرجہ بالا اعداد ÷ ۲
۱ بچے ہاں ۲ بچے نہیں

چور مرد ہے یا عورت

نام + دن ÷ ۲
۱ بچے مرد ۲ بچے عورت

چور کا رنگ

مندرجہ بالا طریقہ ÷ ۳
۱ بچے رنگ سفید ۲ بچے سرخی مائل ۳ بچے گندمی۔

مقدمہ کا انجام کیا ہوگا

مدعی + مدعا علیہ ÷ ۴
۱ بچے مدعی غالب ۲ بچے برعکس ۳ بچے صلح ۴ بچے رنجش

کون سا کام کروں فائدہ ہوگا۔

نام + دن ÷ ۴

۱ بچے تجارت زمین سے پیدا ہونے والی
۲ بچے کھیتی اور زراعت ۳ بچے تجارت پارچہ
۴ بچے نوکری ملازمت

فلاں سے شرکت کرنا مفید ہوگا یا نہیں

نام + دن ÷ ۲
۱ بچے بری ہے ۲ بچے مفید

جناب قبلہ حضرت سید سبطین حیدر گیلانی مدظلہ تعالیٰ سے روحانی پامسٹری، عمل جفر، ہومیوپیتھک ادویات، یونانی ادویات، نفسیات، عملیات، تعویذات وغیرہ کے مفت مشورے حاصل کرنے کے لیے رات ۸ بجے تا صبح سات بجے تک۔ کوڈ نمبر 04449 ، فون نمبر 861317 پر رابطہ قائم کریں۔

منجانب: بزم خدام الفقراء حجرہ شاہ مقیم

کچھ علم نجوم کے بارے میں

بعض دانش مند لوگ فرماتے ہیں کہ علم نجوم کرنا حرام ہے۔ بیرے سے بڑے عالم فاضل لوگ اس دنیا میں موجود ہیں۔

قرآن پاک میں ارشاد خداوندی ہے۔

"بے شک ستاروں میں نشانیاں ہے اگر تم سمجھ رکھتے ہو تو علم نجوم سمجھنے کے لیے کافی وقت اور تجربہ کی ضرورت ہے۔

میں نے

خود اس علم کو بہت مشکل کے ساتھ حاصل کیا ہے اور بڑی مشکل کے ساتھ اس علم پر عروج حاصل کیا ہے لیکن ہے، بہت مفید اور کارآمد وہ بھی اگر کسی کی سمجھ میں آجائے تو یہ میرا ذاتی تجربہ ہے اور بہت مجرب ہے۔

صرف اس لیے لکھا جا رہا ہے کہ مخلوق خدا اس علم سے فائدہ اٹھا سکے ان شاءاللہ

نام کے پہلے حروف کے مطابق برج معلوم کرنا

نام کے مطابق برج اور سیارہ معلوم کرنے کا طریقہ درج ہے لیکن میں اس پر متفق نہیں ہوں کیونکہ فرض کریں کہ ایک بچہ ۱۲ جنوری کو پیدا ہوتا ہے تو اس کا نام رحمت علی رکھا گیا لیکن حرف "ر" کے مطابق برج میزان اور سیارہ زہرہ آئے گا۔ جب ہم رحمت علی کے نام کے حروف اور والدہ کے نام کے حرف جمع کریں گے تو پھر مثلاً رحمت علی + والدہ جنت

۷۵۸ + ۴۵۳ = ۱۲۱۱ ÷ ۱۲

باقی ۱۱ بچے اس طرح رحمت علی میزان اور زہرہ کے زیر سایہ کے ساتھ

ساتھ دلو اور زحل کے زیر اثر بھی رہے گا۔ بہرحال طریقہ لکھا جاتا ہے اگر کسی کو کچھ حاصل ہو جائے تو مجھے بندہ ناچیز کو کوئی اعتراض نہیں ہے۔

طریقہ:

نام کا پہلا حرف	بُرج	سیارہ
ا۔ل۔ع۔ی۔ے	حمل	مریخ
ب و	ثور	زہرہ
ق ک	جوزا	عطارد
ح ھ	سرطان	قمر
م	اسد	شمس
پ۔غ	سنبلہ	عطارد
ر ت ط	میزان	زہرہ
ن ظ ذ ض ز	عقرب	مریخ
ف	قوس	مشتری
ج خ گ	جدی	زحل
س ش ص ث	دلو	زحل
د چ	حوت	مشتری

Scanned with CamScanner

تاریخ پیدائش کے مطابق برج اور سعد پتھر

تاریخ پیدائش	برج	سیارہ	حروف	سعد پتھر
۲۱ مارچ تا ۲۱ اپریل	حمل	مریخ	ال ع ی س	مرجان۔ نیلم زمرد
۲۲ اپریل تا ۲۰ مئی	ثور	زہرہ	ب و	یمنی زمرد
۲۱ مئی تا ۲۱ جون	جوزا	عطارد	ق ک	زمرد عقیق۔ نیلم
۲۲ جون تا ۲۳ جولائی	سرطان	قمر	ح ہ	مروارید۔ یاقوت۔ زمانی
۲۴ جولائی تا ۲۴ اگست	اسد	شمس	م	یاقوت۔ رمانی۔ مرجان
۲۴ اگست تا ۲۲ ستمبر	سنبلہ	عطارد	پ۔ غ	لاجورد۔ زمرد۔ زرتون
۲۴ ستمبر تا ۲۳ اکتوبر	میزان	زہرہ	ر ت ط	سنگ دودھیا
۲۴ اکتوبر تا ۲۲ نومبر	عقرب	مریخ	ن ظ ذ ض ز	مرجان عقیق سرخ پکھراج
۲۳ نومبر تا ۲۲ دسمبر	قوس	مشتری	ف	پکھراج۔ لاجور یاقوت
۲۳ دسمبر تا ۲۰ جنوری	جدی	زحل	ج خ گ	زرتون۔ یاقوت۔ عقیق
۲۱ جنوری تا ۱۹ فروری	دلو	زحل	س ش ص ث	یمنی۔ نیلم۔ پکھراج
۲۰ فروری تا ۲۰ مارچ	حوت	مشتری	د۔ ج	لاجورد۔ فیروزہ۔ زمرد

میرے استاد محترم میاں شاہد صاحب نے اصل بنگال کا جادو کتاب دی تھی جس میں بتایا گیا تھا کہ اگر آپ برج معلوم کرنا چاہتے ہیں تو صرف نام + والدہ ÷ ۱۲ کے مطابق کریں۔

مثلاً اگر کسی آدمی کا نام رحمت علی ہے تو آپ صرف رحمت کا ابجد نکالیں علی کا نہیں نکالنا ہوگا کیونکہ علی اسم ہے اگر کوئی نام محمد حسن ہے تو اسم محمد ہے۔ اگر علی حسن ہے تو حسن نام کے ابجد نکالیں۔ اس طرح علی، محمد جو بھی

اسم ہے کسی اسم کی کارکردگی ہم میں موجود نہیں ہے۔ فرض کریں محمد کی صفت ہم میں نہیں ہے۔

اس لیے مجھے میرے استاد محترم کا فرمان ہے کہ صرف اور صرف چھوٹے نام کے حروف نکالیں بڑے نام کے حروف نہ نکالیں۔ مثلاً رحمت علی کے نام نہیں صرف رحمت کا نام لیا جائے اور عورت کے نام پر مریم بی بی پر صرف مریم نام کے حروف لیں۔ میرا تو طریقہ کار یہی تھا بہرحال آپ اپنی سمجھ کے مطابق عمل کریں۔ میں نے ہر طریقہ سے آپ کو آگاہ کر دیا ہے۔

صرف نام + والدہ ÷ ۱۲ کریں اور جو باقی بچے گا وہ آپ کا برج ہوگا۔ جیسا کہ رحمت + جنت ÷ ۱۲

۶۴۸ + ۴۵۳ ÷ ۱۲ باقی ۱۱ بچے برج دلو سیارہ زحل ہوگا۔

اس طرح برجوں کے بیان میں برجوں کی خاصیت لکھی جاتی ہے جو کہ وہی آدمی کی ہوگی مگر پھر بھی مہارت کی ضرورت ہے کیونکہ زندگی تجربہ کی محتاج ہے۔ تجربہ ضروری ہے۔

۱۔ برج حمل سیارہ مریخ

چیدہ چیدہ خصوصیات درج ذیل ہیں۔ تجربہ کے ساتھ ہر کام آسان ہو جاتا ہے۔

عقل مند۔ لالچی۔ غصہ۔ شجاعت۔ فتنہ۔ گردن پر تل کا نشان بازو پر تل سرخ چیز زیادہ پسند۔ جادو ٹونہ۔ سینہ پر تل بیماری ۵ سال میں ۲۵ سال میں ملازمت۔ وفادار ضرورت مند کی مدد کرنا۔ راہنمائی کرنا دوسروں کی مداخلت برداشت نہ کرنا۔ فراخ دل۔ ہر معاملے میں تہ تک جانا فلاحی کاموں میں دلچسپی کسی کے ماتحت رہنا ناپسند غلطی فہمی کا شکار تلخ زبان۔ ضدی۔ کام طاقت سے کرنا ترغیب سے کرنا۔ باہر کے کاموں میں حصہ۔ شادی من پسند۔ محنتی۔

Scanned with CamScanner

ہنسی مذاق پسند۔ فوجی ہواباز۔ استاد۔ انجنیئر۔ ماہر تعمیرات۔ مہمان نواز۔ سر درد اکثر۔ اعصابی کمزوری۔ بلڈ پریشر۔ سیاہ لباس اچھا۔ نئے چاند پر درود شریف پڑھے۔ شادی قوس کے ساتھ اچھی رہے۔

۲۔ زہرہ ثور۔

خشک طبیعت تجارت میں نفع۔ نوکری کا خواہش مند۔ خوش کلام راگ رنگ سننے کا شوق۔ ۱۲۔ ۱۸۔ ۲۸ سال بیماری جادو ٹونہ۔ حوصلہ مند۔ دلیر۔ فنکارانہ صلاحیت۔ غصہ جلدی نہیں۔ دشمن کا مقابلہ۔ مہمان نواز سول سروس۔ تجارت کامیاب۔ فنون لطیفہ سے تعلق۔ کاروبار میں سختی سے کام لینا۔ ملنسار۔ بلغمی امراض۔ گردن گلا۔ خوراک کی نالی آواز کی نالی کا مرض زیادہ نکاح کا خواہش مند۔ عمدہ عورت ایک ہی ملے۔ خلاف شرع کام نہ کرے گا۔ چارپایوں سے نقصان جو کمائے اڑا دے گا۔ اکثر آنکھ کی بیماری۔ مہینہ شعبان کا بہتر ہے۔ معدہ وصفرا۔ درد سینہ۔ درد کمر کی بیماری۔ کبھی کبھی بے رحم دولت آخر میں۔ دستکاری۔ کنگھی کسی کو نہ دے۔ کتے کا کاٹنا۔ ابریشم لباس اچھا۔ چاند دیکھنے کے بعد سبز درخت کو دیکھے۔

۳۔ جوزا برج۔ سیارہ عطارد

حلیم۔ سیدھا سادھا۔ شیریں گفتار۔ لب پر یا بازو پر تل کا نشان یا دنبل عقل مند۔ دور اندیش۔ سوداگری۔ تجارت۔ سخت بیماری ۳۰۔ ۴۰ سال میں بڑی مشکل سے نجات۔ سادہ مزاج۔ پیٹ کی بیماری۔ رحم کی بیماری۔ زندہ دل انسان سفر کا شوق۔ نئی نئی باتیں۔ دلچسپ خیال۔ الجھن پیشے کے بارے میں ملازمت میں کامیاب۔ سیر وسیاحت کا شوق۔ خرید و فروخت سے محبت ہاڑ مہینہ۔ بدھ وار دن ہفتہ کا دن اچھے۔ دشمن ہر وقت پیچھے مایوسی کا شکار۔

فنون لطیفہ۔ ہاتھ بازو انگلیاں کی تکلیف پھیپھڑے سانس کی تکلیف حرام کمائی زیادہ ہوگی اولاد کی طرف سے دکھ۔ بلغمی امراض۔ درد سینہ۔ درد سر کلونجی شہد میں کھانا مفید دوست دشمن کی پہچان نہیں شادی سرطان کے ساتھ۔

۴۔ برج سرطان سیارہ قمر۔

طبیعت سرد تر۔ رنگ سفید۔ دل کا بڑا نرم۔ شیریں گفتار۔ سفید پوش بھلائی کا بدلہ برائی۔ بلغمی مرض۔ زبان بڑی چتر۔ زندگی چین کی۔ ۴ سال ۹ سال۔ ۲ سال مہلک بیماری۔ نظر بد کی بیماری۔ مغرور۔ بزدل۔ تنہائی سے گھبراہٹ۔ سمجھ دار عقل مند۔ شادی جوزا اسد قوس جدی سنبلہ کے ساتھ سکون۔ دن پیر وار۔ اتوار ساون مہینہ اچھا۔ زبان چاتر۔ اچھی پوشاک۔ بہترین اُستاد فخر کا مادہ۔ شکی دماغ۔ تاریخی اور مقدس مقام میں دلچسپی۔ گھر سے باہر خوش۔ گھر سے اکثر غائب۔ گھٹیا حرکت نہ کرنا۔ چھاتی۔ سینہ معدہ کے امراض۔ دولت مند۔ ابتدائی زندگی پریشانی میں۔ بقیہ حصہ آرام کے ساتھ تل سینہ پر اعضاء پر۔ جدائی ماں باپ سے سفید لباس اچھا۔ گائے بھینس مفید۔

۵۔ برج اسد۔ سیارہ شمس:۔

گرم طبیعت۔ بڑا سمجھدار دور اندیشی۔ حکمت میں ماہر۔ مضبوط جسم بہادر کام بڑی سنجیدگی کے ساتھ۔ ایمانداری۔ مدد کرنا فرض۔ والدین کا غمگسار۔ عادی حرام کاری۔ ناجائز کام کرنا۔ تل سینہ پر گردن پر۔ نظر بد ۱۴ سال ۱۶ سال۔ کھری کھری باتیں کرنا۔ شہوت پرست۔ شادی سرطان قوس جدی۔ دن اتوار مہینہ ساون بہترین۔ بلند جگہ سے گرنا۔ بزرگوں کی عزت۔ گندی طبیعت۔ گرم جوشی۔ کافی روپیہ پیسہ کبھی کبھی بے رحم۔ انتقام۔ دل کی بیماری۔ پیٹھ کی بیماری۔ ضمانت کروانا اچھا نہیں۔ بہت بڑا بھاری غم۔ بیل گائے مبارک۔ درد کمر خشکی۔

Scanned with CamScanner

شادی سرطان سے۔

۶۔ برج سنبلہ سیارہ عطارد:

خشک طبیعت بڑا صابر نیک چال چلن۔ نرم مزاج۔ نقش نگاری۔ مصوری کے کام شاعری بھی محل مقدس مقام کا شتاق۔ پڑھائی لکھائی۔ بھلائی کا بدلہ برائی۔ دشمن سے نقصان۔ زخم سے تکلیف ۴ سال ۷ ، ۲ سال ۵۰ سال جادو آسیب۔ دردسر۔ درد پیٹ۔ فکر میں ڈوبنا۔ ہنگامہ خیز۔ گھر سے دور کاروبار۔ ہوٹل تفریحی تھیٹر زیادہ پسند۔ زخم آہن۔ بائیں طرف کھڑا ہو تو اچھا چھوٹی چھوٹی بات پر ہنگامہ۔ صاف ستھری پرکشش شخصیت کے مالک۔ ہاضمہ خراب۔ چھوٹی کمر درد۔ شراکت کرنا بہتر نہیں اولاد کم جیئے گی۔ پہلے دور تکلیف آخری دور اچھا سانولے رنگ کا دشمن شادی سرطان سے اچھی۔

۷۔ زہرہ سیارہ۔ برج میزان

رحمدل۔ ناچ گانا حسن پرست۔ آنکھ پر یا رخسار پر تل۔ عورت سے محبت حریص لالچی۔ تکلیف یادوں سے۔ بھلائی کا بدلہ برائی۔ ۴۰ سال بعد چار چاند۔ گھڑ سواری۔ دولت مند۔ سال ۱۴ سال ۲۷ سال میں بیماری تل سر پر گردن پر ٹھوڑی پر تل۔ دنیاوی لذت۔ نظر بد۔ آسیب عورت ذات سے محبت فیصلے۔ ناکام۔ سفر میں آسان راستہ تلاش کرنا۔ دوسروں کو بے وقوف بنانا۔ دولت مند۔ دوست بنانا۔ کمر درد۔ درد گردہ۔ جلدی امراض۔ کوئی قدر نہ کرے گا۔ نبیؐ کو خواب میں۔ رنگین کپڑے مفید ہوں گے۔

۸۔ بُرج عقرب۔ سیارہ مریخ

سرد طبیعت۔ بلغمی۔ بغض خور۔ تند مزاج۔ دلاور۔ مرض صفراوی۔ آگ سے ڈر۔ خواب میں آگ۔ لباس سرخ رنگ۔ قتل کا حملہ ۱۵۔ ۲۳۔ ۲۷ سال عمر میں بیماری

نفسانی خواہش لالچی۔ رحم کی بیماری۔ دن منگل گمہر ماہ فائدہ مند دوسروں کے جلدی اتر جانا۔ ڈاکٹر سرجن۔ نرس۔ زندگی طوفانی آزاد طبیعت۔ خوش طبیعت۔ سرجری انجینئرنگ۔ صنعت۔ پولیس سراغ رسانی۔ شادی قوس۔ پیشاب کی مرض۔ جنسی اعضاء ناک۔ مثانہ۔ دشمن دبلا پتلا ہو گا۔ ماں باپ سے کم نفع۔ نماز شروع چار چاند لگائے گی۔

۹۔ برج قوس سیارہ مشتری:۔

طبیعت گرم خشک۔ محبت دنیاوی علم مذہبی علم۔ رحمدل۔ نصیحت نیکی کی۔ بلند جگہ سے گرنا یا زخم آہن۔ پانی میں ڈوبنا۔ ۲ سال ۹ سال بیماری میں گرفتار ۲۷ سال میں بھیانک بیماری۔ زبان قینچی کی طرح۔ چالاک۔ غیر آدمی کے ساتھ جیون غریبوں کی مدد فرض۔ خون کی بیماری۔ شادی عقرب حمل سرطان قوس۔ دن سوموار بدھ مہینہ مبارک۔ طوطا زبان۔ خانہ داری۔ زندگی کے اہم مقاصد۔ طب قانون انجینئر پیشے سیاست۔ مذہبی شعبہ۔ آزاد زندگی کو اہمیت۔ ٹک کر کام نہ کرنا۔ سیلانی سفر۔ چوتڑ۔ رانیں درد۔ اول عمر پریشانی آخر میں درستی ہو گی۔ چوپائے اچھے بہن بھائیوں سے جھگڑا۔

۱۰۔ برج جدی سیارہ زحل:۔

خشک سرد طبیعت۔ شیریں گفتار محبت الفت۔ دستکاری۔ ہنر مند۔ شہوت پرست۔ آلہ تناسل پر سیارہ تل۔ آنکھ کی بیماری۔ پیٹ کی بیماری ۲ سال عمر مہلک بیماری ۴ سال وہی یا کوئی اور بیماری ۱۸ سال بیماری۔ اپنوں سے محبت الفت۔ بائیں جانب کھڑا ہو تو اچھا۔ شادی سرطان۔ اسد کے ساتھ عورت کے ساتھ پریم۔ مہینہ ماگھ دن ہفتہ۔ دنیاوی کام ہوشیاری کے ساتھ اکاونٹ بنک بحث کی عادت۔ ہر شعبہ میں کامیاب عشقیہ معاملات۔ دوسروں پر ترس کھانا۔ قابل اعتماد۔ ہنگامہ خیز۔ شرمیلا پن۔ کنجوسی کا ثبوت

دائیں گھٹنے درد کوئی قدر نہیں کرے گا اولاد کم جیئے گی۔ قرض دینا اچھا نہیں شراکت سے فائدہ ۔

۱۱۔ برج دلو۔ سیارہ زحل۔

طبیعت گرم ۔ ہنر مندی۔ نیک چال چلن ۔ زندگی مسافرت میں۔ دولت کا حریص۔ بھلائی کا بدلہ برائی۔ یادوں میں خوش۔ بیوپاری کا کام ملازمت پہلی عمر۔ دشمن کی آنکھ میں دھول۔ بچپن میں اونچی جگہ سے گرنا۔ کتے کا کاٹنا۔ بیماری ۲۷ سال دنیاوی لذت زیادہ نزلہ زکام۔ کندھے پر تل۔ آنکھیں سرخ۔ نئی نئی ایجادات میں دلچسپی تحقیق صحافت۔ سراغرسانی شعبہ۔ بے چین قسم کے لوگ کبھی کبھی سنگدلی کا مظاہرہ۔ انتہا پسند۔ شادی سے پہلے زبردست عاشق۔ ٹانگیں ٹخنے نازک ہڈیاں۔ دوران خون۔ جس قدر بزرگ ہوگا نیک ہوگا۔ ضمانت نہ کرے ۔

۱۲۔ برج حوت۔ سیارہ مشتری

سرد طبیعت ۔ بیوقوف درمیانہ درجے کا غوطہ زن۔ دولت اچھی حامی نیک خرچ۔ مال مسافرت میں سر کی بیماری۔ دنیا میں نیک نامی ۱۰ برس۔ ۱۸ برس بیماری۔ غیر مردوں سے پریم۔ دنیاوی خواہش۔ مال زر۔ دوسروں کو کھلانا۔ بھلائی کے بدلے برائی۔ بیماری آنکھ کی ۴۔۵۔۶۔۱۶ سال میں بیماری۔ کمائی مقدس جگہ پر لگائے۔ فنون لطیفہ۔ شعبہ مذہب۔ ملازمت سول سروس۔ بے انتہا قوت تخیل۔ ادیب شاعر۔ اداکار۔ موسیقار۔ ڈانسر۔ فلاسفر۔ زور داری عاشق آرام دہ زندگی پسند۔ زندگی بر آئے نام۔ شوق تھیٹر۔ ٹیلی وژن۔ فلم موسم کی تبدیلی برا اثر۔ بیماری پاؤں کی۔ خلق کی نظروں میں عزیز نحس ستارے کی وجہ ۔

چہل کاف :۔

روایت ہے کہ چہل کاف جناب حضور پاکؐ خود پڑھا کرتے تھے اور اُن کا ذاتی وظیفہ تھا۔ عاملوں کے فرمان کے مطابق جس شخص نے اس کا وظیفہ کیا ہوگا دنیا کی تمام مخلوق اُس کے طابع ہوجاتی ہے یہاں تک کہ درخت بھی حکم مانتے ہیں۔ جن بھوت پریاں ہر چیز شیر سور وغیرہ جنگلی درندے بھی عامل کے طابع ہوجاتے ہیں عامل کو کسی چیز کی کمی نہیں رہتی ہے میرے محترم پھوپھی زاد بھائی سید رجب علی شاہ گیلانی بھی اس کے عامل تھے اُن کو ہر وقت گھر رہنے کا بھی وقت نہیں ملتا تھا۔ چہل کاف آپ کے لیے لکھی جا رہی ہے اگر کوئی اس کا چلہ کرنا چاہتا ہے تو کرسکتا ہے۔ اس کے عدد میرے علم کے مطابق ۶۶۲۱ ہیں اگر غلطی ہو تو معافی چاہتا ہوں۔ عدد خود ٹھیک کرلیں۔ اگر آپ اس کا تعویذ تیار کرنا چاہتے ہیں تو طریقہ یہ ہے عدد ۔ ۳۰ بنہ ۴ جواب سے شروع کریں جواب خانہ نمبر ایک سے شروع کریں اگر ایک بجے تو خانہ ۱۳ میں ۱ عدد اضافہ کریں۔ ۲ بجے تو خانہ ۹ میں ایک عدد اضافہ کریں اگر ۳ بجے تو خانہ نمبر ۵ میں ایک عدد اضافہ کریں۔ اس کا تعویذ آپ ہر قسم کی بیماری ہر طرح کے کام کے لیے استعمال کریں اگر وظیفہ آپ کرلیں گے تو پھر تو کیا ہی بات ہے۔

چہل کاف مندرجہ ذیل ہے ۔

کَفَاکَ رَبُّکَ کَمْ یَکْفِیکَ وَاکِفَۃً فَاکِفُکَا کُفْہَا
کَکَمِینِ کَانَ مِنْ کَلکا تَکَرُّ کَرًّا کَکَرِّ فِی
کَبَدٍ تَحْکِی مُشَکْشَکَۃٍ کَلٌّ لَکَ اَلکُکَا کَفَاکَ
مَا فِی کَفَاکَ الکَافُ کُرْبَتَہٗ یَا کَوْکَبًا
کَانَ یَحْکِی کَوْکَبَ الْفَلَکَا ۔

اولاد نہ ہونے کی وجہ:

روایت ہے کہ حضرت سلیمان پیغمبر علیہ السلام کے پاس تمام جن پریاں اکٹھی بیٹھے ہوئے تھے ایک عورت حضور کی مجلس میں حاضر ہوئی اور کہنے لگی یا حضرت میرے پاس اولاد نہیں ہے۔ حضرت سلیمان علیہ نے جنوں اور پریوں کو پوچھا کہ اس کے ہاں اولاد کیوں نہیں ہے۔ پریوں اور جنوں نے آپ کو مندرجہ ذیل باتیں بتائیں جس جن نے بیماری بتائی تھی اُس نے آگے اس کا علاج بھی ساتھ بتایا تھا۔ جو کہ لکھ دیا ہے۔

۱۔ ہم بستری کے بعد عورت کا سر درد کرے تو عورت کا رحم پھرا ہوا ہے یعنی کہ بچہ دانی اُلٹی ہے۔
علاج:۔ مغز بنولہ مرغ نر کی بیٹ لے کر بتی بنا کر حیض کے ختم ہونے پر تین دن شافہ کریں۔

۲۔ رحم میں ہوا بھری ہوتی ہے تخم کو راستہ نہیں ملتا۔
علامات۔ صحبت کے وقت عورت کا منہ کانپے تو ہوا بھری ہوتی ہے۔
علاج:۔ ہیرا ہنگ۔ تلی کی بتی بنا کر تین دن حیض کے بعد شافہ کریں۔ تین دن کے لیے کریں

۳۔ رحم کے منہ میں گوشت زیادہ ہونے کی وجہ سے رحم کا منہ بند ہو جاتا ہے۔
علامت۔ ہڈیاں درد کریں اور کمر درد کرے گی
علاج:۔ زہرہ سفید ہاتھی ناخن گائے کے گھی میں حیض کے تین دن بعد شافہ کریں۔

۴۔ رحم میں کیڑے پڑ جاتے ہیں علامت کیڑوں کی وجہ ہونے پہ پنڈلیاں درد کرتی ہیں۔
علاج:۔ صابن۔ سجی کھار ہم وزن پانی میں حیض ختم کے تین دن بعد شافہ کریں۔

۵۔ رحم میں گرمی ہوتی ہے اس لیے منی خون میں مل جاتی ہے۔
علامت۔ صحبت کے وقت دل کی دھڑکن دل پر درد ہوتا ہے۔
علاج:۔ گلئے کا گھی مغز نیم گل گلاب حیض کے تین دن بعد شافہ کریں۔

۶۔ رحم میں سردی ہوتی ہے اس لیے تخم پختہ نہیں ہوتا ہے۔
علامت:۔ صحبت کے وقت چھاتی میں درد ہو گا۔
علاج:۔ کلونجی زیرہ سیاہ ہم وزن تلی کا تیل پکائیں۔ نصف رہ جانے پر حیض کے تین دن بعد شافہ کریں۔

۷۔ عورت کو آسیب دیو پری ہوتا ہے کوئی علامت ظاہر نہیں ہے۔ لہذا تعویذات کے ساتھ علاج کریں۔

تلاش گم شدہ یا غائب حاضر کے لیے

یہ عمل میں نے بذات خود نہیں آزمایا مگر میرے ایک دو دوستوں نے آزمایا تھا بالکل ٹھیک ہے انشاء اللہ۔

طریقہ اگر کسی گم شدہ شخص کو حاضر کرنا ہو تو یا کسی کو کام کے لیے اپنا گرویدہ کرنا ہو تو پھر اس عمل کو کام میں لائیں بعد نماز عشاء اول آخر درود شریف ابراہیمی پڑھیں تعداد ۱۱ ہو اور مسجد کے ایک کونہ میں بیٹھ کر منہ قطب شریف کی طرف کریں اور ایک سو ایک دفعہ آدمی کا تصور رکھ کر کریں۔ عمل یہ ہے۔
دل بنا یا کبوتر کا حلقہ بنا یا یٰسین کا۔ فلاں شخص آجائے صدقہ جلال الدین کا فلاں شخص آجائے۔

تنگی رزق کے لیے:

یہ عمل میرے استاد محترم میاں رحمت علی بابا گیارہویں والے نے دیا تھا میرا خود ذاتی تجربہ ہے۔ بہت مجرب ہے۔ فائدہ اٹھائیں۔ انشاءاللہ۔

Scanned with CamScanner

صبح جب آپ بستر پر جاگیں گے تو منہ آسمان کی طرف کر کے ۲۱ دفعہ اسم "یا وھاب"، پڑھیں پھر ۲۷ دفعہ اُسی حالت میں اسم "یا باسِطُ"، پڑھیں پھر صبح کی نماز میں سنتوں اور فرضوں کے درمیان ایک تسبیح سورۃ کوثر پڑھیں پھر بعد نماز عشاء چار سنتوں اور فرضوں کے درمیان بھی ایک تسبیح پڑھیں انشاء اللہ کام ہو جائے گا پانچوں نمازوں کا پابند ہونا ضروری شرط ہے۔

دوسرا طریقہ:

صبح کی سنت اور فرضوں کے درمیان پہلے ۲ تسبیح سورۃ کوثر پھر بسم اللہ من الحمد اللہ پوری ۲۰ دفعہ پڑھیں نماز پڑھنے کے بعد ۲۷ دفعہ یا باسِطُ پڑھیں پھر ظہر کی نماز کے بعد ۱۲ دفعہ یا وھاب ۲۷ دفعہ یا باسط عصر کی نماز کے بعد ۲۲ دفعہ یا وھاب ۲۷ دفعہ یا باسِطُ شام کی نماز کے بعد ۲۲ دفعہ یا وھاب اور ۲۷ دفعہ یا باسِطُ پڑھیں۔ عشاء کی نماز کے بعد ۱۰ دفعہ یا باسِطُ ۲۷ دفعہ یا وھاب پڑھیں اور سورت کوثر ۲ تسبیح بھی بعد نماز عشاء ادا کریں۔

نفل استخارہ غوثیہ:۔

مروی ہے کہ جناب غوث پاکؒ خود بھی یہ استخارہ کرتے تھے اور دوسروں کو بھی یہی تلقین فرماتے تھے۔

آپ کو اگر کوئی مشکل پیش آئے تو پھر آپ استخارہ کر سکتے ہیں یا اگر آپ کوئی اہم کام کو سرانجام دے رہے ہیں تو آپ کو خدشہ ہے کہ شاید کام نہ ہو تو پھر آپ استخارہ کر کے تمام حال معلوم کر سکتے ہیں کام ہو جائے گا۔ انشاء اللہ استخارہ کرنے کا طریقہ یہ ہے۔ باوضو ہو کر نماز عشاء ادا کریں نماز کے بعد چار رکعت نماز نفل استخارہ فلاں کام کے لیے نیت کر کے شروع کریں۔ پہلی دو رکعت عام رکعتوں کی طرح ادا کریں التحیات کے بعد تیسری رکعت کے لیے

کھڑے ہو جائیں الحمد شریف پوری پڑھنے کے ۱۱ مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھیں پھر ۱۱ مرتبہ سوئم کلمہ پڑھیں پھر ۱۱ مرتبہ یا شیخ عبدالقادر جیلانی الغنی پڑھیں اور رکوع میں اللہ اکبر کہتے ہو جائیں پھر رکعت پوری کرنے کے بعد چوتھی رکعت شروع کریں جب اھدنا صراط المستقیم پر جائیں تو بکثرت پڑھتے رہیں اگر کام نہ ہونا ہو گا تو آپ کا منہ بائیں جانب ہو گا کام ہونے کی صورت میں منہ دائیں ہو جائے گا ان شاء اللہ۔ جب نفل کی آپ نیت کریں گے اللہ اکبر کہنے کے ساتھ ہی آنکھیں بند کر لیں اور دائیں پاؤں کے انگوٹھے کو دبا کر رکھیں اپنی جگہ سے نہ ہلنے دیں ورنہ آپ گر جائیں گے۔ استخارہ مجھے میرے نانا جان (جو کہ رشتہ کے تھے) نے دیا تھا میں ہر کام کے لیے کیا کرتا ہوں بہت ہی مجرب ہے پہلی دفعہ میں مصلہ مبارک سے گر گیا تھا پھر مجھے میرے محترم نانا جان نے بتایا تھا کہ انگوٹھا دبا کر رکھنا ہو گا اور استخارہ کرتے وقت کوئی میٹھی شیرنی اپنے پاس رکھیں اور بعد میں بچوں کو غوث پاک کے نام پر تقسیم کریں۔

نقش اکسیر:۔

یہ نقش میں نے قرآن پاک کی آیات سے حاصل کیا ہے شک کرنے والا گناہ گار ہو گا۔ ہر قسم کے مریض کے لیے اس میں شفا ہے گھریلو لڑائی جھگڑا کے لیے بہت مفید ہے۔ قدر و منزلت کے لیے بھی استعمال کیا جاتا ہے۔ انشاء اللہ کام ضرور ہو گا بفضل تعالیٰ نقش یہ ہے۔

۴۴۲	۲۵۲	۴۴۰	۴۵۱	۴۳۶	۴۴۹
۴۴۲	۴۴۸	۴۴۵	۴۲۴	۴۲۵	۲۴۷
۴۲۰	۴۳۰	۴۴۲	۴۴۱	۴۳۱	۴۳۷
۴۳۱	۴۲۵	۴۳۹	۴۴۸	۴۲۳	۴۲۶
۴۴۴	۴۴۹	۴۳۶	۴۲۹	۴۳۳	۴۲۷
۴۵۳	۴۲۲	۴۵۵	۴۲۹	۴۳۱	۴۲۸

Scanned with CamScanner

حاسدوں۔ فتح یابی ہر قسم :۔

یہ نقش بھی قرآنی آیات کا ہے۔ میں نے لکھ دیا ہے تاکہ کوئی اس سے فائدہ اٹھا سکے میں نے آزمایا نہیں ہے مگر شک کرنے والا کافر ہے۔ کیونکہ ہمارا ایمان قرآن ہے۔

نقش ترتیب وار لکھیں۔ اپنے پاس رکھیں۔

۴۷۳۰۲	۴۷۲۱۰	۴۷۲۱۳	۴۷۱۹۵
۴۷۲۱۲	۴۷۲۰۰	۴۷۲۰۵	۴۷۲۱۱
۴۷۲۰۱	۴۷۲۱۵	۴۷۲۰۸	۴۷۲۰۴
۴۷۲۰۹	۴۷۲۰۳	۴۷۲۰۲	۴۷۲۱۴

فلاں بن فلاں
بن فلاں
بن فلاں

قرآنی تعویذ بغیر زکوٰۃ ادا کیے لکھے جا سکتے ہیں۔

تلی اور ہر حاجت کے لیے۔

یہ نقش بھی قرآنی آیات کا ہے۔ تلی کے لیے گلے میں ڈالیں ڈور لمبی رکھیں تاکہ تلی تک چلی جائے۔ حاجت کے لیے ۲۱ دفعہ لکھ کر آٹے میں گولیاں بنا کر سات دن مچھلیوں کو کھلائیں کام نہ ہونے تک عمل جاری رکھیں ان شاء اللہ۔ کام جلد ہو جائے گا۔ نقش یہ ہے۔

۳۰۲۰۳	۳۰۳۷۶	۳۰۳۰۹	۲۰۳۰۶
۲۰۳۰۳	۲۰۲۹۷	۲۰۲۰۴	۲۰۲۰۷
۲۰۳۰۸	۲۰۳۱۱	۲۰۳۰۴	۳۰۳۰۱
۲۰۳۰۵	۲۰۳۰۰	۲۰۲۹۹	۲۰۳۱۰

قرآنی نقش :

یہ نقش بھی میں نے قرآن پاک کی سورۃ مبارکہ کا لکھا ہے۔ گو میں نے آزمائش نہیں کی ہے۔ مگر شک کرنے والا کافر ہے۔ یہ نقش فراخ رزق۔ محتاجی ہر قسم حاملہ کا حمل اگر ساقط ہو جائے تو اور ہر طرح کی دنیاوی مصیبت کے لیے ہے بفضل تعالیٰ یقین کامل کے ساتھ کام ہو گا۔ یہ نقش دونوں ہیں۔

۲۳۱۹۹	۳۳۱۹۴	۳۳۲۱۰
۳۳۲۰۰	۳۳۱۹۸	۳۳۱۹۳
۲۳۱۹۵	۳۳۲۰۱	۳۳۱۹۷

۲۵۷۴۱	۲۵۴۱۷	۳۵۷۴۳
۲۵۷۴۶	۲۵۷۳۰	۲۵۷۴۵
۲۵۷۳۵	۲۵۷۴۲	۲۵۷۲۹
۲۵۷۳۲	۲۵۷۳۶	۲۵۷۴۸

دونوں نقش لکھ کر اپنے پاس رکھیں۔

زبان بندی :۔

یہ نقش بھی قرآن پاک سے لیا گیا ہے۔ اگر حاکم ظالم ہے خاوند بیوی یا کوئی اور آپ کے ساتھ زبان درازی کرتا ہے تو مندرجہ ذیل نقش لکھ کر اپنے پاس رکھیں۔ ان شاء اللہ حاسد کی زبان بند ہو جائے گی۔

۲۲۸۳۳	۲۲۸۱۸	۲۲۸۲۵
۲۲۸۳۴	۲۲۸۲۲	۲۲۸۳۰
۲۲۸۱۹	۲۲۸۲۶	۲۲۸۲۱

فلاں بن فلاں

اگر کاروبار بند ہو جائے تو :

بعد نماز عشاء ایک تسبیح روزانہ پڑھیں کاروبار کھل جائے گا عمل یہ ہے۔

Scanned with CamScanner

کالی کنکالی ممامرے نیند و جھوٹے بیالی بیار بیر بھیروں چوراسی تو چون
چون سٹھائی اَب بِر و کالی کنکالی۔

سورۃ مبارکہ کے عمل

۱۔ سورۃ قریش ہر روز بعد نماز فجر ۱۱ دفعہ پڑھنے پر محتاجی دور ہوگی۔

۲۔ سورۃ قیمۃ ہر روز سات مرتبہ پڑھنے سے مخلوق تسخیر ہوگی۔

۳۔ سورۃ دہر ۷ مرتبہ روزانہ پڑھنے سے رزق کی تنگی دور ہوگی۔

۴۔ سورۃ واللیل ۱۸۰ مرتبہ روزانہ صبح کی نماز کے بعد پڑھنے سے ہر مشکل حل ہوگی۔

۵۔ اگر کسی کا کوئی غائب ہو جائے یا کوئی پردیس میں چلا جائے اور واپس جلدی نہ آئے تو سورۃ والضحیٰ دو ہزار مرتبہ ایک محفل میں پڑھیں ہر روز سات دن تک پڑھیں۔ بفضل خدا انشاء اللہ غائب حاضر ہوگا۔

۶۔ یہ عمل بھی میرا ذاتی تجربہ شدہ ہے۔ حضور اکرم صلعم اصحابہ اکرمؓ کو پڑھنے کی تلقین فرمایا کرتے تھے۔ میں نے بھی آپ کے مطابق عمل کیا تھا انشاء اللہ ٹھیک ہوا تھا۔ جس شخص کو فاقہ کشی ہو۔ شام کی نماز کے فوراً بعد تین دفعہ سورۃ واقعہ پڑھنے۔ انشاء اللہ جلد ہی فاقہ کشی دور ہوگی۔

۷۔ ادائیگی قرض کے لیے۔ سورۃ اذاجاء چالیس مرتبہ بعد نماز فجر ادا کریں۔ انشاء اللہ جلد ہی نجات ہوگی۔

۸۔ سورۃ قریش ۷ مرتبہ روزانہ بعد نماز عشاء پڑھیں بفضل تعالیٰ ہر قسم کی دنیاوی مشکلات سے نجات ہوگی۔

۹۔ کشائش رزق کے لیے ہر نماز کے بعد سورۃ الم نشرح ۳ بار الحمد شریف ۱ بار سورۃ القدر ۱۱ مرتبہ پڑھیں۔

۱۰۔ کسب معاش کے لیے بوقت تہجد دو رکعت صلوٰۃ حاجت پڑھیں پہلی

رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد مزمل سورۃ گیارہ مرتبہ دوسری رکعت میں مزمل شریف دس مرتبہ پڑھیں۔ عمل بدھ جمعرات جمعہ کو شروع کریں۔ کام نہ ہونے تک جاری رکھیں۔ ان شاء اللہ کام ضرور بر ضرور ہو جائے گا۔

۱۱۔ کسی کو اپنی طرف راغب کرنا ہو تو نماز تہجد چھ رکعتیں ہر رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد حسبنا اللہ و نعم الوکیل ۴۵۰ مرتبہ پڑھیں پھر سلام پھیریں بعد میں۔
يُحِبُّوْنَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا اللّٰهِ
لَوْ اَنْفَقْتَ مَا فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا مَّآ اَلَّفْتَ بَيْنَ قُلُوْبِهِمْ
وَلٰكِنَّ اللّٰهَ اَلَّفَ بَيْنَهُمْ اِنَّهٗ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ (ط) وَاَلْقَيْتُ عَلَيْكَ
مَحَبَّةً مِّنِّيْ وَلِتُصْنَعَ عَلٰى عَيْنِيْ پھر حسبنا اللہ و نعم الوکیل چار سو ۴۵۰ پچاس مرتبہ پڑھیں۔

۱۲۔ قیدی رہائی خوف فکر فراخی کے لیے ۱۳۰۰ مرتبہ ہر نماز کے حسبنا اللہ و نعم الوکیل پڑھیں۔

۱۳۔ قرب اللہ کے لیے دو رکعت نماز تقرب الی اللہ پہلی رکعت میں اور دوسری رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد ۴۵۰ مرتبہ حسبنا اللہ و نعم الوکیل اکسیر اعظم رکھتی ہے۔
اہل دنیا کو مسخر کرنے کے لیے۔ چالیس دن ۴۵۰ مرتبہ حسبنا اللہ و نعم الوکیل۔ پھر ۱۰۰۰ مرتبہ روزانہ پڑھیں۔

۱۴۔ طلب رزق کیلئے بعد نماز عصر چودہ مرتبہ سورۃ واقعہ اُسی حالت میں پڑھیں۔

Scanned with CamScanner

حل المشکلات

اگر کسی کو کوئی مشکل پیش آجائے جو کہ برداشت سے باہر ہو۔ یا کوئی ایسا کام ہو جس کے ہونے کی کوئی امید نظر نہ آتی ہو تو چاہیے کہ تہجد کی نماز کے وقت اٹھے اور دو رکعت نماز نفل پنجتن پاک ادا کرے پھر ۱۰۱ دفعہ ذیل کا عمل پڑھے منہ قطب شریف کی طرف ہو۔ ایک ٹانگ پر کھڑا ہو کر پڑھے تو زیادہ بہتر ہے۔ ورنہ کبھی کھڑا ہو جائے بے چینی کی حالت میں پڑھیں۔ انشاءاللہ سات دن کے اندر اندر مشکل حل ہو جائے گی۔ ورنہ کام نہ ہوتے تک جاری رکھیں۔

عمل مندرجہ ذیل ہے۔ بمعہ بسم اللہ پڑھیں۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرحمٰن الرحیم رحمت بی بی فاطمہ چڑھیا نبیر علی دا پڑھیا محمد مصطفیٰ دشمن نوں لیویں گیہر صدقہ امام حسن دامنہ میرے ول پھیر۔

یہ عمل میرا ذاتی تجربہ نہیں ہے۔ مجھے میرے بزرگ دوست میاں شہباز خان نے عطا فرمایا تھا اور بہت تعریف فرمائی تھی۔ پنجتن کے گھرانہ میں شک کرنے والا کافر کا فر کا فر ہے۔

ایضاً: یہ عمل بھی میاں شہباز خان کے ہاتھ مجھے عطا ہوا تھا یہ میرا ذاتی تجربہ نہیں ہے انہوں نے کہا تھا کہ میرے بارہا دفعہ آزمایا ہے۔ کامیاب بہت ہوا ہے۔ بوقت تہجد دو نفل پنجتن پاک کے نام پر ادا کریں۔ بعدہٗ ایک ٹانگ پر کھڑا ہو کر منہ قطب شریف کی طرف کر کے شروع کریں عمل یہ ہے۔

قادر قدرت والیا سن میری فریاد توں بھیجی شاہ علی نوں پہنچے میری امداد نوں۔

ایضاً: یہ عمل میرے استاد محترم جناب حضرت اللہ دتہ صاحب کا عطا کردہ

ہے۔ آپ فرماتے تھے کہ ایک دفعہ میں بنیا مشین پر کام کرتا تھا میرے ارد گرد لوگوں کا ہجوم رہتا تھا۔ مگر بدقسمتی سے میں جن کے پاس رہتا تھا وہ وہابی تھے اور مجھے کہتے تھے کہ ایسا کام مت کیا کرو۔ میں اپنی ضد میں رہتا تھا۔ ایک دن انہوں نے مجھے کارخانہ سے نکال دیا۔ میں پریشانی کے عالم میں جا رہا تھا کہ راستے میں بانکا فقیر مجھے ملا اور کہنے لگا کہ مجھے پتہ ہے تم کو کارخانہ والوں نے نکال دیا ہے آپ یہ عمل کریں۔ انشاءاللہ رب العزت آپ کی مدد فرمائیں گے۔ فرماتے تھے کہ میں نے عمل شروع کیا اور تین دن گزر گئے تھے کہ کارخانہ والے آ گئے اور میری منت سماجت شروع کر دی۔ میں نے کہا کہ خود ہی کام سے نکال دیا اور اب خود ہی کہتے ہو کہ آجاؤ میں نہیں آؤں گا۔ کارخانہ والے کہتے کہ جس دن سے آپ آئے ہیں ہمارا کام ہی نہیں چل رہا ہے مشین خراب ہو جاتی ہے کہ ابھی ایک پھر دوسری خراب ہو جاتی ہے۔ آخر میں نے شرط رکھی کہ آئندہ مجھے یہ نہ کہنا کہ تعویذ گنڈہ مت کرو انہوں نے شرط مان لی۔

انہوں نے مجھے بھی عمل دیا اور کہا تھا کہ کسی کو مت بتانا میں یہ نہیں چاہتا ہوں کہ بغض رکھوں میں نے لکھ دیا ہے۔ آپ خود عمل کریں صرف اس لیے لکھا ہے کہ شاید کسی کا کوئی کام ہو جائے۔

عمل یہ ہے۔

ادکھی بنی ہے سر پر سر پر خدا ہے۔ مشکل بنی ہے مشکل کشا ہے مشکل ہے کشتا نام تیرا سنو فریاد میری حضرت بی بی فاطمہ حضرت شاہ علی نبی پاک روح آساں ول پھیر چھیڑو محمد مصطفیٰ نگاہ ول آساں دے ول پھیر رب پاک تو رسول پاک تو تو کیوں لائی دیر۔

عمل بعد نماز عشاء کریں منہ قطب شریف کی طرف ہو اور بے چینی کی حالت میں کریں پہلے دن ایک تسبیح دوسرے دن ۲ تسبیح تیسرے دن تین تسبیح پڑھیں پھر کام نہ ہونے تک ۳ تسبیح پڑھیں۔ صرف نیک کام میں لائیں۔

Scanned with CamScanner

برائے حب جائز:

یہ عمل میرے محترم دوست محمد رفیق ریڈیو سروس حویلی لکھا والے کے استاد محترم نے مجھے عطا فرمایا تھا۔ رفیق صاحب کا بہت تجربہ شدہ ہے میں نے صرف ایک دفعہ کیا تھا کامیاب رہا تھا اگر کوئی گم ہوگیا ہو یا کسی کی بیوی ناراض ہو کر چلی گئی ہو۔ اگر کسی کا رشتہ نہ ہوتا ہو تو یا کسی کو جائز طور پر اپنی گرفت میں کرنا ہو تو یا کسی سے کوئی کام لینا ہو تو پھر اس عمل کو کام میں لائیں۔

عورت ہو تو بائیں پاؤں کی مٹی لائیں اگر مرد ہو تو پھر دائیں پاؤں کی مٹی لائیں اور گلے کی قمیص سے اور تعویذ سے بھی کام لیا جا سکتا ہے۔ دوپہر کے وقت تقریباً گیارہ بج کر پنتالیس منٹ پر کوئلے دھکائیں سرخ صندل تولہ کوئلے کی آگ میں جلائیں۔ مٹی ہے تو وہ بھی آگ میں جلائیں اگر کپڑا ہے تو پھر صندل کپڑے میں باندھ کر آگ میں جلائیں۔ محبوب کا تصور رکھ کر ۱۰۱ کالی مرچ پر ایک بار پڑھیں اور آگ میں جلائیں اس طرح ۱۰۱ مرچ پر پڑھ کر جلائیں خیال رکھیں کہ سر پر کوئی سایہ نہ ہو اور منہ جنوب کی طرف رکھیں کوئی دیوار درخت آدمی پاس نہ ہو عمل یہ ہے

وَ اَلْقَیْتُ عَلَیْکَ سے علی عینی تک پڑھیں پارہ سولہ -

درودِ پاک کی فضیلتیں اور مصائب سے نجات، ترتیب و تالیف، صاحبزادہ شہزادہ غوث انوری حضرت سید سبطین حیدر گیلانی مدظلہ تعالیٰ

دست شناسی اور علم قیافہ

دست شناسی:

۱- زندگی
۲- دماغ
۳- دل
۴- صحت
۵- قسمت
۶- شہرت
۷- شادی



۸- اولاد
۹- دولت
۱۰- سیکس
۱۱- روحانی قوت
۱۲- سفر
۱۳- خوش قسمتی

Scanned with CamScanner

ہتھیلی کی لکیروں کے خاص نشانات



زندگی کی لکیر:

۱۔ لمبی اور واضح اچھی زندگی۔
۲۔ چھوٹی اور موٹی لکیر قوت مدافعت پر قابو لمبی عمر
۳۔ دوہری لکیر خطرے سے حفاظت۔
۴۔ لمبی باریک لہردار کمزور صحت زندگی کی تبدیلی۔
۵۔ لمبی کلائی کی طرف ہنگامہ خیزی۔
۶۔ چھوٹی اور مدھم لگام دوسرے کے ہاتھ میں
۷۔ انگوٹھے کے گرد قوس ہوش۔جذبہ۔زمانی زندگی۔بہتری

۸۔ سیدھی انگوٹھے کے قریب سے محتاط زندگی۔
۹۔ ہتھیلی کے وسط سے سفر۔شائل۔قوت تخیل۔

زندگی کی لکیر پر خاص نشانات

۱۔ زنجیر دار صحت کی خرابی۔ آدمی کے جذبات زیادہ۔
۲۔ جزیرہ ہسپتال۔ جیل یا حادثہ
۳۔ رخنہ حادثے یا سخت بیماری یا اچانک تبدیلی۔
۴۔ چھوٹی لکیریں کاٹیں پریشانیاں۔
۵۔ کراس خطرہ۔
۶۔ مربع خطرہ سے محفوظ بہتر آثار۔
۷۔ ستارہ سخت الجھن۔
۸۔ اوپر کو جانیوالی لکیریں نقصانات سے بچنا۔
۹۔ نیچے کو جانے والی جسمانی قوت کے نقصان

دماغ کی لکیر:

۱۔ دماغ اور زندگی دونوں ملی ہوئی ہوں تو مکمل اختیار
۲۔ دماغ اور زندگی جدا مہم جوئی۔
۳۔ لمبی گہری سیدھی۔بے حد ذہین۔
۴۔ مدہم لہردار کند ذہن
۵۔ چھوٹی مقاصد محدود
۶۔ چھوٹی اور قوس کی طرح اوپر کو منتشر ذہن
۷۔ لمبی اوپر کو مشغلے زیادہ۔
۸۔ لمبی جھکی ہوئی تخلیقی ذہن

Scanned with CamScanner

۹۔ اگر لکیر دوہری ہو تو ذہنی صلاحیتیں زیادہ ہوتی ہیں۔

خاص نشانات

۱۔ زنجیر دار الجھن پریشانی ۲۔ جزیرہ کراس الجھن (۳) رخنہ زبردست تبدیلی۔
۴۔ ستارہ ذہن سے فائدہ ۵۔ مربع راہنمائی ۶۔ دو شاخہ آخر میں بچہ ذہن
۷۔ آر پار لکیریں زندگی کے آثار اور رہن سہن میں تبدیلی ہوئی ہے۔

دل کی لکیر

۱۔ پہلی انگلی سے شروع معمولی اور خوشگوار زندگی۔
۲۔ پہلی اور دوسری کے درمیان سے محبت میں نہ سوچنا۔
۳۔ دوسری انگلی سے خود غرض۔
۴۔ لمبی پہلی انگلی سے پار تک افلاطونی عاشق۔
۵۔ سیدھی دماغ کے متوازی جذبات۔
۶۔ نیچے کو قوس تمام محبت میں ثابت قدم۔
۷۔ اوپر کو قوس محبت میں قیمتی چیز قربان کرنا۔
۸۔ چھوٹی سرگرمیاں نہ ہونے کے برابر۔
۹۔ چھوٹی مضبوط گہری ثابت قدم ہر کام میں۔
۱۰۔ زنجیر دار ٹوٹی ہوئی لہر دار ہرجائی
۱۱۔ مدہم دل کمزور
۱۲۔ پہلی انگلی کو چھوئے نقصان دہ پہلی انگلی کے قریب سے خوشگوار شادی ہوگی۔

دل کی لکیر پر خاص نشان

پہلی انگلی کے نیچے ستارہ شادی خوشگوار ہوگی۔

۲۔ پہلی یا تیسری انگلی کے نیچے ستارہ خوشگوار شادی۔
۳۔ جزیرہ غمگینی ۴۔ کراس رخنہ جذباتی صدمہ موت یا محبت کا خاتمہ۔
۵۔ زنجیریں جذباتی کھنچاؤ۔
۶۔ اوپر کو اٹھتی ہوئیں محبت میں خوشی۔
۷۔ نیچے کو جاتی ہوئیں لکیریں مایوسی کو ظاہر کرتی ہیں۔
۸۔ دوہری لکیریں محبت کرنے والا تحفظ بھی فراہم کرتا ہے۔

قسمت کی لکیر

۱۔ کلائی سے شروع دوسری انگلی تک واضح لمبی چھوٹی عمر میں ملازمت ہر ادارہ میں کامیاب
۲۔ شروع میں زندگی سے ملی ہوئی کم عمری میں کام کے لیے فیصلہ۔
۳۔ تنہا شروع ہو اور پھر زندگی سے جا ملے تو دوسروں کے لیے دلچسپی اپنی ترک کرنا۔
۴۔ زندگی کی لکیر کے درمیان سے شروع ہو تو محبت کرنے والا مدد دے گا۔
۵۔ انگوٹھے کے برابر سے شروع اپنی زندگی خود بنائے۔ عوام سے تعلق زیادہ فنکار یا سیاستدان۔
۶۔ ہتھیلی سے ایک اور لکیر قسمت کی لکیر میں شادی کی وجہ سے مشہور ہو۔
۷۔ دماغ کے ملاپ میں رخنہ وسط میں پیشہ تبدیل کرے۔
۸۔ دوسری انگلی کی بجائے تیسری کی طرف جائے تو فنون لطیفہ

قسمت کی لکیر پر خاص نشانات

۱۔ لکیر کے آخر میں ستارہ آپ خوشی قسمت کے لیے منتخب کر لیے گئے۔
۲۔ تیسری انگلی کے پاس ختم ہو جائے تو ستارہ ہر شعبہ میں کامیاب

۳۔ پہلی انگلی کے نیچے ختم اور ستارہ ہر شعبہ میں کامیاب۔
۴۔ دوسری انگلی کے نیچے ختم اور ستارہ سخت محنت کے بعد کامیابی
۵۔ رخنے جزیرہ بدقسمتی کے لیے تیار رہیں۔
۶۔ مربع خطرات سے حفاظت
۷۔ آر پار لوگ آپ کی مخالفت کریں گے۔

شہرت کی لکیر

۱۔ اگر لکیر موجود ہو تو پھر گمنام زندگی نہیں ہوگی۔
۲۔ مضبوط اور گہری کاوشوں سے کامیابی ہوگی۔
۳۔ ٹوٹی ہوئی ہو تو نشیب فراز شہرت میں ہوں گے۔
۴۔ شہرت کی لکیر تیسری انگلی تک جائے تو فنون لطیفہ میں شہرت ہوگی
۵۔ دماغ کی لکیر سے شروع ہو کر دل کی لکیر کو پار کرے تو سخت محنت کے بعد شہرت ہوگی۔
۶۔ لکیر کے آخر میں دوشاخہ شہرت بے فائدہ ہوگی۔

شہرت کی لکیر پر خاص نشان؟

۱۔ تیسری انگلی تک آخر میں ستارہ یا تکون فنون لطیفہ میں کامیابی۔
۲۔ مربع ہو تو کسی کی سرپرستی سے شہرت ہوگی۔

صحت کی لکیر

۱۔ مضبوط سیدھی لکیر کاروباری محنت
۲۔ لہردار ہو تو صحت خراب ہوگی۔ صحت کی لکیر پر ستارہ بے اولاد ہونے کی نشانی ہے۔

۳۔ رخنہ زنجیر صحت کی وجہ سے کاروبار ٹھپ ہوگا۔
۴۔ کاٹنے والی لکیریں حادثات۔
۵۔ شاخ زندگی سے ملے بڑھاپے میں خرابی صحت سے موت واقع ہو۔
۶۔ مربع مناسب کاروبار یا مناسب علاج۔
۷۔ جزیرہ ہسپتال میں زیر علاج۔

شادی کی لکیر

۱۔ واحد لمبی صاف خوشگوار شادی عمر بھر قائم رہے گی۔
۲۔ ہتھیلی کی طرف نیچے دوشاخہ منگنی طویل رہے گی۔
۳۔ ہتھیلی کی طرف دوشاخہ علیحدگی طلاق یا کوئی اور صورت۔
۴۔ کاٹنے والی لکیریں موت یا طلاق ہو جائے۔
۵۔ دوہری کسی اور سے آشنائی۔
۶۔ رخنہ عارضی علیحدگی دوبارہ ملاپ ہوگا۔
۷۔ مدہم لکیریں اور بھی ہوں تو شادی کا امکان کم۔
۸۔ دل کی لکیر کی طرف ساتھ ملے تو پہلے بیوی فوت ہوگی۔

حلقہ زہرہ

یہ حلقہ دل کی لکیر کے اوپر دوسری اور تیسری کے درمیان ہوتا ہے۔ اگر ہو تو جنسی تعلقات زیادہ ہوں گے۔ اگر ٹوٹا ہوا ہو تو پھر ہر شخص کے ساتھ آشنائی ہوگی

سفر کی لکیر

یہ لکیریں انگوٹھے کے مقابلے میں ہتھیلی کی دوسری جانب ہتھیلی کے نیچے کنارہ پر ہوتی ہیں اگر موٹی اور واضح ہو تو پھر لمبا سفر نصیب میں ہوتا ہے۔ اگر سفر

والی لکیریں زندگی کی لکیر سے جا ملے تو پھر سفر میں صحت خراب ہوگی۔ اگر دوسری اور لکیریں کاٹیں تو پھر سفر میں خطرہ ہوگا۔ اگر مربع ہو تو پھر خطرات ہوں گے۔ لیکن محفوظ رہیں گے۔ اگر رخنہ ہو اور یا دوبارہ شروع ہو تو سفر میں تاخیر پیدا ہوگی۔ اگر سفر کی لکیر زندگی کی لکیر کو سے ملے تو پھر سفر زندگی کو بدل کر رکھ دے گا۔

مخالفت کی لکیریں

یہ لکیریں ہتھیلی کے کنارے پر باہر کی طرف ہوتی ہیں اور وہیں سے یہ دل اور دماغ کی لکیروں کے درمیانی میدان کی طرف بڑھتی ہیں یہ لکیریں زندگی کی دوڑ میں رکاوٹوں اور مخالفتوں کی نشان دہی کرتی ہیں۔

الہام کی لکیر

یہ عید کے چاند کی شکل کی ایک لکیر ہوتی ہے۔ جو ہتھیلی کے کنارے پر دکھائی دیتی ہے۔ یہ کلائی کے قریب سے شروع ہوتی ہے اور دل کی اور دماغ کی لکیروں کے درمیانی حصے تک قوس کی شکل میں جاتی ہے۔ کبھی کبھی اس کا رخ الٹا بھی ہوتا ہے۔ اگر کسی شخص کے ہاتھ میں دکھائی دے تو ایسے شخص میں نفسی اور روحانی قوتیں موجود ہوگی یا کم از کم وہ ایک ایسا حساس شخص ہوگا جو آئندہ ظاہر ہونے والے واقعات کا پہلے ہی سے اندازہ کر لیتا ہے۔

فرار کی لکیر

یہ لکیر انگوٹھے کی بنیاد اور زندگی کی لکیر کے دائرہ کے اندر سے شروع ہوتی ہے اور انسان کی قسمت پر اثر انداز ہوتی ہے۔ اگر یہ لکیر شہرت کی لکیر کے ساتھ مل جائے تو ایسا شخص زندگی کے مسائل سے فرار اختیار کرتا ہے اور تخیلات میں پناہ تلاش کرتا ہے اور بعض اوقات یہ فرار فنون لطیفہ میں دلچسپی کی شکل اختیار

کر لیتا ہے۔ اگر فرار کی لکیر صحت کی لکیر کے ساتھ مل جائے تو ایسا شخص نشہ آور اشیاء اور شراب نوشی میں پناہ تلاش کرتا ہے۔ اس صورت میں یہ بعض اوقات خودکشی کا امکان کو بھی ظاہر کرتی ہے۔

با اثر لکیریں

یہ لکیریں جنہیں با اثر لکیریں کہا جاتا ہے انگوٹھے کی بنیاد سے شروع ہوتی ہے اور ہتھیلی میں مختلف سمتوں کو جاتی ہیں فرار کی لکیریں اور با اثر لکیریں ایک ہی ہوتی ہیں۔ لیکن کسی اہم واقع کو ظاہر کرتی ہیں۔

دولت کی لکیر

یہ لکیر زندگی کی لکیر اور انگوٹھے کے درمیان کسی بھی جگہ سے شروع ہو کر پہلی دوسری یا تیسری انگلی کی طرف جاتی ہے۔ اگر کسی ہاتھ میں لکیر نہ ہو تو پھر زندگی میں دولت نہ ہونے کے برابر ہوتی ہے۔ اگر انگوٹھے کی بنیاد سے لکیر شروع ہو اور پہلی انگلی تک جائے اور اس لکیر کے آخر میں ایک ستارہ بھی ہو تو ایسے شخص میں قدرتی طور پر دولت پیدا کرنے کی بہت زیادہ صلاحیت ہوگی۔ اگر انگوٹھے کی بنیاد سے ایک لکیر شروع ہو اور چھوٹی انگلی کے نیچے تک جائے تو ایسے شخص کو وراثت میں یا خاندان کی طرف سے دولت حاصل ہوگی۔ اگر انگوٹھے کی بنیاد سے شروع ہونے والی یہ لکیر اگر دوسری انگلی کے نیچے تک جائے تو ایسے شخص کو کاروبار میں دولت حاصل ہوتی ہے۔

اگر کوئی لکیر دماغ کی لکیر سے شروع ہو کر تیسری انگلی کے نیچے تک جائے اور راستے میں شہرت کی لکیر کو بھی کاٹے تو یہ علامت ہے کہ ایک ایسے شخص کی جسے اچانک اور اتفاق کے طور پر بہت زیادہ دولت ملے۔

Scanned with CamScanner

علم قیافہ

مردوں کے لیے

۱۔ سر۔ جس آدمی کا سر بڑا ہو ہموار گول ہو تو یہ دانش مندی کی نشانی ہے۔ بال بڑے زیادہ ہوں تو صاحب سخاوت چھوٹا سر اور ناہموار بال تھوڑے حماقت کند ذہن۔

۲۔ چہرہ پیشانی:۔ بہت اونچا اور بغیر شکن کے ہو تو کمینہ پن اگر کھلی نشیب فراز درمیان میں شکن محبت دانائی خوش نصیبی ہونے کی علامت ہے۔ تنگ بے حیائی مفلسی کی نشانی ہے۔ دونوں ابرو کے درمیان میں شکن طویل عمری کی نشانی ہے۔

۳۔ ابرو۔ اگر بھوئیں بڑی ہوں بال کثرت بدمزاجی خود پسندی مفلسی مغرور۔
۲۔ آپس میں ملی ہوئی محبت و مہربانی (۳) متوسط خوش مزاجی دیانتدار۔
۴۔ ابرو کے بال لمبے بہادر ہمت بدمزاجی۔

۴۔ آنکھیں۔ بڑی بڑی سیاہ گول ہوں جاہل سست۔
۲۔ حد سے چھوٹی ہو نامکاری دغاگوئی (۳) متوسط باحیا وفاداری اندر کی طرف بخیل بے حیا۔ (۵) بہت جلدی پلک مارنا حیلہ ساز چور۔ (۶) بڑی بڑی سرخ بڑی عمر دلیر شجاع ارزاق ہمت والا حیلہ ساز (۷) گول نحوست (۸) درازی ہوں تو نیک بخت۔

۵۔ کان۔ پتلے اور بڑے کان اچھے افعال بڑی عمر ذہین۔ ۲۔ چھوٹا اور چپٹا جاہل نادان (۳) درمیانہ بال نہ ہوں عقل مندی نیک خصلت۔

۶۔ ناک۔ باریک کم عقلی چوڑے نتھنے بڑے اور کھلے ہوں تو شہوت پرست

(۲) ٹیڑھی ناک شریر (۳) لمبی ناک سر طوطی والا خم دار سمجھ بوجھ عقل والا بلندی پستی (۴) متوسط عقل مندی نیک عادات (۵) درمیانی اندر کو جھکی ہوئی کم عقل کم علم مفلسی۔

۷۔ ہونٹ:۔ بڑے احمق دوستی کینہ پروری (۲) باریک دانائی لطافت۔ (۳) سرخ نیک بخت خوش اخلاق (۴) نیلگوں سیاہ۔ بدذات کینہ۔

۸۔ منہ:۔ اگر کھلا ہو تو دلاوری (۲) تنگ ڈرپوک عورت کا منہ کشادہ ہو تو عیش پرست ہوگی

۹۔ دانت:۔ بہت بڑے باہم ملے ہوئے۔ شرارتی (۲) مرواریدی ہو الگ الگ تندرستی (۳) ٹیڑھے ناہموار مکار اور فریبی۔
۴۔ متوسط نیک بخت انصاف پسند۔ دولت مند دیانت دار۔

۱۰۔ زبان:۔ تالو سرخ نیک بخت خوش اخلاق سیاہ زرد منحوس۔

۱۱۔ ٹھوڑی:۔ باریک نیک (۲) گوشت والی جاہل مغرور (۳) متوسط عقل مند ہنر مندی۔

۱۲۔ گردن:۔ موٹی ہو مکاری اور چور (۲) باریک اور دراز نامراد نالائق۔ (۳) موٹی سچائی انصاف پسند صاحب تدبیر (۴) گردن پر خط بڑی عمر دو خط ہنرمندی دولت مندی۔

۱۳۔ چہرہ:۔ گوشت والا سستی و سختی خوئی (۲) کم گوشت بدظن (۳) معتدل نیک خوئی۔ رنگ زرد ہو تو پلید اور خراب خیال۔

۱۴۔ داڑھی:۔ ایچکور دانائی (۲) ہو گرگول انیاری اور ابرو کی دلیل (۳) لمبی داڑھی صاف حماقت اور نادانی گھنی کند ذہنی اور رنجی ۴۔ عورت کی داڑھی چغلخور

۱۵۔ شانہ۔ اگر لاغر ہو تو بری عادت کا شکار (۲) چوڑا ہو تو جہالت (۳) شانوں پر بال مفلسی شانے متوسط ہوں۔ دولت مندی اور سعادت کا نشان لطیف مزاج۔

Scanned with CamScanner

۱۶۔ بغل بازو۔ لمبے اور گوشت نیک بختی (۲) چھوٹے خشک بغل مفلسی

۱۷۔ سینہ۔ فراخ اور بھرا ہوا نیک خواور دولت مندی تنگ اور خالی منحوس بدبختی و مکاری کی دلیل۔

۱۸۔ پیٹ۔ بڑا ہو تو احمق اور خود رائے (۲) درمیانہ عقل مند (۳) پیٹ پر ایک خط ہو تو تلوار سے مرے گا (۴) دو خط عورتوں کا شائق (۵) تین خط ہوشیار عقل مند۔

۱۹۔ پستان۔ ہر دو بڑے اور برابر ہوں تو دولت مندی نیک۔
۲۔ کم بیش بدبختی اور مکاری

۲۰۔ بال۔ سخت ہوں تو شجاعت ۲۔ باریک اور نرم ڈرپوک۔ ۳۔ درمیانے ظاہر و باطن نیک (۴) سینہ و پیٹ پر بالوں کا ہونا بیر توفی کی نشانی ہے (۵) کم ہوں تو عقل مندی کی دلیل ہے (۶) جس کا ایک بچہ ہو تو دولت مند دو بچے ہوں ہنر مند تین ہوں عبادت گذار چار ہوں کم عقل کی دلیل۔

۲۱۔ ناف۔ گول بڑی صاحب اولاد سعادت مند۔ وزنی آواز و دانگی۔ باریک نرم خلق و مروت۔ ناک میں بولنا مغرور اور متکبر کرخت آواز بدنیت احمق۔ عمل اور بردباری سے بات کرنا دانا صاحب فہم۔ جلدی بات کرنا کج خلق۔ قہقہہ کی ہنسی بے حیائی۔ زیر جسم ہنسی شرم حیا عزت صاحب رتبہ ہو۔ نیکی ترچھی چال بزرگی کی مذمت۔ جو چلتے وقت سر اور کمر کو حرکت دے وہ ناپاک عادات۔ تیز تند رفتار جاہل۔

۲۲۔ ہتھیلی۔ موٹی ہو تو دولت مند۔ سرخ ہو تو خوبی لطافت۔ سفید سیاہ بدبختی۔

۲۳۔ انگلیاں۔ لمبی زیادہ عمر۔ باریک و نرم نیک بختی موٹی سخت اور ٹیڑھی انگلیاں بدکاری۔ انگلیوں میں فاصلہ فضول خرچ اگر سوراخ نہ ہوں تو دولتمندی کی علامت ہے۔

۲۴۔ ناخن۔ سرخ ہوں تو عقل مند صاحب علم۔ سیاہ رنگ نالائق زرد ہوں خط ہوں بدبخت۔ ہتھیلی پر سیدھی جانب خال دولت مندی جمع کرنے والا اگر پشت پر ہو برباد دولت کرنے والا۔

نیک اور بد عورتوں کے بارے علم قیافہ

۱۔ پاؤں: جس عورت کے پاؤں خوبصورت اور نرم ہوں زمین پر چلتے وقت کف پا کا پورا نشان لگ جائے نیک بخت صاحب دولت (۲) اگر پاؤں کا درمیانی حصہ نہ لگے تو بدبختی اور بیہودگی (۳) پاؤں کے نیچے ایڑی سے انگلیوں تک خط نیک۔

۲۔ شکم: باریک باریک نیلگوں رگیں ہوں بادشاہ ۲۔ رگیں سرخ ہوں بدفعل واہیانی۔

۳۔ پاؤں کی انگلیاں: انگوٹھا پتلا سرخ خاوند کی رضا جو۔ فرمانبردار۔ ۲۔ انگوٹھے موٹے اور گندے جلد بیوہ ہو (۳) شہادت انگلی بڑی ہو شہوت پرست غیر مردوں کی طرف رغبت خاوند کو اچھا نہ سمجھنا اگر یہی انگلی زیادہ لمبی ہو تو جوانی میں بدکاری یہی انگلی چھوٹی ہو تو بدخلقی تند خوئی۔
۴۔ وسطی درمیانی پاؤں کی زیادہ لمبی بدفعلی جلد بیوہ۔ (۵) وسطی انگلی دائیں پاؤں کی زمین پر درست لگے خاوند کا کہنا قبول نہ کرے کوئی اعتبار نہیں ہے۔ یہی انگلی بائیں پاؤں کی زمین پر پورا نشان لگے مالدار (۶) انگشت خنصر اگر وسطی سے زیادہ لمبی بہت جلد بیوہ ہو۔ یہی انگلی بہت چھوٹی وہ بدخواہ ترش رو اگر یہی انگلی زمین پر نہ لگے دو خاوند (۷) انگشت خنصر لمبی ہو تو بے شرمی بے حیائی کی دلیل (۸) یہی انگلی بہت چھوٹی ہو تو بدفعل

۴۔ پستان: خوش نما رگیں نمودار ہوں نیک بخت صاحب دولت خاوند

بہت مانتے (۲) پستان بہت لمبے اور گوشت ہو بہت اولاد۔
(۳) زیادہ لمبا ہونا بغیر گوشت کے رنجیدہ محنت کش (۴) چھوٹے کم گوشت اور بے مغز ہوں ہمیشہ رنجیدہ مفلس رہے (۵) رنگت سرخ کوئی فرزند نہیں ہوگا۔(۶) نیچے سے سرخ تل یا مسہ ضرور پہلے لڑکا خصوصاً داہنی طرف ہو (۷) ایک چھوٹا دوسرا بڑا یا سخت دوسرا نرم تمام عمر رنج و محنت غم اندیشہ۔

۵۔ رخسار۔ بات کرتے وقت گڑھا بد چلن فاحشہ والدین جلد مر جائیں خاوند سے راضی نہ ہونا دوسرے مردوں کو چاہنا۔

۶۔ کمر ۱۔ پتلی نازک ہو دولت مندی نیک بخت ۲۔ فربہ بے واقع ہمیشہ رنجیدہ رہے۔

۷۔ ہتھیلی : نرم نازک سرخ خوش نما ہو۔ نیک بخت صاحب دولت
(۲) ہتھیلی کنول کا پھول ہو تو صاحب دولت اقبال ملکہ یا بادشاہ یا مالدار خاوند ملے

۸۔ ہونٹ :۔ دونوں باریک سرخ درمیانہ خوبصورت نیک بخت (۲) سیاہ لمبے مفلسی بیوگی کی علامات۔

۹۔ دانت :۔ ۱۔ چھوٹے سفید چمکدار مثل دانہ انار نیک بخت مالدار۔
(۲) اونچے لمبے میلے مفلسی واہیاتی (۳) چھوٹے بڑے ناہموار خراب ہوتے ہیں۔

۱۰۔ منہ :۔ نہایت نازک تنگ مثل غنچہ گل نیک بخت صاحب دولت۔
(۲) فراخ لمبے منہ ہنستے وقت تمام دانت نظر آئیں ہمیشہ رنج و محنت مفلسی
(۳) کشادہ منہ نفس پرست اور مغرور ہوتی ہیں۔

۱۱۔ گردن گلا :۔ جس عورت کا گلا آہو کی گردن کی مانند خوبصورت بخت دولت مند (۲) چھوٹی باریک بے وضع رنج و محنت مفلسی۔

۱۲۔ ٹھوڑی :۔ درمیانہ خوشنما گول نیک بخت دولت (۲) چاہ زنخدانی م

گوشت لمبی ہو محنت مفلسی (۳) ٹھوڑی پر خال جلدی بیوہ ہو جائے۔

۱۳۔ زبان :۔ سرخ پتلی ہو نیک دولت مند (۲) سفید سخت خراب ہمیشہ خستہ حال بیوہ رہتی ہے اولاد مر جاتی ہے گی۔(۳)۔ کالی زبان ہو تو بد زبان بدخو جھگڑالو۔

۱۴۔ ناک (۱) خوبصورت طوطے والی نیک بخت دولت مند۔
۲۔ چھوٹی ناک زندگی غلامی کی ۳۔ اگر پست ہو تو ناجائز فعل۔ ۴۔ نوک چھوٹی خدمتگاری میں (۵) لمبی ناک والی غصہ دار۔ ۶۔ پست ہو تو خاوند مر جائیگا۔

۱۵۔ ناف۔ گہری ہو تو خاوند بہت اچھا (۲) گول خوشنما عیش و عشرت۔
(۳) زعفرانی زرہ رنگ کا تل صاحب دولت لڑکے بہت جنے گی۔
(۴) بے ڈول باہر کو ابھری ہوئی خراب ہوتی ہے۔

۱۶۔ کان۔ چھوٹے پتلے کناروں پر بال ہوں بدبختی مفلسی موٹے بڑے کان بے وقوف۔

۱۷۔ آنکھ۔ آنکھ سرخ لمبی نہایت سیاہ چشم اور معد سفید باریک سرخ رگیں نیک بختی کی علامات ہیں (۲) سرخ ہوں عمر رنج و محنت میں۔
(۳) نہار رنگت بدکاری شرلاتیں (۴) زرد چشم صاحب عقل اور ہوشیار مگر جلد بیوہ ہو۔

۱۸۔ پیشانی۔(۱) لمبی چوڑی تین یا چار انگلی بالوں سے صاف خوبصورت نیک خصلت (۲) پیشانی پر تل دہ یا پانچ بچے جنے گی اور دولت مند (۳) ہنستے وقت شکن نہ پڑیں تو دولت مندی۔ (۴) مثلث خط نمودار صاحب حکومت بادشاہ (۵) تنگ اور بال بد مزاج

۱۹۔ سر۔ بڑا گول خوبصورت دانش مندی مستقل مزاجی (۲) لمبا اور بڑا بیوقوف کمزور دل حاسد سست الوجود چھوٹا سر بدنصیبی (۳) سر چوڑا اور بڑا اچھا ہے۔

۲۰۔ ابرو۔ خمیدہ خوبصورت بالوں سے پُر نیک نیتی (۲) چھوٹی بغیر بالوں کے

Scanned with CamScanner

رنج و محنت اور بیوہ ہونا۔ (۳) آپس میں ملی ہوئی بدکاری اور جلدی بیوہ ہونا۔

سیاہ تل۔ خال

۱۔ پیشانی کی سیدھی جانب عقل مند۔ الٹی جانب ہمیشہ ناکام۔
۲۔ سیدھی ابرو پر تل ماہر عورت ملے اگر عورت کے ہو مرد کی وفادار۔
۳۔ آنکھ کے اندر محنتی حاسد۔ اگر عورت کے ہو تو دولت مند طاقتور خاوند ملے اگر درمیان میں ہو تو حوصلہ مند خوش نصیب اگر عورت کے ہو تو مرد کی وفادار
۴۔ رخسار کے دائیں جانب صاحب نصیب۔ دولت مند اگر عورت کے ہو تو محبت کے پرستار زیادہ اگر بائیں رخسار پر مفلسی غریب اگر عورت کے ہو تو تمام عمر سسرال میں جھگڑا۔
۵۔ ٹھوڑی پر دولت مند خوش طبع اگر عورت کے ہو تو خوش نصیب۔
۶۔ الٹی ہتھیلی پر دانا عقل مند اگر سیدھی ہتھیلی پر امیر ہو گا۔
۷۔ کلائی پر تل دولت مند صاحب حوصلہ۔ اگر کہنی اور کلائی کے درمیان خوش حال بہت انقلاب۔ انگلیوں اور کلائی کے درمیان عقل مند۔
۸۔ سینہ پر اور اوپر بال شاعر ہو گا۔ اگر عورت کے ہو تو ذہین پرستار
۹۔ الٹے قدم پر دوسروں کو تکلیف دیگر خوش۔ سیدھے قدم پر ذہین عقل مند مذہبی مسائل۔ اگر عورت کے ہو صاحب ثروت خاوند ملے۔
۱۰۔ سیدھے بازو پر چھوٹا آدمی اگر عورت کے ہو باحیا الٹے بازو پر مرد نیک بہادر سخی۔ اگر عورت کے ہو نیک خاوند ملے۔
۱۱۔ گھٹنے پر ہو مال دار۔ اگر عورت کے ہو بکثرت اولاد
۱۲۔ پیٹ پر زیادہ کھانا۔ اگر عورت کے ہو تو نازک مزاج پیٹ کے نیچے بزدل اور ڈرپوک۔
۱۳۔ گلے کے باہر جانب دم کی بیماری صاحب اولاد اگر اندر کے رخ ہو تو

سسرال سے زیادہ دولت ملے۔
۱۴۔ اگر دائیں ہاتھ پر ہے تو بکثرت اولاد ہوگی۔
۱۵۔ لب پر صاحب عقل و دانش مند۔ اگر عورت ہو تو دولت مند خاوند ملے لڑکے بکثرت ہوں۔
۱۶۔ سینہ کے درمیان خوش نصیب۔ اگر سیدھی جانب ہو تو لڑکیاں زیادہ ہوں اگر الٹی جانب ہو تو کامیاب انسان
۱۷۔ ٹانگ پر ہو تو لاپرواہ
۱۸۔ ٹانگ پر ہو تو بے وفا عورت ملے۔ سسرال سے بکثرت مال ملے۔ اگر عورت کے ہو تو پریشان رہے۔
۱۹۔ مرد کے ٹخنے پر تل خود پسند شوقین اگر عورت کے ہو محنتی جفاکش۔
۲۰۔ انگوٹھا بڑا ہو تو عقل مند شریف۔ چھوٹا اور موٹا ہو تو خود غرض حیوان مجرمانہ خیال۔ اوسط درجہ ہو تو محتاط بھروسہ کرنے والا۔
۲۱۔ انگلیوں کی جانب جھکا ہوا انگوٹھا بزدل چڑچڑا پن۔ انگوٹھے کی ناخن والی گانٹھ نرم ہو ہمدرد خدا ترس۔ فیاض فضول خرچ لاپروا آزاد خیال اگر گانٹھ سخت اور جھکانے سے نہ جھکے بلکہ ہتھیلی کی جانب مائل رہے تو ضدی ضعیف مزاج وفادار محتاط عاقبت اندیش۔ مستقل مزاج کفایت شعار انگوٹھے کے ساتھ والی انگلی کا پہلا پور قوت ارادی دوسری پور عقل و ادراک قوت استدلال تیسری پور عشق محبت ظاہر کرتی ہے۔
ہاتھ کی پچھلی طرف سے درمیانی انگلی کو ناخن کے سرے سے لیکر انگلی کے جوڑ تک پیمائش کر لیں پھر ہتھیلی کی انگلی کے آخری جوڑ سے لے کر کلائی کے جوڑ تک پیمائش کریں۔ اگر انگلیاں بڑی ہوں تو کاہل آرام طلب شوقین محتاط صابر۔ مذہب کا پابند۔ شکی ڈرپوک ہوگا۔
ہتھیلی بڑی خوش مزاج بہادر۔ دلیر۔ ذہین اور قوت ارادی والا ہوگا۔

غصہ ور بھی ہوگا۔
انگلیاں اگر ہتھیلی کی جانب ہوں تو بزدل مغرور لالچی مکار اگر باہر کی طرف ہوں تو فضول خرچ فیاض ہوتا ہے۔

بدنما ترچھی انگلیاں خود غرضی ظاہر کرتی ہیں۔ اگر ہاتھ کھول کر انگلیاں پھیلائیں اور پہلی انگلی اور دوسری انگلی میں فاصلہ ہو تو آدمی آزاد خیال اور بات کا دھنی ہوگا دوسری اور تیسری میں فاصلہ عاقبت اندیش لاپرواہ تیسری اور چوتھی انگلی میں فاصلہ آزاد خیال خود دار۔ اگر دوسری انگلی کی آخری پور تک ہو تو معتدل اگر زیادہ لمبی ہو تو ظالم مغرور بلند رتبہ ہو اگر چھوٹی ہو تو بڑا آدمی نہیں بن سکتا حد متناسب سے زیادہ بڑی بزدل مایوس غم کا پہلو زیادہ حد تناسب سے چھوٹی بیہودہ لچھے پن تیسری انگلی اگر دوسری انگلی کے اوپر پور کے درمیان تک لمبی ہو تو خوش عادت کامیاب اگر اس سے زیادہ لمبی ہو تو جوا باز اگر چھوٹی ہو خود پسند۔ چوتھی تیسری کے پور تک ہو تو فصیح البیان اور قادر الکلام دوسروں کے دلوں پر چھا جانا اگر قدر اونچی ہو تو دقیق کامل اگر اونچی ہو تو غنی دھمی ہوگا۔

حضرت پیر سید نا سبطین حیدر گیلانی شہزادہ غوث الوری کی پایۂ تکمیل جدید ریسرچ پر مبنی کتاب "تحفہ الگیلانی جلد دوم" جس میں عملیات، نقوش بھرنے کا طریقہ، بسم اللہ شریف پر ریسرچ، علم نجوم ستاروں کے چالیس خاص خاص عملیات وظیفہ جات درج ہیں۔ آج ہی اپنی کاپی بُک کروائیں۔

نسخہ جات (دیسی)

امساک کے لیے

(۱) لونگ کلادار ۲½ تولہ مال کنگنی ۲ چھٹانک لیکر پہلے تمام چیزوں کو اچھی طرح کوٹ چھان لیں بعد میں شہد ۲ گنا لیکر ملائیں تقریباً ۶ ماشہ ہمراہ دودھ بوقت امساک کھائیں۔

(۲) نیلا تھوتھہ ایک تولہ لیکر چینی کے کپ میں رکھ کر اوپر پانی ڈال دیں کپ کو جست کے ساتھ ڈھکنا بنا کر اوپر رکھ دیں۔ دن کو دھوپ میں رکھیں رات کو بند کمرہ میں رکھیں تین دن بعد جست کے اوپر سفید تہ ہوگی وہ اتار لیں اس طرح تین دن کریں اکسیر نامردی کے لیے بہترین تحفہ ہے۔ تقریباً ایک چاول ہمراہ مکھن کھائیں۔

سوزاک کے لیے

سبز مہندی لے کر پانی میں بھگو دیں گندم کے دانے سے شروع کریں۔ تین چنے تک اضافہ کریں پھر خوراک کم کرتے جائیں۔

درد گردہ کے لیے

چوہے کی مینگنی مریض کو روزانہ صبح دوپہر شام کھلائیں خوراک ۲ عدد درد کے لیے اکسیر اعظم ہے۔ (ڈوکا)

جریان احتلام سوزاک کے لیے

کشتہ قلعی ۱ تولہ۔ کشتہ سکہ ۱ تولہ۔ عنفراہی ۱ تولہ۔ سفید موصلی ایک تولہ

ثعلب مصری ایک تولہ۔ چھلکا اسبغول ۷ تولہ

ہمراہ دودھ ۳ ماشہ صبح ۳ ماشہ شام کو کھلائیں یہ نسخہ سراعت انزال کے لیے بھی بہت مجرب ہے۔ لیکوریا کے لیے بھی مفید ہے۔

درد گردہ۔ دل کی تکالیف کے لیے جلاب

قلمی شورہ ۲ تولہ۔ نوشادر ۲ تولہ۔ جوکھار ۲ تولہ۔ کول دوڈے مغز ۲ تولہ چھلکا چنا ۲ تولہ سفوف بناکر ۲ ماشہ صبح شام ہمراہ شربت بزوری کے کھائیں بعد میں کوئی بھی خمیرا جوہر دار کھائیں یا پھر حب جوہر گولیاں بازار سے مل جاتی ہیں گولی شہد کے ہمراہ کھائیں یاد رہے کہ پہلے سفوف ایک دن کھائیں اگر آرام نہ محسوس ہو تو پھر آگے مزید کھاتے رہیں۔

امساک کے لیے

تخم دھتورہ۔ تخم بنجاڑہ۔ بابچی مغز۔ تخم بیدانجیر بکری کے دودھ کے ہمراہ کھرل کریں اور گولیاں بنائیں۔ ضرورت کے وقت ایک گھنٹہ پہلے ہمراہ گاؤ شیر ½ کلو نیم گرم کے کھائیں۔

برائے پیشاب کی نالی میں جلن کے لیے

طباشیر ۲ تولہ دانہ الائچی خورد ایک تولہ کشتہ قلعی ایک تولہ مصطگی رومی ایک تولہ ورق چاندی بڑی دفتری ایک عدد کوزہ مصری ۵ تولہ۔

تمام اشیاء کو علیحدہ علیحدہ کوٹ کر سفوف تیار کریں۔ پھر تمام اشیاء کو ملا لیں۔ جریان احتلام سراعت انزال لیکوریا ہمراہ مکھن ½ پاؤ ۲ رتی صبح نہار منہ کھائیں۔ جریان احتلام سراعت انزال کے لیے بہت مجرب ہے۔

کمزور نظری کے لیے

دیسی گھی ۲ کلو۔ بادام ۲ کلو۔ گری ½ کلو۔ کشمش ایک پاؤ۔ چہار مغز ایک پاؤ۔ خشخاش ایک پاؤ۔ سوجی ۲ کلو۔

۲۱ بکرے کے سر لیکر ۴۸ گھنٹے ہلکی آنچ پر پکائیں پھر ایک کھلے برتن میں ڈال کر ملیں ہڈیاں نکال کر پانی میں حسب ضرورت چینی ڈال کر چاشنی پکائیں بعد میں سوجی گھی میں بریاں کریں پھر علیحدہ علیحدہ ہر چیز ملائیں دوائی تیار ہے۔ گھی دیسی ملائیں۔ صبح نہار منہ حسب خوراک ناشتہ کریں۔

اعصابی کمزوری کے لیے۔

گھی دیسی ۲ کلو۔ آٹا دال ماش ۱ کلو۔ گری ایک پاؤ۔ بادام گری ایک پاؤ۔ خشخاش ۱ پاؤ۔ دیسی انڈے ۸ عدد۔ انڈے اُبال کر علیحدہ رکھیں۔ دال کے آٹے کو گھی میں بریاں کریں حسب ضرورت چینی ملا کر چاشنی تیار کریں بعد میں ہر چیز ملائیں انڈے آگ سے نیچے اتار کر چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کر کے ملائیں۔

صبح نہار منہ حسب خوراک ناشتہ کریں۔

بال بڑھانے والا تیل

آملہ ۵ تولہ میتھی ایک تولہ۔ آب انگور ۲ تولہ۔ مویز منقہ ۲ تولہ۔ تخم سن ۲ تولہ تخم کرڈھل ۵ تولہ تخم نارنج ایک تولہ۔ تخم زیتون ۴ چھٹانک تل کا تیل آدھ سیر آب چقندر ۵ تولہ۔ آب مولی ۲ تو پہلے خشک۔

چیزوں کو چقندر اور انگور کے پانی میں پکائیں اس میں ایک پاؤ آملہ کا پانی ملائیں پھر تمام چیزیں تل کے تیل میں پکائیں۔ جب تیل میں سب چیزیں جل جائیں تو تیل استعمال میں لائیں۔ نسخہ کتاب کوک شاستر کو کا پنڈت سے حاصل کیا گیا ہے۔ تجربہ شدہ ہے۔

داڑھ درد کے لیے۔

لونگ کا تیل لیکر دانت پر ملیں اگر سوراخ ہے تو روئی بھگو کر سوراخ میں رکھیں تقریباً دس منٹ رکھ کر نکال دیں۔

پھلبہری کے لیے

کالا سانپ لے کر ٹکڑے کریں اور بھینس کے سینگ میں سانپ کے ٹکڑے ڈال کر منہ بند کر کے آگ میں جلائیں جب اندازہ ہو جائے کہ جل گئے ہونگے تو راکھ نکال کر چنبیلی کے تیل میں ملا کر دن میں دو دفعہ لگائیں۔ بفضل تعالیٰ فائدہ ہو گا۔

درد کمر کے واسطے۔

بھوسی گندم اجوائین لسن ہر ایک دو تولہ گڑ پرانا ڈھائی چھٹانک میں گولیاں بنائیں پانچ دن تک ایک گولی صبح شام کھائیں گولیاں چنے کے برابر ہوں۔

یرقان کے واسطے

ایک تولہ گلو لیکر پاؤ پانی میں جوش دیں جب ۲ تولہ پانی رہ جائے تو برابر شہد ملا کر تقریباً ۵ قطرے صبح نہار منہ کھائیں۔

درد گردہ

ایلوا ایک تولہ۔ نوشادر ایک تولہ ملا کر ہمراہ شربت صندل ۳ ماشہ کھائیں۔ ان شاء اللہ فائدہ ہو گا۔

خراب ہاضمہ کے لیے

مرچ کالی ایک تولہ۔ مگھ ۶ ماشہ۔ سونٹھ ۶ ماشہ۔ ہینگ ۶ ماشہ۔ اجوائین ۲ تولہ نمک سیاہ ایک تولہ ٹاٹری ۱ تولہ۔ انار دانہ ۲ تولہ۔ دار چینی ۶ ماشہ۔ سب اشیاء سفوف بنا کر ہمراہ گرم پانی کے ۳ ماشہ خوراک کھائیں۔

درد چھاتی کے واسطے۔

نوشادر ۴ تولہ مگھ ۴ ۲ عدد باریک پیس کر ۳ ماشہ ہمراہ گرم پانی کے یا پھر شیر گرم کے ہمراہ کھائیں۔

دانت آسانی سے بچہ نکالے

گل دھاوا۔ مگھ۔ سیندھا نمک تینوں کا سفوف بنا کر ذرا سا شہد ملا دیں۔ بچے کے مسوڑھوں پر ملیں۔

پیٹ درد کے لیے

نوشادر۔ مگھ۔ جوکھار۔ گیرو تمام کا سفوف تیار کر لیں۔ بچہ ایک سال تک کے لیے ۲ رتی ماں کے دودھ میں ملا کر پلائیں۔ بڑوں کے لیے ۳ ماشہ ہمراہ گرم دودھ بوقت ضرورت استعمال کریں۔

کھانسی کے لیے

دار چینی تین ماشہ ملٹھی ایک تولہ۔ مگھ ایک تولہ طباشیر ایک تولہ گڑ پرانا تین تولہ سب سفوف تیار کریں۔ بچے کو ۲ رتی دیں۔
سات سال سے اوپر کے لیے ۳ ماشہ ہمراہ گرم دودھ دیں انشاءاللہ

فائدہ ہوگا۔

سوکھا پن۔ درد پسلی کے لیے

ایلوا چھ ماشہ۔ سونٹھ چار ماشہ۔ زعفران ۱/۲ ماشہ ایک پوتھی لہسن۔ لونگ چار عدد۔ ہڑ خورد چھ ماشہ۔ ادرک کا رس ۱ چھٹانک۔

موٹھ کے دانہ کے برابر گولیاں بنائیں ایک گولی صبح ایک گولی شام کو ہمراہ تازہ پانی کے کھائیں۔

شہوت کو کم کرنے کے لیے

مردوں اور عورتوں کے لیے بہت مفید ثابت ہے۔ تین تولہ شربت مندل ۶ ماشہ تخم کاہو ڈال کر تھوڑا سا پانی ملائیں ایک خوراک تیار ہے۔

ایک خوراک سے دو خوراک تک ایک ہفتہ کھائیں۔ ان شاء اللہ تعالٰے فائدہ مند ثابت ہوگی۔

حیض بند ہو جائے تو۔

مرچ کالی ایک تولہ سونٹھ ۱ تولہ مگھ ۱ تولہ۔ گڑ ایک چھٹانک سفوف تیار کریں۔
ایک تولہ سفوف ۱/۲ ۲ پاؤ پانی میں جوش دے کر پلائیں۔ تین دن استعمال کریں۔

خارش رحم کے لیے۔

عشبہ ۱ تولہ۔ ست گلو ۱ تولہ چرائتہ ۱ تولہ۔ تخم کر ۱ تولہ سفوف بنائیں۔
۱ ماشہ ہمراہ عرق سونف ایک ہفتہ بھر کھائیں۔

درد رحم

ترپھلا ۳ تولہ۔ سونٹھ ۳ تولہ۔ گلو ۱ تولہ۔ سفوف بنا کر ایک سیر پانی میں جوش دیں۔

جب آٹھواں حصہ رہ جائے تو اتار کر چھان لیں اس میں دو تولہ کسٹرائل ملائیں اور شافہ کریں۔

کثرت حیض کے لیے

گیرو ۱ ماشہ سنگ جراحت ۱ ماشہ ملا کر ۲ تولہ مربہ آملہ میں کھائیں بعد میں ۱/۲ ۲ چھٹانک گاؤزبان میں ۲ تولہ شربت انار پئیں چند دنوں میں شافی آرام ہوگا۔

جریان سرعت انزال کے لیے

۱۔ لیکوریا کے لیے بھی ریشں برگد ۱ تولہ۔ ثعلب مصری ۱ تولہ۔ شقاقل ایک تولہ الائچی خورد ۱ تولہ۔ مصری کوزہ سوا تولہ سفوف تیار کریں۔ ہمراہ نیم گرم دودھ صبح شام ۶ ماشہ کھائیں۔

۲۔ کیکر کی گوند چھال پھلی پتے پھول برابر برابر وزن لے کر دوگنا مصری ملا کر شہد میں گولیاں بنائیں چنے کے برابر گولی صبح شام ایک ایک گولی ہمراہ نیم گرم دودھ کے استعمال میں لائیں۔ لیکوریا کے لیے بھی مفید ہے۔

مردانہ کمزوری کے لیے

۱۔ تخم تالمکھانہ ۱ تولہ تخم سردائی ۱ تولہ بیخ قلمی ۱ تولہ ثعلب مصری ۱ تولہ۔ پھلی کیکر ۱ تولہ۔ ستاور ۱ تولہ موصلی سفید ایک تولہ ہم وزن مصری ملائیں اور سفوف تیار کریں۔ ۶ ماشہ ہمراہ دودھ رات کو کھائیں۔

۲۔ تخم لاجونتی ۶ ماشہ ہمراہ دودھ رات کو کھائیں۔

برتھ کنٹرول۔

عضو پر چنبیلی کا تیل لگا کر صحبت کریں عورت کو لونگ روزانہ کھلائیں۔

Scanned with CamScanner

چھائیاں دور کرنے کے لیے

ہلدی کو پیس کر دہی میں ملائیں پھر ۵ منٹ تک جسم پر لگائیں بعد میں اس کو اتار دیں۔

ہومیوپیتھک نسخے

قدرتی امساک کے لیے

۱۔ اگر ہاتھوں پر پسینہ آئے تو پھر کلکریا کارب ۲۰۰ استعمال کریں۔

۲۔ اگر شہوت کے وقت مذی خارج ہو تو پھر سلنیم ۲۰۰ ایک خوراک روزانہ استعمال کریں۔

۳۔ اگر نمک کی زیادہ خواہش ہو تو پھر نیٹرم میور ۲۰۰ روزانہ کھائیں۔

۴۔ اگر صحبت کرتے وقت ہاتھ پاؤں کانپے تو جلیسمم ۲۰۰ روزانہ ایک خوراک استعمال کریں۔

۵۔ لائیکوپوڈیم سی ایم۔ سٹیفن اگیریا ۱ ایم۔ ایسڈ ناس ۲۰۰ بھی اکسیر اعظم ہیں۔

درد گردہ کے لیے۔

فرضی آرام کے لیے آرنیکا ۳۰ کیمفر Q ملا کر دو خوراک دیں آرام آجائے گا۔

۱۔ فیرم فاس 3x۔ کالی میور 3x۔ نیٹرم سلف 3x ملا کر ہر تین گھنٹہ بعد ۱۰ قطرے دیں بالکل آرام آجائے گا۔

۲۔ بربرس ولگرس 3x لائیکوپوڈیم 3x۔ نیٹرم سلف 3x۔ سارسپریلا 3x۔ تھلاسپی 30 ملا کر مریض کو پلائیں شافی علاج ہے۔

۳۔ اگر درد گردہ کے ہمراہ آنکھوں کے اوپر سوجن ہو تو پھر کالی کارب 3x استعمال کریں۔

۴۔ اگر درد کے ہمراہ آنکھوں کے نیچے سوزش ہو تو ایپس 30 ہر گھنٹہ بعد استعمال کریں۔ پیاس بالکل نہ ہو تو دیں۔

۵۔ اگر پورے چہرہ پر سوزش ہو تو رسٹاکس 30 دیں۔

۶۔ اگر چہرے پر سوزش کے ہمراہ پانی کی بار بار پیاس ہو تو آرسنکم البم 30 استعمال ہر گھنٹہ بعد دس قطرے دیں۔

۷۔ جلن دار پیشاب قطرہ قطرہ آئے تو کنتھرس 30 ۱۰ قطرے ہر گھنٹہ بعد دیں۔

۸۔ ارٹیکا یورنس 30 گردوں میں پتھری بننے کو روکنے کے لیے ۱۰ قطرے دن میں تین بار دیں۔

پیشاب کی تکالیف

۱۔ نوزائیدہ بچے کا پیشاب بند ہو تو ایکونائٹ 30 2 خوراک کافی ہیں ۵ قطرے

۲۔ اگر ایکونائٹ 30 سے پیشاب نہ کھلے تو پھر ایپس 30 دیں۔

۳۔ عورتوں میں وضع حمل کے بعد پیشاب بند ہو جائے تو کاسٹیکم 30 دیں صرف ۲ یا تین خوراک ۱۰ قطرے فی خوراک دیں۔

۴۔ مثانہ بھرا ہوا اور حاجت نہ ہو تو پھر اوپیم 30 دیں۔

۵۔ اگر بخار کی وجہ سے پیشاب بند ہو جائے کیمفر ۳۰ دیں۔

۶۔ اگر کوئی علامات ظاہر نہ ہو تو پھر سلفر 30 کی ایک خوراک دے دیں بطور

روزمرہ کے پیشاب کا جل کر آنا۔

۱۔ پیشاب کی نالی میں جلن قطرہ قطرہ پیشاب گرے۔ سوزاک کی وجہ سے یا مثانہ کی سوزش کی وجہ سے یا کوئی اور وجہ ہو مگر نالی میں جلن پائی جائے تو کنتھرس ۶x ہر گھنٹہ بعد ۱۰ قطرے دیں۔

۲۔ اگر علامات کنتھرس کی ہوں تو آرام نہ ہو تو مرکیورس کارہ ۳x استعمال کریں۔

۳۔ اگر پیشاب کی بار بار حاجت کے ساتھ پاخانہ کی بھی بار بار حاجت ہو تو نکس وامیکا ۶x استعمال کریں۔

اگر بچے رات کو بستر پر پیشاب کر دیں۔ میگ فاس ۶x نیٹرم فاس ۳x۔ کلکریا فاس ۶x بیلاڈونا ۳x ملا کر دیں۔

اعصابی کمزوری کے لیے

۱۔ اگر مادہ منویہ زیادہ خارج ہونے پر مثلاً جریان لیکوریا کی وجہ سے اعصابی کمزوری ہو تو ایسڈ فاس ۵ ۶x استعمال کریں۔

۲۔ اگر کمی خون کی وجہ سے مثلاً چوٹ سے خون کم ہو جائے تو یا عورت کے بچے جننے کے بعد کمزوری محسوس ہو تو پھر چائنا ۳x استعمال کریں۔

۳۔ اگر رات کو زیادہ جاگنے پر اعصابی کمزوری ہو جائے تو کاکولس ۵ ۶x یا کانیا کرودا ۲۰۰ استعمال کریں۔

۴۔ اگر جگر کی وجہ سے کمزوری ہو تو پھر چیلی ڈونیم ۵ ۳x نیٹرم سلف ۳x فیرم میٹیلکم ۵ ۶x ملا کر استعمال کریں۔

دانت درد کے لیے

روزمرہ کے لیے ایکونائیٹ ۵ ۶x دانتوں پر ملیں۔

۱۔ درد کے ساتھ منہ سے پانی نکلے تو مرکیورس سال ۵ ۳x دانت پر ملیں

اور ہر گھنٹہ بعد ۱۰ قطرے پانی میں ملا کر پئیں۔

۲۔ پلانٹیگو ۳۰ کریوزوٹ ۳۰ دونوں ملا کر پلائیں جب کوئی علامت ظاہر نہ ہو تو۔

۳۔ کافیا ۳۰ منہ میں ٹھنڈا پانی رکھنے سے آرام

۴۔ گرم چیز منہ میں رکھنے پر درد میں تیزی اور ٹھنڈی چیز سے کوئی آرام نہ ہو تو کیمومیلا ۳۰ استعمال کریں۔

۵۔ سلیشا ۳۰ کلکریا سلف ۳۰ کلکریا فلور ۳۰ ملا کر ہر آدھ گھنٹہ بعد استعمال کریں آرام آنے پر وقت ۲ گھنٹے رکھیں۔

درد کمر کے لیے

مندرجہ ذیل دوائیں ملا کر دیں۔ ان شاءاللہ آرام ہو گا۔

رسٹاکس ۳۰۔ سمی سی فیوگا ۳۰۔ سائنا ۳۰۔ ایسکیولیس ۳۰ تمام ملا کر استعمال کریں ہر قسم کے کمر درد کے لیے مفید ہیں

یرقان کے لیے

چیلی ڈونیم ۳۰۔ مرک کار ۳۰۔ نیٹرم سلف ۳۰ ملا کر تقریباً ایک ہفتہ تک صبح دوپہر شام ۱۰/۱۰ قطرے دیں۔

کھانسی ہر قسم کے لیے

برائی اونیا ۳۰ فاسفورس ۳۰۔ انٹم ٹارٹ ۳۰ ملا کر دیں۔

اگر زکام کے ہمراہ کھانسی ہو تو سینگونیریا ۳۰۔ انٹم ٹارٹ ۳۰ برائی اونیا ۳۰ ملا کر دیں۔

شہوت کو کم کرنا۔

۱۔ سیٹیفس اگیریا 1 ایم ہفتہ میں ایک خوراک کھائیں۔
۲۔ اوری گنیم ۳۰ دن میں تین مرتبہ کھائیں۔
۳۔ سلیکس نائیگرا ۳۰ عورتوں اور مردوں میں شہوت کم کرنے کے لیے ہے۔

اس کے علاوہ حصہ دوئم میں دیکھیں۔

سوکھاپن کے لیے

۱۔ نیٹرم میوریٹک ایم ہفتہ بھر میں ایک خوراک کھائیں۔
۲۔ کلکریا فاس بھی بہترین ثابت ہوگی۔

جریان لیکوریا کے لیے مرکب

کوکنار اتولہ طباشیر اتولہ موصلی سفید اتولہ۔ تخم لاجونتی ½ تولہ چنا کی گری اتولہ مصری کوزہ ۵ تولہ۔ تالمکھانہ اتولہ۔

ان تمام اشیاء کو علیحدہ علیحدہ پیس لیں بعد میں کسی باریک کپڑا کے ذریعہ چھان لیں پھر تمام اشیاء کو ملا کر کھرل کریں جب تمام دوائیں یک جان ہو جائیں تو خوراک ۶ ماشہ صبح ۶ ماشہ شام ہمراہ بکری کے دودھ کے ساتھ استعمال کریں۔ بہت زیادہ مجرب ہے۔ تقریباً پندرہ دن تک استعمال کریں ہر قسم کا جریان لیکوریا ختم ہو جائیگا۔

برائے امساک۔

جائفل اتولہ۔ جلوتری اتولہ ستاور اتولہ۔ بھنگ ا تولہ پوست اتولہ۔ افیون خالص ۶ ماشہ ان تمام اشیاء کو علیحدہ علیحدہ کھرل کر کے تمام کو ملا لیں۔ کیپسول میں بھر لیں بوقت ضرورت ۲ کیپسول تقریباً ۲ گھنٹے پہلے استعمال کریں

بچوں کا سوکھاپن

طباشیر اتولہ گولڈ ڈوے اتولہ نسپال اتولہ بھنگ اتولہ مصری کوزہ ۵ تولہ تمام اشیاء کو پیس لیں۔ خوراک۔ ۲ رتی صبح شام کھلائیں۔

یہ دوائی تقریباً سات سال کے بچوں تک کھلا سکتے ہیں ایک ماہ سے لیکر تمام عمر کے بچوں کو دیں۔

ضعف جگر کے لیے۔

چرائتہ ۲ تولہ کریتہ ۲ تولہ کمعوہ بوٹی ۲ تولہ۔ پیلک ۲ تولہ جڑ پیلک ۲ تولہ۔ سونف ۲ تولہ عناب ۲ تولہ کاسنی ۲ تولہ منڈی بوٹی ۲ تولہ گلو ۲ تولہ پا پڑا ۲ تولہ۔ جڑ پا پڑا ۲ تولہ۔ جڑ کاسنی ۲ تولہ۔ کھوئی ۲ تولہ۔ گاؤزبان ۲ تولہ۔ بنفشہ ۲ تولہ جڑ گاؤزبان ۲ تولہ رتن جوت ۲ تولہ

ترکیب:۔ تمام اشیاء کو کڑاہی میں چار کلو پانی میں بھگو کر ۲۴ گھنٹے بعد پکائیں جب ۲ کلو پانی رہ جائے تو نیچے اتار لیں تمام اشیاء کو چھان لیں پھر پانی جو پکایا ہے اس میں ½۱ کلو چینی ڈال کر پکائیں جب تمام قوام گھاڑا ہو جائے تو ٹھنڈا کر کے بوتل میں محفوظ کر لیں۔ ہمراہ چار عرق صبح شام ۲ چمچے پیئیں۔ چار عرق سونف گلاب پیلک گاؤزبان۔ ۴ سال پرانے ضعف جگر کے لیے بھی بے حد مفید ہے۔

چہرے پر چھائیاں مہاسے وغیرہ کے لیے

ہومیوپیتھک دوائی بربرس ایکوفولیم Q اور کالی برومیم ۳۰ دس قطرے صبح نہار منہ دوپہر کھانا کھانے کے بعد شام کھانا کھانے سے آدھا گھنٹہ پہلے استعمال کریں۔ اگر عورتوں کو چھائیاں وغیرہ ہوں تو ان دوائیوں

کے ساتھ پیبا۔ ۲۰ صبح شام استعمال کریں۔

گرمی مثانہ کے لیے

موصلی سفید ا تولہ گل انار ا تولہ۔ دھنیا خشک ا تولہ۔ گل ملتانی ا تولہ۔ گوند کیکر ا تولہ۔ سبوس اسپغول ا تولہ۔ ثعلب مصری ا تولہ کوزہ مصری ا تولہ خشخاش ا چھٹانک
ترکیب۔ تمام اشیاء کو علیحدہ علیحدہ کھرل کریں پھر تمام کو اکٹھا کر کے کھرل کریں۔
خوراک ۴ ماشہ صبح شام ہمراہ دودھ استعمال کریں۔

دل کے وال بند ہو جائے تو

یہ نسخہ میرے محترم دوست استاد رحمت علی رنگریز نے مجھے حکیم غلام محمد خان پٹھان سے لیکر دیا تھا۔ رحمت کی بیوی کے ایک دفعہ دل کے وال بند ہو گئے تھے۔ تو انہوں نے حکیم غلام محمد خان پٹھان سے لیکر استعمال کیا تھا بہت مفید رہا اس کے بعد ہم نے بھی کافی مریضوں کو دیا بے حد مفید پایا۔
نسخہ مندرجہ ذیل ہے۔
نوشادر ٹھیکری ۶ ماشہ۔ پھٹکری سفید ۶ ماشہ قلمی شورہ ۹ ماشہ جوکھار ۶ ماشہ سنگ یہود ۶ ماشہ۔ سہاگہ ۶ ماشہ رتا سیمی ۶ ماشہ۔
تمام اشیاء کو کھرل کریں۔
۲ ماشہ صبح شام ہمراہ شربت بزوری کے ہمراہ استعمال کریں۔ انشاء اللہ فائدہ ہوگا۔

بندش حیض

گل قند ۱/۲ ۱ پاؤ۔ منقہ ۳ چھٹانک میوہ ۱/۲ ۱ پاؤ چھوہارے ۱/۲ ۱ پاؤ دودھ ۱/۲ ۱ کلو۔ دیسی گھی ۳ چھٹانک۔ تند سیاہ حسب ضرورت۔

تمام اشیاء کو دودھ میں ڈال کر گرم کریں بعد میں اتار کر اس کے تین حصے کر دیں ایک حصہ رات کو سوتے وقت کھائیں۔ دوسرا حصہ دوسرے دن اگر حیض کھل جائے تو پھر تیسرا حصہ مت دیں اگر نہ کھلے تو پھر تیسرا حصہ بھی دیدیں

اکسیر بواسیر

یہ نسخہ خونی اور بادی بواسیر دونوں کے لیے بے حد مفید ہے۔
کتھ سرخ ا چھٹانک پرانا گڑ ا چھٹانک۔ رسونت ا چھٹانک ریٹھا ۱/۲ ۱ پاؤ
تمام کو کوٹ چھان کر چنے کے برابر گولیاں بنوالیں۔ ایک گولی صبح دوپہر شام تازہ پانی کے ہمراہ۔

عام جسمانی کمزوری اور طاقت کے لیے

مغز چار ا پاؤ۔ بادام گری ا پاؤ۔ خشخاش ا پاؤ۔ پستہ مغز ۱/۲ پاؤ۔ ثعلب مصری ۱/۲ کلو۔ ملٹھی ۳ ماشہ دانہ الائچی خورد ا تولہ۔
تمام اشیاء کو باریک پیس لیں اور آٹھ حصے بنالیں ایک حصہ ہر روز دودھ گرم کر کے دودھ میں پکائیں بعدہٗ ۱/۲ پاؤ دیسی گھی ملا دیں پھر ۲ عدد دیسی انڈے پھینٹ دیں نیم گرم ہونے پر کھائیں۔
نوٹ! شام کا کھانا ہرگز نہ کھائیں اور اجماع سے پرہیز کریں۔

لیکوریا کے واسطے

عشبہ ۳ تولہ۔ عناب ۵ تولہ۔ صندل سفید ا تولہ۔ صندل سرخ ا تولہ منڈی بوٹی ۲ تولہ۔ شاہترہ ۲ تولہ برگ نیم ۲ تولہ۔
اس کا شربت تیار کریں۔ صبح نہار منہ ۲ چمچے دوپہر ۲ چمچے شام ۲ چمچے۔

امساک قوت باہ کے لیے بے حد مفید نسخہ

شنگرف ۶ ماشہ لونگ ۶ ماشہ ۳۶ گھنٹے باہم کھرل کریں۔
زعفران ۶ ماشہ مصطگی رومی ۶ ماشہ باہم ۳۶ گھنٹے کھرل کریں۔
مروارید ۶ ماشہ کھانے والی چینی ۶ ماشہ باہم ۳۶ گھنٹے کھرل کریں۔ بعدہ، افیون ۶ ماشہ۔ ریگ ماہی۔ ۶ ماشہ کچلہ مدبر ۶ ماشہ عقرقرحا ۶ ماشہ جند بید ستر ۶ ماشہ کشتہ سنگھ ۶ ماشہ باہم کھرل کریں۔ پھر تمام اشیاء ملا کر کھرل کریں پھر شیر برگد کے ہمراہ سور کے برابر گولیاں بنائیں۔
ایک گولی صبح ایک گولی شام ہمراہ گرم دودھ کے ساتھ استعمال کریں۔

جریان احتلام سرعت انزال۔

ثعلب مصری ۲ تولہ۔ مصطگی رومی ۲ تولہ موصلی سفید۔ تالم کھانہ ۲ تولہ۔ سندر در ا تولہ۔ مغز بادام ۳ تولہ۔ مصری ۳ تولہ۔ بہلی پھلی ۲ تولہ۔
تمام اشیاء کو باریک پیس لیں۔
۲ ماشہ کی خوراک صبح شام ہمراہ ۱/۲ کلو دودھ استعمال میں لائیں۔

دانت درد کے واسطے

اگر کسی کے دانت میں درد ہو تو عامل کو چاہیے کہ مریض کو بدلے بسم اللہ شریف پڑھ کر دائیں ہاتھ کی شہادت والی انگلی درد والی ڈاڑھ پر رکھیں اور ۷ دفعہ سورۃ فاتحہ پڑھیں مریض کو بولیں کہ بات کرتے وقت انگلی نہ اٹھائے۔ سات دفعہ سورۃ فاتحہ پڑھنے کے بعد دانت پر پھونک ماریں اور مریض سے پوچھیں تیرا نام کیا ہے مریض نام بتائے۔ پھر سات دفعہ سورہ مبارکہ پڑھ کر دم کریں۔ مریض سے پوچھیں تیری عمر کتنی ہے۔ مریض عمر بتائے۔ پھر سات دفعہ دم کرنے کے

بعد مریض سے پوچھیں کہ کون سے دانت میں درد ہے۔ مریض بتائیں کہ فلاں دانت میں درد ہے پھر سات دفعہ دم کریں پھر مریض سے کہیں کہ کہو تو دانت کیل دیں مریض کہے کہ حکم خدا تعالیٰ کے ساتھ پھر سات دفعہ دم کر کے مریض کو بولیں کہ دائیں جانب تھوک دے اور دائیں جانب کا جوتا اتار کر سات جوتے تھوک کے اوپر ماریں۔ انشاء اللہ خدا تعالیٰ نجات دیں گے کوئی کھانے والی چیز سب سے پہلے چھوڑ ڈالیں۔

ایضاً:۔ اگر کسی کے دانت کو درد ہو تو دو رکعت نماز واسطے ثواب حضرت بی بی فاطمہ کے پڑھے۔ انشاء اللہ ابھی وضو ہی نہیں کرے گا تو درد ختم ہو جائے گا۔

ایضاً:۔ ہر روز اگر دو رکعت نماز نفل واسطے حضرت اویس قرنی کے پڑھنے کا معمول بنا لیں تو پوری زندگی درد دانت نہیں ہو گا۔ انشاء اللہ۔

نوٹ:۔ دائیں جانب آگے کی طرف کعبہ شریف کی تھوکنا سخت منع ہے اگر آپ تھوکیں گے تو آپ کے دانت خراب ہو جائیں گے کیڑا لگ جائے گا۔ پورے دانت عمر سے پہلے ہی نکل جائیں گے اگر نہ تھوکیں تو پورے دانت زندگی بھر نہ خراب ہوں گے۔

ایضاً:۔ ایک کاغذ کا صاف چھوٹا سا ٹکڑا لیں اس پر موٹا کر کے ق م و لکھیں۔ دانت درد والے مریض کو بولیں کہ دانت پر دائیں ہاتھ کی شہادت والی انگلی رکھے اس سے پہلے کھانے والی چیز چھوڑ ڈالیں۔ پھر دو انچ والی تین کیل لیکر پہلے ق کے سوراخ میں ڈالیں اور زمین میں گاڑ دیں۔ مریض سے پوچھیں کہ آرام ہو گیا ہے کہ نہیں کیل کو آہستہ آہستہ زمین یا درخت میں گاڑیں۔ اگر ق میں آرام نہیں ہوا تو پھر م میں کیل لگائیں اگر میم میں آرام نہ آئے تو پھر و کے حروف میں کیل لگا کر گاڑ دیں۔ انشاء اللہ آرام آجائے گا۔ بندہ نا چیز تمام عمل تعویذات جو بھی کچھ لکھا ہے سب تجربہ شدہ ہیں ان میں اکثر میرے ذاتی تجربہ شدہ ہیں جو کہ میرے استاد محترم کیا کرتے تھے۔ باقی جو کس

Scanned with CamScanner

نے بتایا اور تجربہ ہے اُس کے آگے نام ضرور لکھا ہوا ہے جس کے آگے نام نہیں لکھا ہوا وہ میرا اور میرے استادوں کا تجربہ شدہ ہے۔

ہر کام بند کرنے کے لیے

یہ عمل میرے محسن ذوالفقار علی نے عطا فرمایا تھا یہ اُن کا ذاتی تجربہ ہے ہے۔ لیکن ہر کسی مسلمان کے لیے کرنا جائز نہیں ہے اگر کسی نے حد سے زیادہ ہی تنگ کر رکھا ہو تو پھر آپ کر سکتے ہیں۔ گناہ اور ثواب کے آپ خود ذمہ دار ہوں گے۔

پاک صاف پکی اینٹ لے کر اس پر پڑھیں اچھا تو ہے کہ پہلے گیارہ دن اسم دفعہ وظیفہ کریں پھر بعد میں کام لائیں عمل مندرجہ ذیل ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ زہرہ بند۔ تن بند۔ کافی بند فی بند جبرائیل بند حر بند عزرائیل بند منتر لوتیا بند بحق توریت موسیٰ علیہ السلام بند بحق فرقان حضرت محمد مصطفیٰ و آلہ بند یا الٰہی بند یا الٰہی بند یا الٰہی بند ان جنتروں منتروں حاضرین بند غائبین بند۔ بحکم خدا بند سید البید خوت موسی بھٹی کوٹھی بند با اجازت پیر استاد ہر چیز بند

اینٹ کو کاروبار والی جگہ رکھ دیں کام بند ہوگا۔ اگر آپ خود کھولنا ہو تو اینٹ نکال دیں۔ کام کھل جائے گا۔

واسطے لڑائی

رائی۔ چوراہے کی مٹی قبرستان کی مٹی چولھے کی خاک میں ڈال کر جس گھر میں پھینکی جائے گی اُس گھر میں کبھی بھی لڑائی جھگڑا ختم نہیں ہوگا۔

مرد عورت کے درمیان لڑائی کروانا

اگر کسی عورت اور مرد کے درمیان لڑائی کروانی مقصود ہو یا دونوں میں جدائی ڈالنی ہو تو عورت کے بال اور مرد کا کپڑا دونوں جلا کر عورت اور مرد کو

کھلائیں۔ جلدی لڑائی پیدا ہوگی اور پوری زندگی ملنا مشکل ہو جائے گا۔

خواص الحروف

الف۔ صبح سویرے بستر پر اٹھنے سے پہلے لیٹے ہوئے ایک ہزار بار الف زبان پر لائیں ذکر کریں صاحب ثروت ہوں گے۔

ب۔ گیدڑ کی کھال پر ہزار دفعہ حروف ب لکھیں اور دشمن کا نام بمع والدہ کے لکھیں ان شاء اللہ دشمن دفع ہو جائے گا۔ قیدی ہزار بار پڑھے رہائی ملے گی۔ اگر ہزار دفعہ ہر روز پڑھیں تو کوئی مصیبت نہ آئے گی۔ بلی کے چمڑے پر لکھیں تپ لرزہ سے نجات ملے گی۔

ت۔ سفید حریرہ پر خوشبو والے تیل سے چار سو مرتبہ لکھیں مردوں میں عزت ہوگی۔ ہر روز جگہ اور وقت پر ۴۰ دن ۴ سو دفعہ پڑھیں تو انشاء اللہ ہر مقام پر فتح حاصل ہو گی۔

ث۔ پانچ سو حروف لکھ کر بچے کے سرھانے رکھیں۔ بچہ ہرگز نہ رونے پائے گا۔

جیم۔ کوزہ مصری پر ۲۴ حروف جیم لکھیں اور قولنج والے کو کھلائیں انشاء اللہ قولنج ختم ہو جائے گا۔

خواہ کیسا ہی مریض کیوں نہ ہو ۳۵ حروف ح پیالہ میں لکھ کر پلائیں۔ شفایاب ہوں۔ انشاء اللہ۔

خ۔ بارہ ٹھیکریوں پر لکھ کر باغ کے کونوں میں دبائیں۔ انشاء اللہ باغ کی نشوونما خوب ہوگی۔ سات بار لکھ کر نیچے غائب کا نام لکھیں غائب کا پتہ چل جائے گا۔

د ۔ حریرہ سفید پر ۳۵ دفعہ لکھیں اور سر پر رکھیں بے حساب نعمتیں ملیں گی ۔ ۳۵ حروف ہرن کی کھال پر لکھ کر اپنے پاس رکھیں حافظہ تیز ہو گا ۔

ذ ۔ پڑھنے سے دولت کو زوال نہیں آئے گا سات سو بار میٹھی شے پر پھونک مار کر کسی کو کھلا دیں دشمن کی نظروں میں محبوب ہو گا ۔

کشتہ سہ دھاتہ:۔ قلعی۔ سکہ جست ہم وزن لیکر کڑاہی میں ڈال کر آگ پر پگھلاؤ جب پگھل جائے تو قلمی شورہ کی چٹکیاں لگائیں لوہے کی سلاخ سے ہلاتے جائیں کشتہ تیار ہو جائے گا۔ سوزاک کے لیے بے حد مفید ہے خوراک ایک رتی ہمراہ ½ پاؤ مکھن۔

کشتہ ہڑتال ورقیہ۔ ۱ تولہ ہڑتال ورقیہ کو پانچ تولہ شیر مدار میں کھرل کر کے گل حکمت کریں ۱ کلو آگ دیں۔ جریان بخار کے لیے بے حد مفید ہے۔ خوراک:۔ ایک چاول ہمراہ مکھن نہار منہ کھائیں۔

کشتہ ابرق۔ ۱ تولہ ابرق سفید کو مقراض سے کتریں پاؤ مولی کے پانی میں کھرل کریں۔ مولی کا نغدہ نیچے اوپر رکھ کر ۲ پیالیوں میں گل حکمت کر کے خشک کر کے ۲۰ کلو آگ دے دیں۔ جریان اور بخار کے لیے ایک رتی بے حد مفید ہے۔

Scanned with CamScanner

کشتہ گاؤدنتی :- ۱ تولہ ہڑتال سفید کو آب مولی میں کھرل کریں دس تولہ آب مولی ہو۔ کسی برتن میں گل حکمت کرکے ۱۰ سیر آگ دیں۔ جریان، بخار خونی بواسیر اسہال کو ختم کے لیے بے حد مفید ہے۔

کشتہ عقیق اور مرجان :- ان میں سے کوئی ایک تولہ لے کر آکسہ برگ ریحان گلاب یا روح کیوڑہ ۱۰ تولہ کے ہمراہ کھرل کرکے کسی کوزہ میں بند کر کریں اور دس سیر اپلوں کی آگ دیں۔ ہر طرح کی کمزوری کے لیے بے حد مفید مقوی معدہ ہے خوراک ایک رتی ہمراہ مکھن ۲ تولہ۔

کشتہ مروارید :- ایک تولہ مروارید کو ۱ تولہ روح کیوڑہ میں کھرل کرکے گل حکمت کرکے ۱۰ کلو اپلوں کی آگ دیں۔ کمزوری دل کمزوری معدہ کے واسطے ایک رتی روح کیوڑہ ۲ تولہ کے ہمراہ کھائیں۔

کشتہ سنگ یہود :- سنگ یہود ۵ تولہ ۱۵ تولہ عرق گاؤزبان کے ہمراہ کھرل کرکے خشک کریں ۲ پیالیوں میں بند کرکے گل حکمت کریں۔ ۱ کلو آگ دیں پتھری کے لیے از حد مفید ہے خوراک ۲ رتی شربت بزوری کے ہمراہ۔

کشتہ پوست بیضہ مرغ :- انڈوں کے چھلکے ۵ تولہ لیکر دس تولہ سرکہ میں پانی ملا کر چھلکے ڈال دیں ایک دن پڑا رہنے دیں۔ چھلکوں کے اندر کا باریک پردہ اتار کر پھینک دیں پھر کسی کوزہ میں بند کرکے ۲ کلو اُپلوں کی آگ دیں اگر کچھ کثر رہ جائے تو پھر دوبارہ آگ دیں۔ جب تک کشتہ نہ ہو جائے آگ دیتے جائیں جریان کے لیے بے حد مفید ہے۔ مثانہ کی کمزوری کے لیے بھی ایک رتی ۲ تولہ مکھن کے ہمراہ دیں۔

نوٹ

ہم نے اس کتاب میں اپنی طرف سے کوئی بھی ایسی بات نہیں لکھی جس سے کسی فرقہ۔ گروہ۔ قوم سلسلہ۔ مذہب۔ فقیر یا جماعت کی دل آزاری ہو۔ لیکن انسان اشرف المخلوقات ہونے کے باوجود بھی فطری طور پر غلطی کا پتلا ہے۔ پھر بھی اگر کوئی بات غلط لکھی گئی ہو یا اس کے پڑھنے سے کسی کی دل آزاری ہو تو اس بندہ کو حقیر جان کر معاف فرمائیں۔
اُمید ہے کہ بندہ ناچیز پر احسان فرمائیں گے۔

فقط
بندہ ناچیز
مصنف

Scanned with CamScanner

فہرست

نمبر شمار	عنوان	صفحہ نمبر
۱	تعارف، مختصر ہدایات	۱۶۲
۲	نقشِ دعائے سیفی	۱۶۸
۳	جن بھوت حاضر کرنے کا طریقہ	۱۶۹
۴	ہر مشکل کا حل	۱۷۰
۵	چاروں طرفوں کے مطیع کرنے کا طریقہ	۱۷۰
۶	اسم یا حیُّ یا قیوم کا بیان	۱۷۱
۷	اسم یا وہاب کا بیان	۱۷۲
۸	اسم یا غنی مغنی کا بیان	۱۷۳
۹	دعوتِ قبور یا کشف القبور	۱۷۴
۱۰	عملِ نادِ علی کبیر	۱۷۶
۱۱	نادِ علی کبیر یہ ہے	۱۷۸
۱۲	عمل سورۃ فیل	۱۷۹
۱۳	دشمن کو زیر کرنے کے لیے	۱۸۰
۱۴	تعویذ پھوڑا پھنسی ہر قسم	۱۸۰
۱۵	برائے دفع کل آفات	۱۸۱
۱۶	ہر مقصد کے لیے	۱۸۲
۱۷	برائے ذاتی ہمراہیوں کی سلامتی کے لیے	۱۸۲
۱۸	غائب کا رزق حاصل کرنے کے لیے	۱۸۲
۱۹	برائے حب	۱۸۳

نمبر شمار	عنوان	صفحہ نمبر
۲۰	دشمن کی حد بندی کے لیے	۱۸۳
۲۱	اگر دشمن اچانک قریب تر آگیا ہو تو	۱۸۳
۲۲	دشمن پر غالب آنے کے لیے	۱۸۴
۲۳	برائے درد زہ	۱۸۴
۲۴	عمل برائے نرینہ اولاد	۱۸۵
۲۵	برائے چیچک	۱۸۵
۲۶	برائے خوشحالی	۱۸۵
۲۷	ہر قسم کے بخار کے لیے	۱۸۶
۲۸	ہر قسم کے سردرد کے لیے	۱۸۶
۲۹	دافع آسیب	۱۸۶
۳۰	عمل سورۃ إذا جاء	۱۸۷
۳۱	عمل سورہ یاسین	۱۸۷
۳۲	عمل سورۃ فاتحہ	۱۸۸
۳۳	سورۃ نوح برائے ہلاکی دشمن	۱۸۹
۳۴	سورہ مزمل شریف کا دوسرا عمل	۱۸۹
۳۵	مزمل شریف کا تیسرا طریقہ	۱۹۰
۳۶	عمل بسم اللہ شریف عام عمل	۱۹۱
۳۷	زیارتِ حضور پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لیے ایک نادر نسخہ	۱۹۱
۳۸	کچھ سورۃ اخلاص کے عمل کے بارے میں	۱۹۲
۳۹	اسماء الٰہی اور اُن کے خواص	۱۹۳

نمبر شمار	عنوان	صفحہ نمبر
۴۰	حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اسماء مبارکہ اور مختصر خواص	۲۰۱
۴۱	دانت درد کے لیے	۲۰۵
۴۲	رمضان المبارک کے آخری عشرے کے وظائف	۲۰۶
۴۳	درود تسخیریہ	۲۰۷
۴۴	خواب نامہ	۲۰۹
۴۵	آیت الکرسی برائے محبت عرفان	۲۵۹
۴۶	بھاگے ہوتے کو واپس بلانے کے لیے	۲۶۰
۴۷	ہر مرض کے لیے مجرب نسخہ	۲۶۰
۴۸	نرینہ اولاد کے لیے	۲۶۱
۴۹	برائے جنات	۲۶۲
۵۰	ہر قسم کی آفت کے لیے	۲۶۳
۵۱	تسخیر خلائق کے لیے	۲۶۳
۵۲	ہر مشکل کے لیے مجرب	۲۶۴
۵۳	کشف القبور دعوتِ روحانیات	۲۶۴
۵۴	ایک کشف کا آسان طریقہ	۲۶۶
۵۵	کشف کا ایک اور طریقہ	۲۶۶
۵۶	۹۹ اسمائے مبارک جناب غوث پاک رضی اللہ تعالیٰ عنہ	۲۶۷
۵۷	دعائے سیفی	۲۶۸
۵۸	دعائے سیفی پڑھنے کی شرائط	۲۶۸
۵۹	دعائے سیفی لکھنا کیوں ضروری سمجھا؟	۲۶۹

Scanned with CamScanner

نمبر شمار	عنوان	صفحہ نمبر
۶۰	دعائے سیفی کا آغاز کس طرح کیا؟	۲۷۲
۶۱	شروع کرنے کا طریقہ	۲۷۶
۶۲	سورہ یٰس بمعہ دعائے سیفی مترجم	۲۷۷
۶۳	دعائے سیفی	۲۸۱
۶۴	نقش نادِ علی کبیر	۳۰۲
۶۵	عمل ھلاکی دشمن	۳۰۷
۶۶	اسمائے حسنیٰ اعداد بمعہ موکلات عنصر	۳۰۸
۶۷	سات سلام کے مختصر خواص	۳۱۳
۶۸	چور دریافت کرنے کے لیے	۳۱۴
۶۹	چند فال نامے	۳۱۴
۷۰	نادر فالنامہ	۳۱۵
۷۱	حضور شہنشاہِ ولایت حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی رح	۳۱۵
۷۲	اعضاء کے پھڑکنے کی فال	۳۲۰
۷۳	فالنامہ حمل میں لڑکا ہے یا لڑکی؟	۳۲۱
۷۴	باب المحبت از مجربات سجاد	۳۲۲
۷۵	میاں بیوی کی محبت کے لیے	۳۲۷
۷۶	مطلوب حاضر کرنے کے لیے	۳۲۸
۷۷	محبت کے لیے	۳۲۹
۷۸	محبوب کو قبضہ میں لانا	۳۲۹
۷۹	محبوب کو قبضہ میں لانا، تلاشِ گم شدہ کے لیے بھی	۳۳۹
۸۰	محبوب کو قبضہ میں لانا	۳۴۰

نمبر شمار	عنوان	صفحہ نمبر
۸۱	رستہ طے کرنے کے لیے	۳۴۴
۸۲	برائے حب	۳۴۴
۸۳	تسخیر خلائق ارض و سماء	۳۴۶
۸۴	برائے حب	۳۴۷
۸۵	برائے شادی	۳۴۸
۸۶	برائے حب	۳۴۸
۸۷	برائے تسخیر خلائق	۳۵۰
۸۸	انسان اور چند جانوروں کے خواص	۳۵۶
۸۹	نسخہ جات	۳۶۴
۹۰	بواسیر خونی و بادی کے لیے	۳۶۴
۹۱	کشتہ سکھور برائے آتشک	۳۶۵
۹۲	جریان احتلام کے لیے	۳۶۶
۹۳	برائے جریان سرعت انزال	۳۶۶
۹۴	پھنسیاں وغیرہ	۳۶۷
۹۵	خارش ہر قسم کے لیے بے حد مفید	۳۶۷
۹۶	مدر حیض اکسیر	۳۶۷
۹۷	نسخہ چنبل دیرینہ	۳۶۸
۹۸	اکسیر دمہ	۳۶۸
۹۹	مسہل لاجواب	۳۶۸
۱۰۱	دائمی قبض کے لیے	۳۶۹
۱۰۲	نیل کم خرچ	۳۶۹

Scanned with CamScanner

نمبر شمار	عنوان	صفحہ نمبر
۱۰۳	شافہ برائے حمل	۳۶۹
۱۰۴	اکسیر بانجھ پن	۳۷۰
۱۰۵	کھانسی کے لیے	۳۷۱
۱۰۶	قوتِ باہ کے لیے آزمائشی نسخہ	۳۷۱
۱۰۷	معجون حب الغرائب	۳۷۱
۱۰۸	برائے جریان لیکوریا وغیرہ	۳۷۲
۱۰۹	اکسیرِ اعظم	۳۷۲
۱۱۰	دردِ سر کے لیے	۳۷۲
	چند ہومیوپیتھک ادویات کا روزمرہ استعمال	
۱۱۱	آنکھوں کی تکالیف	۳۷۳
۱۱۲	جلنا ہر قسم	۳۷۳
۱۱۳	اسہال	۳۷۳
۱۱۴	اعصابی کمزوری	۳۷۴
۱۱۵	انفلوئنزہ	۳۷۴
۱۱۶	بخار	۳۷۵
۱۱۷	بواسیر	۳۷۶
۱۱۸	بدہضمی	۳۷۶
۱۱۹	پستانوں کی تکالیف	۳۷۶
۱۲۰	پرسوت کا بخار	۳۷۷
۱۲۱	پھنسیاں	۳۷۷
۱۲۲	پھوڑا	۳۷۷

نمبر شمار	عنوان	صفحہ نمبر
۱۲۳	پیٹ کے کیڑے	۳۷۸
۱۲۴	پیچش	۳۷۸
۱۲۵	پیشاب کا بند ہو جانا	۳۷۹
۱۲۶	پیشاب کا جل کر آنا	۳۷۹
۱۲۷	تپِ محرقہ	۳۷۹
۱۲۸	تشنج، بچوں میں	۳۸۰
۱۲۹	جریان منی، کمزوری باہ۔ احتلام	۳۸۰
۱۳۰	جگر کی تکالیف	۳۸۱
۱۳۱	جلدی بیماریاں ۔ چوٹ اور زخم	۳۸۱
۱۳۲	چھپاکی	۳۸۲
۱۳۳	چیچک	۳۸۲
۱۳۴	حمل کے دوران کی تکالیف	۳۸۳
۱۳۵	حیض کا درد کے ساتھ آنا	۳۸۳
۱۳۶	حیض کی بندش	۳۸۳
۱۳۷	حیض کی کثرت	۳۸۴
۱۳۸	خسرہ	۳۸۴
۱۳۹	دانت درد	۳۸۴
۱۴۰	دانت نکالنا	۳۸۵
۱۴۱	دمہ	۳۸۵
۱۴۲	سردرد	۳۸۶
۱۴۳	سوزاک	۳۸۶

Scanned with CamScanner

نمبر شمار	عنوان	صفحہ نمبر
۱۴۴	قولنج	۳۸۷
۱۴۵	قے	۳۸۷
۱۴۶	کالی کھانسی	۳۸۷
۱۴۷	کانچ نکلنا	۳۸۷
۱۴۸	کان کا درد	۳۸۸
۱۴۹	ککرے	۳۸۸
۱۵۰	کمر درد	۳۸۸
۱۵۱	کن پیڑے	۳۸۸
۱۵۲	کھانسی	۳۸۹
۱۵۳	کیل مہاسے	۳۸۹
۱۵۴	گلے پڑنا	۳۸۹
۱۵۵	گلا بیٹھنا	۳۸۹
۱۵۶	گنٹھیا	۳۹۰
۱۵۷	لنگڑی کا درد	۳۹۰
۱۵۸	لو لگنا۔ سن سٹروک	۳۹۱
۱۵۹	مرگی	۳۹۱
۱۶۰	مسوڑھوں سے پیپ آنا، مسوڑھوں کا پھوڑا	۳۹۱
۱۶۱	معدہ کی تکالیف	۳۹۲
۱۶۲	ملیریا بخار	۳۹۲
۱۶۳	منہ کے چھالے	۳۹۲
۱۶۴	موچ آنا	۳۹۲

نمبر شمار	عنوان	صفحہ نمبر
۱۶۵	نمونیہ	۳۹۲
۱۶۶	نیند کا نہ آنا	۳۹۳
۱۶۷	وضع عمل اور اس کے بعد کی دردیں	۳۹۳
۱۶۸	ہچکی	۳۹۳
۱۶۹	ہیضہ	۳۹۳
۱۷۰	درد کان کے لیے	۳۹۴
۱۷۱	درد دانت کے لیے	۳۹۴
۱۷۲	درد پیٹ کے لیے	۳۹۴
۱۷۳	ہیضہ کے لیے	۳۹۴
۱۷۴	دھدر چنبل کے لیے	۳۹۴
۱۷۵	برائے احتلام و سرعت انزال	۳۹۵
۱۷۶	ذیابیطس	۳۹۶
۱۷۷	ریاح کا ہونا	۳۹۶
۱۷۸	زکام، نزلہ	۳۹۶
۱۷۹	عام جسمانی کمزوری	۳۹۷
۱۸۰	غدودوں کا سوجنا	۳۹۷
۱۸۱	قبض	۳۹۷
۱۸۲	نالنامہ قلندری مجروحی مقیمی	۳۹۹

Scanned with CamScanner

تکلیف سے بچانے میں مشغول تھے۔ علوم روحانی رکھنے والوں کے ایسے بے شمار واقعات ہیں جن کو ضبط تحریر نہیں لا جا سکتا۔ ہر زمانے میں ولایت و معرفت کے چراغ روشن رہے اور تاقیامت روشن رہیں گے خدائے بزرگ و برتر نے اپنے کچھ خاص نیک اور مقرب بندوں کو روحانیات کے علوم سے نوازا ہے۔ ان خوش نصیب لوگوں میں میرے ہم عصر سید سبطین حیدر شاہ گیلانی حجروی مقیمیؒ کا نام نامی اس عہد میں چمک رہا ہے اور تاقیام قیامت آپکا نام زندہ رہے گا۔ آپ اس کتاب کے مولف و مصنف ہیں میں چاہتا ہوں کہ موصوف کا اجمالی سا ذکر ہو جائے تاکہ خاندانی شرافت و اعتبار کے لحاظ سے شاہ صاحب موصوف کی فوقیت واضح ہو جائے اور طالبان حق و صداقت، کے لیے سکون و اطمینان اور طالبان عملیات و نقوش و اعمال کے شائقین کے بیجتہ الیقان ہو جائے۔

آپ کے والد گرامی حضرت سید منصب علی شاہ گیلانی رحمتہ اللہ علیہ ہیں جن کا نسب نامہ حضرت دولا حسین لال پاک عرف دولا پاکؒ کی نسبت سے ہوتا ہوا حضرت شاہ محمد مقیم محکم الدین رحمتہ اللہ علیہ حضرت بہاول شیر قلندر پاک رحمتہ اللہ علیہ سے ہوتا ہوا حضرت غوث پاک جناب پیران پیر دستگیر اور حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے جا ملتا ہے۔ حضرت دولا پاکؒ جن کا مزار اقدس حضرت شاہ محمد مقیم رحمتہ اللہ علیہ کی لحد مبارک کے بائیں جانب مشرق کی طرف واقع ہے اور حضرت سید آغا نثار علی قلندر پاک رحمتہ اللہ علیہ کے دائیں جانب واقع ہے۔ سید سبطین حیدر گیلانی کی روحانی باطنی بیعت سید اعجاز علی شاہ گیلانی سجادہ نشین حجرہ شاہ مقیم سے ہے۔ جو کہ حضرت پیرال لعل پاک بہاول شیر قلندرؒ کے سجادہ نشین بھی ہیں۔

آپ کے بڑے بھائی ڈاکٹر سید حسنین حیدر گیلانی ہیں۔ جنہوں نے آپ کی روحانی رہنمائی کی۔ بچپن میں آپ کے بھائی نے روحانی سفر کا آغاز کروایا۔

آپ کے اساتذہ کا ذکر بھی باعث برکت و رحمت ہے۔

۱۔ حضرت میاں شہامد صاحبؒ سرپرست اعلیٰ (سرائے امر سنگھ حجرہ شاہ مقیم)
آپ نے شاہ صاحب کو بچپن سے ہی روحانی علوم سے نوازنا شروع کیا تھا۔ شاہ صاحب تقریباً آٹھ سال کے تھے جب آپنے شاہ صاحب کی روحانی تربیت کا آغاز

تقریظ

تعارف مختصر و ہدایات

حمد و ثنائے بے شمار اس خدائے ستار و غفار کو ہے جس نے تمام علم و فنون سے انسان کو روشناس کیا۔ نباتات و جمادات کو بھی اپنی تسبیح پڑھنے کا شعور بخشا۔ زندگانی کا کوئی شعبہ ایسا نہیں ہے جس پر اس کی قدرت عیاں نہ ہوئی ہو۔ اپنے تابع فرمان بشر کو جنوں اور پریوں بلکہ ملائکہ سے بھی اعلیٰ مراتب بخشے تمام علوم کا ماخذ قرآن مجید و فرقان حمید ہے۔ اس کے معارف و خزائن سے اپنے خاص بندوں کو علم لدنی عطا فرمایا۔ قوم جنات سے اگر کوئی چیز چند ساعتوں میں مہیا کر سکتا ہے تو عالم کتاب پلک جھپکنے میں وہ چیز لا سکتا ہے قرآن کریم عہد سلیمانی کا ایک واقعہ بیان کرتے ہوئے اس [illegible] کی تصدیق کر رہا ہے حضرت جبرائیل امین آکر سدرۃ المنتہی سے حضرت ابراہیم علیہ السلام کی چیخ کو گلزار بنا تے حضرت اسماعیل علیہ السلام کو بچاتے حضرت یوسف علیہ السلام کو کنویں میں گرتے وقت آسانی سے بٹھاتے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا مبارک خون زمین پر گرنے سے پہلے اٹھا کر پاک ہجر میں تشریف لا سکتے ہیں تو پھر بندگان خدا مقربان یزداں عالم و عامل قرآن بھی ایسے کام سرانجام دے سکتے ہیں جسے معجزہ کا نام دیا گیا ہے۔ پیر بخارا کے مرید کو بلند مینار سے دھکا دیا گیا تو اس نے راستے میں اپنے پیر کو یاد کیا۔ زمین پر گرنے سے پہلے مینار کے پاس زمین پر پیر صاحب موجود اسے ہاتھوں میں لے کر گرنے اور

Scanned with CamScanner

کیا تھا۔

۲۔ رہبر کامل قلندر زمان حضرت سید شفقت علی شاہ گیلانی ؒ آف شیخو شریف اوکاڑہ (راہبر شریعت وطریقت) موصوف مصنف ہذا۔

۳۔ ڈاکٹر سید حسنین حیدر گیلانی مدظلہ العالی (برادر حقیقی) سرائے امر سنگھ حجرہ شاہ مقیم (روحانی رہنما حقیقت و معرفت) استاد دوئم محترم موصوف مصنف ہذا۔

۴۔ حافظ محمد عبد الحمید سجاد ایم۔ اے اسلامیات ایم۔ اے عربی آف بصیر پور اوکاڑہ استاد سوئم عملیات چلہ جات نقوش وغیرہ۔

حضرت قبلہ سبطین حیدر شاہ گیلانی حجروی مقیمیؒ کا سلسلہ عالیہ قادریہ منتہی ہے۔ اور زیر نظر کتاب میں آپ نے اپنے ہی ذاتی تجربات و مشاہدات بیان فرمائے ہیں اگر آپ نے کسی اور عامل کا عمل تحریر کیا ہے تو اس کا حوالہ ضرور دیا ہے۔ وہ بھی دوسرے عامل کا تجربہ شدہ ہے۔

حضرت سید سبطین حیدر گیلانی ۱۹۶۵ء میں قصبہ نور شاہ کے ضلع ساہیوال کے نواحی گاؤں چک R-۴/۶۵ میں ایک روحانی خاندان میں پیدا ہوئے۔ آپ نے پہلے پرائمری تک تعلیم کراچی صدر میں کی پھر دوبارہ قصبہ سرائے امر سنگھ حجرہ شاہ مقیم ضلع اوکاڑہ میں دوبارہ پرائمری تعلیم حاصل کی اس لیے کہ صوبہ سندھ کا تعلیمی نظام پہلے انگریزی تھا۔ دوبارہ شروع سے پرائمری سکول صوبہ پنجاب کے تعلیمی نظام کے تحت تعلیم حاصل کی۔ آپ نے میٹرک کا امتحان گورنمنٹ ہائی سکول حجرہ شاہ مقیم سے پاس کیا۔ میٹرک پاس کرنے کے دو سال بعد آپ نے آرمی سروس کور میں بطور سٹورمین سپلائی (S M S) سروس شروع کی۔ آپ جوانی کی طرف پروان تھے تو ساتھ ساتھ روحانیت بھی پروان چڑھتی گئی آپ تقریباً دس سال کے تھے جب آپ نے استاد محترم حضرت میاں شہاسدر رحمۃ اللہ علیہ نے آپ کو درود شریف اور استغفر اللہ کا سوا سوا لاکھ پورا کروایا تھا۔ فوج میں دس سال سروس کرنے کے بعد آرمی سروس کو خیر باد کہہ دیا اور مکمل طور پر روحانیت کے شیدائی ہو گئے اسلامی اور دینی علوم آپکے اپنے گاؤں کے استادوں مولوی صاحبان سے حاصل کی جن میں مولوی

جن میں مولوی شبیر احمد مولوی محمد حسین علی، مولوی محمد رمضان پیش پیش تھے۔ آپ نے فوج میں رہ کر ایف۔ اے۔ بی۔ اے اور ایم۔ اے نفسیات کیا۔ ایم اے نفسیات کراچی یونیورسٹی سے کیا آپ اُس وقت سکھر ۸ اسپلائی پلاٹون میں تعینات تھے۔

آپ نے پرائمری سے لیکر ایم اے تک امتیازی حیثیت سے کامیابی پائی۔ آپ نے میٹرک میں ہی ہومیو پیتھک کا کورس مکمل کیا تھا۔

علم نجوم میں کافی دسترس رکھتے ہیں۔ ماہر دست شناس بھی ہیں۔ ہومیو پیتھک کے مستند ڈاکٹر بھی ہیں۔ عملیات کی رُو سے انہوں نے تقریباً ۴۵ چلے کاٹے ہیں۔ سب سے پہلے درود پاک کا سوا لاکھ کیا پھر استغفر اللہ کا سوا لاکھ کیا۔ بعد میں واللہ ناشد باسگا ذ اشد تنکیلا کا ساڑھے چار لاکھ زکواۃ ادا کی۔ اس کے علاوہ اور بہت سارے تجربات عملیات کیے اس بنا پر ان کو استاد التجربات کا لقب ملا اور بجا طور پر یہ ان کا حق تھا کیونکہ انہوں نے اپنی ساری عمر تجربات و مشاہدات میں گذار دی ہے اس لیے کہ ماشاء اللہ نوجوان ہیں اور عمر تقریباً ۳۲ سال ہے۔ فراخ دلی۔ خوش اخلاقی ہر دلعزیزی، تحمل مزاجی کوٹ کوٹ کر بھری ہوئی ہے۔ اتنی چھوٹی عمر میں اتنے تجربات و کمالات سے آراستہ ہونا صرف اللہ تعالیٰ کی خاص کرم نوازی ہے۔

اس پُر فتن دور میں ایسا پاکباز متقی انسان اور رہنما ملنا محال ہے۔ یہ شعور و آگہی اور معرفت الٰہی کا حاصل کرنا عام آدمی کے بس کا روگ نہیں ہے۔ یہ کتاب ان کے تجربات کا نچوڑ ہے تب ہی انہوں نے اس کا نام تحفۃ الگیلانی رکھا ہے۔ کیونکہ یہ سب کچھ خاندانِ قادری گیلانی کی عکاسی کرتا ہے۔

اس کتاب کے بعد عنقریب آپ کی ایک اور تصنیف "مفتاح العرش" منظر عام پر آئے گی۔ جو کہ تصوف اور معرفت الٰہی کی ایک نایاب و لازوال کتاب ہے۔

زیر نظر کتاب میں آپ نے روحانی علوم۔ تعویذات اعمال خیر و شر، صحت و تسخیر علم نجوم، قیافہ شناسی، فالنامہ۔ تاویل الرویا۔ نسخہ ہائے صدری۔ اسمائے الٰہی

کے اعمال و برکات تقریباً ہر مقصد کے لیے کامیابی کے وظائف درج کیے ہیں۔
خاص بات یہ ہے کہ دعائے سیفی بھی درج ہے اور نادعلی کبیر بھی درج ہے دعائے سیفی کے لیے سرکار شاہ صاحب نے پورے ۲ سال کا چلہ حضرت میراں لعل پاک بہاول شیر قلندرؒ کے دربار شریف پر کیا جس کا تذکرہ اسناد دعائے سیفی میں درج ہے۔ کتاب لکھنے کا مقصد صرف اور صرف مخلوق خدا کی خدمت کرنا ہے۔ تاکہ تمام علوم کا شائق کما حقہ، فائدہ اٹھا سکے یہ یاد رہے کہ جو عمل بھی کریں حسن نیت سے کریں اور جائز مقاصد کے حصول کے لیے اجازت عام ہے۔
خاص اعمال و دعوات ریاضت و چلہ کشی کے عملیات کے لیے اجازت لینا لازم ہے اگر اپنے آپ ہی حاضرات وغیرہ کا عمل کریں گے تو رجعت کا اندیشہ رہتا ہے۔ اور کامیابی بھی نہیں ہوتی۔ ثبوت یوں سمجھیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک کافر سے فرمایا کہ جاؤ اور اس درخت سے کہو کہ تمہیں اللہ کا نبی بلاتا ہے تو درخت یہ سنتے ہی جڑوں سمیت ہی خدمت نبویؐ میں حاضر ہو کر صلوٰۃ وسلام عرض کرتا ہے اور پھر واپس چلا جاتا ہے۔
تو اگر وہ اپنے آپ ہی درخت کو بلاتا تو درخت کبھی نہ آتا بعض نام نہاد عامل پڑھ دیکھ کر ہی بغیر اجازت عمل شروع کر دیتے ہیں اور لکھے ہوئے دنوں تک پڑھتے ہیں جب کامیابی نہیں ہوتی تو لکھنے والے کو برا بھلا کہنے لگتے ہیں۔ جبکہ ایسا نہیں ہوتا۔ دنیا جانتی ہے کہ زمین کے نیچے پانی ہے اور کھودنے والا تھک جائے تو پانی نہیں نکال سکتا اور تجربہ کار آدمی پانی نکال کر دم لیتا ہے۔ اسی طرح اپنی ہمت نہ ہارنا چاہیے تاکہ کامیابی ملے اس کے علاوہ ترک حیوانات یعنی پرہیز جلالی و جمالی، وقت کی پابندی چلہ کشی کی شرائط کی پاسداری نہ ہو تو گوہر مراد کا ملنا محال ہے۔
خیالات میں پاکیزگی، طبیعت میں رحمدلی، قوت متخیلہ میں پختگی، ارکان اسلام کی ادائیگی، عامل کے لیے ضروری چیزیں ہیں۔ رجال الغیب کا خیال رکھیں اعمال خیر کے لیے نیک ساعت اور سعد ستارہ ہو یعنی زہرہ، مشتری، عطارد، قمر، شمس

ہو۔ اور وہ اپنے کسی دوست ستارہ سے نظر تثلیث یا تسدیس رکھتا ہو۔ قمر کی منازل بھی سعد ہوں دن بھی جمعۃ المبارک اتوار، پیر، بدھ اور جمعرات کا ہو قمری ماہ چار سے چودہ تاریخ تک ہو قمر در عقرب نہ ہو۔ گرہن نہ ہو اور مطلوبہ ستارہ کو رجعت نہ ہو۔ تثلیث زہرہ مشتری ہو اور اعمال شر کے لیے مریخ زحل کی نظر مقابلہ یا تربیع ہو ہو۔ قمر در عقرب ہو۔ یا گرہن ہو ماہ قمری کی آخری تاریخیں ہوں آخری ہفتہ یا منگل ہو۔ نیک اعمال کے لیے سیاہی اچھی ہو خوشبودار ہو مثلاً زعفران کستوری، عرق گلاب ہو اور اعمال شر کے لیے کالی سیاہی سرکہ میں ملائی ہو تاکہ بو میں اضافہ ہو۔ اعمال خیر میں وظائف کے لیے تسبیح کے دانے باہر سے اپنی طرف اور اعمال شر میں اندر سے باہر کو گرائیں۔
کتاب میں راقم الحروف حافظ محمد عبدالحمید سجاد (مصنف ہذا کے استاد سوئم) نے اپنے تجربہ شدہ صدری تعویزات عملیات وظائف "مجربات سجاد" سے لکھے ہیں۔ جو کہ شاہ صاحب کے استاد ہونے کے ناطے سے لکھے جا رہے ہیں۔ جو راقم الحروف نے اپنے تجربات کیے تھے ایک نسخہ تیار کیا ہے جس کا نام مجربات سجاد رکھا ہے آخر میں قبلہ شاہ صاحب کے حق میں بدرگاہ رب کریم میں دعا گو ہوں کہ اللہ تعالیٰ انکے علم و عمل اخلاق و کردار کو نبی رحمت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے صدقے سے زیادہ حسین و مزین فرمائے اور تا قیام قیامت ان کا فیض جاری و ساری رہے اور تشنگان علوم روحانی کے لیے ہر دور میں مشعل راہ کا کام دیتا رہے۔ آمین ثم آمین۔

دعا گو

حافظ محمد عبدالحمید سجاد ایم۔اے عربی۔ایم۔اے اسلامیات،
بن ابو البقا محمد حبیب اللہؒ محلہ درس نزد دار العلوم
حنفیہ فریدیہ بصیر پور شریف۔ فون نمبر ۰۴۴۴۹/۷۱۶۶۷
۱۸/اکتوبر ۱۹۹۷ء
حافظ محمد عبدالحمید سجاد بقلم خود

نقش دعائے سیفی

نقش دعائے سیفی کی بہت تعریف سن رکھی تھی حضرت محمد غوث گوالیاری علیہ رحمت اللہ نے اپنی بہت ساری کتابوں میں تعریف کی ہے بندہ ناچیز نے جب اس کو پڑھا تو پھر تجربہ میں لایا گیا تو جتنی تعریف حضرت گوالیاری نے کی تھی من و عن اسی طرح پائی اس کی تعریف مزید نہیں کر سکتے ہیں۔ جو بھی عمل لکھا گیا ہے تجربہ یا جو بعد میں لکھا جائے گا انشاء اللہ ذاتی عمل کر کے لکھوں گا۔ اگر کسی پر جادو چل گیا ہو تو مریض کو تعویز گیارہ دن پلائیں صبح دوپہر شام پلائیں۔ پلانے سے پہلے گیارہ دفعہ درود پاک اور گیارہ دفعہ الحمد شریف یعنی کہ سورۃ فاتحہ پڑھنی ضروری ہے۔

اگر کاروبار کسی کا بند ہو گیا ہو تو گیارہ دن صبح شام اپنی دکان میں چھڑکاؤ کریں اور ایک عدد تعویز دکان کے اندر لگائیں۔ اگر گیارہ دن کے اندر کام نہ چلے تو پھر گیارہ دن اور چھڑکاؤ کریں اور چھڑکاؤ کرتے وقت آیۃ الکرسی پڑھتے رہیں۔ خدا تعالیٰ مہربانی فرمائیں گے۔ اگر کوئی بچہ زیادہ روتا ہو تو بچے کے گلے میں باندھ دیں اللہ تعالیٰ شفا فرمائیں گے

اگر کسی کو جن بھوت کا سایہ ہو گیا ہو یا جن بھوت تنگ کرتے ہیں۔ یا جن بھوت کی وجہ سے کاروبار میں خلل آ گیا ہو تو استعمال میں لائیں۔ اللہ تعالیٰ رحم فرمائیں گے۔

اگر خاوند اور عورت دونوں میں ناچاقی پیدا ہو گئی ہو تو دونوں میں بیوی گیارہ دن استعمال کرے بہتر یہ ہے کہ اگر بیوی ناراض رہتی ہو تو میاں کسی طریقہ سے بیوی کو کھلائے اگر میاں ناراض رہتا ہو تو بیوی کھلائے۔ گیارہ دن کسی ایک وقت پلاتے رہیں۔ ایک عدد تعویز لکھ کر وزن کے نیچے رکھیں۔ اللہ تعالیٰ مہربانی فرمائیں گے۔

یہ تعویز خصوصی طور پر جادو ٹونہ جن بھوت آسیب کے لیے استعمال ہوتا ہے اور زیادہ مزید ہے۔

نقش اگلا صفحہ پر ملاحظہ فرمائیں

۱۶۵۱۸	۱۶۵۲۱	۱۶۵۲۵	۱۶۵۱۱
۱۶۵۲۴	۱۶۵۱۲	۱۶۵۱۷	۱۶۵۲۲
۱۶۵۱۳	۱۶۵۲۷	۱۶۵۱۹	۱۶۵۱۶
۱۶۵۲۰	۱۶۵۱۵	۱۶۵۱۴	۱۶۵۲۶

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ناد علیاً مظہر العجائب تجدہ عوناً لک فی النوائب کل ھم و غم سینجلی بنبوتک یا رسول اللہ یا رسول اللہ یا رسول اللہ یا علی یا علی یا علی ادرکنی فی سبیل اللہ و بولایتک

جن بھوت حاضر کرنے کا طریقہ

یہ طریقہ کار میرے ماموں جان سید لال شاہ بھبھر پور والوں کا ہے انہوں نے بہت اصرار کے بعد عنایت فرمایا ہے آپ فرماتے ہیں کہ اگر کسی کو جنات کا سایہ ہو جائے تو یہ الفاظ تین تین بار پڑھ کر ایک دفعہ پھونک ماریں یہاں تک کہ جب تیسری دفعہ پھونک ماریں گے تو ڈر کی وجہ سے جنات کا پیشاب نکل جائے گا۔ آپ فرماتے ہیں کہ بہتر تو ہے کہ پہلے ہر روز ۱۴ دفعہ ۴۱ دن پڑھ لیں تاکہ عمل قبضہ میں آ جائے۔ ورنہ آپ اس طرح بھی کام لے سکتے ہیں۔ اگر ۴۱ دن عمل نہ کریں تو پھر زیادہ نہ سہی تو گیارہ دن ہی ۴۱ دفعہ پڑھ لیا کریں پڑھنے کا طریقہ یہ ہے۔

پرہیز جلالی اور جمالی کریں اور بعد از نماز عشاء شروع کریں۔ شروع کرنے سے پہلے سورۃ فاتحہ اور آیۃ الکرسی کا حصار کریں اور اپنے اوپر دم کریں یاد رکھیں کہ حصار کرنا ضروری ہے۔ گھر سے باہر کریں تو زیادہ بہتر ہو گا یا نہر کے کنارے پر کریں۔

عمل یہ ہے۔ الٰہی بحق سلیمان بن داؤد بحق شاہ بکتا نوس بحق فاضل شاہ میماجنگی اسیلس اسیلس اسیلس دھائی سلیمان دی ہر کلمہ لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ

✣ ✣ ✣

ہر مشکل کا حل

یہ عمل بھی مجھ ناچیز کو سید لال شاہ گیلانی لبیسر پور والوں سے عنایت ہوا ہے۔ وہ اس عمل کو زیادہ تر جنات کی حاضری کے لیے پڑھتے ہیں اور جنات حاضر کرتے ہیں جنات خواہ سخت سے سخت کیوں نہ ہوں زیر ہو جاتے ہیں۔

میرے ایک اور باطنی دوست نے مجھ کو بتایا تھا کہ اس کو آیت الکرسی چار ہزاری کہتے ہیں ہر مشکل کے حل کے لیے بعد نماز عشاء شمال کی طرف منہ کر کے کھڑے ہو جائیں اور ۴۱ دفعہ پڑھیں کام نہ ہونے تک پڑھتے رہیں ان شاء اللہ تعالیٰ اللہ پاک مہربانی فرمائیں گے۔

جو مجھ کو میرے ماموں جان سے عطا ہوئی تھی وہ یہ ہے۔

آیۃ الکرسی چار ہزاری: پیر مولا علی دی چڑھی اسواری یا محمد مصطفیٰ چاروں طرف کی رکھنی خبرداری لا الہ دا جندرا الا اللہ دی کنجی قل دا کوٹ الحمد دی کھائی یا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تیرے نام دی دہائی۔

جس مریض کو جنات کا دورہ ہو تو دورہ کے دوران تین تین دفعہ تین بار پانی پر دم کر کے چھینٹے ماریں اور ہوش آنے کے بعد پھر ۴۱ دن پلائیں۔ صبح و شام جو کہ مجھ کو باطنی طور پر کسی نے دی تھی وہ آیۃ الکرسی یہ ہے۔

آیۃ الکرسی چار ہزاری چار کوٹ کی خبرداری چڑھے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کرے اسواری اس اسواری دا کوٹ اسوار لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم۔

چاروں طرفوں کے مطیع کرنے کا طریقہ

یہ نسخہ بھی مجھ کو میرے دوست نصیر احمد قادری نے عطا فرمایا ہے مگر ابھی چند دن ہی ہوئے ہیں کہ جب مجھ کو یہ نسخہ ملا تھا مگر دوستوں کے اصرار پر لکھ دیا جاتا ہے تاکہ مخلوق خدا اس سے فائدہ اٹھائے۔

نصیر احمد قادری نے بتایا کہ اگر کوئی شخص ایک گھڑی میں مشرق جانا چاہے یا مغرب

کی طرف جانا چاہے تو جا سکتا ہے اور پل بھر میں دنیا کے ہر حصہ کی خبر گیری کر سکتا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ جو مشرق مغرب شمال جنوب کے موکلات ہیں وہ زیر ہو جاتے ہیں یعنی کہ مطیع ہو جاتے ہیں جو کچھ بھی کسی بھی طرف ہوتا ہے یا ہو چکا ہے یا ہونے والا ہے موکلات فوراً بتا دیتے ہیں۔ بلکہ خود آدمی کو پہنچا دیتے ہیں۔ اور پورا واقعہ جو ہونے والا ہے سامنے دکھا دیتے ہیں۔ لیکن میری بدقسمتی ہے کہ میں اس عمل کو ابھی تک خود نہیں کر سکا ہوں۔

عمل یہ ہے کہ ہر نماز کے بعد پہلے مغرب کی جانب منہ کر کے کھڑا ہو جائے اور ایک سو ایک دفعہ پڑھے السلام علیکم یا عبدل کریم مغربی۔ اس طرح ہی شمال کی طرف منہ کر کے پڑھے۔ السلام علیکم یا عبدل رشید شمالی اس طرح مشرق کی طرف منہ کر کے پڑھے السلام علیکم یا عبدل رحیم مشرقی اس طرح جنوب کی طرف کر کے السلام علیکم یا عبدل خلیل جنوبی۔ تقریباً ۴۱ یوم پڑھے پھر ہر روز تین دفعہ پڑھتا رہے۔

اسم یاحیُّ یاقیّوم کا بیان

یہ عمل بھی میرا ذاتی تجربہ شدہ ہے لیکن خوش قسمتی ہے کہ اب تک جو بھی زندگی گذاری ہے وہ ساری کی ساری عملیات کے تجربات میں گذاری ہے صرف اس لیے کہ بعض لوگ صرف اپنا نام کمانے کے لیے کتابیں لکھ دیتے ہیں تجربہ کم ہوتا ہے مگر بات بہت لمبی کر دیتے ہیں۔

بندہ ناچیز نے اپنی زندگی تجربات میں گذاری ہے تاکہ دودھ دودھ پانی پانی ہو جائے اسم یاحیی یاقیّوم صوفی برکت علی لدھیانوی فیصل آباد والوں کا بھی تھا انہوں نے بھی اس اسم مبارک سے ہی باطنی اور ظاہری فیض حاصل کیا تھا۔ ۱۹۹۰ء کے عشرہ کی بات ہے کہ جب میرے استاد صاحب نے مجھ کو فرمایا تھا کہ یہ عمل کرو۔ مگر نہ کر پائے۔ ۱۹۹۴ء میں میں نے اس اسم کو تجربہ میں لایا تو ہزاروں عمل سے بہتر پایا۔ یاحیی یاقیوم خدا تعالیٰ کی باطنی صفات میں سے ایک صفت ہے صاحب عقل کے لیے اشارہ ہی کافی ہوتا ہے۔

عمل کرنے کا طریقہ: پانچ وقت کی نماز باجماعت ادا کریں۔ بہر حال باجماعت ہو تو پھر بھی ٹھیک ہے۔ اگر وقت مل جائے تو زیادہ فائدہ ہو گا۔ ورنہ بعد نماز عشاء

ہر روز ایک ہزار مرتبہ اسم کا ورد کریں۔ انشاءاللہ گیارہ دن کے بعد جس مشکل کے لیے پڑھا تھا حل ہو جائے گی یا پھر ۴۱ دن وظیفہ میں بلاناغہ رکھیں بعد میں ہر روز ایک سو دفعہ پڑھتے رہیں۔ تمام کام ہو جائیں گے۔

ایضًا:۔ اگر کوئی چاہے کہ میرے باطنی لطائف کھل جائیں تو ہر روز ہزار دفعہ پڑھا کریں۔

ایضًا: تسخیر خلائق کے لیے ہر روز بعد نماز فجر پڑھیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ مخلوق خدا مسخر ہوگی یاد رہے کہ عمل کرنے کے بعد کسی کے آگے ذکر نہیں کرنا ہوگا۔ ذکر کرنے سے عمل ضائع ہو جائے گا۔

ایضًا:۔ ہر قسم کی باطنی امداد کے لیے صبح یاحیی یا حداکبیر اعظم کا کام کرتا ہے ہر روز ہر نماز کے بعد ۲۰۰ دفعہ پڑھتے رہیں۔ ان شاءاللہ ہر طرح کی باطنی امداد حاصل ہوگی بنز دست غیب کے لیے تین چلہ کریں جو کہ ایک چلہ ۴۱ دن کا ہے۔ پرہیز جلالی جمالی کریں۔ ہر روز بعد نماز عشاء ۱۲۰۰ دفعہ پڑھیں پہلے ۴۱ دن کریں اگر عمل مکمل ہو جائے تو بہتر ورنہ دوسرا چلہ کرے پھر بھی کامیابی نہ حاصل ہو تو پھر تیسرے چلہ میں ضرور کامیابی ضرور ہوگی۔ شروع کرتے وقت صرف ایک چلہ کی نیت کرے۔

اسم یا وھاب کا بیان

اس اسم کا دنیا اقرار کرتی ہے اس کی تسخیر عجیب و غریب ہے۔ اس کی زکوٰۃ کے میرے استاد صاحب نے تین طریقے بتائے تھے۔

پہلا طریقہ زکوٰۃ یہ ہے اگر کوئی چاہے کہ میں ملک کا بادشاہ بن جاؤں تو اس کے لیے ضروری ہے کہ مکمل پرہیز جلالی اور جمالی کرے اور تین ماہ کے اندر اندر ایک کروڑ بار پڑھیں جب تین ماہ پورے ہو جائیں تو موکلات کے ناموں پر ثواب بھیجے اور سوا من دودھ کی میٹھی کھیر پکا کر چھوٹے چھوٹے بچوں میں کھلائے۔ خود بھی چلہ کے دوران صرف کھیر پکا کر کھایا کرے یا پھر کھچڑی ہی کھائے۔ بہتر تو یہ ہے کہ روزہ بھی رکھے تو زیادہ فائدہ مند ہوگا۔

ان شاءاللہ اپنی رعایا میں حکومت کرے گا اور امیر ترین آدمی ہوگا بفضل تعالیٰ۔

دوسرا طریقہ یہ ہے کہ تین ماہ کے اندر اندر دس لاکھ پڑھیں پرہیز وہی اوپر والا ہے۔ تو خدا تعالیٰ نے چاہا تو اپنے علاقے میں امیر ترین آدمی ہوگا۔ کسی کی محتاجی نہ ہوگی۔

تیسرا طریقہ یہ ہے کہ سوا ماہ کے اندر سوا لاکھ دفعہ زکوٰۃ ادا کرے۔ طریقہ وہی اوپر والا ہی ہے۔ تو ان شاءاللہ غیب سے روزی ملتی رہے گی۔

پیری مریدی خوب چمکے گی۔ اگر خدا تعالیٰ نے چاہا تو ضرور کام بن جائے گا۔

چوتھا طریقہ:۔ میرا ذاتی تجربہ شدہ ہے کہ اگر دکان پر گاہک بہت کم آتے ہوں تو پھر ہر روز کسی بھی قسم کی دکانداری ہوگی۔ خوب چمکے گی۔ گاہکی خوب ہوگی۔ اپنے نام کے اعداد کو تین سے ضرب دیں پھر یا وہاب کے اعداد ساتھ ملا کر تین سے ضرب دیں جو حاصل ہوگا اس کے مطابق روزانہ فجر کی نماز کے بعد پڑھیں۔

اسم یاغنیُ یامغنی کا بیان

اس کا عمل بھی میرا ذاتی تجربہ ہے میں نے اپنے خاص ایک بندے کو بتایا تھا اس عمل نے کمال کر دکھایا تھا دن بدن ترقی ہوتی گئی تھی۔

اس کا طریقہ یہ ہے کہ ہر روز بعد نماز فجر ایک ہزار دفعہ پڑھتے رہیں تو بفضل خدا ہر طرح کی تنگی دور ہوگی۔ اگر اس کے ساتھ یا وہاب ملا کر پڑھیں تو دن دگنی اور رات چوگنی ترقی ہوگی۔

اگر کسی کا قرضہ نہ اترتا ہو تو اس کا ورد رکھنے سے قرضہ سے نجات حاصل ہوگی۔ اگر کسی کو مالی طور پر تنگی ہو تو ہر روز ہزار دفعہ پڑھنے سے مالی تنگی دور ہوگی۔ فقیر نور محمد سروری فرماتے ہیں کہ فقیر لوگوں کے پاس یہ خزانے کی چابی ہے جب چاہیں اور جس وقت چاہیں جتنے چاہیں روپے نکال لیں۔

عمل سورۃ قریش

سورۃ قریش کا عمل بھی بہت کارآمد ہے۔ دست غیب کے لیے ہر روز بعد نماز فجر ۱۰۰ دفعہ پڑھتے رہیں تو غیب سے مالی امداد ہوگی۔

دشمن کی زبان بندی کے لیے بھی بہت مفید ہے بعد نماز عشاء شمال کی طرف منہ کر کے کھڑے ہو کر ایک سو دفعہ پڑھیں۔ ان شاء اللہ ایک ہفتہ کے اندر اندر دشمن کی زبان بند ہو جائے گی۔ مزید ضرورت ہو تو عمل جاری رکھیں۔

ہر قسم کے خوف کے لیے بھی مفید ہے۔ چوروں کے خوف سے گھر میں چاروں کونوں پر پھونک ماریں۔ ۱۱، ۱۱ دفعہ تین بار پڑھیں۔

جن بھوت کے لیے چار عدد لمبے کیل لیں۔ ہر کیل پر گیارہ دفعہ پڑھیں اور گھر کے چاروں کونوں پر کیل لگا دیں۔ ان شاء اللہ آسیب سے گھر محفوظ رہے گا۔

دعوت قبور یا کشف القبور

یہ قیمتی ہیرا بھی دوستوں کی فرمائش پر لکھا جا رہا ہے ورنہ میری اپنی نیت نہ تھی۔ اس عمل کے سیکھنے کے لیے میں نے اپنا بہت نقصان اٹھایا تھا کافی لوگوں کے پاس گیا تھا مگر کسی سے کوئی بھی کارآمد نہ ملا تھا۔ آخر کار یہ عمل میرے ہاتھ آیا تھا اس کا تجربہ شروع کر دیا تھا مگر پہلے پہل سے ناکامی حاصل ہوئی تھی بعد میں تجربہ ہوتا گیا تو مشکل آسان ہو گئی۔

عمل کرنے کی شرائط۔

۱۔ یہ عمل دل کا مریض نہ کرے ورنہ نقصان ہو گا۔
۲۔ بغیر مرشد کی اجازت کے نہ کرے جب تک اجازت نہ ہو عمل میں نہ لائے۔
۳۔ صاحب قبر کا صاحب کشف ہونا ضروری ہے۔
۴۔ کسی بھی جلالی بزرگ ولی کے دربار پر نہ کرے ورنہ بہت نقصان ہو گا۔
۵۔ عمل کرنے کے لیے رات کے دو بجے کا وقت ضروری ہے۔
۶۔ مزار کے اندر بیٹھ کر کرنا چاہیے۔
۷۔ مرشد کا کامل ہونا ضروری ہے۔ ناقص مرشد والا ہرگز نہ کرے۔
۸۔ مرشد کا بھی صاحب کشف ہونا بہت ضروری ہے۔
۹۔ عمل کو نوچندی جمعرات سے شروع کریں اگر پہلے دن ہی کشف ہو جائے تو پھر بعد میں نہ کرے۔
۱۰۔ نوچندی جمعرات کو شروع کریں اور حد تین دن کریں اگر کوئی اشارہ ہو تو بہتر ورنہ تین دن کے بعد عمل نہ کرے۔

عمل کرنے کا طریقہ:

پہلے وضو کریں بعد میں صاحب مزار کے حق میں دوگانہ ادا کریں ہر رکعت میں الحمد شریف کے بعد سورۃ اخلاص ۱۱ دفعہ پڑھیں۔ بعدہ سلام کے بعد دوگانہ کا ثواب اہل قبور کے ہدیہ پیش کریں اس کے بعد ایک دفعہ درود ابراہیمی پھر الحمد شریف پھر درود شریف تین دفعہ سورۃ اخلاص کا ثواب اہل قبر کے ہدیہ پیش کریں۔

اس کے بعد قبر کے بائیں جانب سر کی طرف کھڑے ہو کر اذان فجر ادا کریں پھر دائیں جانب سر کے پاس اذان دیں اس کے بعد پاؤں کی جانب دائیں طرف کھڑے ہو کر اذان دیں پھر پاؤں کے بائیں طرف اذان دیں پھر بعد میں پہلے والی جگہ پر آ کر بیٹھیں۔

پھر کہو یا عبداللہ قم باذن اللہ اُمددنی فی سبیل اللہ

اس کے بعد بے حساب اللہ ہو کا ذکر کریں یہاں تک کہ نیند آنا شروع ہو جائے اگر نیند نہ آئے تو آنکھیں ہی بند رکھیں دنیا کا کوئی بھی خیال دل میں نہ آنے پائے۔ جب اللہ ھو کا ذکر کرتے کرتے تھک جائے تو پھر چند لمحوں کے لیے قبر کی طرف نگاہ رکھ کر آنکھیں بند رکھیں اور خاموش رہے۔ اگر دل میں رقت طاری ہو جائے یا خوشبو آئے یا قبر میں جنبش نظر آئے یا ٹن ٹن کی آواز آئے تو پھر سمجھ لیں کہ روحانی یعنی کہ اہل قبر کی روح مبارک حاضر ہو گئی ہے پھر دل ہی دل میں دعا کریں یا اپنا مدعا بیان کریں ان شاء اللہ جلد پورا ہو گا۔ اگر کچھ بھی معلوم نہ ہو تو پھر ۴۱ دفعہ سورۃ مزمل شریف پڑھے۔ پھر مراقبہ کرے تو ان شاء اللہ ضرور اطلاع ہو جائے گی۔ اگر پہلے والی جگہ پر اطلاع نہیں ہوتی ہے تو پھر جہاں جہاں اذان دی گیا ہے وہاں وہاں ۴۱، ۴۱ دفعہ سورۃ مزمل پڑھے اور مزمل شریف پڑھنے کے بعد مراقبہ بھی ساتھ ساتھ کرنا جائے ان شاء اللہ ضرور اطلاع ہو گی۔ یہ عمل پہلے پہلے نہیں ہو گا بعد میں پھر ہوتا رہا کرے گا۔ لیکن یاد رہے

کہ کسی بھی اہل قبر کو تنگ نہیں کرنا چاہیے۔ اگر کوئی زیادہ مجبوری ہے تو پھر یہ عمل کرے ورنہ نقصان ہو جائے گا۔ لیکن اگر حاضری کے طور پر کرنا ہو تو پھر ایک ادھ عمل راز ہے۔ تاکہ لوگ فائدہ اٹھائیں۔ بہتر تو یہ ہے کہ چھوٹا عمل کام میں لائے بڑا عمل نہ کریں۔

چھوٹا عمل یہ ہے۔ تو چند جمعرات کو نماز فجر کے بعد صاحب مزار کے منہ کے پاس بیٹھ جائے اور آنکھیں بند رکھیں۔ اس کا بہتر طریقہ تو صبح صادق کے وقت کا ہے۔

اپنے دل پر تصور اسم ذات نقش کرے پھر بات سے پر بھی نقش اسم ذات نقش کرے۔ پھر دل ہی دل میں تقریباً ۲۰۰ دفعہ ذکر اسم ذات کرے پھر آنکھیں بند کر کے اہل قبر کو اپنی آرزو سنائیں۔ انشاء اللہ آپ کی آرزو ضرور پوری ہو گی۔ اس کے بعد بعد نماز عصر بھی یہ عمل کام میں لایا جا سکتا ہے۔ انشاء اللہ جو بھی اہل قبر کے پاس دعا مانگو گے ضرور پوری ہو گی۔

عمل نادِ علی کبیر

پہلے شاید ہی کسی آدمی نے نادِ علی کبیر سنا ہو گا۔ اگر نہیں سنا ہے تو پھر بھی اگر سنا ہے تو پھر بھی حاضر خدمت ہے۔ یہ سب باطنی طاقتیں ہیں جو کہ فائدہ کر رہے ہیں ورنہ اتنی چیزیں لوگ قبروں میں ساتھ لے کر چلے گئے ہیں یہ بھی یہاں تک کہ۔ ڈپٹی والدہ کا اصرار ہے اور دوستوں کی چاہت ہے جس وجہ سے لکھا جا رہا ہے۔ شاید میں بھی نہ لکھتا۔ بہرحال مجھ کو بھی چند سال دوستوں نے روکا تھا کہ یہ چیزیں عام لوگوں کے لیے نہیں، میں نے کہا عام لوگوں میں ہی خاص آدمی بن جاتے ہیں اس لیے لکھ دیتے ہیں کسی کے کام میں آ جائے یہ عمل بھی میں نے تجربہ کر کے لکھا ہے۔ انشاء اللہ پورا پورا عمل کام کرے گا۔

نادِ علی کے فوائد۔

۱۔ اگر کسی کی خواہش ہو کہ حضرت مولا علی مشکل کشا کا دیدار ہو تو اس کو چاہیے کہ تہجد کی نماز کے بعد ۴۱ دفعہ شمال کی طرف منہ کر کے پڑھے۔ پڑھتے وقت کبھی بھی بیٹھ جائے کبھی کھڑا ہو جائے۔ لیکن کرے یہ بیٹھنے کی حالت میں پڑھے۔ پڑھنے سے پہلے

دو رکعت نماز نفل ادا کر ہر رکعت میں الحمد شریف کے بعد سورۃ اخلاص گیارہ دفعہ پڑھے پھر اس دوگانہ کا ثواب حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے نذرانہ پیش کرے پھر ۴۱ دفعہ نادِ علی کبیر ادا کرے۔

۲۔ اگر کوئی آدمی گم ہو گیا ہو تو بعد نماز عشاء کھڑے ہو کر ۴۱ دفعہ پڑھے جب تک آدمی نہ آئے پڑھتا رہے۔ انشاء اللہ سات، پندرہ، ۲۱ دنوں میں گم شدہ ضرور آ جائے گا۔

۳۔ اگر کسی کا کاروبار بند ہو گیا ہو تو پھر اُس کو چاہیے کہ بعد نماز فجر ۴۱ دفعہ بے چینی کی حالت میں پڑھے۔ انشاء اللہ چند ہی دنوں میں کاروبار کھل جائے گا۔

۴۔ اگر کسی پر قرضہ بہت ہو گیا ہو تو اتارنے کا کوئی طریقہ نہ نظر آ رہا ہو تو پھر نماز فجر کے بعد پہلے ۴۱ دفعہ درود پاک ابراہیمی اور پھر ۴۱ دفعہ نادِ علی کبیر پھر ۴۱ دفعہ درود پاک پڑھ کر دعا مانگے۔ ان شاء اللہ چند دنوں کے اندر اندر قرضہ سے نجات مل جائے گی۔

۵۔ اگر بیوی ناراض ہو کر چلی جائے تو پھر دوپہر کے وقت ۱۲ بجے دھوپ میں کھڑے ہو کر ۴۱ دفعہ اول و آخر ابراہیمی پڑھے انشاء اللہ چند دنوں کے اندر اندر روٹھی ہوئی بیوی آ جائے گی۔

۶۔ دشمن کی زبان بندی کے لیے صبح کی نماز کے بعد ۱۱ دفعہ پڑھیں اور دشمن کا تصور کر کے پڑھیں۔ انشاء اللہ دشمن تمہارا کچھ نہیں بگاڑے گا خواہ سامنے پھرتا رہے۔

۷۔ کسی کو ہر وقت اپنے دشمن سے خطرہ رہے کہ کہیں مار نہ دے تو صبح کی نماز کے بعد ۱۱ دفعہ پڑھتا رہے اور پھر ہر وقت چلتے پھرتے وقت پڑھیں انشاء اللہ دشمن آپ کا کچھ نہ بگاڑ سکے گا۔ مجرب ترین ہے۔

۸۔ اگر کوئی پردیس گیا ہو تو نہ کوئی خط آیا ہو اور نہ ہی خود آئے تو پھر بعد نماز عشاء ۸۱ دفعہ تصور کر کے پڑھتے رہیں۔ انشاء اللہ جلد ہی خط آ جائے گا۔ یا پھر خط والا خود آ جائے گا۔

Scanned with CamScanner

نادِ علی کبیر یہ ہے

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ نَادِ عَلِیًّا مَظْہَرَ الْعَجَائِبِ (ط) تَجِدْہُ
عَوْنًا لَّکَ فِی النَّوَائِبِ (ط) کُلُّ ہَمٍّ وَّغَمٍّ اِلَی اللّٰہِ حَاجَتِیْ وَ
عَلَیْہِ مُعَوَّلِیْ کُلَّمَا رَمَیْتَ مُتَقَاضِیًا فِی اللّٰہِ وَ بِدَ اللّٰہِ لِیْ اَدْعُوْکَ
کُلَّ ہَمٍّ وَّغَمٍّ سَیَنْجَلِیْ بِعَظَمَتِکَ یَا اللّٰہُ یَا اللّٰہُ یَا اللّٰہُ وَبِنُبُوَّتِکَ
یَا مُحَمَّدُ یَا مُحَمَّدُ یَا مُحَمَّدُ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ وَبِوِلَایَتِکَ
یَا عَلِیُّ اَدْرِکْنِیْ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ یَا عَلِیُّ اَدْرِکْنِیْ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ یَا
عَلِیُّ اَدْرِکْنِیْ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ بِحَقِّ لُطْفِکَ الْخَفِیِّ اَللّٰہُ اَکْبَرُ ۝
اَللّٰہُ اَکْبَرُ ۝ اَللّٰہُ اَکْبَرُ ۝ اَنَا مِنْ شَرِّ اَعْدَائِکَ بَرِیٌّ بَرِیٌّ
بَرِیٌّ اَللّٰہُ الصَّمَدُ بِحَقِّ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ
یَا اَبَا الْغَیْثِ اَغِثْنِیْ یَا رَاحِمَ الْمَسَاکِیْنِ اِرْحَمْنِیْ یَا عَلِیُّ اَدْرِکْنِیْ
فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ یَا عَلِیُّ اَدْرِکْنِیْ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ یَا عَلِیُّ اَدْرِکْنِیْ
فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ یَا قَاہِرَ الْعَدُوِّ یَا وَالِیَ الْوَلِیِّ یَا
مَظْہَرَ الْعَجَائِبِ یَا مُرْتَضٰی عَلِیُّ یَا قَہَّارُ تَقَہَّرْتَ بِالْقَہْرِ وَالْقَہْرُ
فِیْ قَہْرِ قَہْرِکَ یَا قَہَّارُ یَا ذَا الْبَطْشِ الشَّدِیْدِ اَنْتَ الْقَاہِرُ
الْجَبَّارُ الْمُہْلِکُ الْمُنْتَقِمُ الْقَوِیُّ الَّذِیْ لَا یُطَاقُ انْتِقَامُہٗ
وَاُفَوِّضُ اَمْرِیْ اِلَی اللّٰہِ ۝ اِنَّ اللّٰہَ بَصِیْرٌۢ بِالْعِبَادِ ۝ وَالْحُکْمُ
لِلّٰہِ وَاحِدٌ لَا اِلٰہَ اِلَّا ہُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ ۝ حَسْبِیَ اللّٰہُ
وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ وَ نِعْمَ الْمَوْلٰی وَنِعْمَ النَّصِیْرُ ۝ یَا غِیَاثَ
الْمُسْتَغِیْثِیْنَ اَغِثْنِیْ یَا رَاحِمَ الْمَسَاکِیْنِ اِرْحَمْنِیْ یَا عَلِیُّ
اَدْرِکْنِیْ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ یَا عَلِیُّ اَدْرِکْنِیْ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ
یَا عَلِیُّ اَدْرِکْنِیْ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ بِرَحْمَتِکَ وَمَنِّکَ وَجُوْدِکَ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ ۝

عمل سورۃ فیل

سورۃ فیل بمع موکلات ۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝

اَلَمْ تَرَ کَیْفَ یَا جِبْرَائِیْلُ فَعَلَ رَبُّکَ یَا شَمْسَائِیْلُ بِاَصْحٰبِ
الْفِیْلِ یَا کَنْکَائِیْلُ اَلَمْ یَجْعَلْ کَیْدَہُمْ یَا نُوْمَائِیْلُ فِیْ تَضْلِیْلٍ
یَا مِیْکَائِیْلُ وَّاَرْسَلَ عَلَیْہِمْ یَا اِسْرَافِیْلُ طَیْرًا اَبَابِیْلَ
یَا سَرْمَائِیْلُ تَرْمِیْہِمْ بِحِجَارَۃٍ یَا بَدُّوْحُ مِّنْ سِجِّیْلٍ یَا
کَفْقَائِیْلُ فَجَعَلَہُمْ یَا اَحْمَائِیْلُ کَعَصْفٍ مَّاْکُوْلٍ یَا تَنْکَائِیْلُ ۔

فوائد:-

۱۔ کسی بھی قسم کی مشکل کے لیے بعد نماز فجر ۲۰ دفعہ پڑھیں انشاءاللہ گیارہ دن کے اندر اندر مشکل حل ہو جائے گی۔ نہ ہو تو پھر ۲۱ دن پڑھے۔

۲۔ دو شخصوں کے درمیان جدائی ڈالنی مقصود ہو تو پرانی قبر کی مٹی پر گیارہ گیارہ دفعہ تین بار پھونک ماریں پھر دونوں کے گھروں میں ڈال دیں۔ جدائی ہو گی۔

۳۔ ہر روز ۱۰۰۰ دفعہ پڑھنے سے تمام مخلوق مسخر ہو گی پہلے سات دن تک پرہیز جلالی کے ساتھ ہر روز ۱۰۰۰ دفعہ پڑھیں پھر ہر روز ۱۰۰ دفعہ پڑھتے رہیں۔ ان شاءاللہ تمام مخلوق مسخر ہو گی۔

۴۔ اگر کسی کو اپنے عشق میں دیوانہ کرنا مقصود ہو تو معشوق کے پاؤں کی مٹی لے کر مٹی پر ۷۰ دفعہ پڑھ کر پھونک ماریں۔ مٹی بائیں پاؤں کی ہونی ضروری ہے۔ اپنے معشوق کو کھلائیں۔

۵۔ زبان بندی کے لیے ریشمی دھاگہ پر گرہ دیں اور ہر گرہ پر سات بار پڑھ کر گرہ دیں۔ پھر اس طرح سات گرہ دیں۔ ان شاءاللہ دشمن کی زبان بندی ہو جائے گی۔ دھاگہ اپنے گلے میں رکھیں یا پھر جیب میں رکھیں۔

۶۔ صبح کی نماز کے بعد گیارہ دفعہ پڑھتے رہیں۔ دشمن کی زبان بند رہے گی لیکن آزمائش شرط ہے۔

دشمن کو زیر کرنے کے لیے

اَللّٰھُمَّ سَخِّرْ لِیْ اَعْدَائِیْ کَمَا سَخَّرْتَ الرِّیْحَ لِسُلَیْمَانَ بْنِ دَاؤدَ عَلَیْہِ السَّلَامُ وَ لَیِّنْھُمْ کَمَا لَیَّنْتَ الْحَدِیْدَ لِدَاؤدَ عَلَیْہِ السَّلَامُ وَ ذَلِّلْھُمْ کَمَا ذَلَّلْتَ فِرْعَوْنَ لِمُوْسٰی عَلَیْہِ السَّلَامُ وَقَھِّرْھُمْ کَمَا قَھَرْتَ اَبَا جَھْلٍ لِمُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ بِحَقِّ کٰھٰیٰعٰصٓ وَ بِحَقِّ حٰمٓعٓسٓقٓ صُمٌّۢ بُکْمٌ عُمْیٌ فَھُمْ لَا یَرْجِعُوْنَ صُمٌّۢ بُکْمٌ عُمْیٌ فَھُمْ لَا یَعْقِلُوْنَ صُمٌّۢ بُکْمٌ عُمْیٌ فَھُمْ لَا یُبْصِرُوْنَ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ فَسَیَکْفِیْکَھُمُ اللّٰہُ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ ۝ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۝

اگر کسی کا کوئی دشمن ہر وقت تنگ کرتا رہے تو نماز فجر سے پہلے پڑھیں۔ پڑھنے کا طریقہ یہ ہے کہ صبح اٹھ کر وضو کر کے مصلیٰ پر بیٹھ جائیں اور گیارہ دفعہ پڑھیں۔ پھر بعد میں سنت ادا کریں۔ پھر فرض ادا کریں۔ یعنی کہ نماز فجر ادا کرنے سے پہلے پڑھنی ضروری ہے۔ جب تک دشمن زیر نہ ہو پڑھتے رہیں کام نہ ہونے تک جاری رکھیں۔ بے شک اگر ہر روز کا وظیفہ بنا لیا جائے تو بے جا نہ ہوگا۔ اگر ہر روز پڑھتے رہیں گے تو انشاءاللہ کوئی بھی دشمن نہ رہے گا۔ اگر مخلوق کو تسخیر کرنا ہو تو پھر بھی ہر روز صبح کی سنت سے پہلے پڑھتے رہیں اللہ نے چاہا تو تمام مخلوق مسخر ہو گی۔

تعویذ پھوڑا پھنسی ہر قسم

یہ تعویذ میرا ذاتی تجربہ نہیں ہے مگر میرے دوست نے مجھ کو عطا کیا تھا۔ میں نے ایک دوست کو دے دیا تھا تو انہوں نے بتایا ہے کہ بہت مجرب ہے پھوڑا پھنسی ہر قسم کیلئے

ہے مفید ہے۔ خواہ زخم بھی کیوں نہ ہو۔

تعویذ کو لکھ کر تین دن گلے میں رکھیں پانی دانے وغیرہ کے لیے بھی مفید ہے۔ جب پھوڑا پھنسی ٹھیک ہو جائے تو پھر اتار کر نہر کے پانی میں بہا دیں۔ ویسے بھی کسی کاغذ آمد تختی میں ڈال کر گلے میں بھی رکھیں۔ اللہ نے چاہا تو زندگی بھر کے لیے پھوڑا پھنسی نہ نکلے گا۔ نقطوں پر مکمل طور پر زیر زبر لگانی ہے ورنہ تعویذ کام نہ کرے گا تعویذ یہ ہے۔ تعویذ لکھ کر اس کے اوپر سات دفعہ درود پاک ابراہیمی اور سات دفعہ الحمد شریف پوری سات دفعہ درود پاک پڑھ کر پھونک ماریں پھر بند کریں تعویذ کو۔ پھر اثر ہوگا۔



برائے دفع کل آفات

یہ نسخہ ہمارے بزرگوں کا آزمودہ ہے میرے ہاتھ تقریباً ۲۰۰ سال بعد آیا ہے۔ اس کے پڑھنے سے انسان ہر قسم کی آفات سے محفوظ رہے گا۔ اگر وظیفہ بنا یا ہو تو پھر کیا ہی بات ہے نہیں تو جب بھی مصیبت آنے لگے تو اس کو اپنے وظیفہ میں رکھیں ہیضہ، چیچک اور طاعون کے لیے بہتر علاج ہے۔ صبح کی نماز کے بعد سورۃ فاتحہ مع بسم اللہ شریف پڑھیں۔ سنتوں اور فرضوں کے درمیان پڑھیں تو زیادہ فائدہ مند ہو گا اکیس دفعہ پڑھیں۔ پھر ظہر کی نماز کے فرضوں کے ۲۲ دفعہ پڑھیں۔ پھر عصر کی نماز فرض کے بعد ۲۳ دفعہ پڑھیں مغرب کی نماز کے بعد فرضوں کے بعد ۲۴ دفعہ پڑھیں عشاء کی نماز کے بعد ۲۵ دفعہ پڑھیں اور بعد نماز عشاء ۱۰۰ دفعہ درود شریف ابراہیمی پڑھیں انشاءاللہ کل آفات سے محفوظ رہو گے۔ بفضل تعالیٰ۔

ہر مقصد کے لیے

جب کبھی بھی کسی کام کے لیے گھر سے نکلیں تو یا پھر کوئی خاص کام کے لیے گھر سے جانا ضروری ہو تو اپنے سامنے کی طرف پھر دائیں طرف بائیں ہاتھ میں ایک دفعہ اپنے پچھلی طرف اور ایک دفعہ آسمان کی طرف اور ایک دفعہ اپنے پاؤں کی طرف پھر تمام جسم پر ایک ایک دفعہ آیت الکرسی پڑھ کر دم کریں جس کام کے لیے بھی جا رہے ہوں گے۔ بفضل تعالیٰ ہو جائے گا اگر پہلی دفعہ نہ ہو تو پھر جب بھی جائیں تو پڑھ لیا کریں۔

برائے ذاتی ہمراہیوں کی سلامتی کے لیے

اگر کوئی آدمی کہیں جا رہا ہو تو آگے سے دشمن مل جائے تو کوئی ہتھیار پاس نہ ہو تو پھر سورۃ قریش ۱۱ دفعہ پڑھ کر اپنے اوپر دم کریں پھر اپنے ساتھیوں کے اوپر دم کریں۔ دشمن سے محفوظ رہیں گے۔ پھر بعد میں ۱۲ دفعہ یا شیخ عبدالقادر جیلانی پڑھے۔ انشاء اللہ جنگ میں بھی پوری پلاٹون محفوظ رہے گی۔ اگر رات کو جنگ کے دوران سامان کے چاروں طرف ایک ایک دفعہ درود پاک اور گیارہ گیارہ دفعہ سورۃ قریش پڑھ کر پھونک مار دیں تو پورا سامان اور جوان بھی دشمن سے محفوظ رہیں گے۔

غائب کا رزق حاصل کرنے کے لیے

اگر کوئی آدمی چاہے کہ مجھ کو غائبانہ رزق ملے تو اس آدمی کو چاہیے کہ فجر نماز کی سنتوں اور فرضوں کے درمیان سورۃ اذا جاء ۵۰ دفعہ اپنے وظیفہ میں رکھے انشاء اللہ غائب سے رزق ملے گا اور عشاء کے فرض کے بعد اور وتر پڑھنے سے یا حیی یا قیوم لا الٰہ الا انت سبحانک انی کنت من الظالمین پڑھے۔ اگر صاحب اولاد ہے تو پھر بعد نماز عشاء ۱۰۰ دفعہ اپنا وظیفہ رکھیں اگر بے اولاد ہے تو پھر ۱۰۰ دفعہ پڑھے انشاء اللہ رزق کی تنگی جاتی رہے گی اور قرضہ سے بھی نجات ملے گی۔ بفضل تعالیٰ۔

برائے حُب

اگر کسی آدمی کا بالا آفیسر یا حاکم بہت سخت ہو اور کام کے وقت کام نہ دے تو پھر آدمی کو چاہیے کہ مندرجہ ذیل آیت ایک سو دفعہ پڑھے۔ پہلے مٹھی بند کرے پھر مٹھی تھوڑی سی کھول کر آیت مذکورہ پڑھ کر مٹھی میں دم کرے یعنی پھونک مارے۔ جب پڑھ چکے تو پھر مٹھی کو مضبوطی سے بند کرے جس وقت مطلوب کے پاس جائے تو مطلوب کے سامنے جا کر عرض کریں اگر ہاتھ ملا سکتے ہیں تو پھر ہاتھ ملائے۔ یاد رکھیے کہ دائیں ہاتھ کی مٹھی ہونی چاہیے۔

نوٹ! اگر کسی کا محبوب بھی ناراض ہو تو محبوب کے سامنے مٹھی جا کھولے اور مٹھی کھول کر ہاتھ سیدھا محبوب کی طرف کر دے۔ انشاء اللہ محبوب بھی مسخر ہو جائے گا۔

آیت یہ ہے۔

وَاللّٰهُ غَالِبٌ عَلٰٓی اَمْرِهٖ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا یَعْلَمُوْنَ ۝

دشمن کی حد بندی کے لیے

اگر دشمن کا خطرہ ہو کہ کہیں گھر کی حد یا گاؤں کی حد میں نہ آ جائے یا کہیں قلعہ بنایا ہوا ہے تو دشمن کا خطرہ ہے کہ اچانک حملہ آور نہ ہو جائے تو چاہیے کہ اپنی شہادت کی انگلی اٹھا کر اپنے چاروں طرف جتنا چاہیے حد تصور کر کے اپنے کیے ہوئے تصور کے مطابق انگلی گھمائے اور ساتھ یہ الفاظ پڑھتا رہے۔ الفاظ یہ ہیں۔ لا الٰہ الا اللہ کرسٹ اُسارا یا محمد الرسول اللہ چاہے دروازہ ما، یا قلعہ میں گھر میں جہاں کہیں بھی ہوں قلعہ تصور کر کے دم کریں انشاء اللہ دشمن اس حد میں داخل نہ ہو گا۔ دشمن کی جرأت نہ ہو گی کہ وہ حملہ آور ہو جائے اگر حملہ آور ہوا بھی تو حملہ ناکام ہو جائے گا۔ بفضل اللہ۔

اگر دشمن اچانک قریب تر آ گیا ہو تو

کہیں سفر کر رہے ہیں اچانک دشمن نظر آیا ہے تو پھر گھبرانے کی ضرورت نہیں ہے

Scanned with CamScanner

دشمن سے بچنے کے لیے سورۃ قریش سات دفعہ پڑھ کر اس کی طرف دم کرے۔ اللہ نے چاہا تو دشمن مغلوب ہو جائے گا۔

ایضاً: اگر دشمن کے ڈر کی وجہ سے کہیں ہجرت کر کے چلے جاؤ تو پھر بھی ڈر رہے کہ کہیں دشمن پیچھا نہ کرے تو کسی صاف کاغذ پر آیت مبارکہ اِنَّ اللّٰہَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ لکھ کر شہر کے باہر یا گھر کے باہر جس گھر میں رہ رہا ہو، درخت پر اونچا کر کے باندھ دیں انشاءاللہ دشمن کے حملہ سے محفوظ رہے گا۔ اگر گھر میں بھی چوروں کا خطرہ رہتا ہو تو پھر گھر کے اندر درخت کے اوپر باندھ دیں۔ یا پورے گھر کے چاروں طرف آیۃ الکرسی پڑھ کر پھونک مار دیں یا پورے گاؤں کے اوپر آیۃ الکرسی کا حصار کر دیں یا سورۃ قریش پڑھ کر پھونک مار دیں گاؤں میں چور نہ داخل ہوں گے۔ بفضلِ تعالیٰ۔

دشمن پر غالب آنے کے لیے

یہ عمل صرف جنگ کے دوران کا ہے صرف جنگ میں استعمال ہوگا۔ چند سفید یا سبز جھنڈے بنائیں۔ جھنڈے کے اوپر یہ الفاظ لکھیں یا کسی کاغذ پر لکھ کر جھنڈے کے ساتھ باندھیں تاکہ کاغذ ہلتا رہے۔ الفاظ یہ ہیں۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم الٰھی بحرمت یملیغامکشل میتا کشفوطق تب یونس کثافت یونس بوانس بوس اسم کلھم قطمیر۔

برائے دردِ زہ

جب عورت کو زہ کا درد شروع ہو تو درد شروع ہوتے ہی اوپر والے الفاظ کاغذ پر لکھ کر عورت کی کمر کے ساتھ باندھ دیں۔ جب درد مکمل ہو جائے پیدائش کا وقت قریب ہو جائے تو تعویذ کو فوری طور پر اتار دیں۔ یا درد شروع ہوتے ہی کاغذ پر لکھ کر عورت کو دکھائیں۔ پیدائش تک دیکھے جائے۔ انشاءاللہ اللہ رحم فرمائیں گے۔

.....

عمل برائے نرینہ اولاد

جس گھر میں اولاد نہ ہو رہی ہو اور یہ بھی نرینہ چل رہا ہو کہ میاں میں نقص ہے یا کہ بیوی میں نقص ہے۔ اُن کو چاہیے کہ نئے چاند کے پہلے اتوار یعنی کہ نوچندی اتوار با وضو ہو کر سورۃ انا انزلنا اپنی انگلی کے ساتھ مع اعراب ظہر کے وقت لکھے کسی صاف کاغذ پر لکھنا ہوگا وہ کاغذ گھول کر دونوں میاں بیوی پانی پئیں۔ اس طرح گیارہ دن کریں جب تک عمل قائم نہ ہو ہر ماہ کی نوچندی اتوار سے شروع کریں اور گیارہ دن تک مندرجہ ذیل آیت مبارکہ لکھ کر اپنی بیوی کے سینہ پر رکھے یا پڑھ کر پھونک ماریں۔ یہ عمل بھی گیارہ دن کرنا ہوگا۔ بفضلِ اللہ تعالیٰ مہربانی ہوگی۔ الفاظ یہ ہیں پڑھنے کے لیے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم الٰھی بحرمت یملیغامکشل میتا کشفوطق تب یونس کثافت یونس بوس اسم کلھم قطمیر۔

برائے چیچک

اگر کسی کو مرض چیچک ہو گیا ہو تو اس کو چاہیے کہ سورہ فاتحہ بمعہ بسم اللہ شریف بغیر نقطوں کے لکھ کر گلے میں ڈالیں۔ ان شاءاللہ شفاء ہو جائے گی اور صبح دوپہر شام ۱۰۰ بار پڑھ کر پانی پر دم کر کے پلائیں۔ مریض جلدی شفا پائے گا۔

برائے خوشحالی

اگر کسی کے سر پر قرضہ ہی قرضہ ہوتا جائے اور کوئی کام بھی نہ چل رہا ہو یا کوئی بھی کاروبار منافع نہ دے رہا ہو تو چاہیے کہ مندرجہ ذیل الفاظ اول آخر درود پاک ابراہیمی گیارہ دفعہ نمازِ عشاء کے وتروں سے پہلے پڑھے، ۵۰۰ دفعہ پڑھنا ضروری ہے اور فجر کی نماز کے بعد چھ سو دفعہ پڑھنا ضروری ہے۔

اسم اعظم یہ ہے۔ یَامُغْنِیُّ
انشاء اللہ خوشحالی گھر میں لوٹ آئے گی۔ بفضل اللہ تعالیٰ۔

ہر قسم کے بخار کے لیے

۱۔ آیت کریمہ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ لکھ کر گلے میں باندھ دیں اور پانی پر دم کریں۔ دن میں تین بار پلائیں۔ ان شاء اللہ شفاء ہوگی۔

۲۔ علی شیر اللہ کا پیارا نہ رہی تپ دوری نہ رہی بخار انہارا اسم جو ناحق پاک محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم لکھ کر گلے میں لٹکائیں اور ساتھ پڑھیں دھائی غوث پاک دی تاپاسد سے تیرھی تہ آوی پانی پر دم کرکے ہر قسم کے بخار کے مریض کو پلائیں اور ایک عدد لکھ کر گلے میں لٹکائیں۔ اللہ نے چاہا تو بخار جو بھی ہوگا اتر جائے گا۔

۳۔ لفظ یا محیط لکھ کر مریض کے دونوں ہاتھوں میں کلائی پر باندھ دیں۔ بخار اتر جائے گا۔ بفضل تعالیٰ۔

ہر قسم کے سر درد کے لیے

جس قسم کا بھی سر درد ہو مندرجہ ذیل الفاظ صاف کاغذ پر سیاہ روشنائی سے لکھ کر سر پر باندھ دیں۔ سر درد اتر جائے گا۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ہ طِطِ طِطِ طِطِ طِطِ طِطِ یا کبیکج یا کبیکج ۔

دفع آسیب

جس گھر میں جنات کا قبضہ ہو یا دات کو اکثر تنگ کرتے ہوں۔ تو سورۃ قریش ایک ہزار دفعہ پڑھیں۔ گھر میں یا پورے گاؤں کے گرد دم کریں۔ اول و آخر درود پاک ابراہیمی پڑھیں۔ خلل جاتا رہے گا۔

عمل سورۃ اذا جاء

۱۔ قرضے سے نجات کے لیے صبح کی سنتوں اور فرضوں کے درمیان ۱۰۰ دفعہ پڑھنے سے قرضے سے نجات مل جائے گی۔ بفضل تعالیٰ۔

۲۔ اگر بدقسمتی سے کسی کے گھریلو حالات خراب ہوگئے ہوں یا گھر میں بالکل فاقہ کشی ہو تو صبح کی نماز کے بعد ۱۰۰ دفعہ سورۃ مذکورہ پڑھیں اور اول آخر ۱۰۰،۱۰۰ دفعہ درود شریف ابراہیمی پڑھیں۔ ان شاء اللہ بدقسمتی سے قسمت جاگ اٹھے گی۔ کامیابی اور کامرانی قدم چومے گی۔ بفضل تعالیٰ ان شاء اللہ

۳۔ معرفت خاص کے لیے اور دل کی بیداری کے لیے تہجد کی نماز کے بعد پہلے ۲ رکعت نفل بحضور جناب رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ادا کرے پھر بحضور جناب غوث پاک رضی اللہ تعالیٰ عنہ کرے۔ بعد میں ۱۰۰ دفعہ سورۃ مذکورہ پڑھے۔ اول و آخر ۱۰۰،۱۰۰ دفعہ درود پاک ابراہیمی ادا کرے۔ انشاء اللہ دل کی بیداری حاصل ہوگی۔ نفل ادا کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ سورۃ فاتحہ کے بعد سورۃ اخلاص ۱۱ دفعہ ہر رکعت میں پڑھیں۔ بفضل تعالیٰ مقصد میں کامیابی ہوگی۔

۴۔ اگر جنگ کے لیے تیاری کرتے وقت سورۃ مذکورہ کا ورد رکھا جائے تو جنگ میں فتح حاصل ہوگی یہ عمل تقریباً ۲۰۰ سال پہلے ہمارے آباؤ اجداد کا آزمودہ ہے۔ اللہ تعالیٰ ان پر اپنی رحمت نازل فرمائیں آمین۔

عمل سورۃ یاسین

یہ سورۃ یاسین کا عمل ہمارے آباؤ اجداد کا آزمودہ ہے۔ ہمارے شہنشاہ حضرت سید عبد اللہ نوری بن حضرت شاہ محمد مقیم محکم الدین واصل الدین فرماتے ہیں کہ یہ عمل مجھ کو حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے ملا تھا اور حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے فرمایا تھا کہ یہ میرا ذاتی عمل ہے مجھ کو حضور پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا تھا کہ اس کا وظیفہ

رکھا کرو اور اپنی اولاد کو بھی عطا کر دینا۔ حضور پاکؒ نے فرمایا کہ یہ عمل مجھ کو خدا تعالیٰ کی طرف سے عنایت ہوا ہے اور میں خود اس عمل کو کرتا ہوں۔ حضرت سید عبداللہ نوری علیہ رحمت اس کا طریقہ اس طرح نصیحت فرماتے ہیں۔

پہلے تین دن کے لیے دنیا ترک کر دو سوائے ہلکی غذا کے کچھ نہ کھائے بلکہ اگر ہمت ہے تو تین دن کا روزہ رکھو اگر تین دن کا روزہ نہ رکھ سکو تو پھر ہر روز سحری کرو اور افطاری کرو اس سلسلے کی زکوٰۃ تین روز تک ترک حیوانات کر کے شروع کریں پہلے گیارہ دفعہ درود ابراہیمی پھر چالیس دفعہ سورۃ فاتحہ پھر گیارہ دفعہ درود پاک پھر گیارہ دفعہ سورۃ فاتحہ پھر گیارہ دفعہ درود پاک ابراہیمی پھر اکتالیس دفعہ سورۃ یٰسین پڑھے پھر اس کا ثواب حضور پاک پنج تن پاک حضور غوث پہنچائے تین دن گزرنے کے بعد ہر روز منزل کرے۔ تین دفعہ روزانہ سات دفعہ گیارہ دفعہ چودہ دفعہ یا اکتالیس بار پڑھے۔
ان شاء اللہ تعالیٰ دنیا کی تمام آفات سے محفوظ رہے گا غریبی دور ہوگی۔ قلب کی صفائی ہوگی روحوں کے ساتھ ملاقات ہوگی۔ حضور پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زیارت خواب میں ہوگی۔ حضور حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی زیارت ہوگی جناب غوث پاک کی زیارت نصیب ہوگی۔

زبان سیف ہو جائے گی۔ جو بھی زبان سے الفاظ ادا ہوں گے فوراً ہی منظور ہوں گے۔ اس کے بعد آدمی دنیا سے بالکل لاتعلق ہو جاتا ہے۔ لنگر عام فقیری عام کسی قسم کی محتاجی نہ ہوگی۔ بفضل تعالیٰ حکم ربی۔

عمل سورۃ فاتحہ

ہمارے آباؤ اجداد فرماتے ہیں کہ سورۃ فاتحہ کا کمال صرف خدا ہی بہتر جانتا ہے۔ اس کے راز کا کسی کو علم نہیں ہے کیونکہ حضور پاکؐ نے فرمایا ہے کہ تمام دعاؤں سے بہتر دعا الحمد شریفؒ ہے۔

روزی کو جاری کرنے کے لیے۔ نماز فجر کے سنتوں اور فرضوں کے درمیان ۱۲ دفعہ

پڑھیں ظہر کی نماز کے بعد ۲۲ دفعہ پڑھیں عصر کی نماز کے بعد ۲۳ دفعہ پڑھیں مغرب کی نماز کے ۲۴ دفعہ پڑھیں عشاء کی نماز کے بعد ۱۰ دفعہ پڑھا کریں۔ بفضل تعالیٰ روزی میں کمی نہ ہوگی۔

باطن کی صفائی کے لیے صبح کی نماز کے بعد ۱۰۰ دفعہ اور ہر نماز کے بعد ۱۰ دفعہ پڑھنے سے قلب کی صفائی حاصل ہوگی۔ ہر مرض کے ازالہ کے لیے ۱۲ دفعہ تین بار پانی پر دم کر کے مریض کو پلائیں ان شاء اللہ چند ہی دنوں میں مریض شفایاب ہو جائے گا۔
بحکم خدا تعالیٰ بفضل ربی

سورۃ نوح برائے ہلاکی دشمن

یہ عمل بھی ہمارے آباؤ اجداد کا ہے لیکن انہوں نے کرنے سے منع فرمایا ہوا ہے لیکن چند ایک دوستوں کی مجبوری کے لیے فی سبیل اللہ لکھ دیا ہے تاکہ اگر کسی کو کوئی دشمن نقصان ہر وقت دیتا رہتا ہو تو بوجہ مجبوری کرے بہت بڑی مجبوری ہو تو پھر اس کو کرنا ضروری ہے یا پھر دشمن کو مسخر کرنے کے لیے بھی کیا جاتا ہے۔ بجائے ہلاکی دشمن کے دشمن کو زیر کرے تو بہتر ہے۔ اس کو مندرجہ ذیل ترتیب سے پڑھنا ضروری ہے کہ اول دوگانہ نذر سے پہلے ادا کرے۔ پہلی رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد چھ دفعہ سورۃ نوح پڑھے پھر دوسری رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد پانچ دفعہ مذکورہ سورۃ پڑھے۔ نفل ادا کرتے وقت اپنے منہ کے سامنے مٹی کا ڈھیلا رکھے اور تصور کرے کہ دشمن کا سر ہے جب نفل سے فارغ ہو تو سلام پھیرے تو چھری پکڑ کر اس مٹی کے ڈھیلے پر مارے ہلاک کرنے کی نیت سے نفل سے فارغ ہونے کے بعد دوزانو بیٹھ کر سورۃ مذکورہ پڑھے۔ عمل بعد نماز عشاء کرنا ضروری ہے۔

سورۃ مزمل شریف کا دوسرا عمل

اگر کوئی شخص چاہے کہ سورۃ مزمل شریف کے موکلات تابع ہوں تو ان کا طریقہ

Scanned with CamScanner

بتایا جاتا ہے تاکہ اگر کسی کی خواہش ہو تو حاصل کر سکے۔ یہ عمل بھی ہمارے آباؤ اجداد کا لکھا ہوا ہے۔ پرانا نسخہ لکھا ہوا ہاتھ آیا ہے۔ بڑی مشکل سے تحریر کو پڑھا تو پھر لکھنے کے قابل ہوا ہے اس لیے کہ تقریباً ۱۵۰ سو سال پرانا نسخہ ہے۔ خدمت خلق سمجھ کر لکھ رہے ہیں تاکہ نادار لوگ فائدہ اٹھا سکیں آگے ہر کسی کی اپنی قسمت ہے۔ اس کی بڑی زکوٰۃ ایک لاکھ دفعہ پڑھنے کی ہے۔ پرہیز صرف گوشت اور چکنائی والی اشیاء کا ہے اور کوئی خاص پرہیز نہیں ہے۔

ایک ہزار۔ ۱ دن میں پڑھنی ہے روزہ بھی رکھنا ضروری ہے۔ بہتر تو ہے کہ دریا کے کنارے یا نہر کے کنارے پڑھا جائے۔ صرف ۴۱ دفعہ روزانہ پڑھنا ہوگا۔ لیکن ہر نماز کے بعد ۴۱ دفعہ پڑھیں۔ جو کی روٹی کھانی ہوگی گندم کی روٹی ہرگز نہ کھائیں سورۃ شریف پڑھتے وقت درود شریف تین دفعہ پڑھیں اور ولا الہ فاتخذہ وکیلا تین بار پڑھے۔ پھر تین دفعہ اکفنی یا وکیلُ یا اللہ پھر استغفر اللہ تک پہنچے تین دفعہ ان اللہ غفور رحیم پڑھے۔ لفضل تعالیٰ اللہ تعالیٰ رحم فرمائیں گے۔ اگر کوئی خوش نصیب آدمی اس کا عمل کرے تو پوری زندگی کسی کا محتاج نہ ہوگا تمام مخلوق قدر کرے گی اور غائبانہ روزی ملے گی۔ بفضل تعالیٰ۔

مزمل شریف کا تیسرا طریقہ

جمعہ کے دن دوپہر کو غسل کرے اور نماز جمعہ ادا کرے اس کے بعد دو رکعت نماز نفل نظر خدا پڑھے پھر دو رکعت نماز نفل نظر رسول اللہ پڑھے۔ پھر دو رکعت پیر محبوب سبحانی ادا کرے ہر رکعت میں ۱۱، ۱۱ دفعہ مزمل شریف پڑھے پھر نفل ادا کرنے کے بعد آیۃ الکرسی ایک دفعہ ۴۱ دفعہ سورۃ اخلاص ایک دفعہ سورہ فاتحہ پڑھ کر دم کرے۔ پھر گیارہ دفعہ درود پڑھے۔ پھر سورۃ مزمل شریف ہر روز بعد نماز عشاء پڑھے آخر میں ثواب حضور پاک اپنے تمام اہل و عیال جو گذر چکے ہوں ثواب پہنچائے۔ اگر تین چلہ اس طرح کاٹ لے تو تلوار بن جائے گی۔ جو بات کہے گا۔

پوری ہوگی ہر قسم کی تنگی دور ہو جائے گی۔ لفضل تعالیٰ۔

عمل بسم اللہ شریف عام عمل

بسم اللہ شریف کا عام سا عمل لکھا جاتا ہے۔ تاکہ ہر آدمی اس سے اگر چاہے تو فائدہ اٹھا سکے۔ کیونکہ وظیفہ جاری رکھنا یا وظیفہ کرنا ہر کسی کے بس کی بات نہیں ہے۔ بہر حال اس عمل کا نام مشکل کشا بھی ہے۔ یہ عمل بھی ہمارے بزرگوں کی پرانی بیاض سے ملا ہے۔ لیکن میں نے خود ابھی تک تجربہ نہیں کیا ہے۔ اس میں تجربہ کی ضرورت بھی نہیں ہے۔ اگر کوئی تنگ دست ہو یا کاروبار نہ چل رہا ہو یا قرضہ سر پر بہت ہو اور قرضہ اتارنے کی کوئی دلیل نہ بن رہی ہو تو اس کو بے سبب روزی ملے گی۔ انشاء اللہ کچھ جلد دوم میں درج ہے

عمل کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ نماز فجر کے بعد درود ابراہیمی ۱۰۰ دفعہ پڑھے۔ پھر ۷۸۶ دفعہ بسم اللہ شریف پڑھے۔ پھر ۱۰۰ دفعہ درود پاک پڑھے سات دن اس طرح پڑھے پھر اس کے بعد جتنا چاہے پڑھے۔ ان شاء اللہ بغیر محنت کے روزی ملے گی۔ اس کے پڑھنے کے بعد اس کا ثواب حضور پاک صلعم اور حضور غوث پاک کو پہنچائے۔ غائب سے روزی ملے گی۔ لفضل تعالیٰ۔

زیارت حضور پاک صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم کے لیے ایک نادر نسخہ

اگر کوئی شخص چاہے کہ حضور پاک صلعم کی زیارت نصیب ہو تو اُس کو چاہیے کہ ہر روز بعد نماز عشاء کے ۱۰۰ دفعہ درود پاک پڑھے پھر بعد میں سورۃ والضحیٰ پڑھے پھر بعد میں سو دفعہ درود پاک پڑھے انشاء اللہ حضور پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت نصیب ہوگی سورۃ والضحیٰ ۱۰۰ دفعہ پڑھنی ہوگی۔ یہ عمل سات دن کرے دگرنہ زیارت ہونے تک جاری رکھے بفضل تعالیٰ مطلب پورا ہوگا۔ غائب حاضر کے لیے ایک ہزار دفعہ ہر روز بعد نماز مغرب پڑھے۔ سات دن کے اندر غائب حاضر

ہو جائے گا یا کم از کم گیارہ دن ضرور عمل کریں غائب واپس آجانے کے بعد بند کر دیں۔

کچھ سورۃ اخلاص کے عمل بارے میں

عمل تو کچھ عمل ہی ہوتے ہیں مگر ہر آیت اپنا اپنا علیحدہ اثر رکھتی ہے اللہ پاک کی پاک کلام ہے ہر کسی کو علیحدہ علیحدہ ہی فائدہ ہوتا ہے۔ لیکن تجربہ بھی عجیب تے ہے۔ یہ نسخہ بھی ہمارے آباؤ اجداد کا ہے پرانی بیاض سے چند نسخے ملیں ہیں جو کہ تحریر کر دیئے گئے ہیں۔

ہمارے بزرگ بھی ایک سے بڑھ کر ایک ولی ہوئے لیکن یہ بات اپنے نصیب کی ہے کہ چند عمل جو کہ تقریباً ۲۰۰ سال سے ہمارے آباؤ اجداد پڑھتے رہے ہیں لیکن نصیب کسی اور کے ہیں جو ہم تحریر کر رہے ہیں۔ بات ہو رہی تھی سورۃ اخلاص کے عمل کی۔

۱۔ اگر کوئی آدمی اپنے حق پر قیدی ہو گیا ہو یا کہ ناحق قیدی ہو گیا ہو۔ جو بھی اس کا ہزار دفعہ ہر روز وظیفہ رکھے گا انشاء اللہ چند دنوں میں قید سے نجات مل جائے گی۔

۲۔ اگر کوئی طالب رزق ہے تو پھر بھی ہر روز ہزار بار بعد نماز فجر پڑھے غیب سے رزق پائے۔ بفضل تعالیٰ۔

۳۔ اگر کوئی طالب حق ہے اور راہ سلوک پر چلنا چاہتا ہے تو اس کو چاہیے کہ تہجد کے وقت ہر روز ہزار دفعہ پڑھیں ان شاء اللہ فائدہ ہوگا۔

۴۔ تسخیر خلائق کے لیے بعد نماز عشاء ہزار دفعہ پڑھیں ان شاء اللہ تسخیر ہو گی۔ بقیہ جلد دوم میں دیکھیں

اسمائے الٰہی اور اُن کے خواص

یہاں پر چند اسم باری تعالیٰ کا ذکر ضرور سمجھتے ہیں۔ اس لیے کہ کتاب میں ہر چیز لکھی گئی ہے مگر اسم الٰہی کسی تجربہ کے محتاج نہیں ہیں۔ ان کو درج کرنے کے لیے محمد افضل ولد چراغ دین پیش پیش ہیں۔ یہ ان کے نانا ورد کیا کرتے تھے ان کے نانا جی کو جب پتہ چلا کہ شاہ صاحب کتاب لکھ رہے ہیں تو انہوں نے بہت مجبور کیا کہ ضرور لکھے جائیں۔ ویسے تو ہر اسم اعظم ہوتا ہے۔ مگر اُس کے لیے جس نے جس اسم سے فائدہ اٹھایا ہو۔ ان کے چلے کرنے کی ضرورت نہیں ہے ہاں اگر ہر لفظ ہر اسم باری تعالیٰ کی زکوٰۃ ادا کی جائے تو ہزار با درجہ بہتر ہے ورنہ اگر آپ بعث رحمت پڑھیں تو اور بھی اچھا ہے بعد نماز فجر ۹۹ اسموں کو پڑھا جائے تو بہتر ہے تو جس کام کے لیے درج کر دیئے گئے ہیں۔ فائدہ لیا جا سکتا ہے۔

<u>اللہ</u>: اللہ کے عدد ۶۶ ہیں اور جلالی ہے اللہ کا اسم جمیع صفات کا جامع ہے قرآن میں تین سو ساٹھ بار آیا ہے اگر کوئی اسم اللہ کا روزانہ دو ہزار ورد کرے تو اسے صاحب کشف و باطن کا درجہ حاصل ہوتا ہے۔ اگر کوئی ہر نماز کے بعد ۱۰۰ بار پڑھے تو اسے صاحب یقین کا درجہ حاصل ہوتا ہے۔ اگر کوئی روزانہ ۶۶ بار لکھ کر کسی مریض آسیب زدہ کو پلائے یا اُس پر چھڑک دے تو آسیب دور ہو جائے گا۔ بعض علمائے کرام اللہ کے اسم کو اسم اعظم کہتے ہیں۔ کیونکہ یہ اسم بلا نکتہ ہے۔ جیسے اللہ تعالیٰ کی ذات تمام عیبوں سے پاک ہے اسی طرح یہ اسم بھی نقطہ سے پاک ہے۔ رسول اللہؐ نے فرمایا کہ جو انسان خلوت میں تین ہزار بار یا اللہ پڑھے تو اس کا دل اسرار کا مخزن ہو جاتا ہے۔

<u>الرحمٰن</u>: الرحمٰن کے معنی رحم کرنیوالا ہے اس کے عدد ۲۹۸ ہیں اور یہ اسم جمالی ہے اگر اس اسم کو ہر نماز کے بعد ایک سَو بار پڑھے تو مرض نسیان، غفلت اور سخت دل نرم ہو جائے اگر فجر کی نماز کے بعد پڑھے ۱۰۰ بار تو اللہ تعالیٰ اس پر اپنا کرم فرماتا ہے اور خدا اپنے بندوں پر ہر حال میں رحم فرماتا ہے۔

الرحیم ۔ الرحیم کے عدد ۲۵۸ ہیں اور یہ اسم جمالی ہے اگر دنیا میں منظورِ نظر ہونا چاہیے تو بعد نماز فجر ۔ ۱ بار پڑھا کرے اگر یہ اسم روزانہ ۵۰۰ بار پڑھے تو صاحب جائداد ہو الرحمٰن الرحیم کسی لوہے کی انگشتری میں کھدوا کر بعد نماز جمعہ اسے پہنے تو مصائب دنیا سے نجات پاوے گا اگر کام کا پتہ کرنا ہو تو الرحیم کو لکھ کر رات کے وقت سرہانے رکھ کر سوئے اور دل میں اللہ سے دعا کرے کہ فلاں کام کی نسبت آگاہ کیا جائے تو انشاء اللہ سات دن تک اس کام کے ہونے یا نہ ہونے کا پتہ چل جائے گا ۔

المَلِکُ ۔ اس کے حروف ابجد ۹۰ عدد ہیں اور یہ اسم مشترک ہے اگر ہر روز اس اسم کو ۹۰ بار پڑھا جائے تو وہ شخص صاحب باطن اور مالدار ہوگا ۔ عزت دار عزت کریں گے ۔

القدوس ۔ ۱۷۰ عدد ہیں ۔ اگر کوئی زوال سے روزانہ پڑھے تو دل روشن ہوگا ۔ ۱۰۰ دفعہ شیرینی پر دم کر کے دشمن کو کھلائے دشمن دوست بن جائے گا ۔ روزانہ ۱۰۰ دفعہ پڑھنے والے پر دنیاوی آفت نہ آئے گی ۔

السلام ۔ اس کے عدد ۱۳۱ ہیں ۔ اگر ۲۰ دفعہ پڑھ کر دم کریں تو ہر کوئی مرض بفضل تعالیٰ جاتا رہے گا ۔ اگر ۱۹ بار دم کر کے مریض کو کھلایا جائے تو بھی مرض جاتا رہے گا ۔ اگر دشمن کو کھلائے تو دشمن مہربان ہوگا ۔ اگر ایک ہزار دفعہ نماز فجر پڑھا جائے تو علم میں اضافہ ہوگا ۔

الجبار ۔ ایام عشرہ کے دن ۲۱ بار پڑھا جائے تو ظالموں سے نجات مل جائے گی ۔ اگر انگوٹھی پر کندہ کروا کر انگوٹھی پہنی جائے تو دنیا میں رعب پیدا ہو ۔ عزت حاصل ہوگی ۔ ۱۰۰ دفعہ پڑھنے سے انشاء اللہ شادی جلد ہو جائے گی

المھیمن ۔ اگر نماز فجر کے بعد اسم دفعہ پڑھا جائے تو تنگی نہ آئے گی ۔ محتاجی نہ ہوگی ۔ بفضل تعالیٰ ۔

المتکبر ۔ بیوی سے ہم بستری کرنے سے پہلے اس اسم کو اگر ۱۰ بار پڑھ کر بیوی سے ہم بستری کرے تو انشاء اللہ اولاد نرینہ عطا ہوگی اور صالح اولاد کے لیے بھی مفید ہے

الخالق : جو کوئی اس کا ورد رکھے گا تو قیامت کے دن اس کا چہرہ نورانی ہوگا ۔ جس مطلب کے لیے پڑھے گا پورا ہوگا ۔ بفضل تعالیٰ ۔

الباری : اس وظیفہ کرنے والا تو مرتے ہی بغیر حساب کے جنت میں داخل کیا جائے گا اگر ڈاکٹر یا حکیم اس کا عمل رکھیں تو ہاتھ میں شفا ہوگی ۔ اگر کسی کو اپنا گرویدہ کرنا ہو تو گلاب کے پھول پر ۵۷ بار دم کرکے اپنے مطلوب کو سونگھائے مطلب پورا ہوگا ۔ انشاء اللہ تعالیٰ ۔

القہار : اس کا ورد رکھنے والا دنیا سے بخیریت جائے گا اور اس کے دل سے دنیا کی خواہش دور ہو جائے گی ۔ دشمن کے لیے فجر کی سنتوں اور فرضوں کے درمیان پڑھے تو دشمن پر غالب آئے ۔ ہر بلا سے محفوظ رہے گا ۔ بفضل تعالیٰ ۔

الوھاب : اس کی زکوٰۃ اکبر کا بیان پیچھے کیا جا چکا ہے ۔ لیکن اس کا وظیفہ کرنے والا مالدار بن جاتا ہے ۔ اگر مہم درپیش ہو تو آدھی رات کو اپنے گھر میں یا مسجد میں سجدہ میں ۱۰۰ بار پڑھے پھر اٹھ کر دعا مانگے ۔ بفضل تعالیٰ پوری ہوگی ۔

الرزاق : نماز فجر کے بعد اگر گھر کے چاروں کونوں پر دس دس بار پڑھ کر دم کرے تو غریبی دور ہوگی ۔ دائیں جانب سے شروع کرے ۔

الفتاح : نماز فجر کے بعد ۷۰ دفعہ پڑھ کر سینہ پر دم کرے تو ارضی و سماوی تمام آفات سے محفوظ رہے گا ۔

الحکیم : جو کوئی جمعہ کے دن عشاء کی نماز کے بعد سجدے میں ۱۰۰ بار پڑھ کر سو رہے تو آنے والے حالات سے آگاہی ہو جائے گی ۔ اگر کہیں جنگل میں رات کو ایک ہزار دفعہ پڑھے تو تمام مطالب پورے ہوں گے یا جس کے لیے پڑھا گیا تھا پورا ہوگا ۔ بفضل تعالیٰ ۔

الباسط : صبح کی نماز کے فوراً بعد ۷۲ دفعہ پڑھیں صبح جاگنے کے فوراً بعد ۷۲ دفعہ پڑھیں رات سوتے وقت ۷۲ دفعہ پڑھیں ۔ بفضل تعالیٰ تنگی رزق دور ہوگی ۔

Scanned with CamScanner

الحافظ : دشمن کو زیر کرنے کے لیے پڑھے مفید ہے۔ اس کا طریقہ یہ ہے کہ پہلے تین دن روزہ رکھے ہر روز میٹھی کھیر کے ساتھ افطار کرے تین دن روزہ رکھنے کے بعد چوتھے دن سے اس اسم مبارکہ کو ہر روز ۷۰ دفعہ بعد نماز ظہر ادا کرے۔ ہر قسم کی مہم کے لیے کام آتا ہے۔ بفضل تعالیٰ۔

الرّافع : آدھی رات کے بعد تہجد ادا کرنے کے بعد بارات کے پورے بارہ بجے اس کو ۱۰۰ دفعہ پڑھے تو دنیا میں صاحب عزت مالدار ہو گا۔ اگر ہر روز ۲۰ دفعہ پڑھے تو نیک دلی مراد حاصل ہو گی۔ بفضل تعالیٰ۔

السمیع : اگر بروز جمعہ نماز چاشت کے بعد اس اسم کو ۵۰۰ بار پڑھے یا روزانہ ۱۰۰ بار پڑھے پھر بعد میں اللہ تعالیٰ سے اپنے لیے نیک دعا مانگے دعا قبول ہو گی بفضل تعالیٰ

الحکیم : آدھی رات کو جمعرات کے دن بکثرت پڑھے۔ قلب منور ہو جائے گا۔ کام نہ ہونے تک پڑھے پھر بعد میں اللہ تعالیٰ سے اپنے لئے مانگے اور عمل اپنے ورد میں رکھے محتاجی دور ہو گی۔

اللطیف : اگر کسی لڑکے یا لڑکی کی شادی نہ ہو رہی ہو تو اُس کو چاہیے۔ پہلے دو رکعت نماز نفل ادا کرے پھر اس کا ثواب حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ہدیہ پیش کرے پھر اُس کے بعد ۱۰۰ دفعہ پڑھے۔ ان شاء اللہ شادی جلدی ہو جائے گی۔ مریض کی صحت کے لیے ۱۰۰ بار پڑھ کر پانی پر دم کر کے دن میں تین بار پانی پلائیں۔ ان شاء اللہ مریض جلدی شفایاب ہو گا۔ بفضل تعالیٰ۔

الحمید : نفس امارہ کے قابو پا لینے کے لیے ہر روز ۱۳۱۷ دفعہ پڑھے اور اپنی ناف کی جگہ پر دم کرتا رہے۔ ان شاء اللہ جلدی نفس امارہ قابو آ جائے گا۔ اگر استخارہ نکالنا مقصود ہو تو پھر بعد نماز عشاء اپنا مطلب سامنے رکھ کر ایک ہزار دفعہ پڑھ کر سوئے انشاء پہلی رات ہی مطلب سامنے آ جائے گا۔ یا پھر تین دن کرے۔

العظیم : اس کا وظیفہ رکھنے والا دنیا میں مقبول ہو گا اور عزت پائے گا۔ اگر پیٹ کے درد کے لیے ۱۱، ۱۱ دفعہ تین بار پانی پر دم کر کے مریض کو پلایا جائے تو بفضل تعالےٰ مریض شفایاب ہو گا۔

الغفور : یہ ہر مریض کی دعا کے لیے استعمال ہو نو دفعہ لکھ کر پلائیں۔ اگر عورت کو اٹھرا ہو تو ہر ماہ کوئی بھی اٹھرا کھل جاتے ہیں اور غفور کے تعویذ کے ہمراہ پہنیں۔ اگر دافع اٹھرا کا علاج کسی نے کرنا ضروری مندرجہ ذیل پتہ پر خط لکھ کر علاج کروا سکتا ہے۔ ہمارے ہاں ہر قسم صحیح کا علاج کیا جاتا ہے۔ بفضل تعالیٰ۔

پتہ یہ ہے۔ سید سبطین حیدر گیلانی حجروی مقیمیؒ سرائے امر سنگھ حجرہ شاہ مقیم ضلع اوکاڑہ۔

الکبیر : اس کو ۲۰۰ دفعہ دن میں پڑھنے سے ہر مشکل حل ہو جاتی ہے۔ بفضل تعالیٰ۔

الحفیظ : اگر کوئی آدمی چور ہو یا پھر زانی ہو تو اس کو چاہیے کہ ہر روز ہزار دفعہ پڑھا کرے تو زنا کی عادت ختم ہو جائے گی اور چوری کی عادت بھی جاتی رہے گی

الجلیل : اگر کوئی ۱۰۰ دفعہ پڑھے یا اگر پڑھ نہ سکتا ہو تو پھر اپنے پاس لکھ کر رکھے تو دنیا میں اُس کی جلالت پیدا ہو گی رعب پیدا ہو گا۔

الکریم : اس کے وظیفہ رکھنے سے اللہ تعالیٰ کا کرم سر پر قائم ہو جائے گا۔ ایک دن میں کم از کم ہزار دفعہ پڑھنا ضروری ہے۔ بفضل تعالیٰ۔

الرّقیب : رقیب کے معنی محافظ کے ہیں جو کوئی بھی اس کا وظیفہ رکھے گا۔ خدا تعالیٰ اُس کی حفاظت کے لیے مقربین لگا دیں گے۔ بفضل تعالیٰ۔

الواسع : اس کے ورد رکھنے سے انسان کے اندر قناعت پیدا ہوتی ہے ہر روز ۱۰۰ دفعہ ضرور پڑھنا چاہیے۔ بفضل تعالیٰ۔

الودود : اس کی منزل بھی عجیب ہے۔ ۱۔ عورت ناراض ہو تو خاوند تقریباً ۶۰۰ دفعہ پڑھ کر پانی پر یا میٹھی چیز پر دم کر کے بیوی کو کھلائے۔ اگر خاوند ناراض ہو تو بیوی کھلائیں۔

۲۔ اگر کوئی ہر روز گیارہ سو دفعہ پڑھا کرے گا تو دنیا میں مقبول ہو گا۔

۴۔ اگر کوئی تسخیر خلائق کرنا چاہے تو ضروری ہے کہ ۴۱ دن میں پرہیز جمالی جلالی کے ساتھ سوا لاکھ پورا کرے تو تمام مخلوق مسخر ہوگی۔ بفضل تعالیٰ۔

المجید ۔ اگر کوئی جذامی یا برص کا مریض اس کا وظیفہ رکھے گا تو انشاءاللہ تعالیٰ شفایاب ہو جائے گا۔ یا ہر روز ۱۰۰ دفعہ پانی پر دم کر کے پیا کرے۔ شفا ہوگی بفضل تعالیٰ۔

الباعث ۔ اگر کوئی شخص رات کو سوتے وقت اپنے سینہ پر ۱۰۰ دفعہ پڑھ کر پھونک مار کر سویا کرے گا تو اس کا سینہ نور'' علیٰ نور ہوگا ہمیشہ کے لیے اپنا وظیفہ رہے۔ بفضل تعالیٰ۔

الشہید : اگر کسی کی اولاد بدکار ہو گئی ہو یا بُری سوسائٹی میں بیٹھتی ہو یا کسی نے رنجش کے طور پر اولاد کو خراب کیا ہو تو والدین کو چاہیے کہ رات کو سوتے وقت اپنی اولاد کی پیشانی پر سوتے ہوئے پر دم کرے۔ بفضل تعالیٰ اولاد کی بُری صحبت جاتی رہے گی۔ نیک صالح بن جائے گی۔

الوکیل : جو کوئی اس کا ورد رکھے گا وہ کبھی بھی آگ سے جل کر نہ مرے گا۔ بلکہ چھوئے گی بھی نہیں اور نہ ہی پانی میں ڈوبے گا اور نہ ہی پانی میں ڈوب کر مرے گا۔ بفضل تعالیٰ۔

القویُ : اس کا ورد کرنے والے کو اللہ تعالیٰ دشمن کے شر سے محفوظ رکھے گا۔ انشاءاللہ۔

المتین ۔ جس عورت کا دودھ بہت کم ہو یا دودھ بالکل نہ آتا ہو یا کسی بیماری کی وجہ سے دودھ خراب ہو گیا ہو تو عورت کو چاہیے کہ یہ الفاظ لکھ کر گلے میں ڈالے یا پانی پر دم کر کے صبح دوپہر شام پیا کرے۔

الحمید : جو کوئی اس کا وظیفہ رکھے گا۔ اس کی بدزبانی جاتی رہے گی۔

المحصیُ ۔ جس عورت کا حمل بار بار گر جاتا ہو تو اُس کو چاہیے کہ لکھ کر کمر پر باندھے اور ۰۰ دفعہ ہر روز پڑھا کرے اور پانی پر دم کر کے پیتا کریں۔ اللہ تعالیٰ

بشنا دیں گے۔

القیوم : اس کا وظیفہ رکھنے سے لطائف سری اور اخفیٰ کھل جاتے ہیں اور غائب کی باتوں کا علم ہونا شروع ہو جاتا ہے۔ اس کا ہر روز ۱۰۰ دفعہ پڑھنا ضروری ہے بعد نماز عشاء کے پڑھیں یا پھر صبح صادق کا وقت بہت ہی مفید ہے۔ اگر صبح صادق کو نہ پڑھ سکے تو پھر عشاء کے وقت پڑھا کرے اللہ تعالیٰ رحم فرمائیں گے۔ بفضل تعالیٰ۔

الواحد ۔ اس کا وظیفہ رکھنے والے پر باطنی اسرار منکشف ہو جاتے ہیں اس کا ذکر تنہائی میں کیا جائے تو زیادہ بہتر ہوتا ہے۔ بفضل تعالیٰ۔

الماجد : اس کا وظیفہ رکھنے سے بھی باطن انوارات حاصل ہوتے ہیں۔ اس کو پڑھنے کا طریقہ یہ ہے کہ صبح صادق کے وقت بکثرت ادا کرے۔ اول و آخر درود شریف پڑھے اللہ تعالیٰ رحیم ہیں رحم فرمائیں گے۔ بفضل تعالیٰ۔

الصمد : جو کوئی آدھی رات کو یا اعلیٰ صبح سجدہ میں بکثرت پڑھے تو ہر کام آسانی کے ساتھ ہوں۔ اگر اس طرح پڑھے اَللّٰہُ الصَّمَد یا عزیز تو اُس پر ظاہر اور باطنی راز فاش ہوں گے اس کا طریقہ ہمارے بزرگ حضرت شاہ محمد مقیمؒ اس طرح فرماتے ہیں کہ صبح کی نماز کے بعد اللہ الصمد یا عزیز ۵۰ دفعہ پڑھے۔ پہلے آسمان کی طرف پھونک مارے پھر سامنے کی طرف پھر دائیں بائیں پھر پیچھے کی طرف پھونک مارے تو اس شخص پر کوئی بھی تنگی نہ آئے گی۔ ہر کام آسان ہوگا۔

الوالی : اگر کوئی شخص ۱۱۰۰ دفعہ دن میں کسی بھی وقت پڑھے تو تسخیر خلائق عام ہو جائے گی۔ دنیا قدم چومے گی۔ بفضل تعالیٰ۔

المتعالی : ہر قسم کے درد کے لیے مفید ہے۔ خواہ کوئی بھی درد ہو۔ اس کا ورد رکھنے سے کوئی بھی درد نہ ہوگا اگر کسی کو درد ہو تو پھر ۱۱ دفعہ تین بار پڑھ کر تین پھونک مارے بفضل تعالیٰ شفایاب ہوگا۔ انشاءاللہ تعالیٰ درد شقیقہ کے لیے بھی مفید ہے۔ وہ درد جو صبح شروع ہو اور شام کو ختم ہو جائے یا پھر جس دن درد شروع ہوئی اور لگاتار کئی کئی دن جاتی ہے۔ بفضل تعالیٰ آرام آجائے گا۔

Scanned with CamScanner

الصبور : اس کا روزانہ ذکر کرنے سے زنا شراب جوا کی عادت ختم ہو جاتی ہے اس کا ذکر کم از کم سات سو دفعہ دن میں کرنا ضروری ہے۔ بفضل تعالیٰ۔

التواب :۔ اگر بعد نماز چاشت تین سو دفعہ پڑھے۔ دشمن زیر رہے گا اور پڑھنے کے دوران جو بھی دُعا دل میں مانگے گا۔ منظور ہو گی۔ بفضل تعالیٰ۔

الرؤف : اس کا ہر روز ۱۰۰ دفعہ ورد کرنے سے دشمن اور ظالم سے نجات مل جاتی ہے بفضل تعالیٰ۔

مَالِكَ الْمُلْكِ : روزانہ پڑھنے سے قرضہ سے نجات مل جاتی ہے اور انسان دن بدن مالدار بن جاتا ہے۔ لیکن ہر روز اپنی کمائی سے گیارواں حصہ خدا تعالیٰ کی راہ میں خرچ کرنا ہو گا۔ پھر زیادہ فائدہ مند ہوتا ہے۔ بفضل تعالیٰ

ذوالجلال والاکرام : بعض اولیاء اکرام اور مشائخ کے نزدیک ہر اسم اعظم ہے۔ اس کا ذکر کرنے سے انسان کو دنیا کی کسی چیز کی کمی نہیں رہ جاتی ہے اور انسان لایحتاج ہو جاتا ہے۔ اس کے عمل کا طریقہ یہ ہے کہ تہجد کے وقت اٹھ کر پہلے پڑھے۔ پھر دو نفل راہ خدا پڑھ کر پھر اس کا ذکر کرے۔ کم از کم ۱۱۰۰ دفعہ ذکر کرنا لازمی ہے۔ پھر دیکھو کہ کیا آثار نظر آتے ہیں۔ بفضل تعالیٰ۔

النّور : اس کا ذکر کرنے سے دل منور ہو جاتا ہے اور برائی سے بھی منع ہو جاتا ہے۔ ہر نماز کے بعد آنکھیں بند کر کے ۲۵۶ دفعہ پڑھنا ضروری ہے۔ پھر بعد میں دل کی طرف نگاہ کر کے پھونک مارے۔ یہ عمل جمعہ کے دن سے شروع کرنا ہو گا۔ تو چند جمعہ ہونا ضروری ہے بفضل تعالیٰ۔

البدیع :۔ ہر قسم کے ہم غم فکر کے لیے مفید ہے۔ اس کو ستر ہزار ایک دفعہ پڑھنا ضروری ہے بعد نماز عشاء شروع اور قبلہ کی طرف منہ کر کے پڑھے پھر اُس جگہ ہی سو جائے تو اُسے خواب کے ذریعے یا باطنی طور پر مہم آسان ہونے کا طریقہ پتہ چل جائے گا۔ بفضل تعالیٰ۔

الرشید : یہ اسم استخارہ کے طور پر بھی کام دیتا ہے۔ اگر کوئی مہم ہو اور اس

کے حل کا کوئی طریقہ نظر نہ آتا ہو تو رات کو ہزار دفعہ پڑھ کر سو جائے۔ مصیبت اور مہم کا خواب میں حال معلوم ہو جائے گا۔ بفضل تعالیٰ۔

نوٹ :۔ بہتر طریقہ تو یہ ہی ہے کہ ہر روز حسب توفیق اسماء الٰہی پڑھ لیا کریں تاکہ بار بار پڑھنے کی ضرورت ہی محسوس نہ ہو۔

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اسماء مبارکہ اور مختصر خواص

حضور اکرم نبی رحمت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ناموں کے مختصر خواص لکھے جاتے ہیں۔ جامع خواص تو ہمارے بس کا روگ نہیں ہیں کیوں کہ نبی رحمت العالمین بن کر آئے ہیں اس لیے ہر اسم مبارک اسم اعظم سے بڑھ کر کام دیتا ہے۔ دوستوں کے اصرار پر لکھ رہا ہوں۔ مگر ہماری مجال ہی نہیں ہے کہ ہم ان کے خواص لکھ سکیں۔ اسم مبارک کے اعداد نکال کر لکھے گئے ہیں اس تعداد سے ہی پڑھیں تو بھی مفید ہے۔ اگر زیادہ تعداد میں پڑھنا چاہیں تو پھر تو کیا ہی بات ہے۔ یا پھر ہر روز سارے نام مبارک کو پڑھا کریں تو اور بھی مفید ہو جائے گا۔ یا پھر اپنی خواہش کے مطابق پڑھیں جس کا فائدہ حاصل کرنا ضروری ہو وہی پڑھیں۔

اس لیے کہ ہر اسم اسم اعظم سے اکسیر کا کام دیتا ہے بلکہ اسم اعظم تو کوئی بات نہیں ہے ان کے آگے۔ بفضل تعالیٰ۔

زندگی تجربہ کی محتاج ہے مگر یہاں آکر تمام تجربات ناکارہ ہو جاتے ہیں۔ سب بات ایمان کے کامل ہونے کی ہے۔ اگر ایمان کامل ہے تو پھر ہر بات اسم اعظم بن جاتی ہے اگر ایمان ناقص ہے تو پھر اسم اعظم میں بھی کچھ اثر نہیں ہوتا ہے۔

مُحَمَّدٌ : اس کے اعداد ۹۲ ہیں روزانہ چار سو دفعہ پڑھنے سے مالدار بن جائے گا ہر نام کے آگے صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پڑھنا ضروری ہے۔ ورنہ فائدہ کم ہو گا۔

احمد : اس اسم مبارک کے اعداد ۵۳ ہیں۔ روزانہ پڑھنے سے دنیا میں منظور

خلائق ہو گا۔

حامدؐ: اس اسم مبارک کے اعداد بھی ۵۳ ہیں روزانہ ۱۵ بار پڑھنے سے ہمیشہ خوش رہے اور حامد لوگوں میں اٹھایا جائے گا۔

محمودؐ: اس اسم مبارک کے اعداد ۹۸ ہیں۔ روزانہ ۴۰ بار پڑھنے سے تونگر ہو گا۔

قاسمؐ: اعداد مبارکہ ۲۰۰ ہیں۔ روزانہ ورد کرنے سے صاحب علم ہو گا۔

عاقبؐ: اس کے اعداد مبارکہ ۱۷۲ ہیں۔ روزانہ ۱۰۰ بار پڑھنے والا بے پرواہ ہو جاتا ہے۔

فاتحؐ: اس اسم مبارک کے اعداد ۴۸۹ ہیں۔ روزانہ ۱۰۰ دفعہ پڑھنے سے عشق خدا تعالیٰ ہو۔

خاتمؐ: اس اسم مبارک کے اعداد ۱۰۴۱ ہیں ہر روز ۷ دفعہ وظیفہ کرنے سے ہر کام پورا ہو جاتا ہے اور ہر کام وقت پر حل ہو جائے

حاشرؐ: کے اعداد ۵۰۹ ہیں روزانہ پڑھنے سے ترقی علم حاصل ہو گی۔

ماحیؐ: اس اسم مبارکہ کے اعداد ۵۹ ہیں روزانہ ۲۰۰ بار پڑھنے سے گناہوں سے مغفرت نصیب ہو۔

داعیؐ: اس کے اعداد مبارک ۸۵ ہیں۔ ہر روز ۵۰ دفعہ پڑھنے سے منظور خلائق ہو۔

بشیرؐ: اس اسم مبارکہ کے اعداد ۵۱۲ ہیں۔ رات کو پڑھنے سے ظلم کی اندھیری سے محفوظ رکھے۔

نذیرؐ: کل عدد ۱۴۰ ہیں روزانہ ۵ بار پڑھنے والا سوال وجواب قبر سے نجات پائے گا۔

رسولؐ: اعداد ۲۹۲ ہیں روزانہ ۱۰۰ بار پڑھنے سے غربت دور ہو گی۔

ھادی: اس اسم کے اعداد ۲۰ ہیں ہر روز پڑھنے سے فائدہ حاصل ہو۔

نبیؐ: کل عدد ۶۲ ہیں۔ ہر روز ۱۰۰ پڑھنے سے اسرار الٰہی حاصل ہو۔

منتہیؐ: ۵۰۵ اعداد ہیں روزانہ ۲۰۰ بار پڑھنے والا ہر آفات سے بچے گا۔

خلیلؐ: ۶۷۰ اعداد ہیں بعد نماز چاشت یا بعد نماز عشاء ۱۰۰ بار پڑھنے سے بُرے خواب نہ آویں گے۔

ولیؐ: کل عدد ۴۶ ہیں۔ روزانہ ۱۰۰ دفعہ پڑھنے سے قرب الٰہی حاصل ہو۔

حمیدؐ: اس کے عدد ۶۲ ہیں روزانہ ۱۰۰ بار پڑھنے والا بُری عادت سے بچا رہے گا۔

نصیرؐ: اس کے عدد ۳۵۰ ہیں۔ سفر کرتے وقت پڑھنے والا راستہ میں نہیں تھکے گا۔

یٰسین: اس کے اعداد ۱۷۰ ہیں۔ نیا کپڑا بدلتے وقت ننگے سر ہزار بار پڑھنے سے کسی کام میں رکاوٹ نہ ہو گی۔

طٰہٰ: اس کے اعداد ۱۴ ہیں۔ نئی چیز استعمال کرنے سے خیر و برکت ہو۔

مُدثرؐ: اس اسم مبارکہ کے اعداد ۷۴۴ ہیں بعد نماز مغرب ورد کرنے والا شیطین کے شر سے بچا رہے گا۔

حبیبؐ: اس کے اعداد ۱۰۰ ہیں۔ روزانہ ورد کرنے والا منظورِ خلائق ہو گا۔

مصطفٰےؐ: حضور پاکؐ کا ذاتی نام مبارک ہے۔ دوسرے ناموں سے اس اسم مبارک کی حیثیت زیادہ ہے۔ اس اسم کے اعداد ۲۳۹ ہیں۔ ہر روز ۱۰۰ بار ورد کرنے والا خدا کی بارگاہ میں منظور و مقبول ہو گا۔

مرتضیٰ: اس کے اعداد ۱۴۵۰ ہیں بعد نماز عصر ۱۰۰ بار پڑھنے سے کسی قسم کی آفت نہیں آئے گی۔

مختارؐ: اگر کہیں قحط سالی ہو جائے تو بفضل تعالیٰ اس کے ورد کرنے سے قحط ختم ہو جائے گا۔ ۱۰۰ بار پڑھنے سے بارش کے لیے بہت مفید ہے۔

مصدقؐ: جس شخص کو زیادہ جھوٹ بولنے کی عادت ہو وہ روزانہ ۲۲۴ بار پڑھے تو جھوٹ بولنے کی عادت ختم ہو جائے گی۔

بیانؐ: بے وقوف آدمی کو روزانہ ۶۳ بار پڑھ کر پانی پر دم کر کے پلائیں تو عقل بڑھے گی اور دماغ ٹھیک ہو جائے گا۔ پانی دن میں تین بار پلانا ضروری ہے اور ہر بار پانی

Scanned with CamScanner

نیادم کریں۔

حافظٌ : اس کا ہر روز ۱۰۰ بار ورد کرنے سے ظاہری اور باطنی شر سے محفوظ رہے۔

شہیدٌ : اگر کسی کے دانتوں کو ماسخورہ ہو یا ویسے خراب ہوں یا درد کرتے ہوں پیلو کی مسواک کریں اور مسواک کرتے وقت ذکر کرتے رہیں۔ انشاء اللہ درد رفع ہو گی۔

عادلٌ : اس کے روزانہ ۱۰۰ دفعہ ورد کرنے سے خلق مہربان ہو گی۔

حلیمٌ : اس کے اعداد ۸۸ ہیں۔ اس کا ۱۰۰ بار ورد کرنے سے حلیم اور بردبار ہو۔

نورٌ : اس کا ہر وقت ذکر کرنے سے آدمی کو کوئی بھی خوف نہ آئے گا۔

متینٌ : اس کے اعداد ۵۰۰ ہیں۔ روزانہ ذکر کرنے سے نیک دعائیں قبول ہونگی۔

بُرْھانٌ : اس کے اعداد ۲۸۵ ہیں جو کوئی شخص مقروض ہو یا کاروبار کا کوئی وسیلہ نہ ہو اس کو چاہیے کہ روزانہ گیارہ سو دفعہ ذکر کرکے بفضل تعالیٰ قرضہ سے نجات حاصل ہو اور کاروبار چلے گا۔

صَطیعٌ : اگر کوئی شخص بہت گناہ گار ہو تو اس کو چاہیے کہ اس کا ہمیشہ ورد رکھے بفضل تعالیٰ بخشا جائیں گے۔

ذاکرٌ : اگر کسی کو نسیان کا مرض ہو تو اس کو چاہیے ۱۰۰ بار روزانہ ورد کرے مرض جاتا رہے گا۔

واعظٌ : اگر کوئی شخص بعد نماز تراویح رمضان شریف کے مہینے میں ۱۰۰ بار پڑھا کرے تو دنیا میں مقبول ہوگا۔

حَرِیصٌ : اس کے اعداد ۳۰۸ ہیں اگر کسی کو پیٹ میں درد ہو تو ۱۰۰ بار پانی پر دم کرکے پلایا جائے تو شفا ہوگی۔

عزیزٌ : روزانہ ایک ہزار نو سو بار پڑھنے سے دنیا کی ہر چیز پر غالب ہوگا۔

رؤفٌ : اس کے اعداد ۲۶ ہیں اگر کسی آدمی کا بالا افسر یا حاکم ظالم ہو تو اس کو چاہیے کہ اپنے حاکم یا بالا افسر کے روبرو جائے تو ۱۰ بار پڑھ کر چہرہ پر پھونک مارے تو حاکم یا افسر مہربان ہوگا۔

قریبٌ : اگر کسی کو تنگ دستی بہت ہو یا کاروبار کرنے کے باوجود بھی تنگی ہو تو روزانہ ۲۷۰ بار پڑھنے سے تنگ دستی دور ہو گی اور کاروبار چمک اٹھے گا۔

علیمٌ : اس کے اعداد ۲۵۰ ہیں۔ ہر روز سو بار پڑھنے والے کو ظاہری اور باطنی علم ہو۔

رحیمٌ : اس کا ہر روز ورد کرنے سے مشکل سے مشکل کام آسان ہوگا اگر کوئی شخص اس کا روزانہ سو بار ذکر کرے اور اللہ تعالیٰ سے اپنے گناہوں کی معافی مانگے تو اللہ تعالیٰ اسے کے گناہ بخش دے گا اور اس پر اللہ تعالیٰ اپنی رحمت نچھاور کرے گا۔

دانت درد کے لیے

یہ نسخہ حضرت محمد اسماعیل شاہ بخاری المعروف کرماں والے شریف نے باطنی طور پر بندۂ ناچیز کو عنایت کیا دانت درد کے لیے بے حد مفید ہے کسی پاک صاف کورے کاغذ پر لفظ یَا سَمِّعُوْنِیْ لکھیں اس لفظ کے میم۔ عین اور واؤ کے سوراخوں میں کیل ٹھونکیں۔ کیل ٹھونکنے سے پہلے درد والے مریض سے کوئی کھانے والی چیز چھڑوا لینا ضروری ہے پہلے میم کے سوراخ میں آہستہ آہستہ کیل ٹھونکیں پھر عین کے سوراخ میں پھر واؤ کے سوراخ میں تینوں کیلوں کو باری باری آہستہ آہستہ ٹھونکتے جائیں حتیٰ کہ آرام آنا شروع ہو جائے۔ اگر خدانخواستہ آرام نہ آئے تو پھر سات سات دفعہ سات بار الحمد شریف پڑھ کر درد والی جگہ پر پھونک ماریں۔ آرام آجائے گا۔ بفضل تعالیٰ۔

(۲) اگر کوئی شخص بعد نماز عشاء ہر روز دو رکعات نماز نفل حضرت اویس قرنی رضی اللہ عنہ کے نام۔

پر پڑھتا رہے تو زندگی بھر دانت درد نہ ہوگا۔ مرتے دم تک بتیس کے بتیس دانت پورے رہیں گے۔ بفضل تعالیٰ۔

رمضان المبارک کے آخری عشرے کے وظائف

یہ عملیات بندہ کے ذاتی تجربہ میں آئے ہیں بہتر تو ہے کہ آخری عشرے میں اعتکاف کریں۔ اگر اعتکاف کرنے کی جسارت نہیں ہے تو ہر طاق رات میں ان کا وظائف کرنا ہوگا۔ اگر خواہش ہے کہ ستائیسویں شب کا شرف حاصل ہو تو پھر اعتکاف کرنا ضروری ہے ان عملیات کے کرنے سے ستائیسویں شب کا دیدار ہوتا ہے اور حضور پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا دیدار ہوتا ہے جس جگہ آپ اعتکاف کر رہے ہیں اس جگہ کے ارد گرد کے اولیاء کرام گاہے بگاہے خواب میں یا ظاہری طور پر ملتے ہیں ان عملیات کے کرنے سے ظاہری اور باطنی بے شمار فوائد حاصل ہوتے ہیں یہ عملیات چند دوستوں کے مجبور کرنے پر لکھے جا رہے ہیں ورنہ اسے قیمتی ہیرے کوئی بھی ظاہر نہیں کرتا ان عملیات کا طریقہ کار یہ ہے۔

(۱) رات کے کسی بھی حصہ میں صلوٰۃ تسبیح دو دفعہ ادا کریں بہتر تو یہ ہے کہ بعد نماز عشاء ایک دفعہ صلوٰۃ تسبیح پڑھیں دوسری دفعہ بعد نماز تہجد ادا کریں۔

(۲) صلوٰۃ الاسرار دو رکعات نماز نفل اس طرح ادا کریں کہ الحمد شریف کے بعد گیارہ دفعہ سورۃ الاخلاص پڑھیں نماز پڑھنے کے بعد دائیں طرف آدھا مڑ جائیں تین بار یا حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی شیاء اللہ پڑھیں پھر بیٹھ کر دعا مانگیں یہ نماز خواہ جتنی دفعہ مرضی پڑھ لیں۔

(۳) ایک تسبیح مندرجہ ذیل پڑھیں۔ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ اَحَدًا صَمَدًا لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ ۝

(۴) اسم اعظم کے ذکر کی ایک ایک تسبیح کرنا ضروری ہے۔ اسم اعظم یہ ہیں۔

یا اللہ۔ یا رحمٰن۔ یا رحیم۔ یا کریم۔ یا حی یا قیوم۔ یا ذوالجلال والاکرام۔

(۵) مندرجہ ذیل ہر ذکر پانچ پانچ تسبیح کرنا ضروری ہے۔

(i) لا الٰہ الا اللہ (ii) یا اللہ (iii) یا حی یا قیوم (iv) یا واحد (v) یا احد (vi) یا ھو (vii) لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ۔

(۶) رات بارہ بجے کے بعد مندرجہ ذیل طریقے سے نوافل پڑھیں۔ چھ رکعات نماز نفل دو دو رکعت کی نیت سے پڑھیں۔ ہر رکعت میں الحمد شریف کے بعد سورۃ اخلاص یعنی قل ھو اللہ احد گیارہ گیارہ بار پڑھیں اور نماز مکمل ہونے کے بعد گیارہ مرتبہ درود فریدی یہ ہے صلی اللہ علیک یا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پڑھیں اور پھر اس کا ثواب حضور پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور حضور غوث پاک اور تمام انبیاء اور اولیاء کرام کی ایصال ثواب پہنچائیں نماز سے فارغ ہونے کے بعد مندرجہ ذیل اذکار کریں۔

(i) لا الٰہ الا اللہ دو تسبیح (ii) الا اللہ تین تسبیح (iii) اللہ ھو دو تسبیح (iv) اللہ ھو اللہ چھ تسبیح (v) الحمد للہ تین تسبیح (vi) سبحان اللہ ایک تسبیح (vii) یا قہار ایک تسبیح (viii) یا رحمٰن ایک تسبیح۔ (ix) یا حی یا قیوم ایک تسبیح (x) صلی اللہ علیک یا محمد پانچ تمام تسبیحات کا ذکر کرنے کے بعد ثواب پنج تن پاک حضور غوث پاک تمام اصحاب اکرام تمام اولیاء کرام تمام بزرگان دین تمام انبیاء علیہم السلام کائنات کے تمام گذرے ہوئے انسانوں کے ہدیہ پیش کریں جو لوگ اعتکاف کریں انہیں چاہیے کہ بعد نماز فجر دعائے سیفی پڑھنی ضروری ہے جس کا ذکر آگے گا۔

درود تسخیریہ

یہ درود پاک میرے ایک خاص دوست نے مجھے عنایت کیا ہے۔ بندہ ناچیز نے اس کا ایک ماہ تک وظیفہ رکھا ہے اس کے پڑھنے سے تسخیر خلائق ہوتی ہے۔

ہر قسم کا کاروبار خوب چلتا ہے ہر قسم کی تنگی دور ہوتی ہے۔ اگر کوئی عامل چاہے کہ میرے اردگرد لوگوں کا ہجوم رہے یا ہر چیز مسخر ہو تو اس کے لیے ضروری ہے کہ مندرجہ ذیل درود پاک ہر روز بعد نماز فجر ایک تسبیح پڑھا کرے۔ درود پاک یہ ہے:۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَتَوَجَّہُ وَ اَتَقَرَّبُ اِلَیْکَ وَاَسْئَلُکَ بِالصَّلٰوۃِ عَلَی النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ مَعْدِنِ الْجُوْدِ وَالسَّخَاوَۃِ وَ مَعْدِنِ الْاَخْلَاقِ وَالْمُرُوَّۃِ وَمَعْدِنِ الْاَلْطَافِ وَالْمُوَدَّۃِ وَ مَعْدِنِ التَّسْخِیْرِ وَالْمُحَبَّتِ وَصَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَعَلٰی جَمِیْعِ الْاَنْبِیَاءِ وَالْمَحْبُوْبِیْنَ۔ اَللّٰھُمَّ سَخِّرْ وَاَلِّفْ بَیْنَ الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُسْلِمِیْنَ لَمَا سَخَّرْتَ وَاَلَّفْتَ بَیْنَ الْاَنْبِیَاءِ وَالْمُرْسَلِیْنَ وَصَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْھِمْ اَجْمَعِیْنَ ۵

جب آخری بار پڑھ رہے ہوں تو یہ دعا ساتھ ملا کر پڑھیں۔

یَا مُؤَلِّفُ تَاَلَّفْتَ بِالْاُلْفَۃِ وَالْاُلْفَۃُ فِیْ اُلْفَۃِ اُلْفَتِکَ یَا مُؤَلِّفُ اَللّٰھُمَّ سَخِّرْلِیْ قُلُوْبَ الْمُؤْمِنِیْنَ کَمَا سَخَّرْتَ لِمُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَللّٰھُمَّ سَخِّرْ فِیْ عَیْنِیْ تَسْخِیْرًا وَسَخِّرْ فِیْ لِسَانِیْ تَسْخِیْرًا وَ سَخِّرْ وَجْھِیْ تَسْخِیْرًا وَ سَخِّرْ نِیْ نَفْسِیْ تَسْخِیْرًا کَثِیْرًا دَائِمًا یَا مُسَخِّرُ اَلْسَخَّرْتَ بِالتَّسْخِیْرِ وَالتَّسْخِیْرُ فِیْ تَسْخِیْرِ تَسْخِیْرِکَ یَا مُسَخِّرُ۔

دعا پڑھنے کے بعد درود پاک کا ثواب حضور پاکؐ کے ہدیۃً پیش کرنا ہے۔

خواب نامہ

تعبیر	خواب
جو کام کرنا ہو تو یا ارادہ ہو تو وہ کام بخیر انجام ہو۔	آب جاری دیکھنا
فائدہ مند ہو فتنہ اور فساد دور ہو۔	آب چاہ دیکھنا
فکر اندیشہ لاحق مبتلا ئے فکر خلائق ہو۔	آب شور دیکھنا
غم و اندیشہ سے مظفر ہو مال سے بخیر ہو۔	آب گندہ دیکھنا
درازی عمر کی نشانی ہے اگر بیمار ہو تو صحت کی نشانی ہے۔	آب مصفا دیکھنا
عمر کوتاہ ہو۔ رنج اور ملال ہو۔	آب مکدر دیکھنا
عورت مال دار اور صاحب حشمت ہو۔	آتش دیکھنا
مرتبہ بلند اور فرزند ارجمند پائے۔	آسمان دیکھنا
ذلیل و خوار ہو گناہ عظیم میں گرفتار ہو۔	آسمان سے گرنا
رفعت کا نشان ہے یہ فرحت کا سامان ہے۔	آسمان کے قریب پہنچنا
سفر لا ریب در پیش ہو۔	آسمان کی طرف اڑنا
بہتری مال و جان کی دلیل ہے۔	آفتاب کی روشنی دیکھنا
اولاد کا غم ہو ترقی بند ہو جائے۔	آلت اپنا کٹا ہوا دیکھنا
فکر و اندیشہ حصول ہو۔	آفتاب برابر دیکھنا
اگر حاملہ ہے تو لڑکا پیدا ہو۔ اگر حاملہ نہ ہے تو ذلت ہو۔	اقتدار والی عورت دیکھنا
مال حرام پائے۔	آگ اٹھالینا

آگ پر کچھ پکانا	منفعت بے حساب ہو۔
آگ پر کپڑا جلتا دیکھنا	آنکھوں کو نقصان ہو۔
آنکھ اپنے ہاتھ پر دیکھنا	باعث رفع پریشانی ہو۔
آئینہ دیکھنا	فکر و اندیشہ سے رہائی پائے۔
آئینہ میں اپنی شکل دیکھنا	عورت سے ملال ہو طلاق ہو۔ دوسرا نکاح کرے۔
آسمان ابرآلودہ دیکھنا	بادشاہ مہربان ہو یا عالم با حکم ہو۔
ابر کا آسمان پر محیط ہونا	رنج و مصیبت حاصل ہو۔
آندھی کا آنا اور بجلی کا گرنا	بلا نازل ہو رنج حاصل ہو۔
آزار بند دیکھنا	خدمت گار ملے یا عورت خوش الحان ہے۔
اخروٹ دیکھنا	تجارت میں نفع حاصل ہو۔
اذان بے وقت دینا	ظلم و جفا کا شیوہ پسند آئے۔
اخروٹ کا درخت دیکھنا	بخل تمنا بر لائے مسرت ہاتھ آئے۔
اذان و اقامت اپنے مقام پر دینا	مال بے حساب ملے مگر ذلیل و خوار ہے۔
ارگن پانا یا گانا	افسر فوجی یا حاکم شہر ہو جائے۔
ازار دیکھنا	عورت سے شادی ہو خانہ آبادی ہو۔
آواز خوش سننا	داہنی یا سامنے سے ہو تو خوش نصیب ہو۔
اشرفی دیکھنا	فرزند نیک طالع ہو۔
اصحاب کبار کو دیکھنا	برکت حاصل ہو سرور کامل ہو۔
اعراض الہی دیکھنا	والدین کو پریشانی کمال ہو۔
اناج خشک کھانا	فکر و اندیشہ کا سامان ہو۔
انار شیریں کھانا	دولت دنیا سے مالا مال ہو۔
انار ترش کھانا	کوئی تکلیف اٹھائے۔

انار کا درخت دیکھنا	لونڈی باکرہ ہاتھ آئے یا منکر یار ملے۔
انار پانا	اولاد ملے یا اولاد نیک نہاد ہو۔
اولیاء اللہ کو دیکھنا	غصہ دیکھنا اقبال کو زر مال ہے۔
امٹری کھانا	فارغ البالی کی بشارت ہے۔
انجیر کا پتہ کھانا	اندیشہ بیماری کی علامت ہے۔
اپنے آپ کو اندھا دیکھنا	منفعت سے محروم قدر سے سختی رہے۔
اندھیرا دیکھنا	افلاس سے گرم جوش ہو۔
انگشتری دیکھنا	فرزند تولا ہو یا حکومت ہاتھ آئے۔
انگشتری پہننا	مسرت حاصل ہو۔ ثروت ہاتھ آئے۔
انگشتری گرتا دیکھنا	قدر کم ہو ذلت اٹھائے خوار ہو۔
انگشتری دوسری انگلی میں پہننا	خیانت کے مال سے مالا مال ہو۔
انگور سفید دیکھنا	فائدہ کثیر ہو صاحب تدبیر ہو۔
انگور سیاہ بے موسم دیکھنا	پریشانی و اضطراب ہونا۔
انگور کا شیرہ نکالنا	فرحت بے حساب حاصل ہو۔
انگشتری سونے کی بے نگینہ دیکھنا	مردوں کے لیے جدائی۔ عورتوں کے لیے بھلائی
انسان کا گوشت کھانا	مال حرام ہاتھ آئے۔
ادرک کھانا	ملاقات سے ہر آدمی مسرور ہو۔
انجیر کھانا	نفع کثیر ہونے کی علامات ہیں۔
اولاد دیکھنا	عیش و راحت فی الحال ہو۔
اونٹ دیکھنا	اسقدر مال ملے کہ شمار نہ ہو سکے۔
اونٹ پر سوار ہونا	سفر بے قصد درپیش ہو۔

اولے کا پانی پینا	خوشحال ہونا رنج الیال ہو۔
انگلیوں کو متفرق دیکھنا	تنگدستی ہو فکر و اندیشہ سے گھبرائے۔
انگلیاں زیادہ دیکھنا	مقعد سے دور رہے۔
انگلیاں پاؤں کی دیکھنا	اولاد ہو شادو خرم رہے۔
خود ہلاک کرنا	افعال نیک کی طرف راغب ہو۔

ب

بادام دیکھنا	ترقی مال اور دولت کی دلیل ہے۔
بادشاہ دیکھنا	ثروت و دولت حکومت ہاتھ آئے۔
بادشاہ کو خندہ دیکھنا	تولد فرزند جاہ دولت سے مسرور ہو۔
بادشاہ کو بدمزہ دیکھنا	وافر نقصان ہو۔ اندیشہ لاحق ہو۔
بادشاہ کو غیر جگہ اترتے دیکھنا	آفت آئے۔
بادشاہ کو مردہ دیکھنا	ضوابط اور آئین نو اس کے ملک میں جاری ہوں گے۔
بادشاہ کے ساتھ کھانا	درازی عمر و ترقی دولت کا سبب ہے۔
بادشاہ کے ہمراہ ہونا	خویش اقارب سے مفارقت ہو۔
بادان دیکھنا	شہر میں دیکھے تو خوش ہو اگر گھر میں دیکھے تو فساد ہو۔
بارانی دیکھنا	برکت کی نشانی باعث رفع پریشانی ملے۔
باز یا عقاب کا شکار کرنا	عاملاں شاہی سے اس کے یار ہوں۔
باغ دیکھنا	اگر سرسبز ہے تو خوشی عیش سے مسرور ہو۔
بازو اپنا کٹا دیکھنا	رنج و ملال سامنے آئے۔

بازو بایاں دیکھنا	ہمشیرہ سے ملاقات ہو۔
بال سر کے کٹے دیکھنا	مرد کا قرض ادا ہو عورت کے فرزند ہو۔
بال کاٹتے دیکھنا	عورت کو شوہر طلاق دے۔
بال سفید دیکھنا	وقار حاصل ہو۔ اگر سیاہ دیکھے تو سردار اس کا قید ہو۔
بال بڑھنا	درازی عمر کی اور مال کی مصیبت کا اندیشہ ہے۔
بالاخانہ دیکھنا	قدر و مرتبہ عالی پائے۔
بالو دیکھنا	اگر کم ہو یا زیادہ اگر زیادہ ہو تو کم دولت ملے۔
بالوں کو چھوٹا کرنا	حاکم کو پریشانی ہو دشمن سے رہائی ہو۔
باتیں بہت کرتے دیکھنا	خدمت بڑے پائے عہدہ وکالت کی طرح پائے۔
بردہ خریدنا	سرداری کا سبب ہے۔ اُمید فضل رب ہو۔
بچھو دیکھنا	نقصان پہنچنے دشمن کا ہم ردیف ہو۔
بیضۂ مرغ دیکھنا	عورت خوبصورت ملے یا دوست سے راحت حاصل ہو۔
بچھونا زمین پر بچھانا	عمر دراز ہو راحت حاصل ہو۔
بازو داہنا دیکھنا	فرزند یا بھائی یا شریک سے ملے زندگی چین سے بسر کرے۔
برف کھانا	دل کو خوش و سرور ہو ملال خاطر دور ہو۔
برق گرتے دیکھنا	بے موسم دیکھنا تو نقصان ہو اگر موسم کے مطابق ہو تو فائدہ حاصل ہو۔
برج دیکھنا	خوف آفت پیش آئے۔ مگر جلد رفع ہو۔
بندگان دین کو دیکھنا	خیر و برکت کا سبب ہے کمال عنایت رب ہے۔
بازار کا دیکھنا	بندگی کی علامات ہیں۔ باعث ترقی دولت ہے۔
بال ناک پر دیکھنا	غم و اندیشہ کا نشان ہے۔
بلند جگہ پر چڑھنا	مرتبہ بلند ہو توقیر پائے۔
بلندی سے اترنا	باعث عزت و افلاس ہے۔

خواب	تعبیر
بادشاہ سے لڑنا	فراخی نعمت ہو اور ارزانی کا سبب ہے۔
بال قدم یا ہتھیلی پر دیکھنا	قرض میں مبتلا ہو فکر و اندیشہ ہو۔
بڑھیا خوبصورت دیکھنا	رونق خانہ دلکشادگی رزق کی دلیل ہے۔
بکری چرانا یا کھو جانا	فرزند یا عزیز سے مخالفت کا غم ہو۔
بنفشہ دیکھنا	لونڈی پارسا پائے یا مرض سے صحت پائے۔
بکتے دیکھنا آپ کو	چور یا دشمن سے مقابلہ ہو۔
بلی کا یا بندر کا کاٹنا	بیمار ہونیکی علامت ہے۔ رزق کی قلت ہو۔
بلی دیکھنا	چور یا دشمن سے مقابلہ کرنا۔
بوسہ دینا	اعمال نیک کی طرف میلان پیدا ہو جائے۔
بوسہ دشمن کو دینا	امید رفع عداوت ہو۔
بوق بجانا	بلا میں مبتلا ہو باعث پریشانی ہو
بوڑھا دیکھنا	سفر سے بخیریت واپس آئے۔
بہشت کا پھل کھانا	عوام میں حرمت پائے۔ والدین کو راحت بخشے۔
برق سے مکان گرنا	راحت میں خلل پڑے یا خود بیماری اُٹھائے۔
بیل میانہ قد فربہ دیکھنا	ارزانی غلہ فراخی رزق سے شاد ہو۔
بیل لاغر دیکھے	تنگی رزق سے حال زرد رہے۔
بھیڑیا دیکھنا	بادشاہ ظالم یا دشمن سے صدمہ اُٹھائے۔
بھوکا دیکھنا	ناحق پریشان ہو۔
بھول جانا	حسین دیکھے بزرگی حاصل ہو۔
بیمار آپ کو دیکھنا	سفر باطل سے ملال حاصل ہو۔

خواب	تعبیر
بیمار یا مردہ اپنی گرد میں دیکھنا	بشارت راحت و خوشی ہے۔
بلبل کا دیکھنا	مسرت فرحت حصول رزق حاصل ہو۔
بھنگا یا بھونرا دیکھنا	رفع ملال ہو۔
بہی کھانا	لڑکی پیدا ہونیکی دلیل ہے ؟
بینگن کھانا	موسم سے تو اندیشہ ملال ہو موسم نہیں ہے تو صاحب مال ہو

"پ"

خواب	تعبیر
پاؤں دیکھنا	علامت زینت ہے۔ ترقی مال و دولت ہے۔
پاؤں زمین پر مارنا	مصیبت میں مبتلا ہونا ہے۔
پانی کا چشمہ دیکھنا	مال و دولت بے شمار حاصل ہو۔
پانی دریا کا پینا	بہت مشقت اٹھائے۔
پانی دریا کا تمام پینا	بادشاہ یا حاکم مالدار ہو۔
پالان دیکھنا	کلفت یا رنج سے کنارہ ہو۔
پانی پی کر آسودہ ہونا	مقدر میں حکمرانی ہو۔
پارہ زمین پر گرا اٹھانا	ایسا مال ملے جس سے قطع امید ہو۔
پاجامہ زرین دیکھنا	عورت عیش یا دوست ملے۔
پری خوش رو دیکھنا	بلند مرتبہ امید محبت و مسرت حاصل ہو۔
پستہ کھانا	منفعت و راحت ہو نیک بشارت ہو۔
پل صراط دیکھنا	کسی دشمن سے تکلیف یا مہم پیش آئے۔
پیغمبر کو دیکھنا	عیب جوئی سے پاک ہونا۔
پاخانہ پھرنا	نیک اعمال سے کنارہ ہو۔

Scanned with CamScanner

خواب	تعبیر
پاخانہ کپڑے میں بھرنا	چور یا فرمان پر غصہ ورنج حاصل کرے۔
پیشاب مجمع میں کرنا	غضب الٰہی نازل ہو ذلت حاصل ہو۔
پنجہ ہاتھ کا کٹا دیکھنا	مصیبت حاصل ہو۔
پستان دیکھنا	اولاد سے خوشی نصیب ہو۔
پیر دیکھنا	غم واندیشہ میں مبتلا ہونا۔
پہلو دیکھنا	عورت جوان ہم خواب ہے۔
پھلی ٹوٹی ہوئی دیکھنا	رنج وفکر سامنے آئے۔
پھول سفید دیکھنا	راحت وآرام ہو۔ رفع الالام ہو۔
پہاڑی بکری یا بھیڑ دیکھنا۔	مرے تو نفع ہو اور رفع گزند ہو۔
پھٹا پرانا کپڑا دیکھنا	غم وافلاس میں مبتلا ہو۔
پروانہ دیکھنا	کسی کی تلاش میں سرگردان رہے۔
پشم دیکھنا	راحت وصحت پیش آئے۔
پیالہ شربت دیکھنا	عورت نیک کردار ملے۔
پیٹ انتڑیوں سے خالی دیکھنا	اقارب سے مفارقت دوست سے مہاجبت
پیٹھ دیکھنا	معین ومددگار غیب سے پیدا ہو۔
پتھر دیکھنا	جھوٹ میں گرفتار ہو یا اغیانہ ہو۔
پیسہ پانا	عیش کی نشانی ہے۔
پیشاب عورتوں کو کرتے دیکھنا	زیادہ شہوت آئے۔
پیشاب محراب میں کرنا	پیٹ میں لڑکا مرجائے۔ تکلیف زیادہ ہو۔

خواب	تعبیر
پیشاب سے دھواں اٹھنا۔	مال دنیا سے غنی ہو۔
پیشاب خون کا کرنا	پیٹ میں لڑکا مرجائے تکلیف زیادہ ہو۔
پیشاب کپڑے پر کرنا۔	فسق وفجور کی کثرت از حد ہو۔
پیٹ شفاف دیکھنا	بے تلاش دولت شامل ہو۔
پیاسا آپ کو دیکھنا	دین کے کاموں میں خلل پڑے۔
پیشانی بلند دیکھنا	دین میں ترقی کی علامت ہے۔
پلنگ دیکھنا	یاد فراموش ہو اعتبار سے دور ہو۔

"ت"

خواب	تعبیر
تابوت اپنا دیکھنا	جس دشمن سے خوف ہو۔ اس پر فتح پائے۔
تاریکی اپنی آنکھ کی دیکھنا۔	بادشاہ یا امیر سے نفع حاصل ہو۔
تانبہ دیکھنا	بادشاہ یا امیر سے نفع حاصل ہو۔
تیتر دیکھنا	مرغ بازی کرے۔ شبانہ روز یہی کرے۔
تربوز دیکھنا	فراخ نعمت ملے ہم چشموں میں عزت حاصل ہو۔
ترش میوہ دیکھنا	فکر میں مبتلا ہو۔ رنج اٹھائے۔
ترنج دیکھنا	اگر کثرت سے دیکھے مال ملے اور اولاد ملے۔
تکیہ دیکھنا	مرتبہ بلند ہو بزرگی حاصل ہو۔ بزرگی حاصل ہو زندگی میں شہرت ہے۔
تلوار دیکھنا	اپنے سابقہ دشمن پر فتح حاصل کرے۔ گھر میں عزت ملے

خواب	تعبیر
تبسم کرنا	ہر طرح کی مصیبت سے راحت ملے۔
تل دیکھنا	بیوی یا ہم صحبت سے آرام ملے۔ گھریلو زندگی اچھی رہے۔
تنور دیکھنا	عورت مالدار ملے۔ فرمان بجا لائے یا نوکر لونڈی ملے۔
تھوک منہ سے تھوکنا	دنیاوی مال سے راحت ملے۔ گھر کی ذمہ داری ختم ہو جائے
تھوکنا کسی پر	جس پر تھوکے اُس سے نقصان اُٹھائے۔
تقسیم کرنا	بے شمار حکومت سے مالا مال ہو۔ تنگدستی دور ہو۔
تیر نشانہ پر لگانا	کسی بھی مقصد میں کامیابی حاصل ہو۔ راحت شامل ہو
تیر سے لوٹنا	عمر درازی کی علامت ہے کاروبار میں ترقی ہو۔
توت دیکھنا	مال حلال سے کامیابی حاصل ہو زندگی آرام سے گزرے
توت کا درخت دیکھنا	کسی بھی دولت مند سے نفع حاصل ہو۔
تنبورہ دیکھنا	عیش والی طبیعت ہو زندگی میں بے محنت دولت پائے۔
تقریر کرنا یا تشہیر کرنا	خلقت سخی اور دلیر سمجھے بہادر ہو۔
تالاب میں نہانا	الائش دنیا سے مالا مال ہو۔
تار دیکھنا	محبوبوں سے مربوط ہو۔ خوش حالی پیدا ہو۔
تالمکھانہ دیکھنا	درخت دیکھے تو الم ہو پھل دیکھے تو بے حیا ہو جائے۔
توپ دیکھنا	دنیا میں نیک نامی حاصل ہو۔ دشمن پر غالب رہے۔

"ٹ"

خواب	تعبیر
ٹخنا ٹوٹا ہوا دیکھنا	رنج و مصیبت میں گرفتار ہو اور حیران ہو۔
ٹھٹھا کرنا	دین و دنیا میں خرابی ہو ذلیل خوار ہو۔
ٹھلیا دیکھنا	زوجہ و کنیز خوش آئے۔ تنگ دستی دور ہو۔
ٹھوڑی اپنی دیکھنا	رنج و مصیبت میں مبتلا ہو یا کوئی نقصان اٹھائے۔

خواب	تعبیر
ٹڈی دیکھنا	سرغنہ قبیلہ بنے ناموری پائے خواہ کوئی بھی کام ہو۔
ٹاٹ دیکھنا	بچھا دیکھے مال پائے۔ اکٹھا کیا دیکھے تو پھر مصیبت آئے
ٹھوکر مارنا	عورت خوبصورت فرزند پیدا ہو۔ گھریلو لڑائی جھگڑا سے پناہ ملے۔

"ث"

خواب	تعبیر
ثرید دیکھنا	روزی کشادہ ہو راحت بے اندازہ ہو۔
ثریا دیکھنا	مرتبہ ملے۔ شاد و خرم رہے۔

"ج"

خواب	تعبیر
جام دیکھنا	کامیاب و بردبار ہو ہمکنار ہو راحت ملے۔
جراحت بدغیں دیکھنا	سعادتمند فرزند پیدا ہو۔ نصیب جاگے۔
جراحت سے خون بہنا دیکھنا	بیماری سے نجات پائے یا دشمن سے پناہ ملے۔
جمال الٰہی دیکھنا	عالموں کو پرہیزگاری بیمار کو آرام آئے۔ فقیری ملے۔
جگر دیکھنا	خوش حال عورت ہاتھ آئے۔ محبت میں مبتلا ہو۔
جنیب آپ کو دیکھنا	مفارقت عزیز اور خوش ہو۔
جوتا پہننا	اسباب راحت آئے یا عورت ملے۔ لونڈی خریدے
جھرنے کا پانی پینا	دشمن و دوست غم خوار بن جائیں۔
جوں یا جونک دیکھنا	ضعیف و حقیر ہو۔ مطعون بے توقیر ہو۔
جھنڈا سفید دیکھنا	امام وقت عالم یا فقیر روشن ضمیر ملے۔
جھنڈا سرخ دیکھنا	خوشی حاصل ہو راحت پائے۔ ہر کام میں نیک نامی پیدا ہو۔

Scanned with CamScanner

تعبیر	خواب
بیماری یا تکلیف ہو مگر جان بچ جائے تنگ دستی ہو۔	جھنڈا زرد دیکھنا
مجاہد دستے کا انچارج بنے۔ صحرا کی سیر کو جائے۔	جھنڈا سیاہ دیکھنا
دنیا میں وقار ہو۔ دوستوں میں عزت حاصل ہو۔	جہاد کرنا
درازی عمر و ترقی رزق کی نشانی ہے۔	جنازہ دیکھنا
عیش و راحت کی تلاش رہے عمر دراز ہو۔	جیون دیکھنا
غم و غصہ سے فرحت ہو اور مال ضائع ہو۔	جہاز دیکھنا
خوش خبری سے شاد ہو جائے ہر کام میں ترقی ہو۔	جھاج دیکھنا

چ

تعبیر	خواب
بادشاہ یا وزیر عالم باز قید ہو۔	چاند دیکھنا
فرزند سعادت مند پیدا ہو۔	چاند کو زمین یا گھر میں دیکھنا
زمین پر راحت ہو اس کے رہنے والوں کو۔	چاندنی زمین پر دیکھنا
اسقاط حمل ہو۔ کچھ نہ کچھ خلل ضرور آئے۔	چاند کو دھندلا یا گہن دیکھنا
مال سے گھر بھرے۔ مگر آنکھ سے چکا چوند رہے	چاندی کا ٹکڑا پانا
کسی عورت سے مکر و فریب کرے۔	چاندی کان سے نکالنا
خصومت میں مبتلا ہو۔	چاندی گلاتے دیکھنا
رنج و غم دور ہو۔ راحت حاصل ہو۔	چاندی پانا
خفیف مال ہو۔ دولت کا زوال ہو۔	چاندی کھوئی دیکھنا
سلطنت پلسٹے یا مرتبہ بلند پائے۔	چتر شاہی دیکھنا

تعبیر	خواب
ہر کام میں عزت ملے۔	چادر دیکھنا
عمر درازی کی نشانی ہے۔	چراغ روشن دیکھنا
فرزند ارجمند ملے۔ راحت پائے۔	چشم خوب دیکھنا
مسافر ہو تو راہ بھول جائے مقیم ہو تو نقصان اٹھائے۔	چشم اپنی دیکھنا زیادہ
دنیا میں نامور ہو۔ فرزند صحت مند ہو۔	چشم اپنی تاریک دیکھنا
فکر و تدبیر سے راحت ہو۔	چشمہ دیکھنا
مرد صالحہ ہو خیر و برکت ہو۔	چشمہ کسی محلہ یا گھر میں دیکھنا
دوستوں سے ملال ہو۔	چھال درخت کی کھانا
علم میں مرتبہ ہو۔ شوکت زیادہ ہو۔	چندر دیکھنا
گرو خلقت کے ممتاز رہے۔	چکی دیکھنا
جس کام کا قصد کرے وہ ہو جائے۔	چقندر دیکھنا
گفتگو بے فائدہ کرے۔	چکی بے دانہ چلتی دیکھنا
اجل قریب ہو۔ دنیا سے رحلت نصیب ہو۔	چکی بے پانی چلتے دیکھنا
حج کرے معصیت سے پاک ہو۔	چلتے چلتے اذان دینا
عورت بدسیرت ملے۔	چوہا دیکھنا
عمر کوتاہ ہو بدراہ سے بے راہ ہو۔	چوہے کو کھاتے دیکھنا
عورت حسین ملے یا منفعت کثیر ہو۔	چہرہ بچہ دیکھنا
خوشی و راحت پائے۔	چھینکنا
فسق و فجور زیادہ کرے۔	چھل دیکھنا

خواب	تعبیر
چمگادڑوں کو بکثرت گھر سے نکلتے دیکھنا	اس گھر کی ویرانی اور پریشانی ہو۔
چائے پینا	صحت کامل ہو۔ امید حاصل ہو۔
چوکھٹ پر اپنا سر رکھنا	صحبت معشوقاں سے سرگردان ہو پھر وصل ہو۔
چھینکنا	فکر و تشویش میں سرگردان ہو۔

ح

خواب	تعبیر
حج کرنا	مقصد دلی حاصل ہو۔ خوف زائل ہو۔
حجر اسود کو بوسہ دینا	امام بزرگ سے فیض پائے۔
حرم شریف میں اپنے آپ کو دیکھنا	غم و اندیشہ دنیاوی دور ہو۔
حق تعالیٰ حساب کرتے دیکھنا	مسافر امن و امان سے گھر آئے۔
حلوہ کھانا	عمر دراز ہو۔ عیش سے سرفراز ہو۔
حمام کو بنانا	مقصد حاصل ہو۔ عیش کی طرف مائل ہو۔
حمام میں جاکر غسل کرنا	غم و اندیشہ زائل ہو۔ ہوس زیادہ ہو۔
حمام بے آب دیکھنا	عورتوں سے رنج اٹھائے۔ غم و غصہ کھائے۔
حوض دیکھنا	خیر و برکت کی علامت ہے۔
حیض میں عورت کو دیکھنا	عورتوں کا حیض بند ہو۔ فرزند پیدا ہو۔ ارجمند ہو۔
حیض سے پاک ہوکر غسل کرنا	مغفرت کی دلیل ہے۔ بیمار صحت پائے۔

خواب	تعبیر
حیض میں دیکھنا مرد کا	عورت فاحشہ سے زنا کرے بے رہ ہو جائے۔
حلال جانور کا دودھ پینا	خیر و برکت زیادہ ہو حاکم سے فائدہ ہو۔

خ

خواب	تعبیر
خربوزہ کا کھیت دیکھنا	ہمت بلند ہو اولاد سعادت مند پیدا ہو۔
خصیہ دیکھنا	لڑکی پیدا ہو یا قوت زیادہ ہو۔
خطبہ پڑھنا	مال و اسباب جمع کرے ورنہ ہاتھ آئے۔
خط یا کتاب پڑھنا	رنج اُٹھائے۔
خط مہری دیکھنا	خیر نیک و بد چھپائے۔
خط کھلا ہوا دیکھنا	خبر پوشیدہ ظاہر ہو۔
خطیب سے ملنا	مرد خوش طبع سے ملاقات ہو۔
خلال کرنا	خویش و اقارب سے خصومت ہو۔
خوان دیکھنا	فراخی نعمت کی علامت ہے۔ رزق میں ترقی ہو۔
خوان پر کچھ کھانا	درازی عمر و دولت کی نشانی ہے۔
خود کھانا	آفات سے محفوظ رہے۔ عورت نیک ہو۔
خوشہ دیکھنا	خوش نصیب ہو مال سے گھر بھرے۔
خوش بو لگانا	سب کی نظروں میں حقیر بنے۔
خون دیکھنا	مال حرام کھائے جو زندگی کا وسیلہ ہو۔
خون کرنا	تندرستی سے زندگی بسر ہو۔ دین و دنیا سے بے خبر ہو۔
خون میں لوٹنا	نعمت حاصل ہونے کی نشانی ہے۔
خون کسی کا کھائے	مال حرام کھائے یا کسی کو قتل کرے۔
خیار کھانا	بیماری سے بیزار ہو۔

خواب	تعبیر
خانہ باغ دیکھنا	منفعت کثیر پائے بے تدبیر ہو۔
خچر کا گوشت کھانا	کسی عورت کا مال ملے بخل سے خراج ہو۔
خچر کا دودھ پینا	خوف و رنج میں مبتلا ہو۔
خرما دیکھنا	علم و دین حاصل ہو۔
خرما کا تخم دیکھنا	سفر درپیش ہو۔ رنج و الم پیش آئے۔
خرما کا درخت لگانا	بزرگوں سے مال و دولت ملے۔
خرما کھانا یا دیکھنا	موسم ہے تو فرمانبردار ہو۔
خرمانی کھانا	بیماری یا رنج سامنے آئے گھر میں جھگڑا پیدا ہو جائے۔
خربوزہ دیکھنا	نفع کثیر ہو گر بیماری قلیل ہو۔
خرگوش دیکھنا	اس عورت سے واسطہ ہو جو دوست نہ ہو۔
خشخاش دیکھنا	مال حلال سے منتفع ہو۔
خشت پختہ دیکھنا	موت یا بیماری آئے۔
خشت خام دیکھنا	بہت زیادہ دولت ہاتھ آئے۔
خیمہ و خرگاہ دیکھنا	بادشاہ ہو معشوق ملے جمیلہ عورت سے نکاح ہو۔

"د"

خواب	تعبیر
دانت گرتے دیکھنا	عمر درازی، راست باز صاحب تدبیر ہو۔
دانت اپنا اکھاڑنا	مال خاطر خواہ جمع ہو جائے۔
دانت اپنا سونے کا دیکھنا	بیمار ہونے کی علامت ہے۔
دانت چاندی کا دیکھنا	مال برباد ہو جائے۔ تکلیف اٹھائے۔

خواب	تعبیر
دنبہ دیکھنا	مال حلال پائے کھائے یا کھلائے۔
درخت خاردار دیکھنا	بیماری لاحق ہو۔
درخت ثمردار دیکھنا	ہر طرح کی راحت ہو۔
درخت سیب کا دیکھنا	محسن یا متقی مشہور ہو جائے۔
درخت کنجد دیکھنا	مرد عجمی سے نفع یا زن ولایت پائے۔
درخت بے ثمر دیکھنا	مال قلیل پائے۔
درخت کے پتے دیکھنا	وہ مال ملے جو بڑھتا جائے۔
درم ضائع کرنا	کسی جاہل کو نصیحت کرے جو عمل نہ کرے۔
درم نثار کرنا	نیک بات سنے مگر قبول نہ کرے۔
درم ہاتھ میں لینا	روزی بقدر حاجت غیب سے آ دے۔
دروازہ بند دیکھنا	باعث فکر و پریشانی ہے۔
دروازہ گھر سے دور دیکھنا	عورت فاحشہ سے ملاقات ہو۔
دشمن سے بھاگنے دیکھنا	خوف و حراست سے مراد حاصل ہو۔
درخت انجیر دیکھنا	تجارت میں نفع بہت ہو مگر بے فائدہ ہو۔
دال دیکھنا	متلاشی درم و دینار ہو۔
دلال دیکھنا	باری ملے راہ دکھائے۔
دروازہ دیکھنا	عورت نیک یا مرد نیک سے بہار آئے۔
دودھ عورت کا پینا	اپنی منکوحہ الفت سے پیش آئے۔
دوا پینا یا کھانا	گناہ سے پشیمان ہو کر توبہ کرے۔
دودھ اونٹنی کا پینا	زور میں توانائی آئے۔

Scanned with CamScanner

خواب	تعبیر
دودھ بھیڑ کا پینا	رنج میں مبتلا ہو سستی طاری ہو۔
دودھ حرام جانور کا پینا	خوشی کے موقع پر رنج اُٹھائے۔
دوزخ سے نکلتے دیکھنا	دینداری میں قدم رکھے۔
دوزخ کے عذاب میں دیکھنا	فراق یار میں بے قرار ہو۔
دونوں ہاتھوں میں مہندی لگی دیکھنا	عورت کو مبارک ہو شادی ہو یا مرد سے دل لگائے۔
دریا دیکھنا	بادشاہ یا بزرگ کا فرماں بردار ہونا
دریا میں تیرنا	مشکل حل ہو۔ گھریلو سکون ہو۔
دریا سے پار ہونا	آفت اور وحشت سے نجات پائے۔
دوکان پر بیٹھنا	عزت و مرتبہ پائے۔
دولت دیکھنا	حاملہ عورت ہو۔ مرد نقصان اُٹھائے۔
دو منزلہ مکان دیکھنا	عالی قدر ہو۔ روزی اور وقار بلند ہو۔
دودھ حلال جانور کا پینا	حلال روزی نصیب ہو۔
دو ناک اپنے دیکھنا	نواح اور اقارب سے پریشان ہو۔
دہی دیکھنا	روزی حلال پائے کاروبار میں ترقی ہو۔
دھواں دیکھنا	رات دن عیش اُٹھائے۔ گھریلو سکون نصیب ہو۔
دیگ دیکھنا	مریض شفا پائے۔ خود رنج و مصیبت اٹھائے۔
دیوار دیکھنا	دن رات عیش اٹھائے کاروبار خوب چمکے۔
دینار سرخ دیکھنا	دین و دنیا کے کاموں میں قوت ملے۔

خواب	تعبیر
دلدل دیکھنا	پریشانی سے نڈھال ہو۔

"ڈ"

خواب	تعبیر
ڈاڑھی دیکھنا	خلقت میں ترقی توقیر ہو۔
ڈاڑھی زیادہ ہونا	ترقی قسمت دولت کی نشانی ہے۔
ڈاڑھی ناف سے نیچے دیکھنا	قرض دار ہو۔ فکر میں مبتلا ہو۔
ڈاڑھی عورت اپنے منہ دیکھے۔	شوہر سفر میں جائے۔ یا سفر سے واپس آئے۔
ڈاڑھی تراشنا	زوال حشمت ہے یا گمراہ ہو جائے۔
ڈاڑھی لڑکا دیکھے	قبل بلوغت مر جائے۔
ڈاڑھی سفید دیکھنا	مرتبہ بلند ملے۔ عزت دار ہو۔
ڈاڑھی سیاہ دیکھنا	اقبال اور بزرگی کی علامت ہے۔
ڈاڑھی کو خضاب کرنا	تکلیف و تنگدستی ہے۔ نقصان اُٹھائے۔
ڈاڑھی اکھیڑنا	لہو لعب میں مصروف رہے۔
ڈاڑھی گھنی دیکھنا	تونگر کو زیادتی مال ہو فقیر کو زندگی وبال بنے۔
ڈبیہ دیکھنا	دل کی مراد ظاہر ہو عیب ثواب سے باہر ہو۔
ڈول دیکھنا	تدبیر بیکار جائے امید نہ بر آئے۔
ڈل دیکھنا	دانتوں میں قوت ہو۔ محبت زیادہ کرے۔

"ذ"

خواب	تعبیر
ذکر دراز کھلنا	اولاد کثیر ہو عورت سے یا صحبت رہے۔

Scanned with CamScanner

خواب	تعبیر
ذکر و فرج ساتھ دیکھنا	غم و اندیشہ سے برطرف ہو جائے۔
ذبح جانور کرنا	بادشاہ یا حاکم سے نفع اُٹھا۔

"ر"

خواب	تعبیر
راہ راست دیکھنا	ترقی علم ہو یا عقل بڑھے۔
راہ کج دیکھنا	نتیجہ بد ہو رنج و ملال ہو۔ مال نقصان ہو۔
راہ میں غبار نظر آنا	مقصد حاصل ہو یا سفر درپیش ہو۔
روزینہ مقرر ہونا	فائدہ بے غایت ہو۔
راہ پا ریت دیکھنا	بیماری سے زنجور ہو بے توقیر ہو۔
ران دیکھنا	جو ملے اقارب سے ملے۔
رباط دیکھنا	دنیا میں نامور ہو۔
رسی دیکھنا	سفر درپیش آئے۔
رخسارہ دیکھنا	بدن صحت و ترقی فی الحال ہو۔
رسی لپٹا کر آپ کو باندھنا	دولت خدا داد ہاتھ آئے۔
ربد کی آواز	بیمار ہو شفا پائے۔
رکابی دیکھنا	خدمت گار حلال خیر و برکت ملے۔
روٹی دیکھنا	نعمت ملنے کی دلیل ہے۔ بیماری سے صحت پائے۔
روشنی بے آگ دیکھنا	راہ پانے سے بچے۔
روزہ رکھنا	آفات سے بچے۔

خواب	تعبیر
رونا آنسوؤں کے ساتھ	مالک کا فرمانبردار رہے۔ زمانہ تابعدار رہے۔
روزن دیکھنا	مالی تجارت ملے یا ولایت ملے۔
ریچھ دیکھنا	خوف کھائے یا پریشان رہے۔
روغن دیکھنا	صدمہ اُٹھائے۔
رنج دفع دیکھنا	بخشش حاصل ہو۔
راہزان دیکھنا	بدنامی کی تعذیر ہو۔
رائی دیکھنا	بڑے کام کا اہتمام کرے۔
رشوت لینا	خلق سے فضیلت ہو مالک سے بے حرمت ہو۔
رن دیکھنا	سخت مشکل ہاتھ آئے۔

"ز"

خواب	تعبیر
زانو دیکھنا	بے قدر و کم جرأت ہو۔
زاہد، عالم دیکھنا	ایسے فعل صادر ہوں جس سے نیک نام ہو۔
زبان اپنی لمبی دیکھنا	زیادہ گوئی کا چسکا ہونا
زبان بند دیکھنا	آفت و رنج میں مبتلا ہو۔
زبان سے کوئی چیز گرے۔	بیماری سے پریشانی ہو۔
زبان طراز دیکھنا	تدبیر کام میں قدم رکھے۔
زبان کو منہ سے باہر دیکھنا	رنج و مصیبت ہو بدنام ہو۔

خواب	تعبیر
زائل کرنا بکارت کا	مقصد حاصل ہو۔
زراعت دیکھنا	جمعیت و استغنا ہو۔
زراعت کرتے دیکھنا	دین کا نفع ہو بیماری وفکر رفع ہو۔
زراعت کا ٹکڑا رکھنا	دولت خداداد ہاتھ آئے۔
زرد آلود دیکھنا	ترنج کی الٹی تاثیر ہے۔
زبان پر بال دیکھنا	رنج وپریشانی ہو۔
زعفران دیکھنا	خوشنمائی وحسن کرداری کی شہرت ہے۔
زکواۃ دیکھنا	انجام بخیر ہو قرض سے سبکدوش ہو۔
زم زم دیکھنا	گناہ سے توبہ کرے۔
زمرد دیکھنا	مال حلال کی تحصیل کا کام ہے۔
زمین کی سطح دیکھنا	دولت ونعمت ملے۔
زمین ہموار کرنا	کاروبار میں ترقی ہو۔ کار بدار بخوبی سنبھالیے۔
زمین کھودنا مٹی کھانا	مکروحیلہ سے مال ملے مگر تکلیف اٹھائے۔
زمین کھود کر پانی نکالنا	مشقت سے فائدہ حاصل ہو۔
زنار دیکھنا	تولد فرزند ہو خوش حالی ہو۔
زنجبیر دیکھنا	عورت بدخصائل سے پریشان ہو۔ تکلیف اٹھائے۔
زنبورہ دیکھنا	سفلہ مزاجی کی عادت ہو۔
زندہ کو مردہ دیکھنا	زیادہ زندگی ہو۔ راحت نصیب ہو۔
زہر کھانا	غم وغصہ کھائے لڑائی کا امکان ہو۔
زہر دیکھنا	عورت خوبصورت ملے یا بادشاہ ہو۔
زیتون دیکھنا	خیر وبرکت سے اوقات کیے۔

خواب	تعبیر
زنجیر دراز دیکھنا	کوئی رفیق خدمت گار ملے۔ ترقی حاصل ہو
زینت انگشت دیکھنا	فرزند شفیق یا دوست ملے۔
زلف دیکھنا	کسی حسین کے مبتلا ہو۔
زینہ دیکھنا	مرتبہ رفع ہو جائے۔
زنجیر گردن میں دیکھنا	تکلیف کے بعد راحت ملے تنگی دور ہو۔

س

خواب	تعبیر
ساق دیکھنا	زیادہ عمر ہو یا باعث تکلیف ہو۔
ساق خون بھرا دیکھنا	دولت مال نعمت پانے کی نشانی ہے۔
سانپ کو اپنا مطیع پانا	دولت دنیا سے مالا مال ہو۔
سانپ دیکھنا	فکر وتدبیر سے دل گبھرائے۔
سانپ چھت سے گرتے دیکھنا	مرض کے صدمہ سے ملول ہو۔
سانپ گھر میں دیکھنا	نقصان اٹھائے، گھریلو نقصان ہو۔
سانپ کا گوشت کھانا	اپنا مال دشمن کے ہاتھ آئے یا دشمن سے تکلیف اٹھائے
سانپ سے اچھی بلن کرنا	دشمن سے نفع ہو۔ برائی رفع ہو۔
سانپ کا نیورے سے لڑنا	فکروتردد میں بے قرار ہو۔
سانپ کے دانت دیکھنا	شادی ہونے کے امکان شادمانی حاصل ہو۔
ستارہ روشن دیکھنا	بادشاہ مہربان ہو۔

خواب	تعبیر
سانپ کو خوف سے مارنا	دشمن سے لاپرواہ ہو۔
سرپر بادیت دیکھنا	مباشرت سے دل گھبرائے۔
سراجدار دیکھنا	مخدوم واقارب سے جدائی نصیب ہو۔
سراپنا پر پرندے دیکھنا	ہمت میں اضافہ ہو۔
سامنے چار دانت دیکھنا	فرزند۔ خواہر بیمار ہو۔
سریر پر بیٹھنا	سفر کی علامت ہے۔
سر کے بال جھڑتے دیکھنا	رنج وغم سے نجات پائے۔
سر میں تیل ڈالنا	زیب وزینت زیادہ ہر بانکر ہو۔
سراپنا آپ مونڈنا	پردہ فاش ہو۔ مخدوم سے وسواس وخطر ہو۔
سر کے بال اپنے کٹے دیکھنا	عورت کو طلاق دے یا خود گھر بیں رہے۔
سر کٹا ہوا دیکھنا	فتوح غیب سے مال ہاتھ آئے۔
سر کے بال کھلے دیکھنا	عورت دیکھے تو شادی ہو جائے۔ مرد دیکھے تو سفر پیش آئے۔
سر منڈانا	شر وفساد میں پھنس جائے۔ کاروبار تباہ ہو۔
سرمہ دانی دیکھنا	عقل و دانائی بڑھے۔ علم غیب ملنے کی توقع ہے۔
سرمہ لگانا	چشم خلق میں عزیز ہو۔
سرمہ اپنے ہاتھ میں دیکھنا	دولت مندی کی نشانی ہے۔

خواب	تعبیر
سرمہ کی سلائی دیکھنا	فرزند پیدا ہو۔ خوش حال ہو۔
سرد پانی پینا یا نہانا	تندرستی عیش کی علامت ہے۔
سرکہ دیکھنا	دولت ہاتھ آئے جس سے خیر وبرکت ہو۔
سرسوں دیکھنا	روزی حلال ملے تجارت سے فائدہ حاصل ہو۔
سونف دیکھنا	خدا کی قدرت سے فائدہ اٹھائے۔
سلاخ باندھے دیکھنا	سرداری قوم سے سرفراز ہو۔
سامان دیکھنا	اندوہ وغم ہو یا کسی پر ستم عظیم ہو۔
سونا کا ٹکڑا دیکھنا	بڑا ہو تو سرداری ملے چھوٹا ہو تو دولت ملے۔
سونا گلاتے دیکھنا	آفت وبلا میں پھنسے۔
سونا غیر کے ہاتھ میں دیکھنا	جو کام کرے با انتظام ہو۔
سونا بہت سا پانا	شہرت وسخاوت ومروت ہو۔
سور دیکھنا	حرام خوروں کا سردار بنے۔
سور کا دودھ پینا	دنیا میں ذلیل وخوار ہو۔
سورج دیکھنا	فرزند بلند اقبال ہو۔
سورج کی طرح اپنا منہ دیکھنا	صحت کامل ہو۔ نصیبہ زیادہ ہو۔
سوئی موٹی بڑی دیکھنا	کم دیکھے تو بہتر زیادہ دیکھے تو رنج
سان دیکھنا	خوش تقریر پر تاثیر ہو۔
سیاہی دیکھنا	سردار قبیلہ ہو بلند مرتبہ پائے۔
سیاہ کپڑے پر دیکھنا	اگر اہل قلم ہے تو بے اختیار ہو۔

Scanned with CamScanner

تعبیر	خواب
فرزند و ہنر مند کامل ہو۔	سیب دیکھنا
ہمت و جرأت سے کام لے۔	سینہ کشادہ دیکھنا
خجلت و گمراہی سے بدنام ہو۔	سینہ تنگ ہو
غم و رنج اُٹھائے۔	سنبل دیکھنا
بادشاہ۔ زاہد۔ یا ابدال ہو۔	سیمرغ دیکھنا
فرزند سعید پیدا ہو۔	سیاہ بال سفید دیکھنا
تنگی ہو ضلالت اُٹھائے۔	سورہ قرآنی پڑھنا
فیض جاری ہو۔ فقیروں کی حمایت حاصل کرے۔	سبیل دیکھنا

ش

تعبیر	خواب
فائدہ اُٹھائے مقصد دل مل جائے۔	شانہ دیکھنا
باعث رنج پریشانی ہے۔	شانہ کہنہ گرم کرنا
یاروں کی اعانت ہے۔	شانہ کرنا بالوں میں
عورت حاملہ ہو فرزند جنے گی۔	شیشہ دیکھنا
دولت ملے یا کسی بزرگ سے فائدہ حاصل ہو۔	شامیانہ دیکھنا
جنگ خصومیت کا سامنا ہو۔	شراب دیکھنا
صحت کی بشارت ہے۔ عمر دراز ہو۔	شربت دیکھنا
رنج وسختی اٹھائے مشقت برباد ہوئے۔	شربت پیکر مست ہونا
ارزانی بے حساب ہو۔	شق ہوتا آسمان دیکھنا
فرزند پیدا ہو۔ مسرت حاصل ہو۔	شکر قند دیکھنا
معاشرت سے متنفر ہو جائے۔	شلغم دیکھنا

تعبیر	خواب
عورت نیک ملے عیش کرے۔	شمع یا چراغ دیکھنا
ہمخواہ سے فرحت ہو۔	شمعدان دیکھنا
عورت کو طلاق دے۔	شمشیر کا گرنا
اگر بے کار ہو تو نوکر ہو یا ملازم ہو۔	شعلہ برابر سر پر دیکھنا
فرزند یا عورت خوبرو کرے۔	شمشیر باندھنا
مراد مل جائے عورت فرمانبردار ہو۔	شکار کرنا
کسی سے کسی قسم کا فائدہ ہو۔	شہد کی مکھی دیکھنا
فوج کا افسر بنے۔	شہاب دیکھنا
خیر و عافیت ہو۔ بیمار کو صحت ہو۔	شیر دیکھنا
دولت حاصل ہو۔ دینی علم میں کامل ہو۔	شیر کو اپنا تابعدار دیکھنا
دولت اور شاہی حاصل ہو۔	شیر کا گوشت کھانا
کوئی مقابلہ نہ کر سکے۔ سب پر فتح ہو۔	شیر کا مطیع کرنا
عورت سے بدخواہی ہو۔	شیطان پر فریفتہ ہونا
دشمن پر فتحیابی کی نشانی ہے۔	شیطان کو مشہور کرنا
خدمت بادشاہی سے سرفراز ہو۔	شیرہ انگور کا نچوڑنا
بیماری سے صحت پائے اور فرحت ہو۔	شیشہ دیکھنا
جسم کو قوت یا دل کو مسرت ہو۔	شوربہ پینا یا کھانا
مصیبت و بلا سامنے آئے۔	شعلہ آتش دیکھنا
عمر دراز ہو۔ شاد رہو۔	شمعدان روشن دیکھنا
مقصد تدبیر سے حاصل ہو۔	شیر سے بھاگنا

Scanned with CamScanner

ص

خواب	تعبیر
صاعقہ دیکھنا	تونگر مفلس ہو فقیر غنی ہو۔
صحبت امرد سے کرنا یا دیکھنا	منفعت کا اشارہ ہے۔
صحبت زن مجولہ سے کرنا	فائدہ کثیر ہو۔ ذی توقیر ہو۔
صحبت زن معروفہ سے کرنا۔	کامرانی کی نشانی ہے۔
صحبت کرتے دیکھنا	اس گھر والے مستفید ہوں یا بعید۔
صحبت کردن زن بر زن	چھپے ہوئے گناہ ظاہر ہوں۔
صحبت کرنی چارپایہ مجہولہ سے	دشمن کو فتح کرے قوی زیر ہو۔
صحرائے کشادہ دیکھنا	سفر دراز پیش آنے کی علامت ہے۔
صراف دیکھنا	نیک و بد کی تمیز حاصل ہو۔
صراحی دیکھنا	غلام یا لونڈی خیر خواہ ملے۔
صلح کرنا	درازی عمر کی بشارت ہے۔
صلم کو پوجنا	دین کے امر میں جھوٹ بولے۔
صندوق دیکھنا	دشمن فرمانبردار ہو۔

خواب	تعبیر
صومعہ دیکھنا	کار دین میں فرمانبردار ہو جائے۔
صیاد دیکھنا	فکر و تدبیر میں پریشانی اٹھائے۔
صابن دیکھنا	قلب صاف ہو مرض سے صحت پائے۔
صحنک دیکھنا	مال حلال سے اوقات بسر ہو۔
صقل کرتے دیکھنا	ریاضتگی گزارہ کرے۔
صدقہ دیکھنا	اگر دیوے تو بیماری سے نجات ہو۔

ض

خواب	تعبیر
ضیافت کھانا	کھائے تو فائدہ ہو۔ دے تو سخی ہو۔
ضامن ہونا یا دینا	فائدہ ہو اس سے یا کسی کو فائدہ دے۔

ط

خواب	تعبیر
طبق یا طشت دیکھنا	لونڈی یا غلام فرمانبردار حاصل ہو۔
طلاق دیکھنا	عورت یا خزانہ ملے۔
طواف کرنا	گناہ سے توبہ کرے۔
طاش دیکھنا	دولت مندی کی نشانی ہے۔
طاؤس دیکھنا	مال کثیر پائے زن حسین ہاتھ آئے۔
طہارت کرتے دیکھنا	بیمار کو صحت ہو۔ قوم میں عزت ہو۔
طبل دیکھنا	جو اس کو بجائے فائدہ ہو۔ جو سنے نقصان ہو۔
طلاق اپنی زوجہ کو دینا	تونگری اور صحت کی نشانی ہے۔

Scanned with CamScanner

خواب	تعبیر
طوطی دیکھنا	صلاح و فلاح حاصل ہو۔
طویلہ دیکھنا	مال و زر ملے یا رنج اٹھائے۔
طوق دیکھنا	مرد کو فتح مندی عورت کو سرور۔
طوفاق دیکھنا	اہل و عیال کی فکر میں مبتلا رہے۔
طمانچہ مارنا	جس کو مارے سر در ہو، کلفت زدہ رہو۔
طرہ لٹکانا دیکھنا	عزت و توقیر ہاتھ آئے۔
طلسمات دیکھنا	عمر دراز ہو اور مسرت باز ہو۔

"ظ"

خواب	تعبیر
ظالم کو دیکھنا	غم کا سامنا ہو۔
ظلم کرنا	بدنام مشہور ہو، مصیبت میں گرفتار ہو۔

ع

خواب	تعبیر
عالم دیکھنا	نیک نامی حاصل ہو، نیک کام کرے۔
عرق جسم میں دیکھنا	مصیبت سے بری ہو۔
عطارد دیکھنا	منشی بادشاہ ہو اس سے فائدہ ہو۔
عقیق دیکھنا	عزت و مرتبہ ملے فراخی نعمت ہو۔
عینک لگانا	علم حقیقت سے آگاہ ہو۔
عصا دیکھنا	سردار قوم ہو توقیر پائے۔
علم سیکھنا	اہل و عیال سے فارغ البال ہو۔
عمارت عالی دیکھنا	دولت مندی میں شامل ہو۔

خواب	تعبیر
عماری زرین دیکھنا	مقرب بادشاہ یا حاکم کار ہو۔
عمامہ سر پر دیکھنا	علم و فنون میں شامل ہو۔
عندلیب دیکھنا	خود غلام بنے یار قاصہ سے دل بہلائے۔
عطر لگانا	عورت پاکیزہ سے دل بہلائے اور ہم صحبت ہو۔
عود دیکھنا	مال ضائع اور گم شدہ مل جائے۔
عورت جوان دیکھنا	مال داروں میں شامل ہو۔
عورت باکرہ دیکھنا	صنعت سے بہت فائدہ ہو۔
عورت مجہولہ کے دیکھنا	عداوت ہو عجلت نصیب ہو۔
عورت کے ہاتھ دیکھنا	بیکاری یا تنگدستی سے پریشانی ہو۔
عورت ضعیف دیکھنا	دولت دنیا سے راحت بے شمار ہو۔
عناب تر و خشک دیکھنا	مرض سے صحت ہو معشوق سے صحبت کرے۔

غ

خواب	تعبیر
غالب دشمن پر آنا	راہ حقیقت مل جائے۔
غبارہ اپنے ہاتھ پر دیکھنا	اندیشہ فساد بیماری سے بچ کر رہے۔
غرغرہ دیکھنا	عورت صاحب جمال ہاتھ آئے۔
غربال دیکھنا	فرزند پیدا ہو۔
غسل کرنا	غم و اندیشہ سے خلاصی پائے۔
غلام دیکھنا	خواب دیکھنے والا آزاد ہو۔
غوطہ لگانا	فکر و دولت سے دل کو فرحت ہو۔

Scanned with CamScanner

خواب	تعبیر
	"ف"
فوارہ دیکھنا	غیب سے روزی پانے اور امیر کہلانے کی دلیل ہے۔
فرشتگانِ مقرب کو دیکھنا	مرتبہ بلند ہونے اور خلق سے مستفید ہونا۔
فیروزہ پانا	فرزند پیدا ہونے کی نشانی ہے۔ فتح نصیب ہو۔
فرشتوں کے جوق در جوق آتے دیکھنا	مال سے نقصان ہونے کی دلیل ہے۔
فرشتگان جبرائیلؑ میکائیل، اسرائیل عزرائیل کو خوش دیکھنا	دین و دنیا درازی عمر علم حکمت کشادہ ہونے کی دلیل ہے۔
فرشتوں کے ساتھ دشمنی کرتے دیکھنا۔	موت کی علامت ہے توبہ کرے۔
فرج کا دیکھنا	غم والم کی دلیل ہے۔
فرج کو ذکر کی جگہ دیکھنا	ذلت خواری کی نشانی ہے۔
فاختہ دیکھنا	عورت بے دین سے صحبت اٹھائے۔
فیل دیکھنا	حاکم وقت سے مال ملنے یا فرزند تولد ہونے کی دلیل ہے۔
فانوس دیکھنا	علم آخرت حاصل ہونے کی نشانی ہے۔ فتح نصیب ہو۔
فیل کا گوشت کھانا	مال غلبہ پانے کی دلیل ہے۔
فصد کھلوانا	غیب سے روزی پانے کی دلیل ہے۔
	"ق"
قبا دیکھنا	نکاح کرنے کی علامت ہے۔

خواب	تعبیر
قبر کھودنا	تعمیر جدید کی نشانی ہے۔
قتل اپنے ہاتھ سے دیکھنا	مقتول کو اس سے فائدہ ہو۔
قد اپنا کوتاہ دیکھنا	بیقراری کی نشانی ہو باعث گردانی ہو۔
قد دراز دیکھنا	نزدیکی اجل کی نشانی ہے۔
قدم دیکھنا	زیب زینت زیادہ ہو مال ہاتھ آئے۔
قربانی کرنا	قیدی آزاد ہو۔ بیمار شفا یاب ہو۔
قرآن پڑھنا	میراث یا روزی حلال سے خوش تر ہو۔
قرآن کا ورق کھانا	نزدیکی موت کی نشانی ہے۔
قسم کھلتے دیکھنا	روزی کم ہو اولاد کا غم ہو۔
قینچی دیکھنا	عورت کا حبیب سے ملال ہو۔
قصاب کو آشنا دیکھنا	ملک الموت کی نشانی ہے۔
قرآن کسی سے پانا	علم میں کامل ہو۔
قافلہ دیکھنا	اگر جاتا دیکھے مطلب برآئے۔ فائدہ اٹھائے۔
قفل خوش قطع دیکھنا	کسی کار ضروری کا قصد کرے۔
قفل نکون دیکھنا	خوشی کی نشانی ہے۔
قمری دیکھنا	کسی کی محبت میں مبتلا ہو۔
قلعہ یا حصار دیکھنا	دیندار کے واسطے ترقی یا پرہیزگاری ملے
قلم دیکھنا	فرزند ہو یا حاکم وقت کی مصاحبت سے فائدہ اُٹھائے۔
قلم دان دیکھنا	عورت ملے یا امانت کی رقم ملے۔
قوس لگاتا دیکھنا	غم برطرف ہو ارزانی غلہ ہر طرف ہو۔

Scanned with CamScanner

خواب	تعبیر
قید کرتے آپ کو دیکھنا	سفر مشکل پیش آئے۔
قیف دیکھنا	نامہ بری و پیغام کی علامت ہے۔
قے کرنا	گناہ سے توبہ کرنے کی علامات ہیں۔
قرنا بجانا	کسی حادثہ میں مبتلا ہو۔
قیامت برپا دیکھنا	ظلم و بدعت مخدوم ہو۔
قند کے کوزے پانا	عورت مطیع ملے یا فرزند ارجمند پیدا ہو۔

"ک"

خواب	تعبیر
کان دیکھنا	عورت پاکیزہ سے نکاح کرے۔
کان صاف کرنا	عالم تعریف کرے معروف تدبیر رہے۔
کان جلا دیکھنا	لڑکی مر جائے یا عورت کو طلاق دے۔
کافور دیکھنا	تجارت سے فائدہ کثیر ہو۔
کانٹا دیکھنا	زشتی و بدسیرتی ظاہر ہو۔
کافر ہوتے آپ کو دیکھنا	تونگری یا بیماری کی نشانی ہے۔
کبوتر ملے	بہتر کنیز ملے جو اپنے حال کی ہو
کبوتر کا گوشت کھانا	معشوق حسین ہاتھ آئے۔
کبوتروں کا غول دیکھنا	نفع کثیر ہاتھ آئے۔ بیماری سے صحت ہو۔
کیک دیکھنا	نیک عورت ملے یا مرد سنگدل سے سابقہ ہو۔
کپڑا بیچنا	تجارت میں نفع زیادہ ہو۔
کپڑا دھونا	غم و اندیشہ سے خلاص پائے۔
کپڑے میں خون دیکھنا	تہمت و بہتان میں پھنسے دنیا مخول کرے۔

خواب	تعبیر
کتے کا کاٹنا	دشمن سے مقابلہ کرے۔
کتے کا فرمانبردار دیکھنا	خفیف دشمن سے ملاقات ہو۔
کچھوا دیکھنا	عالم یا عالم سے نفع پائے۔
کچھوا نجس مقام پر دیکھنا	ہر فن میں کامل ہو پریشان ہو۔
کرتہ پیراہن دیکھنا	عورت ملے عیش کرے۔
کڑا پاؤں کا دیکھنا	دختر یا فرزند قید سے رہائی ہو۔
کڑا ہاتھ کا دیکھنا	مرد کو تنگدستی کوتا اندیشی میں پستی ہو۔
کژدم کو گھر میں دیکھنا	عزیز سے تکلیف یا رنج سہے۔
کژدم کا نیش مارنا	تنگی مال ہو پریشان حال ہو۔
کشتی مارنا	دشمن کی عورت یا کسی کا عبور رہے۔
کشتی پر سوار ہونا	مشقت سے حاصل راحت ملے۔
کشتی سے کنارے پر اترنا	آفات سے نجات دشمن پر فتح پائے۔
کاجل لگانا	اولاد سے راحت ہو دل کو فرحت ہو۔
کنجشک کا گوشت کھانا	مرض سے صحت پاوے۔
کنجشک کا آشیانہ تلاش کرنا	فکر وصل میں سرگردانی ہو۔
کنجشک کا بچہ دیکھنا	فرزند پیدا ہو۔ دولت ہاتھ آئے۔
کمر باندھنا	قوت زیادہ ہو۔ بیماری سے صحت ہو۔

Scanned with CamScanner

خواب	تعبیر
کنجشک دیکھنا	مرد بزرگ ذی وقار ہو۔
کاغذ ملنا	محرری ہو۔ فارغ البال ہو۔
کرن آفتاب کی دیکھنا	نیک خبر دار اور سامان راحت نظر آئے۔
کعبۃ اللہ دیکھنا	خلافت ملے یا بزرگی پائے۔
کفار دیکھنا	صورت بدخلق سے سزاوار ہو۔
کفار کا گوشت کھانا	عورت جادوگر ملے۔ نقصان ہوگا۔
کلاغ دیکھنا	خود جھوٹ بولے خلقت بے وقوف جانے۔
کلاغ کا شکار کرنا	غنیمت کا مال ملے۔ خلق کو نفع پہنچائے۔
کلنگ دیکھنا	بادشاہ۔ یا سردار سے انعام ملے۔
کلاہ دیکھنا	درازی عمر ترقی و سرداری ہو۔
کلیہ دیکھنا	بادشاہ سے مال ملے۔
کلیہ سے دروازہ کھولنا	عہدہ جلیل سے سرفراز ہو بادشاہ ہو۔
کفن دیکھنا	عمر درازی کی علامت ہے۔ ترقی ہو۔
کلام کسی پرندے کی جاننا۔	میراث عظیم سے سرفراز ہو۔
کند دیکھنا	سخت کلام میں مددگار ہو۔
کمان تراشنا	عورت نیک ملے فرحت ہو۔
کمان کھینچنا	وہ سفر پیش آئے یا فرزند پیدا ہونے کی علامت ہے۔
کمان معہ تیر بنانا	دشمن پر غلبہ پائے۔ عورت فرمانبردار ملے۔
کنول روشن دیکھنا	علم حقیقت سے آگاہ ہو۔

خواب	تعبیر
کنگھی کرنا	مقصد حاصل ہو۔ صحت یاب ہو۔
کوزہ دیکھنا	عورت پاکیزہ اور حسین پائے۔
کھانا گلے میں پھنسنا	بیماری یا موت کی علامت ہے۔
کھیت دیکھنا	ترقی نعمت اور علم کی نشانی ہے۔
کھیت کو کاٹتے دیکھنا	قتل کرنے کی یا عورت سے مفارقت کی علامت ہے۔
کھیت ہرا دیکھنا	فراخی نعمت ہو اولاد سے راحت پائے۔
کیک دیکھنا	عورت نیک ملے۔
کیچڑ میں گرنا	بڑے فتنہ کی علامت ہے۔
کنوئیں میں گرنا	اگر حاکم ہو تو معزول ہو۔ فرمانبردار اولاد عطا ہو۔

گ

خواب	تعبیر
گاجر دیکھنا	موسم میں مال و نذر غیر موسم میں اندیشہ ہو۔
گائے یا بیل دیکھنا	فراخی نعمت یا ہلاکت کی نشانی ہے۔
گائے یا بیل زرد رنگ دیکھنا	اس مقام میں بیماری آنیکا مقام ہے۔
گابے دیکھنا	تنگی مال کی نشانی ہے۔
گدھا دیکھنا	محبت و دولت کی نشانی ہے۔
گدھی کا دودھ پینا	تمنا و برخورداری کی نشانی ہے۔
گدھے سے اترنا	فائز المرام ہونا۔
گدھے کو اندھا دیکھنا	مال امانت یا مدفون کھو جائے۔
گدھے کو خچر بنا دیکھنا	سفر سے فائدہ مال داروں میں شامل ہو۔

Scanned with CamScanner

خواب	تعبیر
گدھے کو گھوڑا بنا دیکھنا	بادشاہ ہو حاکم ہو یا مال ملے۔
گدھے کو بلی بنا دیکھنا	مال و دولت جمع کرے نفع اسباب ہو۔
گھوڑے پر کسی کے ساتھ سوار ہونا	جس کے ساتھ ہو اس کی پیش قدمی لازم ہو۔
گدھے کی آواز سننا	بدکلام میں مبتلا ہو آفت آئے۔
گدھے کا پیشاب دیکھنا	مرض مقیم سے آفاقہ ہو۔
گدھے کی پیٹھ پر بیٹھنا	مددگاری اور بخت کی نشانی ہے۔
گرم پانی پینا	تپ وغیرہ ہو۔ عرصہ میں صحت پائے۔
گردن کھانا	حوائج ضروری سے فارغ ہو۔
گرجنا بادل کا	مرض سے صحت پائے۔
گلاب دیکھنا	خرمی رتبہ بلند مقام ہو۔
گل سرخ دیکھنا	فرزند عطا ہو مال دار ہو۔
گنج دیکھنا	مال دولت بے اسباب ہاتھ آئے۔
گدھے چرگان میں دیکھنا	عورت فربہ ملے اور رنج اٹھائے۔
گوشت خام دیکھنا	مال حرام ملے مگر پریشان رہے۔
گوشت پختہ دیکھنا	مال شاہی یا دولت ہاتھ آئے۔
گونگا دیکھنا	تکلیف اور مصیبت پیش آئے۔
گورخر کا شکار کرنا	دولت بے تدبیر ہو دشمن پر غالب رہے۔

خواب	تعبیر
گورستان میں دیکھنا	ایسے معاملہ میں پھنسے جس سے لوگ عزت کرے۔
گورستان دیکھنا	گذری ہوئی باتیں یاد آئیں اور پریشانی کھائیں۔
گوشوارہ دیکھنا	نفع تجارت ہو افسر قوم و فوج ہو۔
گھی دیکھنا	خیر منفعت کی نشانی ہے۔
گھاس دیکھنا	باعث پریشانی ہے۔
گو کشادہ دیکھنا	تاریک و تنگ حزن و ملال زیادہ ہو۔
گھر لوہے کا دیکھنا	قوت و توانائی کی بشارت ہے۔
گھر کسی میں داخل ہونا	دشمن پر فتح کی نشانی ہے۔
گھر میں آتش کدہ دیکھنا	صحت ہو جاتی ہے۔ بے ہودہ کام کرے۔
گھوڑا دیکھنا	عورت ہاتھ آئے۔ ہم صحبتی میں مزہ آئے۔
گھر زمین پر دیکھنا	ایسا علم سیکھے جس کا انجام بخیر ہو جائے۔
گھر سونے کا پانا	خانہ سوزی کی نشانی ہے۔
گھر کو منقش کرنا	عورت صاحب جمال ملے۔
گھوڑے پر سوار ہونا	عیب سے نقصان و فساد ہو۔
گھوڑا سیاہ دیکھنا	صاحب ولایت ہو سردار ہو۔
گھوڑا کمیت دیکھنا	خوشی کی نشانی ہے۔
گھوڑا اشپ دیکھنا	رفع پریشانی ہے۔
گھوڑا ابلق دیکھنا	دلاور مشہور ہو بہادری جرأت میں۔
گھوڑا سمندری دیکھنا	بیماری کی نشانی ہے۔ علیل جسمانی ہے۔

Scanned with CamScanner

خواب	تعبیر
گھوڑا دوڑ آنا	دربار شاہی میں یار پائے۔
گھوڑا کا دودھ پینا	بیماری سے صحت پانے کی نشانی ہے۔
گیہوں دیکھنا	مال محنت سے ملے روزی بے فائدہ ہے۔

"ل"

خواب	تعبیر
لب دیکھنا	تولد فرزند ہو یا اندیشہ گزند ہو۔
لباس کبودی دیکھنا	فکر و اندیشہ اور مصیبت کی نشانی ہے۔
لباس زرد دیکھنا	بیماری کی نشانی ہے مصیبت پیش آئے۔
لباس سرخ دیکھنا	عورت کو شوہر سے نفع ہوگا۔
لباس پاکیزہ دیکھنا	تجارت میں نفع ہوگا۔
لباس سیاہ دیکھنا	بزرگی شامل ہو رنج دور ہوں۔
لباس سبز دیکھنا	مرد دیندار ہونے کی نشانی ہے۔
لڑکا چھوٹا دیکھنا	خوشی خبری فرزند سے مسرور ہو۔
لباس سفید دیکھنا	زیادتی حرمت و ریاست ہو۔
لڑکا گود میں دیکھنا	بخلوت یار میں عمدہ بزرگ ملے۔
لڑکا ناآشنا دیکھنا	دشمن ضعیف یا اندیشہ غم کی نشانی ہے۔
لڑکا بالغ و حسین دیکھنا	باعث رنج و پریشانی ہے۔
لڑکا کسی کا جوان دیکھنا	دشمن کے مقہور کی نشانی ہے۔
لڑکا اجنبی کے ساتھ دیکھنا۔	بیماری۔ فتنہ۔ فساد ہو۔
لڑائی شہر گاؤں میں	وبا، طاعون کی علامت ہے۔

خواب	تعبیر
لڑتے دیکھنا بادشاہ کو	ارزانی زیادتی مال کی دلیل ہے۔
لڑکی حسینہ دیکھنا	نعمت زراعت کی نشانی ہے۔
لشکر دیکھنا	باران رحمت کی نشانی ہے۔
محل دیکھنا	فرزند شائستہ و عورت حسینہ کی دلیل ہے۔
لق لق دیکھنا	مرد عالم کی نشانی ہے۔
لکھنا اور نہ سمجھنا	غم اندوہ کی نشانی ہے۔
لکڑی جلانیکی دیکھنا	نفاق یا مرد منافق کی نشانی ہے۔
لگام دیکھنا	دین و دولت کی نشانی ہے۔
لوح دیکھنا	راہ راست ہاتھ آئے۔
لوہار دیکھنا	دولت و قوت کی سبیل ہے۔
لومڑی دیکھنا	فکر و تردد سے پریشان ہو۔
لومڑی خریدنا	مقصد حاصل ہونے کی دلیل ہے۔
لہسن پیاز تازہ دیکھنا	زیادتی نعمت کی نشانی ہے۔
لومڑی کے ساتھ کھیلنا	جس عورت کو چاہتا ہو ہاتھ آئے۔

"م"

خواب	تعبیر
ماں باپ دیکھیں	غم الم ہونیکی نشانی ہے۔
ماں بہن صحبت دیکھنی	کوئی شے گم ہو مریض شفا پائے۔
مار ٹولتے دیکھنا	فرض ادا ہو یا ادائے حج ہو۔
ماں کے پیٹ سے پیدا ہوتے دیکھنا	مفسد و گنہگار ہے توبہ کر۔

خواب	تعبیر
ماش مسور یا موٹھ دیکھنا	غلہ میں سے صدقہ ادا کرے۔
ماتم کرنا یا دیکھنا	شادی کی دلیل ہے۔ خوشی نصیب ہو راحت ملے۔
مٹھائی دیکھنا	عزت حرمت کی نشانی ہے۔
مچھر بکثرت دیکھنا	زندگی قلیل ہو مگر دشمن پر غالب رہے۔
مچھلی دیکھنا	حسین عورت ملے یا مال بکثرت ملے۔
مچھلی کے پیٹ سے کچھ پانا	دولت مال سے مالا مال ہو۔
مردہ سے کچھ سننا	اس مقصد کے حاصل ہونے کی دلیل ہے۔
مردہ کو اٹھائے جاتے دیکھنا	مال حرام حاصل ہونے کی دلیل ہے۔
مردہ کو خوبصورت زندہ دیکھنا	مال گم شدہ ملے خوشی حاصل ہو اولیاء کامل کی صف میں شامل ہو۔
مردے کو پکارنا	دکھ اور تکلیف اٹھانے کی نشانی ہے۔
مردوں کی جماعت دیکھنا	علامت گمراہی اور بدعت کی ہے۔
مردے کو نہلاتے دیکھنا	ذلالت سے نجات ملے۔
مردے کو زندہ مانگنا	یہ خواب بہتر نہیں ہے کچھ صدقہ خیرات کرے۔
مردے کو سوتا یا ننگا دیکھنا	مردے کی راحت کی نشانی ہے۔
مردے کو کچھ دینا	حاصل مقصود ہو راحت ملے۔
مردے کے ساتھ کھانا	دنیا میں راحت کی نشانی ہے۔

خواب	تعبیر
مردے سے بلوالت کرنا	اپنے کام میں مایوس ہو عیش دنیا میں گرفتار ہونے کی نشانی ہے۔
مردے کو اپنے ساتھ صحبت کرتے دیکھنا	دولت پائے آرام سے زندگی بسر ہو۔
مردہ دیکھنا آپ کو	مقیم سفر ہو جائے۔ بیمار شفایاب ہو۔ کاروبار ترقی کرے
مرد جوان اجنبی کو دیکھنا	فتنہ فساد کی نشانی ہے گھر بار اجڑے گا۔
مرد خستہ حال یا بوڑھا دیکھنا	بخت و طالع یار ہوں۔ دوست مہربان ہوں۔
مرد جوان آپ کو بوڑھا دیکھنا	بہتری عاقبت کی نشانی ہے اعمال صالح کرے۔
مرد آپ کو جوان دیکھنا	سرداری و عیش تازہ حاصل ہو۔
مرد جوان آپ کو نابالغ دیکھے۔	وہ کام جس میں آپ کو ندامت ہوا کرے۔
مرغی دیکھنا	خادمہ یا رفیق ملے۔
مرغی کو خود ذبح کرنا	کسی باکرہ سے صحبت کرے دنیا میں سرخ رو ہو۔
موتی بیچنا	کسی محرم سے صحبت کرے۔
مہر دیکھنا	سلطنت یا حکومت پائے کاروبار دوگنا بنے۔
موتی کی لڑی دیکھنا	حافظ قرآن ہو یا فرزند پیدا ہو۔
مونگا دیکھنا	مالداری ذی اعتبار ہو۔ کاروباری ترقی حاصل ہو۔
مرغابی پکڑنا	دولت و حکومت ہاتھ آئے۔

Scanned with CamScanner

خواب	تعبیر
مرغابی کا گوشت دیکھنا	مال حلال ملے سفر دریا سے نفع حاصل ہو۔
مرغابی کی آواز سننا	خوشخبری کی نشانی ہے۔
مرغزار دیکھنا	فقیر کامل بنے۔ دین میں ثابت قدم ہو۔ شہرت ملے۔
مسجد کو دیکھنا	کعبۃ اللہ کی زیارت نصیب ہو۔ راحت پائے۔
مسجد میں نماز پڑھنا	سفر در پیش ہے مال و دولت کے لالچ میں آئے۔
مسلح دیکھنا یکے ستون میں	پیشوا اور سردار ہونے کی علامت ہے۔
محراب مسجد میں دیکھنا	زیادہ خیر و برکت ہو دولت حاصل ہونے کی علامت ہے
مسواک کرنا	گناہ معاف ہو اہل و عیال خوش رہیں۔ صحت کاملہ ہو۔
مشک دیکھنا	نام آوارہ بلند اقبال ہو۔ غنی ہو غیب سے روزی ملے۔
مقروض دیکھنا	ان حاکموں سے نفع پائے جو معاملات شہر ہو۔
مکھی دیکھنا	مرد کو عورت ملے عورت کو مرد سے راحت نصیب ہو۔
مکتب دیکھنا	مردم مشغلہ کی نشانی ہو۔ پریشانی ہے۔
منارہ دیکھنا	مشغول خاطر اندیشہ کی نشانی ہے۔
منبر پر چڑھنا	اس سے جائز ہو جو دین کی حفاظت کرے۔
منجنیق دیکھنا	مصاحبین بادشاہ میں داخل ہو۔
مناجات کرتے دیکھنا	دین و دنیا میں ناموری حاصل ہو۔ ہر بات نکلے تو بات سنے نیک
مٹی بدن یا کپڑے پر دیکھنا	فرزند پیدا ہو یا دولت ہاتھ آئے۔
مواخذہ میں اپنے آپکو دیکھنا	دین و دنیا میں مقاصد حاصل ہوں۔
موزہ اتارنا	زن و شوہر میں لڑائی پیدا ہو۔ طلاق ہو جائے۔

خواب	تعبیر
موزہ پہننا	زندگی عیش و عشرت سے بسر کرے عورت ملنے کی دلیل ہے
مقام فصد سے خون دیکھنا	مال کا نقصان ہو۔ رزق کی فکر کرے۔
مغنی دیکھنا	بے موسم فکر و اندیشہ کی نشانی ہے۔
موتی دیکھنا	روزی حلال کی نشانی ہے۔
مینہ برستے دیکھنا	محلہ و مکان میں۔ بیماری پیدا ہو یا فتنہ پھیلائے۔
موتے زیادہ دیکھنا	مال حلال ملنے کی نشانی ہے۔ کسی عیاش عورت سے ملے
میخ دیکھنا	فرزند ہونے کی دلیل ہے۔ روزی مشقت سے ہاتھ آئے

"ن"

خواب	تعبیر
نبی مرسل علیہ السلام دیکھنا،	جس عنوان سے دیکھے ویسی تعبیر ہو۔
نارنج دیکھنا	روزی حلال و اصلاح دین ہو۔
نافہ دیکھنا	ہم بستر عورت باکرہ ملے
ناخن تراشنا	قرض ادا ہو صحت یاب ہو مالدار ہو۔
نابینائی چشم دیکھنا	دین میں نقصان ہو توبہ اختیار کرے۔
ناخن دیکھنا	قوی اور بدنما ہونے کی دلیل ہے۔
ناخن قوی دراز دیکھنا	دشمن پر فتح پائے۔ مقصد دلی مل جائے۔
ناخن ٹوٹا ہوا دیکھنا	عزیز دوست کی دل شکنی کی دلیل ہے۔
ناک اپنی حد سے بڑھی دیکھنا	زیادتی مال و مرتبہ بلند ہونے کی نشانی ہے۔
نان بہت دیکھنا	درازی عمر و ملاقات احباب، کی نشانی ہے۔

Scanned with CamScanner

خواب	تعبیر
نان خستہ یا نان خطائی دیکھنا	شہر آباد ہو مگر فساد رہے ۔
نا بزوسے کی بجائے منی خون نکلنا	پیٹ میں فرزند مرجائے یا بیمار ہو۔
نبات دیکھنا	بہتری کی علامات ہیں ۔
نجاست دیکھنا	مال ناپاک ہونے کی علامت ہے ۔
نرگس کا پھول دیکھنا	عورت نازک مزاج ملے یا نازک کام کرے ۔
نرگس کا باغ دیکھنا	عورت حاملہ ہو فرزند پیدا ہو ۔
نردبان پر چڑھنا	مرتبہ صغیر ہو۔ واپس عزت نہیں ہے ۔
نسیم دیکھنا	قرب شادی و راحت پائے ۔
نشہ شراب میں مخمور دیکھنا	تونگر ہونے کی دلیل ہے ۔
نیفں دیکھنا	سفر ہو یا عورت کنیز ملے ۔
نقارہ دیکھنا	تونگری یا حکومت ہاتھ آئے کاروبار خوب چمکے ۔
نکاح کرتے دیکھنا	دولت مال سے پریشانی ہو ۔
نگینہ دیکھنا	سواری یا حکومت یا فرزند ہو۔
ناک سے خون بہتے دیکھنا	مال و دولت حرام پائے ۔
نماز با شرائط وارکان دیکھنا	آفات و بلیات سے مامون رہے سفر میں مبتلا رہے ۔
نعمت پانا	سو ہزار درم پانیکی علامت ہے ۔

خواب	تعبیر
نماز سوتے میں پڑھنا	نزدیکی اجل کی نشانی ہے ۔
نماز بے طہارت دیسے مقام پڑھے	نہایت ہی اچھا ہونے کی دلیل ہے۔
نماز کی امامت کرنا	حج نصیب ہو۔ دولت ملے
نمک عمدہ سفید دیکھنا	زیادتی دولت و بیماری سے شفاء پائے۔
نمکدان دیکھنا	عورت حسین ہم صحبت ہو عیش میں رہے۔
نور آسمان پر دیکھنا	دین و دنیا کے ہر کام میں بہتری ہے۔ عدل و انصاف یا فرزند پیدا ہو۔
ندی نالے میں گرنا	تحصیل مال کی فکر کمال ہو بخیر انجام ہو۔
نقارہ بجانا	حاکم ہو یا افسر فوج ہو۔
نہنگ کا گوشت کھانا	حصول مال کی نشانی ہے توقیر ہے ۔
نہالین دیکھنا	بزرگی و مرتبہ ہو عورت راحت رساں ملے
نہنگ دیکھنا	دشمن سے چو پائے مقابلہ ہو۔
نیولا دیکھنا	وحشی ہو تو سخت مشکل میں پڑے۔
نے یا نرسنگا دیکھنا	نزدیکی اجل کی نشانی ہے۔
نیزہ دیکھنا	سفر یا عورت یا فرزند ملے ۔
نیب دیکھنا	بیمار صحت یاب ہو جو پہلے تو سائیہ ضعف ملے ۔
نیل جانا	جس کام کا ارادہ ہو مشقت رائیگاں نہ جائے ۔
نقش بنانا یا دیکھنا	خبر نیک سے دلشاد ہو۔ دولت پائے ۔
ناچ دیکھنا	شادی سرور ہو غم و اندیشہ دور ہو۔

Scanned with CamScanner

خواب	تعبیر
	"و"
وضو کرنا	امانت دار ہونے کی نشانی ہے امانت ادا کرے۔
وظیفہ پڑھنا	نیک کام کی طرف رغبت ہو فرحت حاصل ہو۔
ولایتی انجیر کھانا	باعث دولت و شادمانی ہے۔
وعظ کہنا یا وصیت کرتے دیکھنا	حاجت روا ہو۔ گمراہوں کا داعی ہو۔
وصلی بنانا	عزیزوں کی اصلاح کرے فکر ملاح کرتے۔
	"ھ"
ھنسی دیکھنا	باکرہ سے عقد ہو مباشرت سے لطف ہو۔
ہاتھ دیکھنا	برادر یا شریک یا حبیب یا عورت ملے۔
ہاتھ اپنا کٹا دیکھنا	آپس میں جنگ و فساد ہونے کی علامات ہیں۔
ہاتھ پر نقش و نگار دیکھنا	مرد طلب معاش میں رنج اٹھائے۔
ہاتھ اپنے بندھے دیکھنا	گناہ سے توبہ کرے۔ مالک سے ڈرے۔
ہاتھ دھونا	کسی کام سے ناامید ہونے کی علامت ہے۔
ہاتھ دشمن کا پکڑنا	رفع خصومت و نزاع کی نشانی ہے۔
بوسہ دینا	رات کا خواب معزولی و بے عزتی ہے۔
ہاتھی پر سوار اپنے کو دیکھنا	دن کا خواب عورت کو طلاق دے۔

خواب	تعبیر
ہاتھی بدمست یا حملہ آور دیکھنا	سردار یا امیروں سے نفع ہونیکی دلیل ہے۔
ہاتھی سفید دیکھنا	فرزند سعید زیادتی مال سردار قبیلہ ہو۔
ہاتھی نہایت خوبصورت دیکھنا۔	سردار حکمران ہو۔ دولت بے شمار ملے۔
ہاتھ پانی سے دھونا	پریشانی میں گرفتار ہو۔
ہدہد دیکھنا	خلق میں ذی وقار یا حاکم ہو جائے۔
ہڈی دیکھنا	مال حرام کی نشانی ہے تکلیف اٹھائے۔
ہار پسندیدہ دیکھنا	صاحب جمال ہو فرزند یا اقبال ہو۔
ہار یا ہیکل دیکھنا	گلے میں دیکھے محبت ہو اپنے گلے میں دیکھے مروت ہو۔
ہرن دیکھنا	دختر نیک بخت ہونے کی دلیل ہے۔
ہنسنا دیکھنا	زیادہ ہنسے تو غمی ہو آنسو سرد ہو۔
ہنسنا کہ آنسو نکل آئیں	غم کی علامت ہو عیب پر ہنسنا فرحت ہو۔
ہودج دیکھنا	عورت سے شادی ہو خانہ آبادی ہو۔
ہوا معتدل و نرم چلتے دیکھنا	راحت و عیش کی علامت ہے۔
ہوا خوفناک دیکھنا	اس کے ساتھ اگر غبار ہے دافع انتشار ہے۔
ہوا تیز و تند دیکھنا	خوف کی علامت غم کی اشارت ہے۔
ہوا میں اپنے کو اڑتے دیکھنا	مرتبہ بزرگی حاصل ہو اگر زمین سے قریب ہو تو سفر در پیش آئے۔
ہلال دیکھنا	سرداری یا فرزند ہونے کی علامت ہے۔

Scanned with CamScanner

خواب	تعبیر
ہالہ ماہ یا آفتاب پر دیکھنا	خانہ دولت کا مکین ہو فرماں بردار پُرغمگین ہو۔
ہل چلانا	شادی ہو یا اولاد ہو زراعت سے دلشاد ہو۔

"ی"

خواب	تعبیر
یاقوت دیکھنا	خوشی وعیش کی علامت ہے یا فرزند شائستہ یا عورت جمیلہ پانے کی بشارت ہے۔ بمصداق قولہ تعالیٰ کانہیں ایسا قوت الرجال اور یہ خواب عموماً سب کو مبارک ہے خصوصاً عالم کی زیادتی ہے علم وحکمت ہو۔ بادشاہ کو ارزانی غلہ ودانہ یا ملک وترقی زراعت اور سوداگر کو زیادہ تجارت ہو۔
یاسمین دیکھنا	خوش اور خوش خبری کی علامت ہے۔
یخ دیکھنا	آب یخ پینا خوشی ہے۔
یعسوب دیکھنا یعنی نگس انگسین دیکھنا	اس مرد حقیر کی علامت ہے جو قوم میں عزوہ ہو۔
بو میہ پانا	اگر اقسام سے ہو نعمت و دولت حاصل ہو۔

ڈال دیں۔ پانی پردم کرکے

آیت الکرسی برائے محبت

یہ عمل بھی ہمارے آباؤ اجداد کی پرانی بیاض کا ہے۔ بہتر تو یہ (فی) پرہیز جلالی جمالی کے ساتھ وظیفہ کرلیں ورنہ ضرورت کے وقت (خصوصاً) بھی لیا جا سکتا ہے۔ اس کے چند فائدہ درج ذیل ہیں۔

۱۔ اگر عرفان میں خدا فنا ہونا چاہتے ہو تو تہجد کے بعد ہر روز گیارہ دفعہ پڑھیں ان شاء اللہ عشق اللہ اور عشق مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پیدا ہوگا۔

۲۔ اگر کوئی بعد نماز عشاء ہر روز پرہیز جلالی جمالی کے ساتھ ۔۔ ا دفعہ اسم لن پڑھ لیں تو باطن صاف ہو جائے گا غیب کی خبر ہوگی۔ زمین میں کہیں بھی باطنی خزانے ہوں گے تو وہ نظر آئیں گے۔ لوگوں کے دلوں کے بھید ملیں گے۔ آنے والے کے دل کی بات معلوم ہو جائے گی۔ دور دور تک کی خبر گیری ہوگی یہ نسخہ میرے استاد محترم میاں راشد چھچھر نے آزمایا ہوا ہے۔

۳۔ سفر جاتے وقت ایک بار آنکھوں پر ایک دفعہ چہرے پر ایک دفعہ دائیں بائیں ایک دفعہ اوپر نیچے پڑھ کر پھونک ماریں ان شاء اللہ جس کام کے لیے جا رہے ہوں گے کام ہو جائے گا لیے سفر سے بخیریت واپسی ہوگی۔ بفضل تعالیٰ۔

۴۔ کاروبار کی ترقی کے لیے سوتے وقت چارپائی پر بیٹھ کر اپنے اوپر پھونک ماریں۔ کاروبار میں ترقی ہوگی ہر بلا اور آفات سے محفوظ رہیں گے۔

۵۔ اگر اچانک دشمن سامنے آجائے تو فوری طور پر اپنے اوپر پڑھ کر پہلے پھونک ماریں پھر اپنے تمام ساتھیوں پر پھونک ماریں پھر دائیں پھر بائیں پھونک ماریں۔ ان شاء اللہ قلعہ ثابت ہوگی۔ بفضل تعالیٰ۔

بھاگے ہوئے کو واپس بلانے کیلئے

یہ عمل بھی ہمارے بزرگوں کا تجربہ شدہ ہے۔ میرے بہنوئی سید چن پیر شاہ ولد سید محبوب عالم شاہ ساہیوال والوں کا تجربہ شدہ ہے۔ انہوں نے راہ خدا لکھنے کی تلقین فرمائی ہے۔ انہوں نے پڑھنے کی اجازت دی ہے۔

اگر کوئی عورت ناراض ہو کر میکے چلی گئی ہو یا کوئی بچہ گھر سے بھاگ گیا ہو یا کسی دوست کو ملنے کی خواہش ہے تو اس عمل کو کام میں لائیں۔

گم شدہ آدمی کے لیے یا چور کو ڈھونڈنے کے لیے بھی بہت مفید ہے۔

طریقہ اس کا یہ ہے کہ بعد نماز عشاء قبلہ کی طرف منہ کر کے بھاگے ہوئے کا تصور کریں چور کا تصور کریں جس کو ملنے کی خواہش ہے اُس کا تصور کرے ۔۔۱۱ دفعہ اس عمل کو پڑھیں۔ ان شاء اللہ گیارہ دن کے اندر اندر بھاگا ہوا واپس آئے گا۔ دوست ملے گا یا جس تصور کو رکھ کر پڑھ رہے ہیں پورا ہو گا۔ لیکن ناجائز پڑھنے والا خود ذمہ دار ہو گا ناجائز نہیں پڑھنا چاہیے۔ بہت مجرب ہے۔ عمل یہ ہے۔

وَاَلْقَيْتُ عَلَيْكَ مَحَبَّةً مِّنِّيْ وَلِتُصْنَعَ عَلٰى عَيْنِيْ عَيْنِيْ عَيْنِيْ ۔

اول آخر ۔ ۱۱ ۔ ۱۱ دفعہ درود پاک پڑھیں۔ انشاء اللہ ۱۱ دن کے اندر اندر کام ہو جائے گا۔ بفضل تعالیٰ۔

ہر مرض کے لیے مجرب نسخہ

یہ عمل بھی سید چن شاہ نے مجھ کو عنایت فرمایا ہے۔ اُن کا تجربہ شدہ ہے وہ ہر مرض کے لیے استعمال کرتے ہیں۔ خاص کر اٹھرا کے لیے زیادہ استعمال کرتے ہیں اس کے علاوہ جو کچھ بھی مرض ہو اُس کے لیے فائدہ مند ہے۔ اٹھرا کے لیے ۹ عدد لکھیں ایک عورت کے گلے میں ڈال دیں باقی ایک تعویذ ہر ماہ پئیں۔ پورے ۹ ماہ پئیں اِن شاء اللہ فائدہ ہو گا۔

بچے کے لیے جو زیادہ روتا ہو اُس کے گلے میں کر ڈال دیں۔ پانی پر دم کر کے بھی پلایا جا سکتا ہے۔ عمل یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ يَا حَيُّ حِيْنَ لَا حَيَّ فِيْ دَيْمُوْمَةِ وَبِقَائِهٖ يَا حَيُّ حِيْنًا لَا حَيَّ فِيْ دَيْمُوْمَةِ وَبِقَائِهٖ يَا حَيُّ ۔

تربیت اولاد کے لیے

جس شخص کے ہاں اولاد نہ ہو تو اُس کو چاہیے کہ اپنی بیوی کے گلے میں نو ماہ رکھیں۔ پیدائش کے فوراً بعد اتار کر بچے کے گلے میں ڈال دیں۔ ۹ ماہ تک دفع اٹھرا گولیاں استعمال کریں اور نو ماہ تک یہ تعویذ بھی پئیں۔ ساتھ چھوٹا تعویذ کر کے ساتھ رکھیں۔ گوشت نہ استعمال کریں پورے نو ماہ تک کے لیے کسی فوتگی یا پیدائش والے گھر نہ جائیں۔ دافع اٹھرا گولیاں بذریعہ خط بھی ہم سے منگوائی جا سکتی ہیں۔

تعویذ یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ

ھو ھو ھو ھو ھو ھو

قیوم قیوم قیوم قیوم قیوم قیوم

وصلی اللہ علی خیر خلقہ محمد ﷺ و آلہ اجمعین برحمتک یا ارحم الراحمین

کر کے ساتھ یہ باندھیں۔ درد زہ کے وقت کمر کے ساتھ سے کھول دیں۔

مصبح و	ملہ	سبح
سکب	مطہرار	رحمۃ

برائے جنات

یہ تعویذ بھی سید حسن شاہ گیلانی کا آزمودہ ہے۔ انہوں نے ہزار ہا بار تجربہ کیا ہے۔ اگر کسی کو جنات کا سایہ ہو یا آسیب وغیرہ تنگ کرتے ہوں تو یہ تعویذ لکھ کر گلے میں ڈالیں اور پانی میں گھول کر ۴۱ دن کے لیے پلائیں۔ مریض کو گوشت وغیرہ نہ کھلاتے دیں ۴۱ دن کے لیے پرہیز کریں۔ جنات کہیں بھی ہوں۔ گھر میں سایہ ہو درخت پر رہتے ہوں۔ یا جہاں کہیں بھی ہوں تو استعمال کریں با اجازت لکھ دیا ہے تاکہ کوئی بھی فائدہ اٹھالیں۔ اگر اس طرح فائدہ نہ ہو تو پھر ۴۱ دن کے لیے ہر روز ۴۱ عدد تعویذ لکھ کر پانی میں بہا دیں۔ آٹے میں گولیاں بنا کر ایک وقت بہائیں۔ پھر عمل میں لائیں امید ہے کہ اس طرح ہی کام دے جائے گا کیونکہ با اجازت لکھا جا رہا ہے۔ تعویذ چال کے مطابق لکھیں۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

یاغفور یاغفور یاغفور ۲م غ ف ح ح ج م ا ع

یا سید اشرف جہانگیر بحق اسماء ہذا الجبرائیل علیہ السلام

جبرائیل - میکائیل اسرافیل عزرائیل

۷۸۶

۲۳	۲۶	۲۹	۱۶
۲۸	۱۷	۲۲	۲۷
۱۸	۳۱	۲۴	۲۱
۲۵	۲۰	۱۹	۳۰

دم پیراں لعل پاک بہاول شیر قلندر پاک

مریض کو ساتھ دھونی بھی دیں جو کہ دوسری طرف ہے جس کو سایہ ہو۔

آگ یہاں سے لگائیں۔



جبرائیل میکائیل اسرافیل عزرائیل

طے یہاں سے کریں۔

ہر قسم کی آفت کے لیے

جو کوئی بھی رات کو سوتے وقت یہ آیت مبارک پڑھ کر سوئے گا اس کو ان شاء اللہ موت بھی رات کو نہیں آئے گی اور کوئی آفت بھی نہ آئے گی۔ الفاظ یہ ہیں۔

اَعُوْذُ بِکَلِمَاتِ اللّٰہِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ

بِسْمِ اللّٰہِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اسْمِہٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ

وَلَا فِی السَّمَآءِ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ

تسخیر خلائق کے لیے

تسخیر خلائق کے لیے ہر روز بعد نماز عشاء قائم جگہ کر کے ۴۱ دفعہ پڑھیں۔ تسخیر خلائق ہوگی۔ اول و آخر درود پاک پڑھیں۔ یہ عمل مجھ کو باطنی طور پر کسی فقیر نے عطا فرمایا تھا۔

دشمن کے زیر کرنے کے لیے اپنے معشوق کو قبضہ لانے کے لیے ہر طرح

کی تسخیر کے لیے مجرب ہے۔

عمل یہ ہے۔

• اللّٰہُ مُنَوِّرُ قَلْبِیْ ہے نور یا شوق کا۔

ہر مشکل کے لیے مجرب

یہ عمل بھی ہمارے آباؤاجداد کا تجربہ شدہ ہے اور حضرت سیدنا اعجاز علی شاہ گیلانی سجادہ نشین حجرہ شاہ مقیم نے اپنے دست مبارک سے مجھ کو لکھ کر دیا تھا۔ اور اجازت بھی دی تھی۔ لکھ کر اپنے پاس رکھیں کام ہو جائے گا۔

ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ۔

الٰہی بحق پیرو مرشد استاد حضرت بہاول فقیر برکاتہ مشکل تو ہی دستگیر
دم میراں لعل پاک بہاول شیر قلندر پاک

کشف القبور دعوت روحانیات

یہ عمل گو میرا ذاتی تجربہ نہیں ہے۔ لیکن میرے استاد محترم میاں رحمت علی عرف بابا گیارہویں والا بھیر پور والے نے مجھ کو عطا فرمایا تھا مگر پہلے اتنا شعور نہ تھا کہ اس کا تجربہ سامنے آتا یہ میری بدقسمتی تھی لیکن مجھ کو میرے کئی استاد بھائی ملیں ہیں انہوں نے اس عمل کی بہت تعریف کی تھی پھر میں نے میاں صاحب سے دوبارہ رابطہ قائم کیا اور انہوں نے مجھ کو لکھ دینے کی اجازت عطا فرمادی۔ جس وجہ سے لوگوں کے نذر کر رہا ہوں اور ہو سکتا ہے کہ کسی کی دل چسپی کا باعث بن جائے۔

کشف القبور کے فائدے۔

۱۔ ہر مشکل سے مشکل کام کے لیے کر سکتے ہیں۔ آپ کو کام ہونے یا نہ ہونے کے بیسے اشارہ مل جائے گا۔

روحانیت حاصل کرنے والے سالکین کے لیے بھی بہت ہی فائدہ مند ہوتا ہے۔ روحانی سالک کو تمام منازل طے کروا دیتا ہے جو اس نے کی ہو۔

۳۔ اپنے عزیز یا کسی دوست کے حالات برزخ معلوم کر سکتے ہیں۔ لیکن راز فاش نہیں کرنا ہوگا۔ اگر راز آؤٹ کروگے تو خود ذمہ دار ہوں گے۔

۴۔ بذریعہ کشف آپ یہ بھی پتہ لگا سکتے ہیں کہ یہ قبر مسلمان کی ہے یا کہ غیر مسلم کی ہے۔ اس کے علاوہ اور بہت کچھ فائدے اُٹھائے جا سکتے ہیں۔ پہلے بھی ایک طریقہ لکھا ہوا ہے۔ وہ ذرا مشکل ہے یہ بہت آسان طریقہ ہے۔

وقت تو بہتر رات تین بجے کا ہوتا ہے مگر اس عمل میں جس وقت کرنا کرنا چاہیں کر سکتے ہیں لیکن پھر بھی بہتر زوال وقت بعد نماز عصر کا ہے مغرب کا زوال ہونے سے پہلے تک یہ عمل کر سکتے ہیں۔

عمل کامیاب ہونے کی دلیل۔

جب آپ نے کشف کیا ہے تو آپ کو رونا آئے گا اگر رونا نہ آئے تو پھر خوف ہراس پیدا ہو گا یا خوشبو آئے گی۔ اس علامات کے بعد دل ہی دل میں جو بھی دعا مانگیں گے وہ پوری ہو گی یا کام کے ہونے کا اشارہ مل جائے گا۔

وضو کرنے کے بعد اہل قبر کے سرہانے والی جانب کھڑا ہو کر ۲ رکعت نماز نفل ادا کرلیں۔ جس کا ثواب اہل قبر کو ایصال کریں بعد میں اذان فجر ادا کریں۔ پھر ۲ رکعت نماز نفل اہل قبر کے لیے ادا کریں پھر آیۃ الکرسی ۱۰۱ دفعہ پڑھیں پھر درود شریف ابراہیمی ۱۰۱ دفعہ پھر اذان فجر ادا کریں پھر تین مرتبہ درود شریف پڑھیں۔ بعد میں التحیات ایک دفعہ سورہ فاتحہ ایک دفعہ سورۃ اخلاص ۳ مرتبہ سورۃ کوثر ۳ مرتبہ آیۃ الکرسی ایک مرتبہ اس کا ثواب اہل قبر اور حضور غوث پاک رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو ایصال کریں پھر بعد میں مراقبہ کریں۔ یہ تمام عمل اہل قبر کے چہرہ انور کی طرف منہ کرکے کرنا ہے ایک دن کریں اگر کوئی جواب نہ ملے پھر دوسرے دن کریں اگر جواب نہ ملے تو پھر

تو پھر تیسرے دن پھر کریں۔ اگر تیسرے دن بھی کوئی جواب نہ آئے تو پھر آئندہ نوچندی جمعرات کو پھر دوبارہ کریں۔ بفضل تعالےٰ کام بن جائے گا۔

ایک کشف کا آسان طریقہ

بعد نماز فجر نماز سے فارغ ہو کر پہلے سورۃ فاتحہ ۳ تین بار پھر اخلاص تین بار پھر درود شریف تین بار پڑھ کر اہل قبر کو ایصال کریں پھر آنکھیں بند کر کے اپنے دل پر اسم اللہ ذات لکھا ہوا تصور کریں۔ پھر بکثرت اللہ ھو کا ذکر کریں۔ یہاں تک کہ غنودگی طاری ہو جائے۔ جب غنودگی طاری ہو جائے تو پھر اپنا مطلب دل میں بیان کریں طریقہ یہ ہے کہ پہلے صلی اللہ علیک یا محمد تین بار پڑھیں پھر اسلام علیکم یا اہل قبور کہیں پھر اپنا مطلب بیان کریں۔

یاد رہے کہ یہ عمل صرف کسی کامل ولی اللہ کی قبر پر کرنا ہوگا کسی اور پر نہیں کرنا ہوگا۔

کشف کا ایک اور طریقہ

اہل قبر کے سرھانے والی جانب دائیں طرف بیٹھ کر ۱۴ دفعہ سورۃ مزمل شریف بعد نماز فجر پڑھا کریں ان شاء اللہ اہل قبر سے ملاقات ہو جائے گی۔ جب تک ملاقات نہ ہو پڑھتے رہا کریں۔ پرہیز صرف گوشت کا کرنا ہوگا۔ اگر سرہانے والی جانب سے کوئی اشارہ نہ ہو تو پھر قبر کے پاؤں والی جانب۔

کھڑے ہو کر پڑھا کریں۔ اگر پھر بھی نہ ہو تو پھر قبر کے اوپر بیٹھ کر بھی کیا جاتا ہے مگر ایسا کرنا نہیں چاہیے اس لیے کہ اہل قبر کی قبر پر بیٹھنے پر جلالت آجاتی ہے۔ مگر یہ عمل بہت ہی مشکل وقت میں کرنا چاہیے یا پھر کسی کامل ذات کی اجازت ہونی ضروری ہے۔ ورنہ نقصان کے خود ذمہ دار ہوں گے۔

یہاں ایک اور طریقہ بیان کیا جاتا ہے۔ وہ یہ ہے کہ گیارہ دن ہر روز رات کو اہل قبر کے پاس مزار میں رہیں اور ہر روز کلمہ شریف کا ورد کریں۔ ان شاء اللہ گیارہ دنوں کے اندر اندر کام ہونے یا ہونے کا اشارہ مل جائے گا۔ بفضل تعالےٰ۔

۹۹ اسماء مبارک جناب غوث پاک رضی اللہ تعالیٰ عنہ

هُوَ الْقُطْبُ الَّذِیْ لَا قُطْبَ اِلَّا هُوَ عَبْدُ الْقَادِرِ جِیْلَانِیْ هُوَ الْغَوْثُ
الَّذِیْ لَا غَوْثَ اِلَّا هُوَ سَیِّدٌ مُؤَیَّدٌ کَرِیْمٌ عَظِیْمٌ
شَرِیْفٌ ظَرِیْفٌ اِمَامٌ مُؤْمِنٌ مُهَیْمِنٌ سَالِکٌ
صَالِحٌ مُنْعِمٌ مُکَرَّمٌ طَیِّبٌ مُطِیْبٌ مُطَیِّبٌ جَوَّادٌ
مُرْتَادٌ صَائِمٌ قَائِمٌ عَابِدٌ زَاهِدٌ سَاجِدٌ
وَاجِدٌ مَاجِدٌ جَلِیٌّ حَقِّیٌّ تَقِیٌّ نَقِیٌّ کَامِلٌ بَارِزٌ صَفِیٌّ
زَکِیٌّ حَمِیْدٌ نَاصِرٌ مُنَاصِرٌ سَعِیْدٌ رَشِیْدٌ مُنْجٌ
غَوْثٌ قُطْبٌ نَقِیْبٌ نَجِیْبٌ خَاشِعٌ خَاضِعٌ بُرْهَانٌ
صَاحِبٌ ثَاقِبٌ وَارِثٌ وَرِعٌ بَارِعٌ خَائِقٌ لَائِقٌ رَاسِخٌ
شَامِخٌ وَلِیٌّ خَفِیٌّ ظَاهِرٌ بَاطِنٌ طَاهِرٌ مُطَهَّرٌ مُطِیْعٌ مُجِیْبٌ
عَجِیْبٌ شَاهِدٌ رَاشِدٌ زَائِدٌ قَائِمٌ بَصِیْرٌ مُنِیْرٌ سِرَاجٌ تَاجٌ
مُقَرَّبٌ مُحَدِّثٌ خَلِیْلٌ دَلِیْلٌ صَادِقٌ عَادِلٌ سُلْطَانٌ حَسَنِیٌّ
حُسَیْنِیٌّ حَنْبَلِیٌّ شَافِعِیٌّ عَالِمٌ حَاکِمٌ عَادِلٌ مُعِیْنٌ مُبِیْنٌ
مِصْبَاحٌ مِفْتَاحٌ شَاکِرٌ ذَاکِرٌ مِلَاذٌ مَعَاذٌ رَافِعٌ نَاصِحٌ وَامِحٌ
وَاسِعٌ خَائِفٌ وَنَبِیُّنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ ۔

اس کا ورد رکھنے والے کے ساتھ حضور غوث پاک رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی باطنی امداد ساتھ ہوگی۔ بڑے فائدہ کی بات ہے صرف سمجھنے والوں کے لیے مجرب نسخہ لکھ دیا ہے۔ بفضل تعالیٰ راہ سلوک کی منازل طے کرنے والوں کے لیے اکسیر اعظم

کا حکم رکھتے ہیں۔

دُعائے سیفی

اسناد دعائے سیفی۔ دعائے سیفی مختلف دعاؤں کا مجموعہ ہے جو کہ حضور پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو بارگاہ الٰہی سے باطنی طور پر تحفہ میں ملی تھیں آپ نے پھر باطن میں ہی حضرت علی کرم اللہ وجہہ کو عطا فرمائی تھی۔ جناب شیخ عبدالقادر جیلانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ اس کے پہلے عامل تھے۔ آپ فرماتے ہیں کہ میں نے دعائے سیفی اتنی پڑھی ہے کہ میری زبان، میرا خیال، میرا ہاتھ میری توجہ اور میری نگاہ بلکہ میرا سب کچھ سیف الرحمٰن یعنی اللہ تعالیٰ کے امر کی ننگی تلوار بن گیا ہے۔ خاندان قادریہ میں اس دعائے سیفی کو بہت اہمیت حاصل ہے۔ یہ دعا اپنے پڑھنے والے کی روحانی استعداد اور قابلیت کے مطابق اس کے ظاہری باطنی اور دینی و دنیاوی کاموں میں معاون و مددگار ثابت ہوتی ہے۔ لیکن ضروری ہے کہ پڑھنے والے کو کسی کامل کی طرف سے اجازت کا ہونا ضروری ہے۔ حضرت سلطان باہوؒ فرماتے ہیں کہ آدمی کو کامل بننے کے لیے دُعائے سیفی کو کسی کامل ولی کے دربار اقدس پر پڑھنا ضروری ہے۔

دُعائے سیفی پڑھنے کی شرائط

۱۔ دعائے سیفی کے پڑھنے کے لیے کسی مرشد کامل یا کامل ولی کی اجازت کا ہونا ضروری ہے۔

۲۔ دعائے سیفی کو کسی کامل ولی صاحب کشف کے مزار پر پڑھنا چاہیے۔

۳۔ دعائے سیفی کو پڑھنے سے پہلے سورۃ یاسین پڑھنا ضروری ہے۔ سورۃ مزمل بھی پڑھی جا سکتی ہے مگر سورۃ یاسین زیادہ فائدہ مند ہے۔

۴۔ دعائے سیفی کم از کم پانچ بار پڑھنا ضروری ہے۔

۵۔ دعائے سیفی پڑھنے کے دوران ہر قسم کا جلالی جمالی پرہیز ضروری ہے۔

۶۔ وظیفہ کے دوران بدکلامی سے پرہیز کریں۔

۷۔ بہتر تو ہے کہ صرف اور صرف سلوک کی راہیں طے کرنے کے لیے پڑھی جائے۔ اس کے علاوہ دنیاوی کاموں کے لیے بھی پڑھی جا سکتی ہے۔ مگر ناجائز کام کرنا سخت منع ہے۔

۸۔ دنیاوی کام ہونے پر بعد میں نہ پڑھیں۔

۹۔ دعائے سیفی پڑھتے وقت حصار ضروری ہے خواہ مرشد کی اجازت ہو بھی تو پہلے الحمد شریف پھر آیت الکرسی۔ چاروں قل پڑھ کر اپنے سینہ پر اور تمام جسم پر پھونک ماریں۔

۱۰۔ دعائے سیفی پڑھتے وقت منہ قبلہ کی طرف ہونا ضروری ہے۔

دعائے سیفی لکھنا کیوں ضروری سمجھا

دعائے سیفی ایک بہت ہی نادر نسخہ ہے۔ اکثر لوگوں نے اس کو اپنی کتابوں میں لکھنا ضروری نہ سمجھا اس لیے کہ یہ عام عاملوں کے بس کا روگ نہیں ہے۔ کہ اس کا وظیفہ جاری رکھیں۔ راہ سلوک کے سالکین کے لیے یہ بہت ضروری ہے۔ مگر صرف اور صرف خاندان قادریہ میں اس کا سلسلہ عام ہے۔ لیکن پھر بھی چند ایک ہی اپنے مریدین کو پڑھنے کی اجازت دیتے ہیں۔

ایک دفعہ کتاب تحفہ الگیلانی رات کو لکھتے لکھتے آنکھ لگ گئی تو کیا دیکھتا ہوں کہ ایک بزرگ میری یہ کتاب یعنی کہ تحفہ الگیلانی اُٹھائے ہوئے بیٹھے ہیں میں بھی اُن کے پاس بیٹھا ہوا ہوں انہوں نے اس کتاب کو بغور پڑھا۔ جب کتاب مکمل پڑھ لی تو مجھ ناچیز کو فرماتے لگے کہ بیٹا ابھی تک کتاب نامکمل ہے۔ مکمل کیوں نہیں ہوئی ہے۔ میں نے کہا کہ بابا جی ہیں

Scanned with CamScanner

نے تو کتاب مکمل لکھ دی ہے چند ایک دلچسپ نسخے ہیں جو کہ لکھنے ہیں۔ انہوں نے پھر فرمایا کہ بیٹا کتاب ابھی نامکمل ہے۔ میں نے پھر کہا بابا جی میں نے کتاب مکمل کر لی ہے۔ انہوں نے پھر فرمایا کہ بیٹا کتاب ابھی نامکمل ہے۔ میں چپ ہو گیا کہ پتہ نہیں کس طرح نامکمل ہے۔ تھوڑی دیر بعد خاموش رہا پھر دوبارہ میں نے ہمت کر کے سوال کیا کہ بابا جی میں نے تو اپنی طرف سے مکمل لکھ دی ہے جو کچھ میں نے مشاہدات کر کے حاصل کیا تھا۔ لکھ دیا ہے اور نہ کوئی میرے پاس مواد ہے اور نہ ہی میں کسی کی نقل کر کے لکھنا پسند کرتا ہوں۔ انہوں نے فرمایا کہ بیٹا میں بھی تمہارے تجربات کی بات کر رہا ہوں۔ تم نے ایک چیز اس میں نہیں لکھی ہے میں نے عرض کیا۔ بابا جی میں نے جو مشاہدات کیے ہیں لکھ دیئے ہیں۔

تم نے ایک

چیز اس میں نہیں لکھی ہے۔ میں نے عرض کیا۔ بابا جی میں نے تو اپنی طرف سے ہر چیز لکھی ہے جس کا میں نے تجربہ کیا تھا۔ آپ نے فرمایا کہ بیٹا ایک خاص نسخہ جو کہ خاندان قادریہ کا ہے وہ تم نے چھپایا ہوا ہے۔ میں نے عرض کی بابا جی وہ کون سا نسخہ ہے جو کہ میں نے چھپایا ہوا ہے۔ آپ نے فرمایا کہ بیٹا اس کتاب میں دعائے سیفی کیوں نہیں لکھی ہے۔ میں نے عرض کیا بابا جی مجھ کو اس کتاب میں دعائے سیفی لکھنے کی کسی کی طرف سے اجازت نہیں ہوئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ صرف اس لیے نہیں لکھ رہے ہو۔ میں نے کہا ہاں جی انہوں نے فرمایا بیٹا میری طرف سے تم کو اجازت ہے۔ تم اس کو اپنی کتاب کی زینت بناؤ۔ میں نے عرض کیا بابا جی مجھ کو کیا پتہ ہے کہ آپ سرکار کون ہیں۔ انہوں نے فرمایا بیٹا میں آپ کا دادا جی ہوں میں نے پوچھا آپ کون سے دادا جی ہیں۔ انہوں نے فرمایا کہ میں آپ کا دادا (حضرت) سخی دولا حسین لال پاک سید ہوں رحمۃ اللہ علیہ) جاؤ اس کو بھی شائع کروا دو۔ انہوں نے فرمایا بیٹا پہلے یہ حجرہ شاہ مقیم

والوں کی طرف سے میں نے شائع کروائی تھی۔ مگر اُس کو آج تقریباً ۲۰۰ سال ہو گئے ہوں گے اس کے بعد کسی نے بھی ہمت نہیں کی ہے۔ ابھی میرے ہاتھوں سے لکھا ہوا نسخہ سجادہ نشین سید اعجاز علی شاہ گیلانی کے پاس موجود ہو گا۔ آپ پتہ کریں اور اُن کو میرا سلام پیش کرنا وہ تم کو میرے ہاتھوں کا نسخہ لکھا ہوا آپ کو دے دیں گے۔ اتنے میں میری آنکھ کھل گئی۔ بہت خوش ہوا کہ چلو مجھ کو اجازت مل گئی ہے۔ اس سے پہلے میرے پاس نسخہ تو موجود تھا لیکن پھر بھی آباؤ اجداد کے نسخہ لینے کے لیے بے قرار ہو گیا۔ میں حضرت شاہ مقیمؒ کے آستانہ پر گیا تو پتہ چلا کہ سجادہ نشین لاہور گئے ہوئے ہیں۔ کافی دن انتظار کیا آخر کار ایک دن نماز فجر سے فارغ ہی ہوا تھا کہ آدمی نے دروازہ کھٹکھٹایا جب باہر گیا تو آدمی نے بتایا کہ سجادہ نشین صاحب تم کو یاد فرما رہے ہیں۔ جب میں سرکار سید اعجاز علی شاہ گیلانی کے پاس گیا تو انہوں نے فرمایا بیٹا مجھ کو پتہ چلا ہے کہ تم کتاب تحفۃ الگیلانی حجروی مقیمیؒ لکھ رہے ہو۔ میں نے عرض کیا کہ ہاں جی انہوں نے فرمایا کہ چند دن پہلے کی بات ہے کہ مجھ کو حضور غوث پاک رضی اللہ تعالیٰ اور حضور میراں بہاول شیر قلندر رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا تھا کہ ہمارا بچہ ایک کتاب لکھ رہا ہے اس کی نگہبانی کرنا ہو گی اور اُس کو بتانا کہ دعائے سیفی لکھنا نہ بھولے اُس کو ضرور لکھنا ہو گا۔ اور حضرت دولا پاک سرکار رحمۃ اللہ علیہ نے بھی تاکید فرمائی تھی کہ دعائے سیفی ضرور لکھوانا ہو گی۔ میرے پاس حضرت دولا پاک کا قلمی نسخہ موجود ہے لے لیں۔ میں نے کہا کہ سرکار مجھ کو باطنی طور پر حضرت سلطان باہوؒ کی طرف سے ایک نسخہ ملا تھا۔ وہ اس طرح کہ ایک رات کو ذکر کرنے کے بعد مراقبہ کی حالات میں تھا کہ عالم محویت میں مجھ کو سرکار سلطان العارفین کی زیارت نصیب ہوئی اور انہوں نے مجھ کو ایک کتاب دی تھی۔ صبح جب میں اپنے آستانہ عالیہ پر بیٹھا ہوا تھا کہ سکول کے ماسٹر منظور صاحب آف چورستہ میاں خان نے میرے

Scanned with CamScanner

ایک مرید محمد اعظم قصائی جو کہ میرے پاس خدمت میں رہتا تھا کو بھیجا کہ گیلانی صاحب کو بتائیں کہ آپ کی ایک کتاب بذریعہ وی پی مالیت ۴۵ روپے کی آئی ہے لے لیں اور اس رسید پر اپنے دستخط کر دیں۔ میں بہت حیران تھا کہ میں نے تو کسی کو بھی کتاب کے لیے خط نہیں لکھا تھا۔ مگر یہ کتاب کس طرح مجھ تک پہنچ گئی ہے۔ بہرحال کتاب کی وی پی لے کر جب کھولا تو وہ کتاب فقیر نور محمد سروری رحمۃ اللہ علیہ کی لکھی ہوئی مخزن الاسرار تھی اُس کا مطالعہ کیا تو اُس میں دعائے سیفی بھی لکھی ہوئی تھی۔ پھر پتہ چلا کہ اُس دن عالم محویت میں جو کتاب مجھ کو دی گئی تھی وہ یہ تھی۔ اس طرح یہ دعائے سیفی مجھ کو عطا ہوئی ہے سرکار اعجاز علی شاہ صاحب نے بھی فرمایا کہ بیٹا اگر نہیں ہے تو پھر حضرت دولا پاک کا نسخہ موجود ہے مگر کاغذ کو ہاتھ نہیں لگایا جاتا چلو اچھا ہوا تم کو نسخہ مل گیا ہے میں ابھی حیران ہوں کہ میں نے تو کسی کو بھی کتاب کا لکھا نہیں تھا مگر کتاب کس طرح میری طرف آگئی۔ وہ نسخہ اب بھی میرے پاس موجود ہے۔ دعائے سیفی کے دوران جو کچھ میرے ساتھ ہوا میں لکھنے سے قاصر ہوں مگر چند ایک دوستوں خاص کر سید افضال علی شاہ گیلانی ایم۔ اے اُردو جو کہ میرے چچا زاد بھائی ہیں اور میرے ہم راز بھی ہیں اور محمد طاہر نعیم سٹینو گرام سول جج دریاپہران دونوں نے بہت مجبور کیا ہے کہ چلو باطنی نہ تو صرف دنیاوی ایک ۲ خواص لکھ دیں جو کہ آپ کو ملے ہیں کافی اصرار کے بعد انہوں نے مجھ کو مجبور کر دیا ہے کہ لکھوں ورنہ میرا ذاتی خیال نہ تھا۔

دعائے سیفی کا آغاز کس طرح کیا

تقریباً سال ۱۹۰ء کا واقعہ ہے کہ جب مجھ ناچیز کو حضرت سلطان الفقر سلطان العارفین شمس العارفین حضرت سلطان باہو رحمۃ اللہ علیہ کی طرف سے کتاب ملی تھی۔ دل میں بہت حسرت تھی کہ کافی عملیات کیے ہیں مگر دعائے سیفی

کا چلہ بھی شروع کیا جائے اس کا بھی سوا مہینہ کرنا ضروری ہے تاکہ دل میں کوئی خواہش نہ رہ جائے۔ میں نے سوچا کہ اب نیا چاند نظر آئے گا تو پھر شروع کریں گے۔ نئے چاند کا انتظار شروع کر دیا۔ جب نیا چاند شروع ہوا تو پھر دل میں سوچ آئی کہ حضرت سلطان باہو رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ کسی کامل ولی اللہ کے روضہ اقدس پر پڑھی جائے۔ مگر میرے گھر سے دربار شریف حضرت میراں لعل پاک بہاول شیر قلندرؒ کا روضہ اقدس تقریباً ۲½ کلو میٹر دور تھا۔ سردیوں کے دن تھے۔ میں نے سوچا کہ اپنے پاس کوئی خاص انتظام نہیں ہے کہ صبح صبح ۲½ کلو میٹر کا فاصلہ کیا جائے۔ بہرحال سوچا کہ دربار شریف پر تو نہیں جا سکتے ہیں مگر گھر پر ہی شروع کیا جائے۔ خدا تعالیٰ اور اپنے بزرگوں کو یاد کر کے وظیفہ گھر پر ہی شروع کر دیا گیا۔ پھر اگلے چاند پر سوچا کہ نوچندی جمعرات کو حضرت بابا فرید رحمۃ اللہ علیہ کے روضہ اقدس سے اس کا آغاز کیا جائے۔ ایک دن میرے مرید ڈرائیور محمد یار نے مجھ کو ایک سائیکل لا کر دکھائی اُس نے کہا کہ اس کو چیک کر و کہ یہ ٹھیک ہے کہ نہیں میں نے سائیکل کو چیک کیا اور کہا کہ بالکل ٹھیک ہے۔ ڈرائیور محمد یار نے مجھ کو بتایا کہ یہ سائیکل میں نے آپ کو تحفہ میں دینی ہے۔ میں نے کہا کہ میں نے سائیکل کو کیا کرنا ہے۔ اُس نے بتایا کہ مجھ کو اشارہ ہوا ہے کہ شاہ صاحب کو سائیکل تحفہ میں دو اور ساتھ یہ بھی بتاؤ کہ سائیکل پر وظیفہ دعائے سیفی کرنے کے لیے دربار اقدس حضرت میراں لعل پاک بہاول شیر قلندرؒ پر جایا کرے۔ اس لیے میں سائیکل لے کر آیا ہوں۔ میں بہت حیران ہوا کہ یہ حضرت میراں پاک نے کیا سبب بنا دیا ہے۔ نوچندی دن آئے تو میں نے بدھ والے دن پروگرام بنایا کہ وظیفہ حضرت بابا فرید رحمۃ اللہ علیہ کے دربار شریف سے آغاز کیا جائے۔ صبح جمعرات ہے وہاں چلا جاؤں گا۔ سردیوں کے دن تھے۔ دسمبر جنوری کا مہینہ تھا کہ رات ۲ بجے کے قریب دل کو گھبراہٹ آئی تو اُٹھ کر بیٹھ گیا اس طرح معلوم ہوا کہ شائد جان نکل رہی ہے۔ بہت

پریشان ہو گیا کہ آج طبیعت کو کیا ہو رہا ہے۔ اتنے میں دوبارہ طبیعت گھبرا گئی۔ دل نے غوطے لگانے شروع کر دیئے۔ مکان سے باہر نکلا دل نے چاہا کہ حضرت میراں پاک کے روضہ اقدس پر حاضری دی جائے۔ خدا تعالیٰ کو یاد کر کے سائیکل پکڑی اور گھر اپنی اہلیہ کو بتایا کہ میں ذرا دربار شریف پر جا رہا ہوں انہوں نے کہا کہ اتنی کیا مجبوری ہے کہ رات کے ۲ بجے ہیں چل دیئے ہو میں نے کہا کہ میرے دل کو گھبراہٹ ہو رہی ہے یہ گھبراہٹ دربار پر ہی ٹھیک ہو گی۔ خنک ہوا چل رہی تھی۔ سائیکل پکڑ کر چل دیا۔ چلتے چلتے جب میں حجرہ شاہ مقیم شہر کے قلندری گیٹ پر پہنچا تو سجادہ نشین حضرت سید اعجاز علی گیلانی مدظلہ العالی کھڑے ہوئے میرا انتظار کر رہے تھے جب میں سامنے آیا تو مجھ کو گلے لگا کر فرمانے لگے بیٹا جب ماں باپ زندہ ہوں تو دوسروں سے پناہ کیا لینا ہوتی ہے۔ وہ اولاد بد نصیب ہوتی ہے جو ماں باپ کو چھوڑ کر دوسروں کو اپنا ماں باپ بنا لیتی ہے۔ تم کو کیا ضرورت ہے کہ پاک پتن جانے کا پروگرام بنا رہے تھے۔ انہوں نے فرمایا کہ حضرت بابا فریدؒ قطب ہیں اور ۲۶ سال کا چلہ کیا ہوا ہے۔ حضرت میراں بہاول شیر قلندر ہوئے ہیں انہوں نے تو ستر (۷۰) سال کا چلہ کیا ہوا ہے اور ۱۲-۱۲ سال کے چلے کئی کیے ہوئے ہیں۔ حضرت فریدؒ اپنی جگہ اور میراں پاک کا فیض اپنی جگہ ہے۔ لیکن تمہارا فیض کہیں اور نہیں ہے۔ تمہارے گھر میں گنگا بہہ رہی ہے۔ اور تم خود کو بے سہارا سمجھ رہے ہو۔ جیسے جیسے حضرت اعجاز علی گیلانی بات کرتے گئے تو ساتھ ساتھ میرے دل کی کیفیت بھی ٹھیک ہوتی گئی۔ پھر میری سمجھ میں آیا کہ میرے دل کو گھبراہٹ کیوں آ رہی تھی۔

بات کرنے کے بعد سرکار اپنے گھر کی طرف روزانہ ہو گئے اور میں ناچیز دربار شریف کی طرف چل پڑا نماز فجر ادا کی اور دعائے سیفی کے نادر نسخہ کا وظیفہ جاری کر دیا۔

جب کوئی دعائے سیفی کا عمل شروع کرے تو خیال رکھنا چاہیے کہ تو ستر (۷۰) ہزار ملائکہ ستر (۷۰) ہزار جنات فوری طور پر آ جاتے ہیں۔ جس طرح شہد کے چھتے سے مکھیاں اڑتے وقت آواز نکالتی ہیں اس طرح آواز آتی ہے۔ دعائے سیفی کے دو عمل جاری ہوتے ہیں۔ ایک جلالی اور دوسرا جمالی اگر خواب میں کوئی تلوار۔ بندوق۔ نیزہ۔ توپ یا کوئی ہتھیار دیکھے تو پھر سمجھ لو کہ جلالی عمل جاری ہو گیا ہے۔ یہ اپنی اپنی خوش نصیبی ہے کہ پہلے دن مل جائے یا چند دن کے بعد ملے۔

ہاں اگر شیشہ یا کوئی چمک دار چیز خواب میں ملے تو پھر جان لینا چاہیے کہ جمالی وظیفہ جاری ہو گیا ہے۔ بندہ ناچیز کے دونوں ہی عمل جاری ہو گئے تھے۔ جب جلالی عمل شروع ہو جائے تو پھر زبان کو اپنے قابو میں رکھیں بات کم کریں کسی کو بد دعا مت دیں۔ کیونکہ آدمی سیف الرحمٰن بن جاتا ہے۔ یعنی کہ خدا تعالیٰ کے امر کی ننگی تلوار بن جاتا ہے۔ بندہ ناچیز کے ساتھ اس طرح کے واقعات کئی ہوئے تھے۔ بندہ ناچیز نے ۲ سال تک اس کا چلہ کیا تھا۔ بلکہ اب بھی وظیفہ جاری ہے۔ لیکن زبان کو مکمل طور پر کنٹرول کیا ہوا ہے۔ یہ لازمی نہیں ہے کہ زبان سیف کرنے کے لیے ہی پڑھی جائے آپ اس سے ہر طرح کا کام لے سکتے ہیں۔ کوئی بھی مشکل سے مشکل کام ہو تو اس کے پڑھنے سے دفعہ ہو جاتا ہے خواہ کتنی ہی مشکل کیوں نہ ہے فرضی کاموں کے لیے بھی بندہ ناچیز نے اس کو ہزار ہا بار آزمایا ہے جب سے یہ دعا ہاتھ آئی ہے تمام وظائف کو بھول گیا ہوں۔ اب صرف چند ایک ہی جاری ہیں جو کہ مکمل کیے ہیں۔ باقی تجربات کے طور پر استعمال کرتے رہتے ایک دو خاص مریدین کو حکم دیتے ہیں کہ تجربہ کر کے بتائیں اور اس کی زکوٰۃ ادا کریں۔ ورنہ اب کس چیز کی ضرورت نہیں رہی ہے دعائے سیفی کے عمل کرنے سے ہر عمل کامیاب ہوتے جا رہے ہیں۔ جن عملیات میں ناکامی ہوئی تھی وہ دوبارہ کرنے سے کامیاب ہو گئے ہیں دعائے سیفی

کے جاری ہونے سے جو عمل اور ردِ عمل ظاہر ہوئے تھے۔ میں نے اپنے سینہ میں چھپائے رکھے ہیں۔

دعائے سیفی شروع کرنے کا طریقہ

چند نمونے کے طور پر پیش کیے جاتے ہیں جو کہ قابل غور بھی ہیں اور باعث سبق بھی ہیں۔ دعائے سیفی شروع کرنے کا آسان طریقہ یہ ہے کہ صبح کی نماز کے بعد ایک دفعہ سورۃ یاسین پڑھی جائے پھر ایک دفعہ دعائے سیفی شروع کریں اور ہر روز کم از کم پانچ دفعہ پڑھیں۔ حضرت سید محمد غوث گوالیار رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ اس کی ہر روز چالیس دفعہ منزل کرنا ضروری ہے۔ پہلے نمبر پر مرشد کامل کی اجازت کا ہونا ضروری ہے اگر مرشد کی اجازت نہیں ہے تو بھی پڑھی جا سکتی ہے۔ لیکن شاید اثر کم ہو گا۔ پڑھنے سے پہلے اپنے اوپر حصار لازم کریں۔ حصار کے لیے الحمد شریف۔ آیۃ الکرسی اور چاروں قل شریف پڑھ کر اپنے اوپر دم کریں اور پھر سورۃ یاسین اور دعائے سیفی پڑھیں۔ واضح ہو کہ سیفی میں بعض جگہ پر حروف مقطعات مثلاً ش۔ س۔ ف۔ ق۔ ش م۔ ص م وغیرہ درج ہیں اس جگہ پر آ کر اپنے دل میں جو دعا مانگو گے وہ پوری ہو گی۔ کسی خاص مقصد کے لیے۔ سات۔ چودہ اکیس۔ اکتالیس۔ دن پڑھیں۔ جب کام ہو جائے تو پھر چھوڑی بھی جا سکتی ہے۔ صرف اس کا ہی وظیفہ رکھیں اور پنج گانہ ادا کرتے رہیں تو کسی بھی وظیفہ کی ضرورت نہیں رہتی ہے روحانیت کے سالکین کے لیے یہ اکسیر اعظم کا حکم رکھتی ہے۔ بھٹکے ہوؤں کے لیے تصوف میں راہ ہدایت ہے۔

سُورَۃ یٰسٓ بمعہ دُعائے سیفی مترجم

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

يٰسٓ ۚ وَالْقُرْاٰنِ الْحَكِيْمِ ﴿٢﴾ اِنَّكَ لَمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿٣﴾
عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿٤﴾ تَنْزِيْلَ الْعَزِيْزِ الرَّحِيْمِ ﴿٥﴾ لِتُنْذِرَ قَوْمًا
مَّاۤ اُنْذِرَ اٰبَآؤُهُمْ فَهُمْ غٰفِلُوْنَ ﴿٦﴾ لَقَدْ حَقَّ الْقَوْلُ عَلٰۤى اَكْثَرِهِمْ
فَهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿٧﴾ اِنَّا جَعَلْنَا فِيْۤ اَعْنَاقِهِمْ اَغْلٰلًا فَهِيَ اِلَى الْاَذْقَانِ
فَهُمْ مُّقْمَحُوْنَ ﴿٨﴾ وَجَعَلْنَا مِنْۢ بَيْنِ اَيْدِيْهِمْ سَدًّا وَّمِنْ خَلْفِهِمْ
سَدًّا فَاَغْشَيْنٰهُمْ فَهُمْ لَا يُبْصِرُوْنَ ﴿٩﴾ وَسَوَآءٌ عَلَيْهِمْ
ءَاَنْذَرْتَهُمْ اَمْ لَمْ تُنْذِرْهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿١٠﴾ اِنَّمَا تُنْذِرُ
مَنِ اتَّبَعَ الذِّكْرَ وَخَشِيَ الرَّحْمٰنَ بِالْغَيْبِ ۚ فَبَشِّرْهُ بِمَغْفِرَةٍ
وَّاَجْرٍ كَرِيْمٍ ﴿١١﴾ اِنَّا نَحْنُ نُحْيِ الْمَوْتٰى وَنَكْتُبُ مَا قَدَّمُوْا
وَاٰثَارَهُمْ ۗ وَكُلَّ شَيْءٍ اَحْصَيْنٰهُ فِيْۤ اِمَامٍ مُّبِيْنٍ ﴿١٢﴾ ع ۱ ۱۲ ۱۸
وَاضْرِبْ لَهُمْ مَّثَلًا اَصْحٰبَ الْقَرْيَةِ ۘ اِذْ جَآءَهَا الْمُرْسَلُوْنَ ﴿١٣﴾
اِذْ اَرْسَلْنَاۤ اِلَيْهِمُ اثْنَيْنِ فَكَذَّبُوْهُمَا فَعَزَّزْنَا بِثَالِثٍ فَقَالُوْۤا
اِنَّاۤ اِلَيْكُمْ مُّرْسَلُوْنَ ﴿١٤﴾ قَالُوْا مَاۤ اَنْتُمْ اِلَّا بَشَرٌ
مِّثْلُنَا ۙ وَمَاۤ اَنْزَلَ الرَّحْمٰنُ مِنْ شَيْءٍ ۙ اِنْ اَنْتُمْ اِلَّا
تَكْذِبُوْنَ ﴿١٥﴾ قَالُوْا رَبُّنَا يَعْلَمُ اِنَّاۤ اِلَيْكُمْ لَمُرْسَلُوْنَ ﴿١٦﴾
وَمَا عَلَيْنَاۤ اِلَّا الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ ﴿١٧﴾ قَالُوْۤا اِنَّا تَطَيَّرْنَا بِكُمْ ۚ
لَئِنْ لَّمْ تَنْتَهُوْا لَنَرْجُمَنَّكُمْ وَلَيَمَسَّنَّكُمْ مِّنَّا عَذَابٌ
اَلِيْمٌ ﴿١٨﴾ قَالُوْا طَآئِرُكُمْ مَّعَكُمْ ۗ اَئِنْ ذُكِّرْتُمْ ۗ بَلْ
اَنْتُمْ قَوْمٌ مُّسْرِفُوْنَ ﴿١٩﴾ وَجَآءَ مِنْ اَقْصَا الْمَدِيْنَةِ رَجُلٌ

يَسْعٰى قَالَ يٰقَوْمِ اتَّبِعُوا الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۲۰﴾ اتَّبِعُوْا مَنْ لَّا يَسْـَٔلُكُمْ
اَجْرًا وَّهُمْ مُّهْتَدُوْنَ ﴿۲۱﴾ وَمَا لِيَ لَآ اَعْبُدُ الَّذِيْ فَطَرَنِيْ وَاِلَيْهِ
تُرْجَعُوْنَ ﴿۲۲﴾ ءَاَتَّخِذُ مِنْ دُوْنِهٖٓ اٰلِهَةً اِنْ يُّرِدْنِ الرَّحْمٰنُ
بِضُرٍّ لَّا تُغْنِ عَنِّيْ شَفَاعَتُهُمْ شَيْـًٔا وَّلَا يُنْقِذُوْنِ ﴿۲۳﴾ اِنِّيْٓ اِذًا
لَّفِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿۲۴﴾ اِنِّيْٓ اٰمَنْتُ بِرَبِّكُمْ فَاسْمَعُوْنِ ﴿۲۵﴾ قِيْلَ
ادْخُلِ الْجَنَّةَ قَالَ يٰلَيْتَ قَوْمِيْ يَعْلَمُوْنَ ﴿۲۶﴾ بِمَا غَفَرَ لِيْ رَبِّيْ
وَجَعَلَنِيْ مِنَ الْمُكْرَمِيْنَ ﴿۲۷﴾ وَمَآ اَنْزَلْنَا عَلٰى قَوْمِهٖ مِنْ بَعْدِهٖ
مِنْ جُنْدٍ مِّنَ السَّمَآءِ وَمَا كُنَّا مُنْزِلِيْنَ ﴿۲۸﴾ اِنْ كَانَتْ اِلَّا صَيْحَةً
نوٹ:- اسمائے جمالی بلندی مراتب، کشائش رزق، فتحمندی، تسخیر اور محبت دوستی کے لیے کام آتے ہیں۔ اسمائے جلالی بغض عداوت مقہوری اعداء وغیرہ کے لیے کارآمد ہوتے ہیں۔ مشترک اسمائے ایسے ہیں۔ جو جمالی و جلالی دونوں جگہ کام دیتے ہیں۔ بلندی مراتب، شفائے مریض وغیرہ کے کام میں خاص اثر رکھتے ہیں۔

سات سلام کے مختصر خواص

اس کا ہمیشہ ورد کرنے والا تمام مخلوق کی نظروں میں عزیز رہے گا اور محبوب ہوگا۔ ہر مخلوق اس کی تابعداری کرے گی اور قوت تسخیر کامل طور پر حاصل ہوگی فلاح دارین نصیب ہوگی۔ ان کا ورد رکھنے والا آگ سے محفوظ رہے گا۔ بے شک آگ میں چھلانگ لگا دے آگ کچھ نہیں کہے گی۔ پانی میں ڈوبنے سے محفوظ رہے گا۔ اگر اس کی تعداد سوا لاکھ پوری کر لی جائے تو پھر باطنی نعمت مل جاتی ہے۔ تحت الشراتک نگاہ کام کرتی ہے۔ اگر کوئی زمین کی طنابیں کھینچنا چاہے تو کھینچ سکتا ہے۔ ایک پل میں ہر طرف کی خبر گیری کر سکتا ہے۔

اگر کسی فصل کو چوہے خراب کرتے ہوں تو ریت پر پڑھ کر فصل کے چاروں کونوں میں ہر طرف ریت بچھا دیں ایک جگہ سے تھوڑا سا راستہ رہنے دیں۔ چوہے بھاگ جائیں گے۔ سات سات بار پڑھ کر سات پھونک ریت پر ماریں۔

ہر قسم کے بخار کے لیے۔ سات سات بار پڑھ کر پانی پر پھونک ماریں بخار اتر جائے گا۔ ایک کاغذ پر لکھ کر گلے میں ڈال دیں۔

اول و آخر سات سات بار درود ابراہیمی ضرور پڑھیں۔ آیت مبارک یہ ہیں۔

(۱) وَسَلَامٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ الرَّحِيْمِ (۲) سَلَامٌ عَلَى الْمُرْسَلِيْنَ

(۳) سَلَامٌ عَلٰى اِلْ يَاسِيْنَ (۴) وَسَلَامٌ عَلٰى نُوْحٍ فِى الْعٰلَمِيْنَ

(۵) سَلَامٌ عَلٰى مُوْسٰى وَهَارُوْنَ (۶) سَلَامٌ عَلٰى اِبْرٰهِيْمَ

(۷) سَلَامٌ هِيَ حَتّٰى مَطْلَعِ الْفَجْرِ۔

(۸) سَلَامٌ عَلَيْكُمْ فَادْخُلُوْهَا خٰلِدِيْنَ۔

چور دریافت کرنے کے لیے

ذاتی تجربہ ہے۔ جہاں سے چوری ہوئی ہو ہر روز بعد نماز عشاء وہاں سورہ طارق ۴۱ دفعہ پڑھیں ان شاء اللہ چوری کا مال واپس آجائے گا یا پتہ چل جائے گا۔

۲۔ سورۃ یاسین ہر روز بعد نماز فجر ہر مبین پر آکر دل میں دعا کریں۔ انشاء اللہ گیارہ دنوں کے اندر اندر چور مل جائے گا۔

۳۔ ہر روز ایک ہزار دفعہ درود ابراہیمی پڑھیں ۴۱ دن کے اندر چوری ہوا مال واپس آجائے گا۔ ان شاء اللہ

۴۔ ہر روز دن کے بارہ بجے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون ۱۰۱ دفعہ پڑھیں تصور کے ساتھ ان شاء اللہ چوری کیا ہوا مال مل جائے گا۔

۵۔ چوری کا جن پر شبہ ہو تمام کے نام علیحدہ علیحدہ کاغذ پر لکھ کر چھوٹی پرچیاں بنا کر بند کریں۔ جتنے نام ہوں اتنی ہی خالی پرچیاں بنا کر ایک پرچی پر لفظ "چور" لکھیں کمیٹی والی پرچیوں کی طرح علیحدہ علیحدہ رکھیں ان پر ۱۱ دفعہ درود پاک ۱۱ دفعہ سورۃ اخلاص ۱۱ دفعہ سورہ کافرون ۱۱ دفعہ سورۃ فلق ۱۱ دفعہ سورۃ والناس پڑھ کر پھونک ماریں پھر کسی چھوٹے بچے کو کہہ کر ایک نام والی پرچی ایک خالی پرچی اٹھائیں جو آدمی چور ہوگا۔ ان شاء اللہ اس کے نام کے ساتھ چور والی پرچی نکل جائے گی۔ انشاء اللہ

چند فال نامے

بندہ ناچیز نے اس کتاب کو بہت کوششوں کے بعد پایۂ تکمیل تک پہنچایا ہے اس میں چند ایک دوست سرفہرست ہیں ان کا ذکر کرنا اچھا بھی ہے اور نہیں بھی

Scanned with CamScanner

بہر حال کتاب میں کہیں ضرور ذکر کردوں گا۔ لیکن یہ فال نامے ہیں ان میں۔ اُن کا ذکر کرنا اچھا نہیں ہے۔ بہر حال دوستوں نے اور خاص خاص مریدین نے چیک کیا ہے اور کتاب کو ہر حال میں ٹھیک پایا ہے مگر چند دوستوں نے کہا کہ کتاب کی اصل زینت خواب نامہ اور فال نامہ ہوتے ہیں۔ کتاب میں خواب نامہ تو ہے مگر فال نامے درج نہیں ہے۔ اب فال ناموں کو بھی اس کتاب کی زینت بنا رہے ہیں ہیں تاکہ اس کتاب کے ہوتے ہوئے کسی اور کتاب کے رکھنے کی ضرورت محسوس نہ ہو۔

نادر فالنامہ

حضور شہنشاہ ولایت حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی رضؓ

یہ فال نامہ اقدس مآب جناب حضور شیخ عبدالقادر جیلانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے منسوب ہے۔ اکثر لوگ اسے ہی استعمال کرتے ہیں جو کہ بہت ہی مجرب اور صحیح ہے جب کوئی مشکل معاملہ کسی کو پیش آئے تو لازم ہے کہ اول پاک وصاف ہو کر خلوص دل سے حضرت پاک رحمۃ اللہ علیہ کی روح پر فاتحہ پڑھے اور اپنے کام کی نیت کر کے کسی نابالغ بچے کو کہے کہ وہ ذیل کی جدول کے کسی خانہ میں شہادت کی انگلی رکھے یا خود ہی نیک نیتی سے آنکھیں بند کر کے مطلب دل میں رکھے۔ جس خانہ میں انگلی پڑے اس کا نمبر دیکھ کر اس کا مقابلہ میں جو کچھ لکھا ہے پڑھ لیں۔ انشاءاللہ تعالےٰ آپ کو سوال کا جواب درست ملے گا بفضل تعالیٰ۔

جدول اگلے صفحہ پر ملاحظہ کریں

جدول یہ ہے

۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸
۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶
۱۷	۱۸	۱۹	۲۰	۲۱	۲۲	۲۳	۲۴
۲۵	۲۶	۲۷	۲۸	۲۹	۳۰	۳۱	۳۲
۳۳	۳۴	۳۵	۳۶	۳۷	۳۸	۳۹	۴۰
۴۱	۴۲	۴۳	۴۴	۴۵	۴۶	۴۷	۴۸
۴۹	۵۰	۵۱	۵۲	۵۳	۵۴	۵۵	۵۶
۵۷	۵۸	۵۹	۶۰	۶۱	۶۲	۶۳	۶۴
۶۵	۶۶	۶۷	۶۸	۶۹	۷۰	۰	۰

۱۔ کچھ صبر کر۔ خدا کے حکم سے دل کی مراد پوری ہوگی۔ ابتداء میں بہت فکر و تردد ہوگا۔ خدا تعالیٰ پر بھروسہ رکھ۔

۲۔ فال نیک ہے دل کی مراد حسب منشاء پوری ہوگی۔ انشاءاللہ تعالیٰ۔

۳۔ اس کام سے جس کا تو ارادہ رکھتا ہے باز آجاؤ ورنہ شرمندگی اُٹھائے گا۔

۴۔ تیرے دل کی مراد حسب منشاء بطفیل غوث پاکؓ پوری ہوگی ہر طرح سے دل مضبوط رکھ۔

۵۔ مقصد تیری مرضی کے مطابق پورا ہوگا۔ خدا تعالیٰ کا فضل شامل حال ہے۔

۶۔ کام میں خلل واقع ہوگا۔ چند دن صبر کر انجام انشاءاللہ اچھا ہوگا۔

۷۔ تمہاری دلی آرزو پوری ہوگی۔ مگر چند روز صبر کر بیتابی کی ضرورت نہیں ہے۔

۸۔ تمہاری نیت اچھی اور نیک ثابت ہوگی۔ فکر مت کر انشاءاللہ تعالیٰ۔

۹۔ ہرگز اندیشہ نہ کر۔ دلی مراد پوری ہوگی۔ بفضل تعالیٰ۔

۱۰۔ تمہارا دلی مقصد جس کے متعلق تو پوچھتا ہے۔ خدا تعالیٰ کے فضل سے پورا ہوگا۔

۱۱۔ کام اچھا ہے۔ تسلی رکھ پورا ہوگا۔ ان شاءاللہ تعالیٰ۔

۱۲۔ تمہاری مراد چند دنوں میں پوری ہوگی۔ کچھ صبر درکار ہے۔ انجام اچھا ہے۔
۱۳۔ تمہارے دل کا ارادہ اچھا نہیں ہے۔ اس سے باز رہو۔ ورنہ شرمندگی ہوگی۔
۱۴۔ مبارک اور عمدہ فال ہے۔ خدا تعالیٰ کے فضل سے تمہارا کام پورا ہوگا۔
۱۵۔ تمہارے دل کا کام حسب مرضی پورا ہوگا۔ دشمن تباہ ہوگا۔ مگر صبر اختیار کر۔
۱۶۔ تھوڑی سی محنت کرنے پر تمہارا کام خداوند کریم بہت کر دے گا۔ انشاءاللہ
۱۷۔ تیرا مطلب جرکر تو رکھتا ہے۔ بفضل تعالیٰ پورا ہوگا۔
۱۸۔ یہ کام ہرگز نہ ہوگا اور نہ ہی اس کا کرنا اچھا ہے۔ صبر ہر حال میں بہتر ہے۔
۱۹۔ کام ہرگز نہ ہوگا اس سے پرہیز کر۔
۲۰۔ اس کام سے پرہیز کر۔ چند دن تک اپنی کوشش کو چھوڑ دے
۲۱۔ بہرحال یہ کام ہو کر رہے گا۔ تسلی رکھ۔
۲۲۔ کسی کام کا اندیشہ نہ کر۔ روزی اور رزق درگاہ الٰہی سے پائے گا۔
ان شاءاللہ۔
۲۲۔ کسی قسم کا اندیشہ دل میں نہ کر جو کچھ طلب کرے گا پائے گا۔
۲۴۔ جو چیز کسی سے مانگے گا۔ مل جائے گی۔ انشاءاللہ تعالیٰ۔
۲۵۔ اس کام کو ہرگز نہ کرو۔ دل میں خیال تک بھی نہ لاؤ ورنہ شرمندگی ہوگی۔
۲۶۔ کوشش کر۔ اللہ تعالیٰ اپنے فضل و کرم سے تیرا کام اچھا کرے گا۔
۲۷۔ تمہاری مراد کبھی بھی پوری نہ ہوگی۔ محنت رائیگاں جائے گی۔
۲۸۔ تمہاری نیت کے مطابق مقصد پورا ہوگا۔
۲۹۔ کچھ عرصہ صبر کر۔ تمہارا مقصد خاطر خواہ پورا ہوگا۔
۳۰۔ اگرچہ فال نیک ہے۔ مگر تمہارا خیال ٹھیک نہیں ہے۔ صبر کر۔
۳۱۔ دشمن اپنی گھات میں ہے۔ تمہاری راہ میں رکاوٹ ڈالے گا اور
ہر کام ہرگز نہ ہوگا۔ اس ارادہ کو ترک کر دے۔
۳۲۔ جس قدر بھی جدوجہد سے کام لوگے کام التوا میں رہے گا۔

۳۱۔ خدا تعالیٰ پر بھروسہ رکھ کام پورا ہو جائے گا۔
۳۴۔ فال نیک ہے۔ خاطر خواہ تمہارا کام پورا ہوگا۔ انشاءاللہ۔
۳۵۔ اس کام سے پرہیز کر۔ تندرستی اور راستی دونوں نہیں ہیں۔
۳۶۔ فال نیک ہے۔ خاطر خواہ تمہارا کام بن جائے گا۔ بفضل تعالیٰ۔
۳۷۔ تمہارا کام چند آدمیوں سے تعلق رکھتا ہے۔ ان شاءاللہ ہو جائے گا۔
۳۸۔ اپنے اعتقاد کو درست رکھ۔ اگرچہ فال تیرے حق میں ہے۔
۳۹۔ خداوند تعالیٰ پر بھروسہ رکھ اور صبر سے کام لے۔
۴۰۔ چند دن صبر کر۔ تمہارا کام اچھا ہے پورا ہوگا۔
۴۱۔ تمہارا کام خاطر خواہ پورا ہوگا۔ کام پورا ہونے پر حضرت غوث پاک
کی روح کو فاتحہ ثواب بھیج تاکہ جلدی کام بن جائے۔
۴۲۔ کام تو پورا ہو جائے گا مگر آئندہ کبھی وسواس سے کام نہ لینا۔
۴۳۔ تمہارا مطلب نیک ہے۔ کارساز کام کرے گا۔ ہمت کو نہ چھوڑ
جدوجہد کیے جاؤ۔
۴۴۔ کام ہرگز ہو گا۔ اس کام سے باز آجاؤ۔
۴۵۔ اپنے ارادہ سے پرہیز کر ورنہ شرمندگی حاصل ہوگی۔
۴۶۔ تمہارے دل کی مراد پوری ہوگی۔ صبر سے کام لے۔
۴۷۔ خاطر جمع اور تسلی رکھ کام ہو جائے گا۔
۴۸۔ کچھ خرچہ کرنے سے تمہارا کام ہو جائے گا۔
۴۹۔ تمہارے دل کی مراد پوری ہوگی۔ تسلی رکھ۔
۵۰۔ خدا تعالیٰ کے فضل و کرم سے تمہارا کام ہو جائے گا۔
۵۱۔ چند دن صبر سے کام لے تمہارا التوا میں ہے۔
۵۲۔ تمہارا ارادہ ہرگز پورا نہ ہوگا اگر ہو بھی جائے تو کوئی فائدہ
نہ ہوگا۔

Scanned with CamScanner

۵۳۔ کچھ دن صبر کر۔ فال بہت اچھا ہے۔ پریشانی کی کوئی ضرورت نہیں ہے۔

۵۴۔ خدا تعالیٰ کارساز ہے۔ ارادہ تمہارا اچھا ہے۔ کام بن جائے گا۔

۵۵۔ فال منع کرتا ہے۔ کام ہرگز نہ ہوگا۔

۵۶۔ یہ کام ہونے والا نہیں ہے۔ کوشش فضول جائے گی۔

۵۷۔ محنت مشقت کی اس قدر ضرورت نہیں ہے۔

۵۸۔ چند دن صبر کرنے سے کام حسب دلخواہ پورا ہوگا۔

۵۹۔ فال نیک ہے۔ مقصد پورا ہوگا۔ اطمینان رکھ۔

۶۰۔ اپنے ارادے سے باز آجا کام ہرگز نہ ہوگا۔ ورنہ پشیمانی اٹھائے گا۔

۶۱۔ اگرچہ تمہاری مراد پوری ہوگی۔ مگر کچھ دن صبر سے گذارہ کرنا پڑے گا۔

۶۲۔ کام اچھا ہے۔ اس کے انجام سر ہونے میں کچھ دن لگیں گے۔

۶۳۔ فال مبارک ہے۔ کام نیک اور اچھا ہے۔ پورا ہوگا۔ بفضل تعالیٰ۔

۶۴۔ کام اچھا نہیں ہے۔ ہرگز مت کرو۔ کوئی فائدہ نہ ہوگا۔

۶۵۔ تمہاری مراد پوری ہوگی۔ فال اچھی ہے۔

۶۶۔ تمہارا مقصد پورا ہوگا۔ یقین اور تسلی رکھ۔

۶۷۔ کام تو بن جائے گا۔ مگر ذرا صبر سے کام لینا پڑے گا۔ انجام اچھا ہے۔

۶۸۔ انجام اچھا ہے۔ جو کچھ تو چاہتا ہے حاصل ہوگا۔

۶۹۔ کسی قسم کا دل میں وسواسہ دل میں نہ رکھ کام پورا ہوگا۔

۷۰۔ اگر اس کام کو کرے گا تو اچھا ہے۔ اگرچہ تیرے فائدہ کی بات نہیں ہے۔

اعضاء کے پھڑکنے کی فال

اعضاء کے پھڑکنے کا نام	فالیں
سر پھڑکے	دلی مراد پوری ہوگی۔
پیشانی پھڑکے	اگر ملازم ہو تو تنخواہ بڑھے۔ اگر بیکار ہو تو باکار ہو جائے۔
الٹی ابرو پھڑکے	مال بے مشقت پائے۔
سیدھی ابرو پھڑکے	دولت پائے۔ کاروبار میں نفع ہو اگر بے کار ہو تو کام پر لگے۔
پیٹھ پھڑکے	دولت پائے۔
سیدھی آنکھ پھڑکے	تہمت سے رسوائی ہو۔
الٹی آنکھ پھڑکے	بیوی سے لڑائی ہو۔ اگر عورت ہو تو شوہر سے جنگ ہو۔
سیدھا کان پھڑکے	اچانک منافع ہو۔
الٹا کان پھڑکے	کوئی مصیبت آئے۔
بالائی ہونٹ پھڑکے	خوشی حاصل ہو۔
زیریں ہونٹ پھڑکے	بچھڑے دوست سے اچانک ملاقات ہو۔
دونوں ہونٹ پھڑکیں	دشمن کا مقابلہ کرنا پڑے۔
ٹھوڑی پھڑکے	کوئی دوست یاد کرتا ہے۔
گردن پھڑکے	خوشی حاصل ہو۔
داہنا شانہ پھڑکے	رنج ہو۔

Scanned with CamScanner

اعضاء کے پھڑکنے کا نام	فالیں
بایاں شانہ پھڑکے	کامیابی حاصل ہو۔
داہنا بازو پھڑکے	دوست سے ملاقات ہو یا قرضدار ہو۔
بایاں بازو پھڑکے	قرض سے نجات پائے۔
سیدھی بغل پھڑکے	مال ہاتھ آئے۔
الٹی بغل پھڑکے	سر بلندی حاصل ہو۔
پنڈلی پھڑکے کوئی بھی	نعمت ملے قرضہ واپس آئے۔

فالنامہ حمل میں لڑکا ہے یا لڑکی

جس عورت کو حمل ہو جائے وہ آنکھیں بند کرے۔ انگلی شہادت اس نقش پر رکھے پھر معلوم کرے کہ اس نے کون سے ہندسے پر انگلی رکھی ہے اگر ایک ہندسہ پر رکھی ہے تو لڑکی ہو گی اگر 2 دو پر رکھی ہے تو لڑکا ہو گا۔ پس اس طرح اگر جفت ہندسہ پر انگشت رکھے تو لڑکا ہے اگر طاق کے ہندسے پر انگشت شہادت ہو تو لڑکی ہے۔ نقش یہ ہے۔

۳	۴	۶	۱	۷
۵	۸	۲	۹	۱۵
۱۰	۱۳	۱۱	۸	۱۲

باب الحب
از مجربات سجاد

یہاں باب الحب میں وہ نسخے لکھے جاتے ہیں جو کہ میرے اُستاد محترم حافظ عبد الحمید سجاد (ایم۔اے۔عربی و ایم اسلامیات) نے ذاتی تجربات کیے ہیں۔ تجربات کا نام صرف اس لیے لکھا جاتا ہے جو کہ عمل یا نقوش اپنے آزمودہ ہوں۔ یہاں پر اُستادوں کا ذکر کچھ ضروری سمجھتا ہوں۔ اس لیے کہ یہ سب میرے اُستادوں کی مہربانی ہے کہ مجھ ناچیز کو اس منزل تک پہنچا دیا ہے۔ سب سے پہلے اُستاد صاحب حضرت میاں شہامد رحمۃ اللہ علیہ تھے جنہوں نے مجھ ناچیز کو اس قابل بنانے کے لیے شروع سے کوشش شروع کر دی تھی۔ یہ میرے روحانی سر پرست اعلیٰ تھے۔ باقی اُستاد اللہ دتہ آف بصیر پور شریف استاد محمد ارشد چھچھر صاحب آف بصیر پور شریف، میاں رحمت علی عرف عام بابا گیارھویں والا، آف بصیر پور شریف اس کے علاوہ جس آدمی سے بھی ایک حرف سیکھا استاد کہلانے کا حق دار ہے کیونکہ انہوں نے مجھ ناچیز پر مہربانی فرمائی۔ لیکن تمام استادوں میں سے استادِ محترم میاں شہامد رحمۃ اللہ علیہ کو استاد اول اور برادر حقیقی سید حسنین حیدر گیلانی استاد دوئم اور استاد سوئم حافظ عبد الحمید سجاد تھے میاں شہامدؒ کی وفات کے بعد حافظ محمد عبد الحمید سجاد مدظلہ العالی نے میرے ساتھ بہت تعاون کیا۔ یہاں پر میں اُن کا ذکر ضرور کروں گا کہوں کہ یہ سب اُن کے ہی مرہون منت ہے۔ آپ نے اپنے تجربات مختلف کتابوں کے عملیات سے کیے ہیں انہوں نے ایک ایک عمل یا نقش کا بار بار تجربہ کیا ہے پھر انہوں

Scanned with CamScanner

نے اپنے تجربات کو علیحدہ لکھا ہے۔ جس کا نام انہوں نے مجربات سجاد رکھا ہے
یہ اُن کی مہربانی ہے کہ انہوں نے مجھ کو اپنے مسودہ سے کچھ مواد شائع کرنے کے
لیے دیا جو کہ تحفۃ الگیلانی حجروی مفتی کی زینت بنا ہوا ہے جہاں بھی مجربات سجاد کا
نام آئے سمجھ لیں کہ حافظ صاحب کے تجربات ہیں۔

آپ نے ۱۹۶۵ء سے لیکر ۱۹۹۷ء تک بتیس سال کی مدت
مدیر اور عرصہ بعید میں صرف حب کے مجربات عملیات کا نچوڑ لکھا ہے۔ اپنی
نوعیت کے لحاظ سے تمام اعمال کئی کئی بار کیے گئے اور بہترین رزلٹ دیتے رہے
بعض اعمال تو صرف چوبیس گھنٹے میں موثر ثابت ہوئے ہیں۔ اس وجہ سے حافظ
صاحب اور آپ کے والد صاحب کو خصوصاً برادری کے کچھ افراد جادوگر کہتے
رہے ہیں۔ حالانکہ ہر عامل عمل کرنے والا ان اعمال کو بخوبی پڑھ کر سمجھ سکتا ہے۔
قرآن مجید فرقان حمید کے اعمال ہیں۔ آپ کا اور آپ کے والد گرامی کا ایمان
ہے کہ جادوگر دولتِ ایمان سے خالی اور کافر ہوتا ہے۔ ہر دور میں کافر ہی
ایمانداروں کو جادوگر کہتے آئے ہیں۔ انبیاء علیہ السلام کو کفار نے جادوگر کہا
قرآن کی آیات مبارکہ اور تفاسیر اس بات کی گواہ ہیں۔ اگر یقین نہ آئے تو کسی
عالمِ دین سے پوچھیں سچ ہے کہ جب حقیقت کسی کی سمجھ میں نہ آئے تو اُسے جادو
کا نام دیا جاتا ہے کسی نے کیا خوب کہا ہے۔

حقیقت جب حدود فہم میں آنے سے بالا ہو
اسے افسوس بتاتے ہیں اسے افسانہ کہتے ہیں

آپ کے دادا جان اپنے وقت کے سیف زبان کامل ولی اللہ تھے۔
عاشق رسول ﷺ تھے اپنی دعا سے اور نگاہ مہر و وفا سے ہی تمام عقدے حل
فرمایا کرتے تھے۔ آپ کی ساتویں پشت پر حضرت حافظ حبیب اللہ برقعہ پوش
رحمۃ اللہ علیہ گزرے ہیں جو کہ قطب کے درجہ پر فائز تھے۔ اور حافظ قرآن
پاک تھے۔ ہر وقت سوتے جاگتے وقت تلاوت کلام پاک میں مشغول رہتے

تھے۔ ان سے لیکر آج تک سات پشتیں گذری ہیں جو تمام ہی اپنے اپنے عہد میں جید
عالم دین صوفی باصفا نیک اور متقی پرہیزگار وارث شریعت و معرفت ہو گذرے ہیں۔
آپ کے تایا جان حضرت قبلہ الحاج فقیہ اعظم ابوالخیر محمد نور اللہ رحمت اللہ علیہ نعیمی
قادری اشرفی بانی دارالعلوم حنفیہ فریدیہ بصیرپور شریف کی ذات اقدس کسی تعارف کی محتاج
نہیں ہے۔ حافظ صاحب کے والد صاحب سے لے کر آج تک حضرت برقعہ پوش
رحمۃ اللہ علیہ تک سات پشتیں گذری ہیں۔ آپ کے والد صاحب فرماتے تھے کہ
ان سات پشتوں میں ان کے بعد کوئی بھی حافظ قرآن نہیں ہوا۔ الحمد اللہ میں حبیب اللہ
ہوں اور میرا بیٹا عبد الحمید حافظ قرآن پاک ہے۔ حافظ صاحب نے اپنے تجربات
کی بیاض مجربات سجاد ۱۹۷۱ء میں لکھنی شروع کی۔ آپکے والد صاحب کے صدری،
عملیات، سربستہ راز جو حضرت برقعہ پوشؒ سے ہوتے ہوئے پشت در پشت
حافظ صاحب تک پہنچے ہیں۔ مجربات سجاد سے چند ایک تحریر کیے ہیں تاکہ تشنگانِ
اعمال روحانیت جی بھر کر سیر ہو سکیں اس بیاض سے حافظ صاحب نے چند
اعمال محبت زیر نظر کتاب میں لکھوائے ہیں اور یہ اعمال انہوں نے شموس الانوار۔
شمس المعارف۔ جواہر خمسہ۔ کنز الحسین۔ نقش سلیمانی۔ گنجینہ عملیات۔ خزینۃ العملیات
شمع شبستان رضا۔ حرز سلیمانی۔ مجربات سیوطی۔ مجربات دیربی۔ عامل کامل۔ رموز الجفر۔
تحفہ طلسمات اعجاز محمدی وغیرہ سے تجربہ شدہ یعنی آزمودہ عملیات ہیں جو کہ لکھے گئے
ہیں اور صرف حُب کے اعمال لکھے گئے ہیں مجربات سجاد تو ایک عملیات کا ایسا
گلدستہ ہے جس میں ہر رنگ کے ہر قسم کی خوشبو کے پھول ہیں۔ دعائے دلی
ہے کہ اللہ جل مجدہ الکریم اپنے محبوب اعظم کے صدقہ میں تمام مسلمان بھائیوں کی جائز
مشکلیں آسان فرمائیں اور ضرورت مندوں کے کام آنے کی توفیق دے اور اہل ایمان
کو دارین میں حقیقی و روحانی خوشیاں نصیب فرمائے اور تمام ساتھیوں دوستوں
کی عمر میں برکات خاص عطا فرمائیں آمین ثم آمین (دعا گو سبطین)
اب مجربات سجاد کے کچھ آزمودہ عمل اور وظائف اور نقوش کا ذکر کرتے ہیں۔

(۱) مطلوب اور اس کی ماں کے اعداد بحساب ابجد قمری نکال کر حسب تعداد اعداد اول ماہ سے سعد دن اور ساعت نیک میں بلا ناغہ بعد از نماز عشاء خانہ مطلوب کی طرف منہ کر کے پڑھیں۔ اول و آخر کوئی درود شریف ۳-۳ بار پڑھ لیا کریں۔ باتصور باوضو عمل کریں۔ انشاء اکیس دنوں میں منزل مقصود ہاتھ آئے۔ پڑھتے وقت ہر بار یہ کیفیت ہو کہ دعا کے پہلے اجزاء میں اللہ تعالیٰ کی رحیمی و کریمی کی طرف خیال ہو پھر اپنے دل کی طرف دھیان ہو اور آخر میں مطلوب کا تصور دل میں رکھیں یقینی کامیابی ہوگی۔

عمل یہ ہے۔

یَا عَطُوْفُ ذُوالْقُوَّۃِ الْمَتِیْنِ اَعْطِفْ اِلٰی قَلْبِ فلاں بن فلاں۔

بشرطیکہ نیت نیک ہو۔ عمل کرتے وقت کسی سے بات نہ کریں ورنہ اثر نہ ہوگا۔

(۲) **دیگر:** عروج ماہ میں نیک ساعت میں شانہ گوسفند سالم لاکر اس پر زہرہ مشتری کی ساعت میں مشک و زعفران سے یہ تعویذ لکھ کر ہلکی آگ میں دفن کریں لیکن ضروری ہے کہ پہلے ہر ایک نقش کی زکوٰۃ دے تب عمل کرے ورنہ ناکامی ہوگی یہ سوت نہیں کہ کاتا اور لے اڑے عملیات میں چلہ بہت ضروری ہے اور ہر ایک نقش کو جب تک چالیس روز یا کم از کم گیارہ روز تک نہ کمائے وہ کام نہیں دیتا ہے۔

نقش یہ ہے۔

یہ شانہ کے ایک طرف لکھے

یہ دوسری طرف لکھے

د ۲۱۱ ھ ۹۱ م

فلاں بن فلاں الحب فلاں بن فلاں



(۳) **ایضاً:** یہ نقش گھوڑے کے نعل پر لکھے لکھ کر زیر آتش دان دفن کریں اور پاس بیٹھ کر پڑھائی کریں۔ جیسے جیسے نعل گرم ہوگی مطلوب بے قرار ہو کر طالب کے پاس

آئے گا۔ مشکی یک رنگ کی نعل ہو۔ اگر مشکی نہ ملے تو سرخ گھوڑا ہو۔ جس کے چاروں زانو سیاہ ہوں۔ نعل لاکر خوب دھوئے اور خرش بو لگا کر نقش لکھے اور بعد میں ہر روز ایک گھنٹہ آتش دان کے اوپر آگ جلائیں۔ جلتی آگ کے پاس بیٹھ کر یا ودود پڑھتے رہیں۔ گیارہ دن کے اندر مطلوب حاضر ہوگا انشاء اللہ۔

نقش یہ ہے۔



اہمیا اہمیا اہمیا

۷۸۶

۸	۱	۶
۳	۵	۷
۴	۹	۲

ط د ک ت س ج

۴۔ **ایضاً:** اگر مرغی سفید کے انڈا پر یہ نقش لکھ کر نرم آگ میں دبائیں تو سات روز کے بعد مطلب حاصل ہو۔ مرغی کا سفید ہونا ضروری ہے مطلوب حاضر ہوگا۔

نقش یہ ہے۔

۴ ۴ عم ۴ ۱۲ ۱۱ ۱۳ عم ۴ ۴

فلاں بن فلاں علی حب فلاں بن فلاں اساعت اساعت اساعت

الوحا الوحا الوحا العجل العجل العجل

۵۔ **ایضاً:** اس نقش کو لکھ کر مطلوب کے بالوں میں لپیٹ کر کورے چراغ میں جلائیں سات روز تک مطلوب حاضر ہوگا۔

نقش یہ ہے۔

۱۴	۱	۸	۱۱
۷	۱۲	۱۳	۳
۹	۶	۳	۲
۴	۱۵	۱۰	۵

الحب فلاں بن فلاں علی حب فلاں بن فلاں

۶۔ ایضاً۔ اس نقش کو لکھ کر چرخہ کے ساتھ باندھ کر الٹا گھمائیں مطلوب حاضر ہوگا۔ گیارہ دن تک عمل کریں۔ نقش یہ ہے۔

طو	طو	طو	طو
طو	طو	طو	طو
طو	طو	طو	طو
طو	طو	طو	طو

فلاں بن فلاں
علی حب
فلاں بن فلاں

۷۔ اس نقش کو مطلوب کے پرانے کپڑے میں لپیٹ کر فتیلہ بنا کر کورے چراغ میں جلائیں ایسا ہی سات روز کریں مطلوب حاضر ہوگا۔ نقش یہ ہے

۷۸۶

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

الحب فلاں بن فلاں علی حب فلاں بن فلاں

۸۔ ایضاً: اس نقش کو لکھ کر چراغ میں جلائیں اور چراغ کا منہ خانہ مطلوب کی طرف ہو مطلوب حاضر ہوگا۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

یہیم ۲	ع	۶
۲۲۲	۱۱۲ لبیہ	ع ج

میاں بیوی کی محبت کے لیے

میاں بیوی کے درمیان جھگڑا رہتا ہو تو اس نقش کو خاوند یا بیوی اپنے پاس رکھے۔ ان شاء اللہ جھگڑا نہ ہوگا محبت بڑھے گی۔

نقش یہ ہے۔

۱۵۸۰	۱۵۸۳	۱۵۸۶	۱۵۷۳
۱۵۸۵	۱۵۷۴	۱۵۷۹	۱۵۸۴
۱۵۷۵	۱۵۸۸	۱۵۸۱	۱۵۷۸
۱۵۸۲	۱۵۷۷	۱۵۷۶	۱۵۸۷

الحب فلاں بن فلاں علی الحب فلاں بن فلاں

۱۰۔ مطلوب حاضر کرنے کے لیے

جگہ اور وقت مقررہ کرکے باوضو با تصور گیارہ بار درود شریف پڑھ کر ہاتھ میں تسبیح لیکر اس طرح کھڑا ہو جائے کہ بائیں پاؤں کا انگوٹھا دائیں پاؤں پر رکھے اور آیت مبارکہ اس طرح پڑھے۔

آیت مبارکہ یہ ہے۔

لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَکَ یَا جِبْرَائِیْلُ اِنِّیْ کُنْتُ یَا مِیْکَائِیْلُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ یَا اِسْرَافِیْلُ بِحَقِّ یَا بُدُّوْحُ۔

میرا اور فلاں کا آپس میں ربط و تعلق الفت و محبت پیدا کر۔

پہلے دن ایک تسبیح دوسرے دو تسبیح تیسرے دن تین تسبیح اس طرح گیارہویں دن گیارہ تسبیح پڑھیں۔ انشاء اللہ کامیابی قدم چومے گی۔

۱۱۔ دیگر: جمعہ کے روز ساعت زہرہ میں لکھے مرد عورت کی محبت کے لیے بہت مفید ہے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶		
۲	۹	۴
۷	۵	۳
۶	۱	۸

۱۲۔
محبت کے لیے

۱۰۵۰ کا عدد جس شخص کے نام اور والدہ کے عدد ڈال کر بطریق معروف مربع کا نقش پر کرکے جو یک شنبہ کے روز پہلی ساعت میں لکھ کر اپنے پاس رکھے بلاشک دونوں میں عظیم محبت پیدا ہو جائے گی۔ انشاء اللہ۔

۱۳۔ ایضاً۔ شب جمعہ عروج ماہ میں اس عمل کو شروع کریں۔ ہر روز چالیس بار چار دن تک پڑھیں اور ابتدا سے انتہا تک مطلوب کا خیال رکھیں گویا کہ سامنے موجود ہے حب کے لیے سریع التاثیر ہے۔ بشرطیکہ حرام کی نیت نہ ہو۔ گوشت وغیرہ سے پرہیز کریں عمل یہ ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم الٰہی بحرمت جبرائیل و میکائیل واسرافیل وتوریت موسیٰ وانجیل وفرقان محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

۱۴۔ ایضاً۔ بعد از نماز عشاء سورۃ واللیل کو ایک ایک بار چالیس دانہ فلفل سفید پر پڑھ کر ہر روز جلائے اس کا مطلوب اس کے پاس آئے گا۔ بشرطیکہ نیت حرام نہ ہو۔ نماز کی پابندی ضروری ہے۔

۱۵۔ ایضاً:۔ نوچندی جمعرات کو آیت۔ وَاَلْقَیْتُ عَلَیْكَ مَحَبَّةً مِّنِّی وَلِتُصْنَعَ عَلٰی چودہ مرتبہ کسی میٹھی چیز پر دم کرکے مطلوب کو کھلائیں یا چالیس دن ہر روز چالیس بار پڑھ کر کھلائے تو طرح طرح کے فائدے اٹھائے مگر جائز کریں۔

ناجائز کرنا سخت گناہ ہے۔

۱۶۔ ایضاً:۔ اس طلسم کو سعد وقت لکھے اور اس کا رخ مطلوب کے گھر کی طرف کرکے لٹکائے تاکہ ہوا میں ہلتا رہے مطلب بر آئے گا۔ انشاء اللہ۔

طلسم یہ ہے۔



۱۷۔ ایضاً۔ اس عزیمت کو سفید مرغی کے انڈے پر لکھ کر آگ میں دفن کریں محبوب محب ہو گا۔

۱۳۱۲۳ - ۱۱ ۲۱ ۲ ع ھستم

فلاں بن فلاں حب فلاں بن فلاں العجل الساعت الوحا

۱۸۔ ایضاً۔ مطلوب کے پاؤں کی مٹی اور اپنے بائیں پیر کی مٹی لے کر یہ آیت اس پر سات بار پڑھ کر دم کرے۔ پھر اس خاک کو مطلوب کے استعمال شدہ کپڑے میں پوٹلی بنا کر طالب اپنے دائیں پاؤں سے دبائے محبوب بہت جلد برہنہ پا آئے گا۔ انشاء اللہ آیت یہ ہے۔

هُوَالَّذِیْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ فِیْ سِتَّةِ اَیَّامٍ الخ



۱۹۔ ایضاً۔ کوری سکوری یا نعل اسپ پر لکھ کر آگ میں ڈالے محبوب بے قرار ہو کر آئے گا۔ طلسم یہ ہے۔

۲۰۔ جو عورت اس نقش کو اپنے بازو پر باندھے اس کا خاوند محبت کرے نوچندی اتوار کو یہ نقش لکھے۔

ع	۹	۲	م
ط	ع	ف	و
ا	۲	ن	۴
فلاں	فلاں	فلاں	فلاں

خانوں میں مطلوب اور اس کی ماں طالب اور اس کی ماں کا نام لکھیں۔

۲۱۔ جمعہ کے دن مطلوب کے پہنے ہوئے کپڑے کے سات ٹکڑے نقش لکھ کر ہر روز ایک طلسم چراغ میں جلائے اور اسم یاودود گیارہ ہزار بار پڑھے ساتویں دن مطلوب حاضر ہوگا۔ نیت حرام نہ ہو۔

طلسم یہ ہے۔

۹ عبود سہر غفورا حادہ منسع سـ۵ ۹ ۵۵ کھ ربینما جمع وہ

الحب فلاں بت فلاں علی حب فلاں بن فلاں

۲۲۔ سورۃ کوثر پیپل کے پتے کے ایک طرف لکھے اور اس نقش کو لکھ کر کنوئیں میں ڈال دے مطلوب حاضر ہوگا۔ مجرب ہے حرام نہ کرے۔

نقش یہ ہے۔

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

الحب فلاں بن فلاں الحب فلاں بن فلاں

۲۳۔ گائے کے شانے کی ہڈی پر لکھا اور زیر آتش دان یعنی چولہے میں رکھے دفن کریں۔ انشاءاللہ محبت ہوگی۔

طلسم یہ ہے۔

۱۱۱ ۱۱۱ ط و ۱۱۱ ع ۱۶

۷ ۱۱۱ ۴ ھ ۹۱ ۲

فلاں بن فلاں علی الحب فلاں بن فلاں

۲۴۔ دو بھائیوں یا میاں بیوی کے درمیان ناچاقی ہو اور موافقت کرانی ہو تو ایک دھاگہ ان دونوں کے پہنے ہوئے کپڑے کا لے کر دونوں کو لپیٹ کر عورت کے بال سات عدد ملالیں تو زیادہ بہتر ہے بال اور دھاگے

لپیٹے وقت اس دعا کو پڑھے اور ایک مرتبہ پڑھ کر ایک گرہ لگائے۔ اسی طرح سات مرتبہ پڑھ کر سات گرہ لگائے اول سے آخر تک تمام آیات پر گرہ پڑھیں اور آخر میں فلاں بن فلاں علی الحب فلاں بن فلاں بھی کہیں اور طالب اپنے پاس وہ گنڈا رکھے دونوں میں بے حد محبت پیدا ہوگی۔ آیات یہ ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم بسم اللہ واعتصموا بحبل اللہ جمیعا
ولا تفرقوا واذکروا نعمت اللہ علیکم اذ کنتم اعداء فالف
بین قلوبکم فاصبحتم بنعمتہ اخوانا یاایھا الناس انا
خلقناکم من ذکر و انثیٰ وجعلناکم شعوبا و قبائل لتعارفوا
ان اکرمکم عند اللہ اتقکم ان اللہ علیم خبیر اللھم الف
بین فلاں بن فلاں و فلاں بن فلانۃ ومثل کلمۃ طیبۃ
اصلھا ثابت وفرعھا فی السماء توتی اکلھا کل حین باذن
ربھا و یضرب اللہ الامثال للناس لعلھم یتذکرون۔

۲۵۔ اگر میاں بیوی کے درمیان محبت نہ ہو تو یہ عزیمت طالب اپنے پاس رکھے اور تین روز شیرینی پر پڑھ کر کھلائے۔ ایک تعویذ مشک و زعفران سے لکھ کر اس کے آخر میں طالب و مطلوب اور ان کی ماؤں کے نام بھی لکھے اور مطلوب کے ستارے کی ساعت میں لکھے اور ستارے کا مزاج دیکھے اگر آتشی ہے تو زیر آگ دفن کرے بادی ہے تو درخت شیریں میوہ دار میں ہوا کے اندر لٹکائے اگر آبی ہے تو مطلوب کو پلائے اور پانی میں بہائے اگر خاکی ہے تو اس عزیمت کو لکھ کر راہ مطلوب میں۔ قبر میں۔ زمین میں دفن کرے اور یاودود گیارہ ہزار مرتبہ ہر روز پڑھے۔ نہایت مجرب ہے۔

اور وہ طلسم یہ ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ھج ھج ھج ھج ھج ھج ھج ھج ھج ھج ھج ھج ھج ھج
علم علم علم علم علم علم علم علم طھطھ طھطھ طھطھ طھطھ طھطھ طھطھ
طھطھ حمعسق حمعسق حمعسق حمعسق حمعسق حمعسق لھا
لھا لھا لھا لھا لھا ھیجت وفواد وفواد سمع وبصر
ولب وعقل و بدن وجمیع جوارح فلاں بن فلاں علی
حب فلاں بن فلاں العجل العجل العجل الوحا الوحا
الوحا الساعۃ الساعۃ الساعۃ وصلی اللہ علیٰ خیر
خلقہٖ محمد وآلہٖ واصحابہٖ اجمعین۔

۲۶۔ میاں بیوی کی آپس میں صلح ہو جانے کے لیے لکھ کر پانی میں گھول کر پلائیں محبت بڑھے گی۔

علیقا علیقا ما تقدموں علی علی علی علی علی علی ودود
ودود ۱۱۱ فلاں بن فلاں علی حب فلاں بن فلاں۔

۲۷۔ اگر مطلوب ناراض ہو تو ۲۷ مرتبہ ۲۷ دانہ فلفل سفید پر پڑھ کر ایک ایک کر کے آگ میں ڈالے اور ۲۷ روز یہی یہ عمل کرے آیت یہ ہے۔ وما رمیت اذ رمیت ولکن اللہ رمی۔
عمل شروع ماہ میں کریں۔

۲۸۔ سات تعویذ ظہر سے پہلے نیک ساعت میں لکھ کر ایک ایک کر کے آگ میں جلائے مطلوب ہزار میل بھی دور ہو گا تو حاضر ہو گا۔

۷۸۹	۷۸۹	۷۸۹	۷۸۹	۷۸۹	۷۸۹	۷۸۹
احب یا ودود	سماھ ۵۸	ودود	ودود	مسمعر ۵	مخبح	العلم ۵
یا ودود	دودو	مع ہ	معہ	۵۷	۵۵	۴

ہر ایک کے نیچے طالب و مطلوب کے نام بمعہ والدہ کے لکھیں۔

۲۹۔ نوچندی اتوار کو مرد کے لیے ہو تو نر گنجشک اور اگر عورت کے لیے کرے تو مادہ چڑیا کے خون سے لکھ کر پرانی قبر میں دفن کریں۔

۱۱ ۱۱۱ ۱۱۱ ع ۱ لا ھ ھ فلاں بن فلاں علی حب فلاں بن فلاں

۱۔ اور یہ تعویذ نر یا مادہ چڑیا کے پر میں لکھ کر باندھے اور اڑا دے۔
(ضرورت کے مطابق نر یا مادہ ہو)

بدوح یا بدوح یا بدوح یا بدوح یا بدوح یا بدوح ودود ودود
ودود ودود ودود ودود فلاں بن فلاں علی حب فلاں بن فلاں
العجل العجل الساعتہ۔

۳۰۔ محبت کے لیے اس تعویذ کو لکھ کر ہوا میں لٹکائے۔ نیت حرام نہ ہو تو محبوب محبت سے آئے گا۔ نقش یہ ہے۔

۹۷:	۲۷:	۷۲:
۴۱:	۶۵:	۸۹:
۵۸:	۱۰۳:	۳۴:

فلاں بن فلاں علی حب فلاں بن فلاں

۳۱۔ اس علامت کو محبوب کے پرانے کپڑے پر لکھ کر نئے چراغ میں روغن کنجد ڈال کر فتیلہ بنا کر جلائے جب تک مطلوب نہ آئے گا چین نہ پائے گا اور مطلوب بے آرام ہو گا۔
طلسم یہ ہے۔



فلاں بن فلاں علی حب فلاں بن فلاں العجل العجل العجل الساعتہ

٤٢۔ جو کوئی دو رکعت سات سلام سے پڑھے اور ہر رکعت میں بعد سورت فاتحہ کے اور کوئی سورت پڑھے بہتر ہے کہ سورۃ توبہ کی آخری دو آیات پڑھے اور یہ ساتھ کہے کہ گر ختم دل و زبان و چشم و گوش و ہوش و عقل و جان در ہفت اند، فلاں بن فلاں را اسیر دوستی خویشی بحق لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ اول دو رکعت بہ نیت عقل اور دو رکعت بہ نیت زبان اور دو رکعت بہ نیت جان اور دو رکعت بہ نیت دستہا اور دو رکعت بہ نیت پایہا اور جب نماز سے فارغ ہو تو کہے دریا علیم بسپردم من تو دل و جان و ہفت اندام فلاں بن فلاں را بدوستی بیار بحق آں نماز اور نیت یوں نماز کی کرے کہ نیت کرتا ہوں واسطے اللہ تعالیٰ کے کہ لوں میں دل و جان فلاں بن فلاں کو اپنی دوستی میں اور متوجہ ہوں طرف کعبہ شریف کے اللہ اکبر

فلاں بن فلاں الحب فلاں بن فلاں

شعر: آداب نماز عشق مجھ سے پوچھ اے واعظ
گر میں کرتا رہا ہوں آب گریہ سے وضو ہر سول

٤٣۔ اگر میاں بیوی کے درمیان جھگڑا ہو تو طالب اپنے پاس رکھے یہ نقش تو چندی جمعۃ المبارک کو ساعت سعد میں مشک و زعفران سے لکھیں۔ نقش یہ ہے۔

٧٨٧

١٥٣٨٩	١٥٣٨٢	١٥٣٨٥	١٥٣٧٢
١٥٣٨٤	١٥٣٧٣	١٥٣٧٨	١٥٣٨٢
١٥٣٧٤	١٥٣٨٧	١٥٣٨٠	١٥٣٧٧
١٥٣٨١	١٥٣٧٦	١٥٣٧٥	١٥٣٨٦

٤٤۔ اگر کسی عورت کا خاوند زبان دراز ہو گیا ہو تو پیر کے دن ساعت سعد میں یہ نقش لکھ کر صحرا میں دفن کریں نقش یہ ہے۔

٧٨٧

٣٤٣	٣٥٠	٢	٧
٨	٣	٣٤٧	٣٤٦
٣٤٩	٣٤٤	٨	١
٤	٥	٣٤٥	٣٤٨

فلاں بن فلاں علی الحب فلاں بن فلاں

٢٥۔ اس تعویذ کو لکھ کر طالب اپنے بازو پر باندھے مطلوب تسخیر ہو گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ نقش یہ ہے

آمنوا	والذین	کحب اللہ	یحبونہم
اشد	آمنوا	والذین	لحب اللہ
حبا	اشد	آمنوا	والذین
للہ	حبا	اشد	آمنوا

فلاں بن فلاں علی الحب فلاں بن فلاں

٢٦۔ محبت کے لیے اس تعویذ کو لکھ کر میٹھے پھل والے بے خا دار درخت پر لٹکائے جب ہوا سے ہلے گا تو مطلوب بے قرار ہو گا۔ انشاء اللہ

٢٥٠	٢٥٣	٢٥٦	٢٤٣
٢٥٥	٢٤٤	٢٤٩	٢٥٤
٢٤٥	٢٥٨	٢٥١	٢٤٨
٢٥٢	٢٤٧	٢٤٦	٢٥٧

الحب فلاں بن فلاں علی الحب فلاں بن فلاں

٢٧۔ مطلوب کا پہنا ہوا کپڑا لے کر مشک و زعفران سے ساعت سعد میں لکھ کر آگ میں ڈالے اور گھر کے چولہا میں دفن کرے تو بہتر ہے دوسرا نقش راہ مطلوب میں دفن کرے۔ محبت پیدا ہو گی۔ بفضل تعالیٰ۔

راستے میں دفن کرنے کے لیے

٧٨٦

٨	١١	١٤	١
١٣	٢	٧	١٢
٣	١٦	٩	٦
١٠	٥	٤	١٥

الحب فلاں بن فلاں علی الحب فلاں بن فلاں

آگ میں رکھنے کے لیے

٧٨٦

٦١١١٣	٦١١١٩	٦٢١٣	٦١١٧
٦١٣١٩	٦١١٩	٦٢١٩	٦١١١
٦٩١٣	٦١١٠	٦١١١٢	٦١٢٩٩
٦٩١٣	٦٩١١	٦٩١٠	٦١٩١١

فلاں بن فلاں الحب فلاں بن فلاں

۳۸۔ سیاہ بکری کے شانے پر یہ نقش لکھیں اور آگ میں ڈالیں شانہ کی ہڈی سالم ہونی چاہیے یہ ایک طرف لکھیں

۲	۱۸	۴۸	۶
۸	۱۲	۲۴	۳۶

۲۱۳ الحب العجل العجل الساعتہ
۴۴ الساعتہ الساعتہ

فلاں	عمل فلاں	فلاں	فلاں

دوسری طرف یہ لکھیں



الحب فلاں بن فلاں علی الحب فلاں فلاں

۳۹۔ اس طلسم کو کاغذ پر لکھ کر پاک دامن روئی کا فتیلہ بنا کر ستارب کے بال اس پر لپیٹ کر نئے چراغ میں روغن کنجد ڈال کر جلائیں۔

طلسم یہ ہے۔



الٰھی بحق اسماء منیر کہ خود چہاردہ معصوم

۱۵۵۱ اللہ فلاں اذن زوجہ خود جائے سد وحد

۴۰۔ محبوب کی نیند باندھنا کروہ سونے کی بجائے طالب کے خیالوں میں بسا رہے اور رات کی تنہائیوں میں ایک ہی تصور میں رہے گا تو وہ مجبور ہو جائے گا کہ اس کے بغیر میرا جینا مشکل ہے۔ میاں بیوی کا بھی ان مجربات سے فائدہ اُٹھا سکتے ہیں جن میں کسی وجہ سے علیحدگی ہو گئی ہو یا گھر میں ہی تو تو میں میں کی فضا ہو اس سے مخالف دوست یا دشمن کی نیت بھی باندھ سکتے ہیں۔ یا ناراض دوست کی نیت بھی برائے محبت باندھ سکتے ہیں۔ اس نقش کو لکھے اور بازو پر باندھے تو مطلوب کا خواب بند ہوگا وہ بے آرام رہے گا

ہوگا۔ انشاءاللہ تعالیٰ مجرب

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم واللہ من ورائہم محیط بل ھو قرآن مجید فی لوح محفوظ خواب بندی فلاں بن فلاں فی حق فلاں بن فلاں العجل العجل العجل الساعتہ الساعتہ الساعتہ ط ا د ع

۱۱ ما منہ سہرام



برائے خواب بندی

۴۱۔ اگر کسی کے دل میں اپنی محبت پیدا کرنا ہو اور اس کا خواب باندھ دینے کا ارادہ ہو تو اس کے پاؤں کے نیچے کی خاک لاتے اس طرح کہ اُسے اور کسی کو معلوم نہ ہو سکے اور اس آیت کو سات مرتبہ پڑھ کر دم کرے اور اس خاک کو مطلوب کے پہنے ہوئے کپڑے کی پوٹلی میں باندھ کر اپنے سر کے نیچے رکھ کر سو جائے تو مطلوب کی نیند بند ہو جائے گی۔

آیت یہ ہے۔

یا ایھا الناس قد جاءکم برھان من ربکم وانزلنا الیکم نورا مبینا۔

۴۲۔ ایضاً۔ مطلوب کے بال لا کر سات گرہ دے اور ہر گرہ پر سات بار یہ دعا پڑھے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم لا الہ الا اللہ الملک الحق المبین لا الہ الا اللہ الملک الحق الیقین لا الہ الا اللہ الملک العرش العظیم میں نے فلاں بن فلاں ....

کی خواب بندی کی۔ آزمودہ ہے۔ بفضل تعالیٰ۔

۴۳۔ محبوب کو قبضہ میں لانا

خون ہد ہد میں ایک جونک خشک کر کے اس میں مغز ممولا (جانور) بھی ملا دیں۔ پھر تینوں چیزوں کے محلول کو ایک پلیٹ سٹیل کے اندر لگا دیں۔ آدھی رات کے وقت چراغ کے اوپر رکھ کر اس کو گرم کریں اور محبوب کا نام لینا شروع کر دیں اتنا گرم کریں کہ دھواں آپ کے دماغ کو جائے۔ پھر کچھ دیر بعد محبوب کے گھر کی طرف جاؤ۔ محبوب نہ ملے تو پھر چراغ کو جلا کر پلیٹ کے دوسری طرف آگ دیں اور محبوب کا نام لے کر آواز ماریں۔ انشاء اللہ محبوب قید و بند توڑ کر بھی آپ کے پاس پہنچ جائے گا اور ساتھ یہ الفاظ بھی پڑھیں۔

"یا ودود سخر قلب فلاں بن فلاں۔

محبوب کو قبضہ میں لانا تلاش گم شدہ کے لیے بھی

۴۴۔ محبوب کو قبضہ میں لانے کے لیے یا تلاش گم شدہ کے لیے بہت ہی مجرب ہے ہزارہا بار تجربہ شدہ ہے حافظ عبدالحمید سجاد صاحب میرے استاد دوم نے اور بندہ ناچیز نے ہزارہا بار تجربہ کیا ہے۔ کبھی خطا نہیں جاتا ہے۔

استاد صاحب فرماتے ہیں کہ میرے محلہ کا ایک دوست میرے پاس آیا اور کہنے لگا کہ حافظ صاحب میں بہت غریب ہوں اور میری برادری بہت امیر ہے۔ ہماری برادری تلنبہ شریف میں ہے اور وہاں میری برادری کی ایک لڑکی ہے جس سے میں شادی کرنا چاہتا ہوں مگر برادری والے نہیں دیتے ہیں۔

کوئی ایسا عمل بتائیں کہ جس سے وہ اور اس کے والدین رضامند ہو جائیں

میرا خاص دوست تھا اس لیے میں اس کی بات نہ ٹال سکا میں نے اسے تنہائی میں باوضو باتصور ۱۲ دن تک پڑھنا ہے کوئی ناغہ نہ ہونے پائے اور کسی کو عمل کے بارے میں راز مت دینا تو اس دوست نے مقررہ سعد وقت یعنی کہ ترچندی اتوار کو بلاناغہ منڈی لیعیبر لریز میں اپنے کارخانہ کی چھت پر عمل بعد از نماز عشاء پڑھنا شروع کر دیا ابھی گیارہ دن بھی نہ گذر پائے تھے کہ دوران عمل وہ لڑکی دور دراز کا سفر کر کے سیدھی سیڑھیوں پر سے چڑھتی ہوئی اس کے پاس جا پہنچی عامل عمل ختم کر کے دعا مانگ رہا تھا جب اس نے لڑکی کو آتے دیکھا تو بہت خوش ہوا لڑکی نے آداب سلام کے بعد عرض کیا کہ میں تم سے شادی کرانا چاہتی ہوں اور قول و قرار کرنے یہاں پہنچی ہوں چند دنوں سے طبیعت بے چین تھی تو اس دوست نے اسے جیون بھر کا ساتھی بننے کا پختہ یقین دلایا۔ دونوں بہت خوش تھے۔ عمل جو بنایا گیا تھا وہ یہ ہے کہ اس لڑکی کے بمعہ والدہ حروف ابجد قمری سے اعداد نکال کر تین گنا کریں۔ اس کی تعداد کے مطابق پڑھیں۔

عمل یہ ہے۔

وَاللّٰهُ اَشَدُّ بَاْسًا وَّ اَشَدُّ   فلاں بن فلاں تَنْكِيْلًا ۝

ناجائز کرنے والا خود ذمہ دار ہوگا۔ کیوں کہ عامل ہذا نے اس کی پورے چار لاکھ زکوٰۃ ادا کی ہوئی مگر ناجائز کرنا حرام ہے۔ ترجمہ پڑھ کر آپ خود اندازہ لگا سکتے ہیں۔

اجازت با عمل ہے۔

۴۵۔ محبوب کو قبضہ میں لانا

یہ عمل بھی نہایت مجرب اور زود اثر ہے۔ میرے استاد محترم کے

مجربات کا حصہ ہے۔ ہمارا ہر عمل تجربہ شدہ اور آزمایا ہوا ہے۔ حرام کا بالکل خیال نہیں کرنا چاہیے گم شدہ کے لیے بھی ہمارا حسب کا ہر عمل کام کرتا ہے۔ مگر خلوص نیت سے عمل کریں تو آگے ہر آدمی کے نصیب کی بات ہے۔ نام جمع والدہ + نام جمع والدہ دونوں کے اعداد نکال کر ۱۵ اعدد قانون کے جمع کر کے چہار اسمار کے اعداد کے مطابق اسے صرف تین دن پڑھنے سے کام بن جائے گا۔ تین رات میں کام بالکل بن جائے گا۔ اگر نہ بنے تو پھر مزید سات دن یا گیارہ دن عمل کریں۔ انشاء اللہ کام بن جائے گا۔ عمل چھوٹا سا ہے لیکن پڑھنے والے کی نیت اور جذبہ دل پر منحصر ہے عمل یہ ہے۔

" یا مسخر سخر لی قلب فلاں بن فلاں

اول و آخر درود پاک ابراہیمی گیارہ گیارہ بار پڑھیں۔ ہر روز مقررہ وقت اور مقررہ جگہ کا ہونا ضروری ہے۔ بفضل تعالیٰ۔

اگر میلاں دل صدق و یقیں سے پاک نیت ہے
تو سدرہ سے محبت کے لیے جبرائیلؑ آتے ہیں

۴۶۔ ایضاً:۔ بعد نماز عشاء وقت مقررہ پر عمل کریں۔ انشاء اللہ تیسرے دن عمل اثر دکھائے گا۔ نیت کا صاف ہونا ضروری ہے حرام کی نیت نہ کرے۔ اجازت شرط ہے۔ باوضو باتصور بلاناغہ صدق دل سے عمل پڑھنا ضروری ہے اول و آخر کوئی درود پاک ۱۱-۱۱ بار پڑھیں ۱۰۰٪ کامیابی ہوگی۔ بفضل تعالیٰ عمل یہ ہے۔

"یا ودود بحق بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اعطف الی قلب فلاں بن فلاں۔

آزمائش شرط ہے۔ ہر عمل تجربات کا نچوڑ ہر عمل با عمل ہے۔ ہر عمل مشاہدات پر مبنی ہے۔

۴۷۔ ایضاً:

آیت مبارک: زین للناس حب الشھوات من النساء الخ اس کے اعداد کا نقش مربع ساعت سعد میں لکھیں عدد ۹۱۵۸ ہیں چار تعویذ بنالیں۔ ایک نقش چمڑے میں باندھ کر اپنے پاس رکھیں۔ دوسرا نقش ٹکڑی کے ٹکڑا میں بند کر کے پانی میں بہا دیں۔ تیسرا نقش زیر آتش کوری سکوری میں رکھ کر دفن کر دیں۔

چوتھا نقش شیریں پھل دار بے خار درخت پر باندھ دیں یاد رہے کہ چار دل تعویذ زعفران اور مشک سے لکھیں یہ عمل خاص کر اُن لوگوں کے لیے بہتر ہے جنہوں نے کسی جگہ شادی کرنا ہوگی۔ باقی لوگ کوشش نہ کریں۔ عمل کام نہیں کرے گا۔

۴۸۔ ایضاً۔ اگر کوئی چاہے کہ فلاں عورت سے شادی کر لوں یا فلاں شخص میرے تابع رہے یا لڑکی کے والدین نہ مانتے ہوں تو اُس کو چاہیے کہ تثلیث زہرہ مشتری کے وقت بعد نماز عشاء عمل شروع کرے نام طالب بمعہ والدہ کے اعداد نکال کر کے تین سے ضرب دے کر اول و آخر درود شریف ۱۱۔۱۱ بار پڑھے۔ ابھی تین دن بھی نہ ہونے پائیں گے کہ شادی کا پیغام آ جائے گا۔ انشاء اللہ آٹھ دن کے اندر اندر شادی کی تاریخ پکی ہو جائے گی۔

آیت یہ ہے۔ یحبونھم کحب اللہ الخ آخر تک بطریق معروف مربع آتشی لکھ کر اربع عناصر میں کام لائے۔ انشاء اللہ تین دن کے اندر اندر کام بن جائے گا۔

۴۹۔ ایضاً۔ اول و آخر گیارہ بار درود پاک پڑھ کر چہار ناموں کے اعداد نکال کر اسی تعداد سے مطلوب کے گھر کی طرف منہ کر کے صبح کے وقت نو چندی پیر یا جمعرات یا جمعہ کو پڑھے بہت جلد اثر ہوگا۔ اگر جلدی

اثر نہ ہو تو پھر ایک چلہ تک پڑھے ۔ انشاء اللہ تعالیٰ کام ہو جائے گا۔
عمل یہ ہے ۔"یا ودود"

۵۰۔ یا مقلب القلوب قلب قلبہ الیّ شروع ماہ میں شب جمعہ یا شب دو شنبہ نماز عشاء کے فرضوں کے بعد چہار ناموں کے اعداد کے مطابق پڑھیں مطلوب کا تصور اول سے آخر تک رکھے اور پڑھنے کے بعد اس کا تصور باندھ کر جانب شمال دم کرے اور اس کے مکان کی طرف پھونک دے ۔ خانہ مطلوب کی طرف منہ کر کے پڑھے یہ درود شریف اول و آخر تین تین بار پڑھے ۔

اللھم صل علی سیدنا محمد صلوۃ تکشف عنا جمیع الھوم والغموم یا حی یا قیوم

گوشت وغیرہ سے پرہیز رکھے اور کپڑوں پر پڑھتے وقت عطر لگائے۔

۵۱۔ عروج ماہ میں جمعرات یا پیر کی رات اول و آخر گیارہ گیارہ کوئی درود پاک جو یاد ہو پڑھے پھر یہ آیت کریمہ مطلوب کا تصور باندھ کر نوسو بار پڑھے اور دعا مانگنے منہ خانہ محبوب کی طرف کرے اس عمل کو علی الصبح بھی کیا جا سکتا ہے ۔ مگر ۲ بجے رات کا پڑھنا بہت موثر ثابت ہوا ہے کپڑوں کو عطر لگا کر پڑھے ۔

لا الہ الا انت سبحنک انی کنت من الظالمین ۔

۵۲۔ مطلوب کے داہنے پاؤں اور اپنے بائیں پاؤں کی خاک لیکر سات مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھیں اور دم کر کے جلتی آگ میں ڈال دیں ۔ محبت پیدا ہو گی اول و آخر کوئی درود پاک ضرور پڑھ لیں تو بہت موثر ثابت ہوتا ہے انشاء اللہ تعالیٰ ۔

۵۳۔ طالب و مطلوب بمعہ والدہ چہار ناموں کے اعداد مطابق شروع ماہ میں تین روز تک بعد از نماز فجر پڑھیں اور روغن چنبیلی پر دم کر کے اپنے سر میں لگائیں محبوب کے سامنے جائیں تو وہ محبت سے پیش آئیگا۔

آیت یہ ہے :۔

"واللہ المستعان علی ما تصفون "

۵۴۔ صبح کے وقت گیارہ دن تک مطلوب کے مکان کی طرف منہ کر کے روزانہ ۲۷ بار سورہ تبت یدا پڑھیں اور مطلوب کا تصور کر کے اس کے سینہ پر دم کر دیا کرے ۔ اوّل و آخر کوئی درود پاک گیارہ گیارہ بار پڑھیں۔ محبوب محبت کرنے لگے گا ۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

۵۵۔ رشتہ طے کرنے کے لیے

مطلوب کے دل میں محبت پیدا کرنے یا لڑکی کا رشتہ نہ ہوتا ہو تو لکھ کر گلے میں ڈالے۔ انشاء اللہ محبت شدید پیدا ہو گی اور رشتے آنے لگیں گے اگر طلب رشتہ کے لیے لکھنا ہو تو نیچے نام نہ لکھے نقش یہ ہے ۔

۷۸۶

منقتلبا	دبها	یقیول	حسن
دبها	بقبول	حسن	یقبول
یقبول	حسن	یقبول	دوبها
حسن	یقبول	زیتا	فنقتلبا

الحب فلاں بن فلاں علی حب فلاں بن فلاں

۵۶۔ برائے حب

مطلوب کتنی ہی دور ہو کیسی ہی نفرت رکھتا ہو ۔ یہ عمل اصلاح قلب کر کے اس کے دل کو طالب کے دل کی طرف مائل کرتا ہے اور اس کے موکل جتنے بھی آپ سے مانوس ہوتے جائیں گے اتنا ہی ولولہ عشق و محبت مطلوب کے دل میں پیدا ہوتا جائے گا اور یہاں تک کہ جدائی کے لمحے شاق گذرتے لگتے ہیں اور مطلوب طالب بن کر حاضر ہوتا ہوتا ہے ۔
عمل یہ ہے ۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم قل ھو اللہ احد بحرمۃ جبرائیل اللہ الصمد
بحرمۃ اسرافیل لم یلد بحرمۃ میکائیل و لم یولد بحرمۃ عزرائیل
ولم یکن لہ کفوا احد بحرمۃ دردائیل و مھرائیل ۔

۳۶۰ مرتبہ اول و آخر کوئی درود پاک تین تین بار پڑھیں ۔

۵۷۔ ایضاً۔

شوہر یا بیوی یا اولاد یا ملازم یا دوست جو دوسروں کے فریب میں آکر نقصان پہنچانے کی کوشش کرتا ہو۔ بار بار بھاگ جاتا ہو۔ بسم اللہ شریف کی آخری میم کو الحمد کے ساتھ ملاکر سو بار پڑھے اور میٹھی چیز پر پڑھ کر دم کرکے کھلائیں ۔ اگر مطلوب کی عادت بہت زیادہ خراب ہوگئی ہو یا مطلوب کسی اور جگہ ہو جب تک وہ نہ آجائے کچھ کھلایا پلایا نہ جاسکتا تو مطلوب کے نام کے اعداد کے مطابق پڑھ کر اس کے گھر کی طرف منہ کرکے دم کردے جس طرف وہ ہو اور اگر مطلوب بیوی یا شوہر یا اولاد کے سوا اور ہو تو اس کے اور اس کی ماں کے اعداد شامل کرکے پڑھیں اور یہ عمل ہر دوشنبہ کو کرے پڑھتے وقت مطلوب کا تصور رکھے نہایت مجرب ہے طریقہ یہ ہے ۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم الحمد للہ رب العالمین
الخ .... والضالین آمین بستم بستم
بستم سر تا پا ہر ہر عضو فلاں بن فلاں تا من نہ کشایم کس نہ
کشاید بحق العجل العجل العجل الساعۃ الساعۃ الساعۃ
الوحا الوحا الوحا برحمتک یا ارحم الراحمین ۔

۵۸۔ یہ آیت بمعہ نام طالب و مطلوب کاغذ پر لکھیں ۔

لقد جاءکم رسول من انفسکم عزیز علیہ ما عنتم
حریص علیکم بالمومنین رؤف رحیم فان تولوا

فقل حسبی اللہ لا الہ الا ھو علیہ توکلت و ھو رب العرش العظیم
الحب فلاں بن فلاں علی الحب فلاں بن فلاں ۔

اب اتنا موم لیں کہ سو دانے بن سکیں۔ موم کو تھوڑا سا گرم کریں اور قدرے شکر ڈالیں۔ جب دونوں ایک ہوجائیں تو وہ کاغذ جس پر آیت لکھی ہے اور موم ملاکر کوٹ لیں تاکہ سب یک جان ہوجائے اور اس کے سو دانے بنالیں پھر ہر دانے میں سوراخ کرکے تسبیح بنالیں اور اس تسبیح پر سو بار یہی آیت کی تلاوت کریں اگر طالب خود پڑھے تو صرف آیت شریف ہی پڑھے اور اگر دوسرا شخص پڑھے تو جس کے لیے پڑھے پہلے الحب فلاں بن فلاں کی جگہ طالب اور اس کی ماں کا نام لے اور علی مونث ہے تو بن کی بنت پڑھیں۔ پڑھنے کے بعد کسی بڑی سی پلیٹ میں دو ڑھا توڑ کر تمام دانے بکھیر دیں اور مطلوب کا جائزہ لیں کہ کیا حال ہے اگر وہ بے قرار ہے تو انتظار کرے ورنہ دوسرے دن اسی وقت پر پڑھے جس وقت پر پہلے دن پڑھا تھا۔ پھر دانوں کو پرو کر سو بار پڑھے۔ پھر تیسرے دن پڑھے اس کے بعد اپنے گھر کے کسی کونے میں دفن کردے یا کسی پرانی قبر میں ڈال دے اگر کوئی شہر یا علاقے سے دور ہو تو پھر صرف تین دن عمل کرے۔ زیادہ دنوں کی ضرورت نہیں ہے۔ پھر دیکھے کہ قدرت کا کمال ہے عجیب اثر ہے دیکھنے میں۔

۵۹۔ تسخیر خلائق و ارض وسماء

اگر ذیل کی آیت مبارکہ کو بمقدار اعداد پورا سال پڑھے اور کوئی ناغہ نہ کرے باشرائط پڑھے تو ہر طرح کی جائز محبت اور تسخیر خلق کمال کی ظہور میں آئے۔ تمام انسان جنات چرند پرند سیارے ستارے تابع فرمان ہوں گے۔ آیت کو باوضو پڑھیں۔ اول و آخر کوئی درود پاک پڑھیں۔ درود پاک کم از کم

۱۱، ۱۱ دفعہ ضروری ہے یا زیادہ پڑھیں لیں۔

آیت مبارکہ یہ ہے۔ قرآن پاک سے اعراب لگائیں یا خود درست لکھائیں۔

اللہ الذی خلق السموٰت والارض وانزل من السماء ماء فاخرج بہ من الثمرٰت رزقا لکم وسخر لکم الفلک لتجری فی البحر بامرہ وسخر لکم الانھار وسخر لکم الشمس والقمر دائبین وسخر لکم الیل والنھار وآتاکم من کل ماسالتموہ ؕ

۶۰۔ **برائے حب:۔**

۷۸۶

۸	۱۴	۱۱	۱
۳	۹	۱۶	۶
۱۳	۷	۲	۱۲
۱۰	۴	۵	۱۵

درج ذیل مربع میں دی گئی چال کے مطابق لکھے طریقہ یہ ہے کہ جس وقت سورج برج حوت میں داخل ہو تو نام طالب اور مطلوب بمعہ والدہ کے استخراج کرے پھر اس میں ۱۴۹۲ جمع کر کے نقش میں بھرے اور اس کو تہہ کر کے زندہ مچھلی کے منہ میں ڈال کر دریا یا نہر میں چھوڑ دے اور پھر خدا کی قدرت کا تماشہ دیکھے کہ کس طرح مطلوب کے دل میں محبت پیدا ہوتی ہے۔

۶۱۔ ایک ہزار دانہ گندم کا گن کر ان پر ایک ایک مرتبہ ذیل کا عمل پڑھے پھر ان دانوں کو کسی پاک برتن میں ڈال کر اس میں پانی ڈال کر نرم نرم آنچ پر گرم کرے جب پانی اور دانے گرم ہو جائیں یعنی پکنے نہ لگیں بلکہ گرم ہو جائیں تو ان دانوں کو نکال کر دریا میں ڈال دے اس طرح سات دن تک یہ عمل کریں مطلوب بے قرار ہو کر آپ کو ملنے پر مجبور ہو جائے گا۔

عمل یہ ہے۔ یا رحمن برحمۃ فلاں بن فلاں در محبت فلاں بن فلاں گرم گردد۔

۶۲۔ حب کے لیے الف سے ط تک بہ ترتیب ابجد قمری انڈے پر لکھ کر چہار نام طالب و مطلوب مع والدہ لکھ کر بعد میں وَلَقَدْ علمت الجنۃ انہم لمحضرون ۔ لکھ کر آگ میں دفن کرے ۲ یا سات دن میں کام ہو جائے گا۔

۶۳۔ سات عدد فلفل سیاہ لیکر ہر ایک مرچ پر سورۃ مزمل اس طرح پڑھیں کہ شروع سے حسبی وکیلا پر پہنچیں تو سات مرتبہ وکیلا وکیلا پڑھیں پھر تمام باقی سورۃ ختم کریں اسی طرح تین مرتبہ ایک مرچ پر دم کریں ہر بار آخر سورہ پر الحب فلاں فا فلاں علی الحب فلاں بن فلاں کہیں سات مرچوں کو اسی طرح دم کرنا ہے شام کو ایک مرچ جلتی آگ میں پھینک دیں۔ چاہیے مطلوب دو دن میں حاضر آ جائے لیکن مرچیں تمام ہی سات دن تک بوقت شام جلائیں۔ بروز پیر جمعرات عروج ماہ ہونا شرط ہے باوضو اور پاک صاف ہو کر یہ عمل کریں۔

۶۴۔ حب کے لیے نوچندی جمعرات کو بعد نماز عشاء فلفل سفید پر سات بار پڑھیں سات مرچیں ہوں پڑھ پڑھ کر جلائیں کل ۴۹ بار پڑھا جائے گا۔ عمل یہ ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم یا ایھا المزمل زملنی بلطفک الخفی الی وکیلا۔
تین مرتبہ پڑھ کر آخر میں الحب فلاں بن فلاں علی حب فلاں بن فلاں کہیں ۱۱ دن عمل کرنا ضروری ہے۔

۶۵۔ حب کے لیے اعداد ۱۲۲۱ میں نام طالب و مطلوب بمعہ والدہ ملا کر بطریق معروف سعد ستارہ کی ساعت میں عروج ماہ میں نقش مربع پر کریں چار نقوش حسب اربع عناصر کام میں لائیں مطلوب طالب ہو۔

۶۶۔ اعداد ۱۴۹۳ میں طالب و مطلوب کے اسماء بمعہ والدہ نقش پر کر کے مطلوب کو پلائیں اور اپنے پاس رکھیں نقش مربع پر کریں اور کسر ہے ہر کسر رہے تو اللہ تعالیٰ کا کوئی اسم جس میں مہر و محبت کا مطلب پایا جاتا۔

Scanned with CamScanner

ہے۔ اس کے اعداد شامل کرے اور مطلوب کو بلائے یا وزن کے نیچے دبائے مطلب حاصل ہوگا۔ بفضل تعالیٰ۔

۶۷۔ اعداد ۲۱۲۳ میں زہرہ مشتری کے الفاظ کے اعداد اور اعداد چہار ناموں کے نکال کر تیس عدد تفریق کر کے چار پر تقسیم کریں اور مربع پُر کریں اور اپنے پاس رکھیں۔ محبت زیادہ زیادہ۔ انشاءاللہ تعالیٰ۔

۶۸۔ محبت کے لیے مطلوب وطالب کے اعداد میں ۱۲۹۱ عدد جمع کریں اور اتنی بار آئیت وانہ لحب الخیر لشدید نیک ساعت میں محبوب کی نیت سے پڑھیں۔ مطلب حاصل ہو اعداد بمعہ والدہ میں اور عروج ماہ میں عمل شروع کریں۔ فائدہ تمام ہوگا۔

۶۹۔ برائے شادی۔

مطلوبہ جگہ شادی کا ارادہ ہو تو اعداد ۲۷۵۲ میں نام مطلوب بمعہ والدہ جمع کریں یعنی اعداد بحساب ابجد قمری نکالیں اتنی مرتبہ یا دُرود پڑھیں اکتالیس دن میں کام ہو جائے گا اور محبت حاصل ہوگی۔

۷۰۔ **برائے حب:** اگر شوہر یا بیوی بہن بھائی ناراض ہو تو مندرجہ ذیل آیت مبارک کو اس طریقہ سے پڑھیں کہ پہلے ایک ایسا بادام تلاش کریں جس میں دو مغز ہوں نکال کر محفوظ کریں۔ اب عروج ماہ میں ظہر کی نماز کے بعد پھر مقررہ تعداد کے برابر پڑھیں۔ تیسرے دن جمعہ کی نماز پڑھ کر تعداد کے برابر پڑھیں اور دم کرتے رہیں اور اسی دن وہ مغز کسی طرح مطلوب کو کھلائیں ایک مغز خود کھائے۔ اگر مطلوب نے وہ مغز کھا لیا تو تمام عمر دور نہیں رہ سکے گا۔ اول اور آخر گیارہ درود شریف طاق بار پڑھیں۔ جو آیات جو دونوں مغز پر پڑھیں جائیں گی وہ یہ ہیں۔ وَاِنَّهٗ مِنْ سُلَيْمٰنَ وَاِنَّهٗ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَلَّا تَعْلُوْا عَلَيَّ وَاْتُوْنِيْ مُسْلِمِيْنَ ۝

۷۱۔ حب کے لیے اول آخر درود پاک گیارہ گیارہ بار پڑھ کر تسمیہ بمقدار اعداد پڑھ کر پانی پر دم کر کے جس کو پلائے مطیع و فرمانبردار ہو نام پڑھنے کی ضرورت نہیں صرف تصور کافی ہے اور مُنہ خانہ مطلوب کی طرف ہو باوضو ہو اور حرام کی نیت نہ ہو۔

۷۲۔ کلمہ طیبہ کو حاضری مطلوب کی نیت سے چہار ناموں کے اعداد کے مطابق پڑھے۔ ساتویں دن مطلوب خود بلائے گا۔ اگر نہ بلائے تو پھر چودہ دن مکمل کریں۔

۷۳۔ حب کے لیے سورۃ کوثر پڑھے نام چہار، طرفین کے نام کے اعداد میں سورہ کوثر کے اعداد جمع کر کے باتصور باوضو پڑھیں۔ مطلوب خوش رہے اور مطیع رہے گا۔

۷۴۔ حب کے لیے خانہ مطلوب کی طرف منہ کر کے ہر روز ہزار دفعہ نادِ علی پڑھیں مراد برائے محبوب محبت کرنے لگے گا۔

۷۵۔ حب کے لیے سرمہ پر اکتالیس دن ایک سو گیارہ مرتبہ ہر روز باتصور پڑھ کر دم کریں اور آنکھوں میں لگائے محبوب کے پاس سے گزرے تو وہ خود طالب بن کر پیچھے دوڑے گا اور محبت شدید کا دعویٰ کرے گا۔ آیت یہ ہے۔ عسی اللہ یجعل بینکم الی رحیم ۝

۷۶۔ حب کے لیے یا بدوح کو پڑھے گیارہ ہزار مرتبہ روزانہ باتصور پڑھیں عداوت محبت میں بدل جائے گی خوشی حاصل ہوگی۔ عمل باوضو اور پرہیز سے پڑھیں ورنہ رجعت ہوگی۔

۷۷۔ حب کی نیت سے آدھی رات کو اٹھ کر غسل کریں اور سورۃ یاسین کی تلاوت شروع کریں جب مبین پر پہنچیں تو مطلوب کا نام بمعہ والدہ لے کر اسے حاضر جان کر پھونک لگائیں پھر شروع سے دوسری مبین تک جا کر پہلے کی طرح دم کریں۔ اسی طرح ہر مبین پر پہنچ

Scanned with CamScanner

کر دم کرتے رہیں حتیٰ کہ تمام سورۃ جب پڑھ لیں تب بھی پہلے کی طرح دم کریں اگر گیارہ دنوں میں حاضری نہ ہو تو اکتالیس دن تک چلہ کریں انشاءاللہ مطلوب سر کے بل آ گے آکر اطاعت و فرمانبرداری کرے گا مگر نیت حرام نہ ہو اول و آخر کوئی درود پاک ۱۱، ۱۱ دفعہ پڑھیں۔ انشاءاللہ تعالیٰ۔

۷۸۔ کوری سکوری پر یہ طلسم لکھے اور اپنے مطلوب کا نام نیچے بمعہ والدہ لکھ کر اپنے دائیں پاؤں کے انگوٹھے کے نیچے دبائے زہرہ یا مشتری کی ساعت میں باوضو لکھے مطلوب اسی وقت حاضر ہو خواہ کسی پرندہ یا حیوان کا نام لکھا ہو یہ بہتر جلالی جمالی کے ساتھ سوا لاکھ بار لکھ کر گولیاں آٹے میں بنا کر دریا میں ڈالنے کے بعد زکوٰۃ ادا ہو جاتی ہے جو تقریباً ایک سال تک کام دیتی ہے۔

طلسم یہ ہے۔

طمسحطسح ۲۶۳۱ — ودودب دوح ۱۱۱۲ — طمسحطسح ۱۳۵۷

۲۰ فلاں بن فلاں علی حب فلاں بن فلاں

۷۵۳۲ — ۲۳۶۲۰

۷۹۔ برائے تسخیر خلائق۔

نادعلی ۷۴ بار پڑھ کر اپنے ہاتھوں پر دم کر اپنے سارے جسم پر پھیر کر جس کے ساتھ بات کرے گا محبت سے پیش آئے گا۔

نادعلی یہ ہے۔

نادعلیاً مظہر العجائب تجدہ عونالک فی النوائب کل ھم وغم سینجلی بنبوتک یا رسول اللہ و بولایتک یا علی یا علی یا علی ادرکنی فی سبیل اللہ۔

۸۰۔ برائے وصل :۔ برائے وصل دوست ایک جلسہ میں ۱۰۰۱ بار پڑھنے کے بعد یاجامع الجمیم اسئلک بحق الجمیم یاجامع کل شئی عن صفاتہ، یاجامع پڑھے اول آخر کوئی درود پاک گیارہ گیارہ بار باوضو با تصور سعد وقت مطلوب کے ستارہ کی ساعت میں پڑھے انشاءاللہ اسی دن ملاقات ہوگی۔

۸۱۔ برائے حب۔ بروز جمعرات عروج ماہ میں بوقت طلوع آفتاب اس دعا کو مشک و زعفران سے لکھ کر طالب اپنے دائیں بازو پر باندھے سات دن کے اندر مطلوب سے ملاقات ہو سات دن سے زائد اپنے بازو پر نہ باندھے اور ان دنوں میں یا ودود کا ذکر کثرت سے کرتا رہے۔

دعا یہ ہے۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم عزمت علیکم بقراء اللہ و بحق موسیٰ کلیم اللہ و بحق ابراھیم خلیل اللہ و بحق عیسیٰ روح اللہ و بحق آدم صفی اللہ و بحق محمد رسول اللہ و بحق مشرق مغرب شمال جنوب و بحق لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ و بحق عرش کرسی و بحق بیت المعمور اللھم وصل فلاں بن فلاں بعشق فلاں بن فلاں بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اللھم بیشتنا علی توفیق الانبیاء وارزقنا احوال اللہ اللہ لا خوف علیھم ولا ھم یحزنون اللھم ارزقنی حبک و حب من ینفعنی و محبتہ۔

۸۲۔ ہفتہ کے دن چراغ میں فتیلہ بنا کر جلائے اور آخر تک یا ودود پڑھتا رہے باوضو با تصور عمل کریں۔

ط ۱۳۱۱ ۹ع۸ ۹ع ۳۵۵ ۲۱ ع

الحب فلاں بن فلاں علی حب فلاں بن فلاں

۸۳۔ حب کے لیے ساعت سعید میں ایک ہزار ۱۲ بار بمعہ نام مطلوبین کے پڑھے اور فوری ضرورت کے لیے ایک لاکھ مرتبہ اس طرح پڑھے کہ ہر پانچ سو کے بعد نام مطلوب الحب کے ساتھ پڑھیں۔ عمل یہ ہے۔

یا احد ھما یا ودود الحب فلاں بن فلاں علی حب فلاں بن فلاں ۔

۸۴۔ ان کلمات کو چالیس بار فلفل سرخ پر پڑھے اور آگ میں ڈالے گیارہ دن مقررہ وقت پر باوضو بانصور پڑھیں عمل یہ ہے۔

والقیت علیک محبة منی ولتصنع علی عینی الم ذٰلک الکتٰب لاریب فیه الله لا اله الا الله هو الحی القیوم کھیعص حمعسق المص ن والقلم وما یسطرون بحق ایاک نعبد و ایاک نستعین برحمتک یا ارحم الراحمین ۔

۸۵۔ سورۃ کوثر ایک سو ایک بار اول و آخر کوئی درود شریف ۱۱-۱۱ بار اکتالیس دن تک بانصور پڑھیں۔ مقصد پورا ہوگا یعنی مطلوب خود طالب بن جائے گا انشاء اللہ تعالیٰ

۸۶۔ عروج ماہ سے شروع کریں اول آخر کوئی درود شریف سورہ یاسین الٹی مبین پر پڑھیں یعنی کہ آخری مبین سے شروع کر کے ختم کریں پھر اُس کے بعد والی مبین پھر اُس کے بعد والی مبین سے شروع کر کے ختم کریں آخر کار شروع سے آخر تک مکمل کریں انشاء اللہ چند دنوں میں کام بن جائے گا۔

۸۷۔ سورۃ یاسین میں وجعلنا من بین ایدیھم سے لے کر الی یبصرون تک بست حرفی کر کے لکھیں اور سرخ کپڑے میں لپیٹ کر سرخ دھاگہ سے اونچے درخت پر باندھ دیں نیچے چہار نام طرفین کے لکھیں اور ساعت سعید میں لکھیں ہوا سے جتنا ہلتا رہے گا اتنی جلدی مطلوب سحر گردان ہو کر آئے گا۔

۸۸۔ حب کے لیے سورۃ یاسین سے اولیس الذی خلق السمٰوٰت سے آخر تک گیارہ ہزار بار بمعہ نام مطلوب والدہ پڑھ کر نمک خوردنی پر دم کر کے مدار کی آگ پر جلائیں اکیس دن میں مطلوب حاضر ہوگا بے قرار ہوگا۔

۸۹۔ حب کے لیے لا اله لیادے الا الله ملادے محمد رسول الله

فلاں بن فلاں کو میرے قدموں میں لادے۔ اللہ اللہ اللہ یا سیدی یا سیدی اللھم اجعل محبت در دل فلاں بن فلاں پیدا کن باذن اللہ کما بین آدم و حوا و کما بین ابراہیم و ھاجرہ کما بین یوسف و زلیخا و کما بین علی و فاطمۃ الزہرا رضی اللہ تعالیٰ عنہا یحبونھم کحب اللہ بحق الرحمٰن القرآن بحق اسم اعظم یا حیی یا قیوم برحمتک یا ارحم الراحمین نوچندی جمعرات سے دوسری جمعرات تک یا نوچندہ انوار کو ۴۳ بار اکیس دن تک پڑھیں اول و آخر گیارہ گیارہ بار کوئی درود پاک پڑھیں۔ مطلوب کے دل میں محبت عظیم پیدا ہو اور وہ قدموں پر گر کر مستدعی ملاقات ہوگا۔

۹۰۔ سفید مرغ کا خون اور اپنی انگشت کا خون لیکر سات عدد نقش لکھیں اور طالب اپنی چارپائی کے نیچے اس طرح رکھے اور طالب اس پر سو رہے۔ گیارہ دن تک طالب چارپائی پر سوئے اور اسم یا ودود یا بدوح بہ نیت مطلوب پڑھتا رہے اعداد چہار نام طرفین کے مطابق پڑھے مطلوب کے دل میں محبت پیدا ہوگی۔ نقش یہ ہے۔

۹	۶	۳	۱۶
۴	۱۵	۱۰	۵
۱۴	۱	۸	۱۱
۷	۱۲	۱۳	۲

الحب فلاں بن فلاں علی الحب فلاں بن فلاں

۹۱۔ برائے محبت رب انی مغلوب فانتصر تین سو ساٹھ مرتبہ بعد نماز عشاء ۱۱ دن مقررہ جگہ پر پڑھیں دلی مراد حاصل ہوگی۔

۹۲۔ سورۃ یاسین میں پانچ جگہ وقف غفران آتے ہیں۔ جہاں پر وقف غفران آئے شروع کریں۔ دوسرے غفران پر پہلے کی طرح پھر ابتدا سے شروع کریں۔ جب پانچویں وقف غفران ختم ہو جائے تو پھر شروع سے آخر تک مکمل سورۃ پڑھیں تمام عمل باتصور باوضو بعد نماز عشاء عروج ماہ میں پیر یا جمعرات کو رات کے وقت پڑھیں۔ تصور اس طرح رکھیں

مطلوب مجھے منتیں کر رہا ہے اور میرے پاؤں پکڑتا ہے روتا ہے اُسے سکون نہیں آتا ہے اور بنہ اس کے گھر کی طرف رکھے نام لینے کی ضرورت نہیں ہے۔ صرف تصور ہی کافی ہے۔ گیارہ دن تک رات کو یہ عمل بلا ناغہ کریں۔

۹۳۔ حب کے لیے زعفران سے ساعت سعید میں نقش حوا چار عدد لعبد زکوٰۃ لکھیں ایک زمین میں ایک آگ میں ایک پانی میں ایک سبز شیریں پھل والے بے خار دار درخت سے باندھیں ہر نقش کے نیچے نام چہار لکھیں اور دیکھیں کہ مطلوب کے دل پر کیسے اثر ہوتا ہے۔

نقش حوا یہ ہے۔

۶	۱	۸
۷	۵	۳
۲	۹	۴

۹۴۔ کوری ٹھیکری پر ساعت سعید میں لکھ کر خوشبو دار تیل لگا کر جلائیں یا کاغذ پر لکھ کر روغن چنبیلی میں جلائیں اور چراغ کا منہ خانہ مطلوب کی طرف رکھے اور فتیلہ جلتے ہوئے ختم ہونے تک یاودود کا ذکر جاری رکھے اور عمل باوضو یا تصور کم از کم اکیس دن تک کریں۔ مطلوب بے قرار ہو کر آئے گا۔

فتیلہ یہ ہے۔

صـ ۹۱۱۹۴۱۶۱ ط ۱۱ ۶۱ ۶ ع فلاں بن فلاں علی حب فلاں بن فلاں

بیقرار گردو۔

۹۵۔ کبوتر کے خون سے لکھ کر راستہ مطلوب میں دفن کریں۔

العر العر العر العر العر العر العر العر العر العر العر العر العر

فلاں بن فلاں علی حب فلاں بن فلاں العجل ۲ العجل ۱ العجل

۹۶۔ اس طلسم کو ہدہد کی ہڈی پر لکھ کر زیر آگ دفن کریں۔

۴ ۷ ، ۷ ۱۱۱ ۲۲۸ دد ۱۱ ۱۱ دو دو ۱۱ یاوددود

صا ۱۱ ھا ام ددود ۶ ۱۱ ۱۱ ح ددب ۱۱ بدوح

الحب فلاں بن فلاں علی حب فلاں بن فلاں

۹۷۔ حب کے لیے عروج ماہ میں ستارہ مطلوب کی ساعت میں شروع کریں ہر روز گیارہ سو بار پڑھیں اکتالیس دنوں کے اندر اندر مطلوب حاضر ہو۔ عمل یہ ہے۔ خدا کی ثنا محمد کا نور خواجہ کی تسبیح کل عالم حضور بھیجو موکل لیا دے فلاں بن فلاں کو ضرور بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔

۹۸۔ فولاد کی چھری لیکر اس پر خلاف چڑھاوے پہلے اس پر یہ طلسم لکھے پھر اپنے تکیہ کے نیچے رکھ کر تین دن سوئے تو مطلوب کو بے خوابی اور قرار نہ ہوگا۔ طلسم یہ ہے۔

عسنج ۱۱۱۳۲۲ ۵ ۲ صعج ۸۰ ۲ صح صح الحب

فلاں بن فلاں علی الحب فلاں بن فلاں

۹۹۔ حب کے لیے۔ مطلوب کا تصور سے کر ہر وقت لاتعداد ”یاودود“ کا ذکر کرتا رہے۔ ایک چلہ میں کام ہو جائے گا نیت درست ہو۔ صاف دل ہو کر پڑھیں۔

- - - - - - -

Scanned with CamScanner

انسان اور چند جانوروں کے خواص

۱۔ **انسان** ۔ خاوند کے بال جلا کر عرق گلاب میں ملا کر ولادت کے وقت عورت کے سر پر ڈالے جائیں تو ولادت آسان ہو جائے گی ۔

۲۔ سانپ کے منہ میں تھوکنے سے سانپ مر جائے گا۔ انسان کا تھوک سانپ کے لیے زہر قاتل ہے ۔

۳۔ عورت کے بال لمبے لمبے اگر دریا میں ڈال دیئے جائیں تو وہ سانپ بن جاتے ہیں ۔

۴۔ بچے کا دانت جو پہلے اکھڑے عورت کے گلے میں ڈال دیا جائے تو ساری عمر حمل قائم نہ ہو گا جب تک دانت گلے میں رہے گا ۔

۵ ۔ جس شخص کو اپنا مطیع کرنا ہو تو اُس شخص کو اپنے ہاتھ منہ اور پاؤں دھو کر پلانے سے محبت پیدا ہوگی ۔ جدائی برداشت نہ ہو گی مجرب ہے ۔

۶۔ مرد کی جیب الٹی کر کے دھو کر جس کو پانی پلایا جائے گا عورت فرمانبردار رہے گی ۔

۷ ۔ انسان کی داڑھ اور ہدہد کے داہنے پر کی ہڈی یہ دونوں چیزیں سوئے ہوئے آدمی کے سر کے نیچے رکھ دی جائیں تو وہ کبھی نہ جاگے گا جب تک دونوں چیزیں سر کے نیچے نکالی نہ جائیں گی ۔

۸ ۔ آدمی کا تھوک کھٹمل، بچھو، مچھر، حشرات الارض کے کاٹنے والی جگہ پر لگانے سے آرام آ جائے گا درد موصوف ہو گا ۔

۹ ۔ کتے کے کاٹنے والی جگہ پر انسان کا پیشاب لگانے سے فائدہ ہوتا ہے ۔

۱۰ ۔ آدمی کے بیسوں ناخن کاٹ کر جلائیں راکھ جس شخص کو کھلائی جائے گی ۔

محبت پیدا ہو گی ۔

۱۱۔ جسم پر زخم ہو جائے اور خون بند نہ ہو تو انسان کا پیشاب لگانے سے خون بند ہو جاتا ہے ۔

۱۲۔ روزہ دار آدمی کا تھوک کان میں ڈالا جائے تو کان کا کیڑا مر جاتا ہے ۔

۱۳۔ اگر کسی کی نکسیر بہہ رہی ہو تو کسی سفید کپڑا پر اُسی شخص کا نام لکھیں خون نکسیر کے ساتھ لکھیں اور آنکھوں کے سامنے کپڑا لکھا ہوا کر دیں تو نکسیر بند ہو جائے گی ۔

پھابھری والا آدمی اگر ننگے پاؤں چلے گا تو جہاں اُس کا پاؤں آئے گا ۔ کچھ نہ اُگ سکے گا ۔ جہاں جہاں اُس کے قدم لگے ہوں گے ۔

۱۴۔ حائضہ عورت اگر باغ میں چلی جائے تو درخت کے پتے اور پھل گر جائیں گے ۔

۱۵ ۔ حائضہ اگر شیشہ دیکھے گی تو شیشہ مکدر ہو جائے گا ۔

۱۶ ۔ حائضہ اگر مرگی کے دورے والے مریض کو ہاتھ لگائے گی تو دورہ ختم ہو جائیگا

۱۷۔ حائضہ کا پاؤں سانپ کی کینچلی پر آ جائے تو وہ سانپ مر جائے گا ۔ جس کی کینچلی ہو گی ۔

۱۸ ۔ حائضہ اگر بکریوں کا ریوڑ چرائے گی تو بکریوں کو شیر بھیڑیا ضرور کھانے آئے گا ۔

۱۹ ۔ حائضہ کا حیض والا کپڑا اگر کشتی کے پچھلے کنارے میں باندھ دیا جائے تو وہ کشتی مخالف ہواؤں سے محفوظ رہے گی ۔

۲۰ ۔ انسان کے آنسو جو خوشی میں آ کر بہے ہوں اگر جمع کر کے جب ٹھنڈے ہو جائیں کسی غم زدہ انسان کو پلانے سے غم جاتا رہے گا ۔

۲۱ ۔ جو آنسو غم کی وجہ سے بہے ہوں وہ اگر کسی کو پلائے جائیں تو آدمی رونے لگے گا اور سخت روئے گا ۔ چپ ہونے کا نام نہ لے گا ۔

۲۲ ۔ روزہ دار انسان کی تھوک مقناطیس کے پتھر پر لگا دی جائے تو اس کی

قوت کشش باقی نہ رہے گی۔

شیر۔ ا۔ شیر کی چربی جو شخص اپنے بدن پر مل لے تو اُس کے قریب کوئی درندہ نہیں آتا اور بدن میں جوئیں بھی نہیں پڑتیں ہیں۔

۲۔ نابالغ بچہ مرگی کا مریض ہو اُس کے گلے میں شیر کی کھال کا بالوں سمیت ٹکڑا ڈال دیا جائے تو مرگی جاتی رہتی ہے۔ بالغ ہونے کے بعد فائدہ نہ ہو گا۔

۳۔ جس مکان میں شیر کے بال جلائے جائیں گے تو وہاں سے تمام درندے بھاگ جائیں گے

۴۔ شیر کی کھال کا ٹکڑا صندوق میں رکھ دیا جائے تو کپڑوں کو کیڑا نہ لگے گا۔

۵۔ شیر کا دانت پاس رکھنے سے دانت ہر بیماری سے محفوظ رہتے ہیں۔

۶۔ شیر کی کھال کا بچھانا بچھا کر رکھنے سے بواسیر اور گنٹھیا کا مرض جاتا رہتا ہے۔

بھیڑیا۔ ا۔ گائے کی چراگاہ میں بھیڑیے کی دم لٹکا دی جائے تو وہاں کوئی بھیڑیا نہ آئے گا۔

۲۔ کھال پر بیٹھنے سے بواسیر نہ ہو گی۔

۳۔ بھیڑیا کی آنکھ مرگی کے مریض کے گلے میں ڈالنے سے فائدہ ہو گا۔

چیتا۔ ا۔ چیتے کے پتہ کا سرمہ بنا کر آنکھوں میں لگانے سے نزول ماء کو فائدہ ہوتا ہے۔

۲۔ مردار چیتے کے دماغ کو اگر سونگھا جائے تو سونگھنے والا مر جائے گا۔

۳۔ اس کے بال گھر میں جلانے سے گھر میں بچھو نہ آئیں گے۔

۴۔ اس کی چربی پگھلا کر زخموں پر لگانے سے زخم جلدی ٹھیک ہو جائیں گے۔

۵۔ اگر ایک چھٹانک اس کا گوشت کھا لیا جائے تو کھانے والے پر سانپ کا زہر اثر نہیں کرتا ہے۔ مگر کھانا حرام ہے۔

گینڈا: ا۔ اس کا سینگ ہاتھ میں پکڑنے سے قولنج کا مریض اچھا ہو جاتا ہے۔

۲۔ آسانی ولادت کے لیے عورت کو اس کا سینگ ہاتھ میں پکڑا دیا جائے تو ولادت میں آسانی ہو جاتی ہے۔

۳۔ اس کے سینگ کو باریک پیس کر آدمی کو پلانے سے مرگی ہو جاتی ہے۔

۴۔ سینگ کو اگر گرم گرم پانی میں ڈالا جائے تو پانی فوراً ٹھنڈا ہو جاتا ہے۔

۵۔ اس کی آنکھ پاس رکھنے سے جن اور سانپ قریب نہیں آتے ہیں۔

ہاتھی۔ ا۔ ہاتھی کی ہڈی بچے کے گلے میں ڈالی جائے مرگی ختم ہو جاتی ہے

۲۔ اس کا دانت پھل دار درخت پر لٹکانے سے درخت کو پھل نہ لگے گا۔

۳۔ فصل کو ہاتھی کی ہڈی کا دھواں دیا جائے تو کیڑے وغیرہ فصل خراب نہ کریں گے۔

۴۔ ہڈی کا دھواں لینے سے بواسیر ختم ہو جاتی ہے۔

۵۔ ہڈی کا دھواں گھر میں دینے سے مچھر نہ پیدا ہو گا۔

لومڑی۔ ا۔ اس کی چربی کی مالش سے گنٹھیا کا درد اور مرض ختم ہو جاتا ہے

۲۔ اس کے دانت مرگی کے مریض کے گلے میں ڈالنے سے مرگی ختم ہو جاتی ہے۔

۳۔ ہنجروں والے مریض کے کان میں چربی ڈالنے سے فائدہ ہوتا ہے۔

۴۔ چربی پگھلا کر کان میں ڈالنے سے کان درد ختم ہو جاتی ہے۔

بندر۔ ا۔ بندر کا دانت جس کے گلے میں ڈالا جائے گا نیند نہ آئے گی اور رات کو اندھیرے میں اُس کو ڈر لگے گا۔

۲۔ بندر کے بال سوئے ہوئے انسان کے سر کے نیچے رکھنے سے سوئے ہوئے کو ڈراؤنے خواب آئیں گے۔

گائے۔ ا۔ گائے کی چربی ہڑتال ورقیہ میں ملا کر اُسے جلا کر اس کا دھواں گھر میں دینے سے بچھو اور سانپ بھاگ جاتے ہیں۔

۲۔ گائے کا سینگ چوتھیے کے بخار والے مریض کو پیس کر کھلایا جائے تو بخار اتر جائے گا۔

۳۔ گائے کے بال جلا کر پانی میں گھول کر پینے سے دانتوں کا درد جاتا رہتا ہے۔

۴۔ اگر سکنجبین میں ملا کر پیا جائے تو طحال کے ورم کے لیے مفید ہے۔

جنگلی گائے :۔ ۱۔ اس کا مغز فالج کے مریض کے لیے بہت مفید ہے

۲۔ اس کے سینگ کا ٹکڑا پاس رکھنے سے درندے قریب نہیں آتے ہیں۔

۳۔ اس کے سینگ کھال یا ناخن جلا کر جس گھر میں دھواں دیا جائے گا وہاں سے سانپ بھاگ جائیں گے اور چوہے بھی بھاگ جاتے ہیں۔

۴۔ اس کا سینگ جلا کر کھاتے میں ملا کر چوتھیے کے بخار والے کو کھلانے سے بخار اتر جاتا ہے۔

گدھا ! ۱۔ اس کی دُم پر کوئی پتھر باندھ دیا جائے تو ہنکے گا نہیں۔

۲۔ اس کے ناخن لے کر مرگی والے کے گلے میں ڈال دیا جائے تو دورہ نہیں پڑے گا۔

۳۔ ماتھے کی کھال کا ٹکڑا بچے کے گلے میں ڈالنے سے بچہ ڈرے گا نہیں۔

۴۔ لید پر سرکہ چھڑک کر نکسیر والے مریض کو سونگھایا جائے تو نکسیر بند ہو جائے گی۔

کتا :۔ ۱۔ کالے کتے کی زبان جو کوئی اپنے پاس رکھے گا اُس پر کوئی کتا حملہ آور نہ ہو گا۔

۲۔ کتے کا کان پاس رکھنے سے تمام کتے تابعدار ہو جاتے ہیں۔

۳۔ کتے کا دانت بچے کے گلے میں ڈالنے سے بچہ آسانی کے ساتھ دانت نکالتا ہے۔

بلی :۔ ۱۔ بلی کا گوشت کھانے سے ہر قسم کے جادو ٹونہ کا اثر ختم ہو جاتا ہے

مگر ہے حرام۔

۲۔ اس کا دانت پاس رکھنے سے رات کو ڈر نہ لگے گا۔

۳۔ اس کے پتہ کا سرمہ بنا کر آنکھوں میں لگانے سے رات کو بھی دن کی مثل نظر آتا ہے۔

۴۔ جذامی کو اس کا خون پلانے سے آرام آجاتا ہے۔

چوہا :۔ ۱۔ چوہے کا سر کپڑے میں باندھ کر سر پر باندھا جائے تو سر درد فوراً ختم ہو جاتا ہے۔

۲۔ چوہے کی آنکھ ٹوپی میں باندھ دی جائے تو چلنا آسان ہو جاتا ہے۔ چلتے ہوئے تھکاوٹ نہیں ہوتی ہے۔

۳۔ جس گھر میں بھیڑیے یا کتے کا براز جلا کر اُس کا دھواں دیا جائے وہاں سے چوہے بھاگ جاتے ہیں۔

۴۔ کبوتر کی بیٹ اگر آٹے میں ملا کر چوہے کو کھلائی جائے تو چوہا مر جاتا ہے۔

۵۔ اگر ایک چوہے کی دُم گھر میں دفن کر دی جائے تو تمام چوہے بھاگ جاتے ہیں۔

۶۔ چوہے کا پیشاب کاغذ پر لکھے ہوئے الفاظ مٹا دیتا ہے۔

نیولا :۔ ۱۔ چوہا اور نیولا جس گھر میں دفن کر دیئے جائیں تو گھر میں ہر وقت لڑائی چھڑی رہے گی۔

۲۔ نیولا کا براز زخم پر لگانے سے خون بند ہو جاتا ہے۔

۳۔ اس کے گوشت کا ضماد بنا کر لگانے سے وجع المفاصل کی شکایت باقی نہیں رہتی ہے۔

چیونٹی :۔ ۱۔ حائضہ عورت کا کپڑا جس جگہ پڑا ہو گا۔ چیونٹیاں قریب نہ آئیں گی۔

۲۔ چیونٹیاں سپ کو مار دیتی ہیں اگر سانپ کو کوئی زخم ہو تو۔

Scanned with CamScanner

۳۔ چیونٹی ہاتھی کے سونڈ میں چلی جائے تو ہاتھی مر جاتا ہے۔

۱۔ **سانپ**:۔ چار کاغذ لے کر ان پر حسبِ ذیل اعداد حروف لکھ کر مکان کے چاروں کونوں میں لگایا جائے تو سانپ بھاگ جائیں گے۔ عمل یہ ہے۔

ا۱۶۰ا ا۱۱۱ ۱۷۸ رح ۱۱۵۱۱۷۵۵

دو ۷ دو ۱۵ رو ۱۱ م ۱۱ ح ۱۱۱ ح ط ۵ ۵ ۸

۲۔ سانپ کا دانت گلے میں رکھنے سے دانت کو آرام آجائے گا۔

۳۔ دانت کو چمڑے میں بند کر کے بخار والے کے گلے میں ڈالنے سے بخار سے آرام آجاتا ہے۔

بچھو:۔ ۱۔ بچھو کو جلا کر جہاں دھواں دیا جائے گا۔ بچھو بھاگ جائیں گے

۲۔ بچھو کو زیتون کے تیل میں جلا کر محفوظ رکھا جائے۔ بچھو جہاں ڈس لے دہاں لگانے سے آرام آجاتا ہے۔ گائے کے گھی میں بھی جلایا جا سکتا ہے۔

۳۔ بچھو جس پانی میں گر جائے تو وہ نکال کر پانی پیا جائے تو پورے جسم پر زخم بن جائیں گے۔

۴۔ فالج والے آدمی کو بچھو کاٹ لے تو فالج کا مرض ختم ہو جاتا ہے۔

گدھ:۔ ۱۔ گدھ کا دل بھیڑیے کی کھال لپیٹ کر جس شخص کے گلے میں ڈالا جائے وہ تمام مخلوق کی نظروں میں محبوب بن جاتا ہے۔ سب عزت کی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔

۲۔ مندرجہ بالا رکھنے پر درندہ حملہ آور نہ ہوگا۔

۳۔ تنگی ولادت کے وقت اگر گدھ کے پَر عورت کے نیچے رکھ دیئے جائیں تو ولادت آسان اور جلدی ہو جاتی ہے۔

۴۔ گنٹھیا کا مرض اگر اس کی پنڈلی پاس رکھے تو مرض ختم ہو جاتا ہے۔

۵۔ اس کا جگر پانی میں پکایا جائے پھر وہ پانی قوت باہ کے مریض کو پلایا جائے تو فائدہ بے حد ہوگا۔

کبوتر:۔ ۱۔ اس کا گوشت فالج۔ لقوہ اور اعصابی کمزوری کے لیے بے حد مفید ہے۔

۲۔ اس کا گوشت کھانے سے دانائی بڑھ جاتی ہے۔

۳۔ اس کی ہڈی جلا کر زخم پر لگانے سے زخم ٹھیک ہو جاتا ہے۔

۴۔ اس کی بیٹ کو پانی میں ڈال کر ابالیں پھر جس کا پیشاب بند ہو اُس کو پلائیں آرام آئے گا۔

۵۔ سرخ کبوتر کی بیٹ دار چینی کے ساتھ ملا کر پینے سے پتھری ختم ہو جاتی ہے۔

اُلو:۔ ۱۔ اس کے مرتے وقت جو آنکھ کھلی رہے سے نکال کر انگوٹھی میں نگینہ کی جگہ لگائی جائے جو شخص وہ انگوٹھی پہنے گا۔ نیند نہ آئے گی۔

۲۔ بند آنکھ والی انگوٹھی پہنی جائے تو بہت زیادہ نیند آئے گی۔

۳۔ اس کا دل سوئے ہوئے آدمی کے بائیں ہاتھ میں رکھا جائے تو دن کے تمام کیے ہوئے کام سویا ہوا آدمی بتا دے گا۔

۴۔ اس کی چربی سرمہ کے طور پر آنکھوں میں لگانے سے رات کو بھی نظر آئے گا۔

مکھی:۔ ۱۔ مکھی کو جلا کر اسے پیس کر شہد میں ملا کر بال خورہ کی جگہ لگانے سے بال اُگ آئیں گے۔

۲۔ مردہ مکھی پر لوہے کا برادہ ڈالنے پر وہ زندہ ہو جاتی ہے۔

۳۔ کدو کے پتوں کو جلا کر جہاں دھواں دیا جائے وہاں مکھیاں نہ آئیں گی۔

مینڈک:۔ ۱۔ مینڈک کی ٹانگ دق کے مریض کے گلے میں ڈالنے سے آرام آجاتا ہے۔

۲۔ اس کی زبان سوئے ہوئے آدمی کے سینہ پر رکھ دی جائے تو وہ

Scanned with CamScanner

سارے کام بنادے گا۔

۳۔ اس کی آٹے میں گوندھ کر چوری کے شبہ والے کو کھلانے سے چوری کا اقرار کرے گا۔

نسخہ جات

یونانی نسخہ جات بھی حسب فرمائش درج کیے جارہے ہیں جو کہ میرے ذاتی تجربہ تو نہیں ہیں۔ مگر ایک مرید خاص مولوی نذیر احمد بھیٹی نئی آبادی مقبول خان والی داخلی صابہ دالا لیمیر پور نے مجھ ناچیز کو عطا کیے ہیں یہ تمام نسخے اُن کے خاص مطب سے لیے گئے ہیں جو کہ اُن کے ذاتی تجربات کا نچوڑ ہیں۔ انہوں نے کہا ہے کہ فی سبیل اللہ لکھ دیں تاکہ مخلوق خدا تعالیٰ ان سے فائدہ اٹھا سکے۔ یہ نسخہ جات اُن کے لیے اکسیر اعظم کا حکم رکھتے ہیں اگر کسی شخص نے کوئی بات وغیرہ مزید پوچھنی ہو تو ہمارے آستانہ عالیہ پر رابطہ قائم کر کے حکیم صاحب سے رابطہ قائم کرسکتا ہے۔

بواسیر خونی و بادی کے لیے

چاہیے کیسا ہی خون جاری ہو صرف ایک دو خوراک میں بند ہو جاتا ہے۔ حکیم صاحب کا ذاتی تجربہ شدہ ہے۔

عمدہ قسم کا سنگجراحت ۲ تولہ لے کر کھرل کریں ہمراہ عرق بوٹی جل نیم ۸ تولہ کے سحق کر کے نقدہ میں رکھ کر بند کر کے گل حکمت کریں اور ۵ سیر اوپلے

کی آگ دیں جب سرد ہو جائے نکال کر کھرل میں ڈال کر ہمراہ پانی مولی ۸ تولہ کے سحق کریں قرص بنا کر کوزہ میں گل حکمت کر کے بطریق بالا ۵ سیر کی آگ دیں جب سرد ہو نکال لیں کھرل میں ڈال کر ہمراہ [illegible] سُرخ رنگ ۸ تولہ میں کھرل کریں۔ قرص بنائیں کوزہ میں رکھ کر۔ اسیر کی آگ دیں تو رنگ سرخ مثل شنگرف کے تیار ہوگا۔ پیس کر رکھ لیں ضرورت کے وقت ۴ رتی تک مکھن میں ڈال کر کھلائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ دریا کی طرح خون چلتا ہوا بھی بند کر دے گا۔ علاوہ اس کے خون حیض کثرت طمث کیلئے بھی تجربہ شدہ ہے۔ خون نکسیر کے لیے بھی مفید ہے۔ ہر قسم کے خون میں اعلیٰ قسم کا فائدہ کرتا ہے۔ بفضل تعالیٰ۔

کشتہ رسکپور برائے آتشک

یہ نسخہ بھی حکیم مولوی نذیر احمد صاحب کا عطا کردہ ہے آتشک کے لیے بھی بے حد مفید ہے اور درد مفاصل کے لیے عرصہ دراز سے استعمال کرتے ہیں۔ اس سے منہ وغیرہ بھی نہیں آتا ہے بہت کامیاب مجرب العمل ہے۔

ایک تولہ رسکپور کو پارچہ ململ میں باندھ کر پوٹلی بنائیں ۴ تولہ شیر مدار کڑھی میں ڈال کر نرم آگ جلا کر چولہا پر رکھ کر پوٹلی کو درمیان شیر کے لٹکا کر پکائیں۔ جب تمام شیر خشک ہو تو نیچے اتار کر رسکپور کو نکال کر کھرل میں ڈال کر ہمراہ ۲۰ تولہ عرق لیموں کے سحق کریں جب تمام عرق جذب ہو تو چھوٹی چھوٹی گولیاں بنا کر سائیہ میں خشک کریں۔

جب اچھی طرح خشک ہو تو کوزہ گلی خورد میں ڈال کر سرپوش دے کر گل حکمت کریں۔ خشک ہونے کے بعد ۲ سیر اوپلوں کی آگ میں رکھ دیں جب سرد ہو تو نکال کر پیس لیں بوقت ضرورت بقدر دانہ خردل مکھن میں رکھ کر کھلائیں۔ انشاء اللہ آٹھ روز میں کہنہ سے کہنہ مریض آتشک کو آرام ہو جاتا ہے۔ کسی طرح کی تکلیف نہ ہو گی۔ خوراک فقط نان گندم روغن زرد

نمک وغیرہ سے سخت پرہیز کریں بعد شفا پانے کے ہر ایک چند کھانے کی اجازت ہوگی۔

جریان احتلام کے لیے

طباشیر نقرہ ا تولہ۔ ثعلب مصری ا تولہ۔ ثعلب پنجہ ا تولہ موصلی سفید ا تولہ موصلی سیاہ ا تولہ الائچی خورد ا تولہ۔ کشتہ قلعی ا تولہ۔ کشتہ نقرہ عمدہ ۲ ماشے۔ بوپھلی ا تولہ ستاور اصل ۲ تولہ

کشتہ سہ دھات ا تولہ تمام کو علیحدہ علیحدہ کھرل کریں۔

خوراک :۔ ا ماشہ صبح ا ماشہ شام ہمراہ دودھ گائے بغیر چینی ملائے استعمال کریں۔

برائے جریان سرعت انزال

مغز تخم املی کلاں : ا تولہ — عصارہ برگر : ا تولہ

ست بوپھلی : ا تولہ — موچرس : ا تولہ

کشتہ سہ دھات : ا تولہ۔ ست سلاجیت مصفیٰ شدہ ا تولہ

دھتورہ سیاہ : ا تولہ — کشتہ قلعی : ۶ ماشے

تمام ادویات ایک روز دودھ برگد میں کھرل کریں اور چار رتی کی گولیاں بنائیں۔ خوراک ایک گولی ہمراہ دودھ دیں۔ انشاءاللہ تعالیٰ ایک ۲ روز میں مکمل خاتمہ ہو جائے گا۔ مرض جڑ سے نکل جاتی ہے۔

نسخہ برائے لوت کو دکان یعنی لوت قراق اور پھوڑے

پھنسیاں وغیرہ

عطیہ حکیم مولوی نذیر احمد ولد حکیم مولوی احمد الدین صاحب بھٹی

برگ حنا ۵ تولہ کیلا ۵ تولہ مردار سنگ ۵ تولہ رال سفید ۵ تولہ کتھہ سرخ ۵ تولہ

سفوف بنا کر باریک کر کے کوڑا تیل سے چربہ کریں اوپر سفوف چھڑک دیں۔ بس ایک دو دفعہ کرنے سے مرض ختم ہو جائے گی آزمائشی ہے۔ بفضل تعالیٰ۔

خارش ہر قسم کے لیے بے حد مفید

یہ نسخہ بھی بہت آزمودہ ہے۔ خارش خواہ کتنی پرانی ہو آزمائش شرط ہے۔

سیماب اصل ا تولہ کالی چھڑ۔ گندھک مصفی۔ سفیدہ کاشغری۔ بابچی ہموزن تمام ادویات ملا کر استعمال کریں۔

ترکیب اصل تو یہ ہے کہ تین رات متواتر لگا کر تین گھنٹہ بعد نہالیں ان شاء خاطر خواہ ہوگا۔ بفضل تعالیٰ۔

مدر حیض اکسیر

زعفران اصلی چار رتی۔ عنبر اصلی ۱۰ رتی افیون اصل ۱۰ رتی قند سیاہ کہنہ ۵ ماشہ سب کو باریک کر کے گولیاں بنائیں اور گولیاں گھونگچی کے برابر ہوں ایام حیض میں شروع سے آخر تک پانچ چھ روز

استعمال کریں۔ شیر گاؤ نصف سیر روغن زرد ۹ ماشے موی ۳ تولہ نیم گرم کر کے کھانے کے بعد بوقت ضرورت ایک گولی کے ساتھ کھلائیں۔ حیض فوراً کھول جائے گا۔ اگر حیض درد کے ساتھ آتا ہو تو بھی بہت مفید ہے۔

نسخہ چنبل دیرینہ

مرداسنگ ۱ تولہ۔ پھٹکری نوشادر ۱ تولہ۔ روغن سرسوں ۵ تولہ۔ عورت کے سر کے بال ۱ تولہ کیلہ ۱ تولہ۔ سنگجراحت ۱ تولہ۔ کافور ۱ تولہ۔ گندھک آملہ سار ۱ تولہ۔

ترکیب:۔ اول بالوں کو روغن سرسوں میں جلائیں بعد میں تمام دوائیں پسی ہوئی موجود ہوں ڈال دیں ہلاتے رہیں حتیٰ کہ مرہم کی مانند تیار ہو جائے۔ صبح و شام لگائیں۔ پرانی سے پرانی چنبل جڑ سے اکھڑ جاتی ہے۔ مجرب آزمودہ

اکسیر دمہ

ایک مرغ جو کہ جوانی کے قریب ہو اُس کو ذبح کر کے پاک صاف کر کے الائش وغیرہ نکال کر اس کو گھی میں ڈال کر بھون لیں ۱ پاؤ چینی ڈال کر پکائیں جب بھون کر سرخ ہو جائے اُس میں تارجیل ۱ پاؤ کوٹ کر ملا دیں اور قوام بنائیں اور ملا کر رکھ دیں علی الصبح ۱ تولہ شام ۱ تولہ کھائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ دمہ سے نجات مل جائے گی از حکیم مولوی نذیر احمد بھٹی خود کا تجربہ شدہ ہے۔

مسہل لاجواب

جلاپہ ہرڑ تین تولہ۔ سقمونیا ولایتی ۱ تولہ کیلومل چھ ماشے۔ باریک

پیس کر روغن بادام شربت میں چرب کریں۔

خوراک ۲ ماشے سے چھ ماشے تک استعمال کریں۔ نازک مزاج ۲ ماشہ سے زائد نہ لیں۔

دائمی قبض کے لیے

گل بنفشہ خاص ۱ تولہ سیر بھر پانی میں رات کو بھگو کر رکھیں۔ صبح جوش دیں آدھا پانی رہ جائے تو اس میں دس تولہ بادام روغن خالص ڈال کر پکاتے جائیں تاکہ پانی جل جائے۔ خالص روغن بن جائے شیشی میں ڈال لیں یہ روغن ۶ ماشہ دودھ کے ساتھ سات روز تک استعمال کریں۔ پھر کئی روز تک استعمال کرنا چھوڑ دیں۔ اس کے بعد گاہے بگاہے استعمال کرتے رہیں۔ نہایت مفید چیز ہے۔

تیل کم خرچ

ہر قسم کے درد کے لیے مفید ہے۔ جس میں کسی قسم کا نقصان نہیں ہوتا سوا تولہ گھونگچی سرخ کچل کر اس کی دال نکال لیں اور دال کچل کر کے ایک دن رات پانی تر رکھیں۔ پھر پاؤ تل کا تیل ملا کر جوش دیں پانی جل جاوے اور گھونگچی بھی جل جاوے۔ تب چھان کر اس میں ساڑھے چار ماشہ نمک سانبھر اور آدھ پاؤ کنوئیں کا پانی ملا کر لوہے کے برتن میں جوش دیں کہ پانی اور نمک جل جائے بوتل میں رکھ لیں آزمایا ہوا ہے۔ مالش کریں۔

شافہ برائے حمل

جند بیدستر ۲ ماشہ۔ مغز سائیلہ ۲ ماشے۔ مرکلی ۲ ماشے۔ گوگل مصفیٰ شدہ ۲ ماشہ۔ کستوری اصل ۴ رتی۔ عنبر اصل ۴ رتی باریک پیش کر شہد خالص میں

ملا کر روئی سے لیتھڑ کر حیض سے فارغ ہوتے جس روز غسل کرے تین دن برابر رکھ کر بعد شوہر کے پاس جائے۔ ضرور حمل ہوگا۔

اکسیر بانجھ پن

سپاری ۶ ماشہ۔ بج ۶ ماشہ۔ کمرکس ۶ ماشہ۔ سندل سفید ۶ ماشہ۔ سندل سرخ ۶ ماشہ۔ برادہ دندان فیل ۶ ماشہ۔ چارسے مغز بادام۔ چینی ½ پاؤ۔ برادہ فیل دندان باریک پیس کر دودھ میں پکائیں۔ جب کھوئیہ بن جائے چینی ملا کر پھر پکائیں ہر ایک دوائی علیحدہ علیحدہ باریک شدہ ڈالتے جائیں اور ملاتے جائیں۔ معجون تیار ہے۔ خوراک ۵ تولہ روزانہ ہمراہ دودھ استعمال کریں۔

معجون تیار ہے۔ خوراک ۵ تولہ روزانہ ہمراہ دودھ استعمال کریں۔

اکسیر بانجھ پن

عورت مرد دونوں کے لیے۔

لونگ ٹوپی دار ایک تولہ۔ گیدڑی کا پت ۲ عدد

شہد میں گولیاں بنائیں چنے کے برابر گولیاں ہوں۔ ماہواری سے پہلے ایک ہفتہ استعمال کریں۔ عورت کو کھلائیں اور یہ دوسرا نسخہ مرد کو کھانے کے لیے دیں۔

موتری بکرا ۱ عدد۔ گیدڑی کا بن ۴ عدد۔ لونگ ٹوپی دار ۱ تولہ نخودی گولیاں بنائیں۔ صبح شام ہمراہ دودھ استعمال کریں۔ انشاء اللہ یہ تینوں نسخے آزمائشی ہیں۔ بالکل خطا نہیں جاتے۔ بفضل تعالیٰ۔

کھانسی کے لیے

شب یمانی بریاں ۵ تولہ۔ سیاہ مرجان ۱ تولہ۔ شہد خالص ملا کر سفوف بنائیں اور مریض کو چٹائیں۔ انشاء اللہ کھانسی سے مکمل طور پہ آرام آجائے گا۔ آزمودہ ہے۔

قوت باہ کے لیے آزمائشی نسخہ

پوست ترنج ۲ ماشہ فرنجمشک ۲ ماشہ۔ موصلی سنبل ۳ ماشہ۔ لونگ ۲ ماشہ۔ جلوتری ۲ ماشہ جوزماثل ۳ ماشہ۔ اجوائن خراسانی ۲ ماشہ۔ عنبر اصلی ۳ ماشہ۔ مصطگی رومی ۲ ماشہ۔ گل سرخ ۶ ماشہ۔ جند بیدستر ۶ ماشہ۔ زعفران اصل ۶ ماشہ۔ کافور ۲ ماشہ صندل سرخ ۲ ماشہ۔ جائفل ۶ ماشہ۔ ورق نقرہ ۷ عدد ورق طلاء ۴ عدد تمام چیزوں کو کوٹ چھان کر معجون تیار کریں۔ خوراک نخودی گولیاں بنا کر علی الصبح و شام ہمراہ دودھ استعمال کریں مجرب ہے۔

معجون حب الغراب

یہ نسخہ بھی حکیم نذیر احمد کے دادا جان اور والد صاحب حکیم احمد دین صاحب کا تجربہ شدہ ہے مجرب شدہ ہے۔ ان کے خاندان سے شروع سے چلا آ رہا ہے۔ لقوہ اور فالج کے لیے اکسیر ہے۔

کمر درد درد گردہ اور استخوان کو مضبوط کرتی ہے۔ اگر کسی سبب سے قوت جسمانی کمزور ہوگئی ہو اس کے لیے بھی استعمال ہوتی ہے۔ جوانی بڑھ کر پیدا ہوتی ہے۔

نسخہ یہ ہے۔ حب الغراب ۱ پاؤ ایک ہفتہ تک شیر مادہ گاؤ میں بھگو دیں ہر روز شیر تازہ بدل دیا کریں بعد سات روز کے اس کا پوست دور کریں۔

فرمان کے مطابق اگر ۲ دن کھایا جائے تو ساری عمر جریان احتلام سرعت انزال نہ ہوگا۔ برگ بتاکی ۹ ماشہ ہمراہ دودھ بکری ۱/۲ سیر صبح نہار منہ کھائیں عورت سے پرہیز ضروری ہے۔ انشاءاللہ تعالیٰ فائدہ ہوگا تجربہ شدہ استاد رحمت علی

برائے جریان لیکوریا وغیرہ

یہ نسخہ بھی حکیم غلام محمد خان نے عطا کیا ہے۔

عورت کے لیے جامن کا چھلکا کپڑ چھان کر کے ۶ ماشہ ہمراہ دودھ کھلائیں لیکوریا دور ہوگا۔ جامن کی گھٹلی ۳ ماشہ مرد کے لیے مفید ہے۔ صبح و شام ایک خوراک ہمراہ دودھ کھائیں۔

بھنگرا بھی عورت کے لیے ۴ ماشہ سفوف اور مرد کے لیے ۳ ماشہ خوراک ہمراہ دودھ کھلائیں۔ انشاءاللہ فائدہ ہوگا تجربات استاد رحمت علی چوک میاں خان

اکسیر اعظم

کافور ایک تولہ۔ ست اجوائین خشک ایک تولہ۔ ست پودینہ ایک تولہ کلورل ہائیڈریٹ (ایک انگریزی دوائی) ان چاروں کو ایک شیشی میں ڈال کر شیشی کا منہ کاک سے خوب بند کر دیں۔ چند منٹوں میں اس کا خود بخود تیل بن جائے گا۔ اکسیر اعظم تیار ہو گئی۔

ترکیب استعمال درج ذیل ہے۔

درد سر کے لیے

یہ اکسیر روئی سے پیشانی اور کن پٹیوں پر مالش کریں فوراً دس منٹ میں تسکین ہو جاتی ہے۔ اگر ایک ۲ بوندیں پانی میں ملا کر پلا دی جائے تو سونے پر سہاگہ ہوگا۔ یاد رہے کہ اگر کسی مرض میں مریض کو قبض ہو تو پورا فائدہ حاصل کرنے کے لیے

چند ہومیوپیتھک ادویات کا روزمرہ کا استعمال

آنکھوں کی تکالیف

آنکھوں میں ریت۔ مٹی کنکر وغیرہ کے پڑنے سے تکلیف پیدا ہو تو ایکونائیٹ ۳۰ ہر آدھ گھنٹہ بعد کھلائیں۔

آنکھوں کی سوزش جس میں پپوٹوں کے نیچے ریت کا سا احساس۔ ایکونائیٹ آنکھوں پر چوٹ آنا۔ ایکونائیٹ ۔ اگر ایکونائیٹ کام نہ کرے تو پھر آرنیکا ۳۰ استعمال کریں۔ آنکھوں کی سوزش کے ساتھ ساتھ سردرد بھی کرے۔ تو پھر بیلاڈونا ۳۰ استعمال کریں۔

ککروں میں تکالیف میں ارجنٹم نائیٹریکم ۳۰ ایک ایک گھنٹہ بعد ۱۰۔۱ قطرے دیں۔

جلنا ہر قسم

کنتھرس کے لوشن (۵ سے ۸ قطرے مدر ٹنکچر آدھے گلاس پانی میں ململ کا ٹکڑا بھگو کر زخم پر رکھیں اور لوشن سے کپڑا تر کرتے رہیں۔ کھانے کے لیے کینتھرس ۳۰ تکلیف کی شدت کے مطابق مناسب وقفہ کے بعد دیں۔ اگر کینتھرس سے جلن کم نہ ہو تو آرسنک البم ۳۰ دیں۔ جل جانے میں بخار بھی ساتھ ہو۔ ایکونائیٹ ۳۰ بھی دیں۔ اگر پرانے زخم دوبارہ عود آئیں تو پھر کاسٹیکم ۳۰ استعمال کریں۔

اسہال

دودھ پینے والے بچوں میں اسہال بچہ بہت چڑچڑا اور بے آرام کیمو ملا ۳۰ دیں۔ دودھ پینے والے بچوں میں پانی کی مانند اسہال بمعہ بخار فیرم فاس ۳۰ دیں۔ سفید رنگ والے کھٹی بو آئے۔ کلکریا کارب ۳۰ دیں۔

میٹھا زیادہ کھانے کے بعد اسہال ارجنٹم نائٹریکم ۳۰ دیں۔
اسہال اگر زرد ہوں اور بعد میں رنگ بدل جائے تو پھر ارجنٹم نائیٹریکم دیں۔
پاخانہ بے اختیار نکل جائے۔ تو ایلوز ۳۰ دیں۔
رنگ بدل کر پاخانے آئیں۔ پلسٹلا ۳۰ دیں۔
سخت بدبودار پانی کی طرح بلا درد اسہال پوڈوفائیلم ۳۰
بدہضمی کے پاخانے۔ چائنا استعمال کریں۔
پچکاری کی طرح اسہال۔ کروٹن ٹگلیم ۳۰
اپھارہ اور بدبودار اسہال۔ کاربوویج ۳۰
اسہال بمعہ درد کالوسنتھ ۳۰ استعمال کریں ہر خوراک ہر ایک گھنٹہ بعد
یا پھر تین گھنٹے بعد استعمال کریں۔

اعصابی کمزوری

کثرت جماع و احتلام کے نتیجہ کے طور پر ایسڈ فاس ۳۰۔۱۰۔۱۰ قطرے
ہر غذا کے بعد کھلائیں۔
کثرت مطالعہ کی وجہ سے دماغی کمزوری ساتھ چڑچڑاپن موجود ہو
تو نکس وامیکا ۳۰۔
غم کے بد اثرات مریض ٹھنڈی آہیں بھرے۔ اگنیشیا ۳۰ دیں۔
کسی حصہ جسم سے زیادہ خون خارج ہو گیا ہو اور اس کے باعث دماغی
کمزوری چائنا ۳۰ استعمال کریں۔
دماغ ہل گیا ہو یا دماغ میں چوٹ لگنے کی وجہ سے کمزوری ہو تو آرنیکا
استعمال کریں۔
لمبی بیماری کی وجہ سے کمزوری کاکولس ۳۰ دیں۔
نیند کی وجہ سے کمزوری محسوس ہو۔ اگنیشیا ۳۰ دیں۔

انفلوئنزہ

حفظ ماتقدم کے لیے انفلوئنزینم ۳۰ یا آرسنک البم ۳۰ ایک خوراک
روزانہ شروع سے ہی عام جسمانی نقاہت اور غنودگی پیاس ندارد جیلسیمیم
۳۰ دیں۔
بے چینی بار بار تھوڑی تھوڑی پیاس لگے آرسنکم البم ۳۰ دیں۔
چھینکیں بار بار آئیں نیٹرم میور ۳۰ سباڈلا ۳۰ دیں۔

بخار

ہر بخار کے شروع میں اگر گھبراہٹ اور بے چینی پائی جائے۔ ایکونائیٹ ۳۰
اگر شروع سے ہی کمزوری اور غنودگی ہو تو جیلسیمیم ۳۰
اگر کسی دوا کی بھی علامات صاف نہ ہوں تو پھر فیرم فاس ۳۰
سر گرم اور پاؤں ٹھنڈے ہوں۔ بیلاڈونا ۳۰
خشکی کی وجہ سے پیاس ندارد اور قبض حرکت پسند نہ کرے۔
برائی اونیا ۳۰
گرم سرد ہونے کی وجہ سے بخار تمام جسم خصوصاً کمر میں درد رسٹاکس ۳۰
شام کا بخار منہ خشک مگر پیاس ندارد پلسٹلا ۳۰
سردی ساتھ ہو پھر ساتھ متلی بھی ہوگی۔ سردی خواہ کسی وقت لگے اور
بخار ایپی کاک ۳۰
ملیریا ہر قسم کے لیے ایپی کاک ۳۰ نیٹرم میور ۳۰ ہر تین گھنٹے بعد کھلائیں
تقریباً ۱۰-۱۰ قطرے
نوٹ:۔ بخار کے دورے کے بعد دوائی استعمال کریں۔

بواسیر

گرم غذاؤں اور گرم دواؤں کی وجہ سے بواسیر ہو تو نکس وامیکا ۳۰ کم از کم ۲ ماہ استعمال کریں۔ اگر صبح کو ایک خوراک سلفر ۳۰ اور رات کو ایک خوراک نکس وامیکا دی جائے تو اکثر فائدہ ہو جاتا ہے۔

اگر مسے انگور کے گچھے کی مانند باہر نکل آئیں۔ جلن اور کھجلی کو سرد پانی سے آرام ہو تو ایلوز ۳۰ استعمال کریں۔

وضع حمل کے بعد بواسیر جس میں کانچ باہر نکل آئے۔ پوڈوفائیلم ۳۰

بدہضمی

زیادہ دماغی کام۔ جاگنے اور غذا کی بداعتدالی کی وجہ سے نکس وامیکا

ٹھنڈی اشیاء یا برف کے استعمال سے کثرت تمباکو نوشی سے پیٹ میں جلن ہو تو آرنکم ایلم ۳۰

پیٹ میں ریاح ناف سے نیچے ایک لقمہ ہی کھانے سے پیٹ بھرا ہوا معلوم ہو۔ لائیکوپوڈیم ۳۰

چربیلی اور مرغن غذائیں کھانے سے پلسٹلا ۳۰

رطوبات جسمانی کے زیادہ ضائع ہونے سے تمام پیٹ ہمیشہ ہوا سے بھرا رہے۔ چائنا ۳۰

پیٹ میں ریاح ناف سے اوپر کھٹی اور متعفن ڈکاریں۔ سخت بدبودار ریاح خارج ہو۔ کاربوویج ۳۰ استعمال کریں ہر دوائی کے ۱۰ یا ۵ قطرے ہر ۲ گھنٹے کے بعد یا ہر آدھ گھنٹہ بعد آرام آنے پر ہر ۴ گھنٹے بعد دیں۔

پستانوں کی تکالیف

پستانوں کی سوزش جبکہ حرکت سے تکلیف بہت بڑھ جائے تو برائی اونیا ۳۰

پستانوں کا پھوڑا جب سرخ اور بڑا درد ورم ہو۔ بیلاڈونا ۳۰

اگر پستان پھوڑے کی شکل اختیار کر چکا ہو اور پیپ پڑ چکی ہو۔ چھونا ناقابل برداشت ہیپر سلفر ۳۰

پرسوت کا بخار

جب کہ اخراجات بدبودار ہوں۔ نبض کمزور۔ مگر تھرمامیٹر بہت زیادہ بخار ظاہر کرے۔

تمام جسم میں دردیں پائیروجینیم ۲۰۰ صرف ایک خوراک دیں۔

شدید بےچینی تھوڑے تھوڑے پانی کی بار بار پیاس۔ نقاہت۔ آرسنکم البم

ہاتھوں اور پیروں کے تلوے جلیں سلفر ۳۰ ۵ ۔ ۱۰ قطرے دن میں تین یا چار بار استعمال کریں۔

پھنسیاں

سرخ رنگ کی پُردرد پھنسیاں بیلاڈونا ۳۰

پیپ نکالنے کے لیے سیلیشیا ۶ ایکس استعمال کریں۔

ہاتھ پاؤں جلتے ہوں تو سلفر ۲۰۰ صرف ایک خوراک کھائیں۔

صبح نہار منہ ایک خوراک سلفر ۳۰ اور دن میں تین خوراک آرنیکا ۳۰ دینے سے مسلسل پھنسیاں نکلنا بند ہو جاتی ہے۔

پھوڑا

پیپ پڑنے سے قبل سرخ رنگ کا پُردرد پھوڑا۔ بیلاڈونا ۳۰۔

اگر مواد نہ پڑا ہو اور مقام ماؤف ازحد ذکی الحس ہو کر کپڑا تک چھونا برداشت نہ ہو تو ہیپر سلفر ۲۰۰ صرف ایک خوراک ورم کو تحلیل کر دیں گی۔

Scanned with CamScanner

پیپ پر ٹھیکی ہو اور ذکی الحس ہو ہیپر سلفر ۳۰
پیپ خارج کرنے کے لیے سلیشیا ۳۰ استعمال کریں۔
زخم خشک کرنے کے لیے سلیشیا ۲۰۰ صرف ایک خوراک دیں۔

پیٹ کے کیڑے

بچہ مٹی کھاتا ہو۔ پاخانے کھٹی بو والے۔ بچہ پلپلا اور موٹا کلکریا کارب ۳۰
کھٹی بو والے زرد رنگ کے پاخانے۔ نیٹرم فاس ۳۰
بچہ بھینگا۔ روزمرہ کی دوا کے طور پر سائنا ۳۰
مقعد میں تکلیف دہ خارش۔ کھانے پینے کے باوجود بچہ دبلا پتلا اور کمزور
سانس میں بو۔ منہ سے رال بہے۔ مرک سال ۳۰۔
ہر دوائی ۱۰۔ ۱۰ قطرے پانی میں ملا کر یا چینی پر ۲ قطرے ملا کر ہر دو گھنٹے بعد دیں۔

پیچش

بطور روزمرہ کی دوا کے کرچی ۳۰
آؤں اور خون زیادہ اور مروڑ دیر تک رہے۔ مرک سال ۳۰
مریض پیٹ کو دبائے۔ کالوسنتھ ۳۰
پاخانے کے بعد فوراً افاقہ نکس وامیکا ۳۰۔
پرانی بار بار واقع ہونے والی عادت۔ سلفر ۳۰۔
مرغن اشیاء کے کھانے پینے سے پیچش۔ منہ کا ذائقہ کڑوا۔ پیاس ندارد۔ آؤں اور خون پلسٹلا ۳۰
ہر دوائی کے دس دس قطرے پانی میں ملا کر دیں یا ۲ قطرے تھوڑی سی چینی ملا کر ہر ۲ گھنٹے بعد کھلائیں۔

پیشاب کا بند ہو جانا

تازہ پیدا شدہ بچہ کا پیشاب ہو جانا۔ ایکونائیٹ ۳۰
وضع حمل کے بعد عورت کا پیشاب بند ہو جانا۔ کاسٹیکم ۳۰
گرم دواؤں کے استعمال سے پیشاب کی بندش۔ نکس وامیکا ۳۰
ڈر کی وجہ سے پیشاب بند ہو جانا۔ ایکونائیٹ ۳۰
تیز بخاروں میں پیشاب بند ہو جانا۔ فیرم فاس ۳۰
بغیر کسی وجہ یا علامت کے پیشاب بند ہو تو سلفر ۲۰۰ ایک خوراک دیں پیشاب کھل جائے گا۔

پیشاب جل کر آنا

بار بار قطرہ قطرہ پیشاب شدید جل کر آئے۔ کنتھیرس ۳۰
گرم دواؤں، شراب نوشی، چائے وغیرہ کے بد اثرات۔ نکس وامیکا ۳۰
شدید بے چینی۔ بار بار پیاس اور پیشاب جلن کے ساتھ آئے۔ آرسنکم البم ۳۰
ہر دو گھنٹے بعد ۱۰۔۱۵ قطرے پانی میں ملا کر۔

تپ محرقہ

پیاس زیادہ۔ قبض۔ چپ چاپ لیٹے رہنا زبان سفید۔ برائی اونیا ۳۰
بخار کے شروع میں اگر غنودگی ہو مگر پیاس نہ ہو۔ جلسیمیم ۳۰
تمام جسم میں درد یں۔ بے چینی خصوصاً کمر درد۔ رسٹاکس ۳۰
غنودگی۔ ہذیان بدبودار اخراجات۔ بپٹیشیا
جب بخار ۱۰۵ سے بھی تجاوز کر جائے اور سستی کیفیت پیدا ہونے لگے پائیروجنیم ۲۰۰ صرف ایک خوراک دیں۔

کمزوری زیادہ۔ بخار تیز۔ غنودگی۔ مریض صرف جگانے پر ہوش میں آئے۔
ایسٹا فاس ۳۰ چھ گھنٹے بعد ایک خوراک دیں۔

۱ تشنج (بچوں میں)

خصوصاً موٹے تازہ بچوں میں ۔ بیلا ڈونا ۳۰
دانت نکلنے کا زمانہ ہو تو معمولی حالت میں۔ اگنیشیا ۳۰
اگر شدید قسم کے دورے پڑیں اور بچہ چیخ اُٹھتا ہو۔ کیمومیلا ۳۰
پیٹ میں کیڑوں کی علامات کے ساتھ تشنج ہو تو سانٹا ۳۰ استعمال کریں
خوراک کم از کم ۲ گھنٹے کے وقفہ سے استعمال کریں۔

جریان منی ۔ کمزوری باہ ۔ احتلام

اس تکلیف کا علاج ہومیو پیتھک ادویات میں بہت کارآمد ہے اور معالج کی نگرانی میں ہونا ضروری ہے۔
عام کمزوری کے لیے اگر تازہ ہو تو۔ چائنا ۳۰۔
اگر دیرینہ ہو تو ایسڈ فاس ۳۰ استعمال کریں۔
مشت زنی کے بداثرات تمام جسم مع دماغ مفلوج۔ ہاتھ پاؤں کانپیں
جیلسیم ۳۰۔
مشت زنی اور معدہ میں خرابی شراب کباب کے بداثرات مزاج چڑچڑا
نکس وامیکا ۳۰
معمر آدمیوں میں مکمل نامردی۔ لائیکوپوڈیم ۲۰۰ یا سی ایم ایک خوراک۔
پیشاب کے ساتھ منی کا انزال سیلینیم۔ نیٹرم میونہ
مشت زنی کی عادت کو چھڑوانے کے لیے۔ خواہ عورتوں میں ہو۔
سٹیفی سیگریا۔

جگر کی تکالیف

جگر میں درد مگر مریض جگر والی جانب لیٹے۔ برائی اونیا ۳۰
بکثرت پسینہ اور جگر کی تکالیف۔ مرک سال ۳۰
غذائی اور ادویاتی بدپرہیزی کے بد نتائج چڑچڑا پن نکس وامیکا ۳۰
یرقانی علامات۔ جگر کے مقام کو ہر وقت ملتا رہے۔ صبح کو پیلا درد اسہال
پوڈوفائیلم ۳۰
جگر کی پرانی تکالیف تھوڑا کھانے سے معدہ بالکل بھرا معلوم ہو۔
کمر کے گرد جیسے ڈوری کس کر باندھ دی گئی ہو۔ لائیکوپوڈیم ۲۰۰ بچوں میں
یرقان۔ بچے سنلوں مزاج کیمومیلا ۳۰

جلدی بیماریاں

سیاہ رنگ کی جلد۔ کھجلی اور جلن ۔ آرسنکم البم ۳۰
کھجلانے کے بعد جلن رات کو کھجلی زیادہ ہاتھ پاؤں جلیں سلفر ۳۰
آبلے دار ابھار جن سے تیزابی پانی نکلے ۔ رسٹاکس ۳۰
پیپ دار پھنسیاں جیسے چیچک کے دانے ہوں۔ اینٹی مونیم ٹارٹ ۳۰
ابھار بہت سا پر جس معمولی زخم میں جلد پیپ پڑ جائے۔ ہیپر سلفر ۳۰

چوٹ اور زخم

چوٹ لگنے پر اندرونی طور پر دکھن اور درد زیادہ ہو۔ آرنیکا ۳۰
اگر شدید بے چینی اور بخار واقع ہو۔ ایکونائیٹ ۳۰
جب اعصاب کچلے جائیں۔ ہاتھ یا پاؤں کی انگلی پر ہتھوڑا لگے۔
ہائپیریکم ۳۰

اگر موچ آگئی ہو تو آرنیکا اور رسٹاکس باری باری دیں۔
زخموں کے لیے بیرونی طور پر کیلنڈولا کے لوشن (ایک حصہ کیلنڈولا ۳۰ یا ۵ چھ حصہ پانی) میں روئی بھگو کر استعمال کریں۔ روئی تر رکھیں خون بند ہو جائے گا۔
زیادہ خون نکل جاتے پر کمزوری کے لیے چائنا ۳۰
نوک دار آلات سے زخم مثلاً کیل پاؤں میں گھس جائے۔ لیڈم پال ۳۰
اگر سوئی یا کانٹا جسم کے اندر ٹوٹ جائے تو سلیشیا ۳۰ دیں۔

چھپاکی

چھپاکی کی ابھاروں میں ڈنگ دار دردیں اور گرمی سے تکالیف کا بڑھنا۔ اپیلس میلیفیکا ۳۰
جوڑوں اور کمر کی دردیں اور چھپاکی۔ رسٹاکس ۳۰
چھپاکی میں جلن اور بے چینی گرمی سے آرام۔ آرسنکم البم۔ چھپاکی ہاتھ پاؤں جلیں سلفر ۳۰

چیچک

روزمرہ کی دوا کے طور پر اینٹی مونیم ٹارٹ ۳۰
چھاتی کی دردیں۔ کھانسی۔ پیاس زیادہ۔ حرکت سے تکلیف۔ برائی اونیا ۳۰
گلے کے غدود سوج جائیں۔ منہ سے بہت آئے۔ مرک سال ۳۰
چہرے اور پپوٹوں پر سوجن جیسے شہد کی مکھی نے کاٹ لیا ہو۔ اپیلس میلیفیکا ۳۰۔
سیاہ خونی چیچک۔ نقاہت۔ گھونٹ گھونٹ بار بار پانی پیئے۔ آرسنکم البم ۳۰

دانے دب جائیں۔ مریض ٹھنڈا ہو جائے اور قوت حیات جواب دینے لگے۔ کیمفر ۳۰
جب دوائیں کام کرتے کرتے رک جائیں تو ایک خوراک سلفر ۳۰ کی دے کر پھر پہلی دوا جاری کریں۔

حمل کے دوران کی تکالیف

متلی اور قے کے لیے سب سے پہلے اپی کاک ۳۰ دیں
قبض اور صبح کے وقت متلی زیادہ ہو۔ نکس وامیکا ۳۰
حاملہ کو تھوک بکثرت آتا ہو۔ نیٹرم میور ۳۰
مٹی کھانے کی خواہش۔ کلکریا کارب ۳۰

حیض کا درد کے ساتھ آنا

پُر درد حیض کے وقت کالوسنتھ ۳۰ ہر آدھ گھنٹہ بعد دیں۔
خون کا رنگ سیاہ۔ شدید دردیں۔ نرم مزاج۔ گرم کمرے میں تکلیف بڑھنا پلسٹیلا ۳۰
چہرہ سرخ۔ دردیں یکدم شروع ہو کر یکدم ختم ہو جائے نیچے کی طرف دباؤ۔ بیلاڈونا۔

حیض کی بندش

پاؤں بھیگنے سے بندش حیض۔ پلسٹلا ۳۰
موٹی تازی عورتیں۔ پاؤں ٹھنڈے اور نمدار۔ مٹی کھانے کی خواہش کلکریا کارب ۳۰
حیض کی بجائے نکسیر (عوضی حیض) برائی اونیا ۳۰

حیض کی جگہ خون تھوکنا یا خونی قے ۔ مدقوق نانہ دبلی پتلی عورتیں فاسفورس ۳۰
مرد خشک ہوا یا خوف و ڈر سے حیض بند ہو جائے تو ایکونائیٹ ۔
حیض بند ہونے سے سر کی طرف اجتماع خون آنکھیں سرخ اعضائے تناسلی
میں بھراؤ اور نیچے کی طرف دباؤ ۔ بیلاڈونا ۳۰

حیض کی کثرت

سرخ چمک دار خون بکثرت اپی کاک ۳۰
سرخ چمک دار خون اور موت کا خوف طاری ہو ۔ ایکونائیٹ ۳۰
حیض مقررہ ایام سے قبل ۔ بکثرت ۔ قبض ۔ مریضہ چڑچڑی نکس وامیکا ۳۰
خون سیاہ اور جما ہوا اخراج سے نقاہت اور کانوں میں آوازیں ۔ چائنا ۳۰
دبلی پتلی لمبے قد والی خوبصورت عورتیں ۔ حیض بکثرت ۔ پشت پر دونوں
کندھوں کے درمیان جلن فاسفورس ۳۰ ۔

خسرہ

شروع سے آخر تک بطور روزمرہ کی دوا فیرم فاس ۳۰ دیں ۔
غنودگی کی حالت میں جیلی سیمیم ۳۰
ہذیان ۔ تیز بخار سر گرم پاؤں ٹھنڈے ۔ بیلاڈونا ۳۰
دانے دب جائیں ۔ چھاتی میں دردیں اور کھانسی ۔ برائی اونیا ۳۰ ۔
حفظ ماتقدم کے طور پر پلسٹلا ۳۰ صبح و شام ایک خوراک دیں ۔
آنکھیں سوجی ہوئی اور سرخ ۔ خراش دار پانی چلے ۔ یوفریزیا ۳۰
خونی اور سیاہ خسرہ ۔ بے چینی ، پیاس اور شدید کمزوری آرسنک البم ۳۰

دانت درد

مضبوط دانتوں میں درد ایکونائیٹ ۳۰

مسوڑھے کا پھوڑا اور دانت درد مرک سال ۳۰
دانت نکلوانے کے بعد درد اور خون روکنے کے لیے آرنیکا ۳۰
ہر آدھ گھنٹہ ۔ بعد دوائی ۱۵ قطرے پئیں چند سیکنڈ پانی منہ میں رکھیں
دوائی پانی میں ملا کر پئیں ۔

دانت نکالنا

دانت نکالنے کی جملہ تکالیف یعنی دست ، بخار وغیرہ ۔ بے چینی اور
چڑچڑا پن ۔ کیموملا ۳۰
سر گرم اور پاؤں ٹھنڈے ۔ سوتے سوتے چونک اٹھے ۔ بیلاڈونا ۳۰
موٹے پلپلے بچے ۔ سر پر پسینہ بہت آئے ۔ سفید کھٹی بو والے پاخانے
کلکریا کارب ۳۰
متلی قے اور سبز رنگ کے دست اپی کاک ۳۰
بچے مٹی کھائیں ۔ کلکریا کارب ۳۰

دمہ

عموماً دمہ کے دورہ کے وقت اپی کاک ۳۰ ہر آدھ گھنٹہ بعد دیں ۔
اگر دمہ کا دورہ آدھی رات کے بعد شروع ہو اور مریض لیٹ نہ سکے
آرسنکم البم ۳۰
ہاضمہ کی خرابیوں کے سلسلہ میں جبکہ مریض نے منشات مثلاً چائے ۔
تمباکو وغیرہ کا بکثرت استعمال کیا ہو ۔ نکس وامیکا ۳۰
بلغم خارج کرنے کے لیے ۔ اینٹی مونیم ٹارٹ ۳۰
بچوں میں نیٹرم سلف ۲۰۰ صرف ایک خوراک دیں (دورہ میں نہ دیں)

اگر یے چینی زیادہ ہو اور گرم ٹکور سے آرام معلوم دے تو آرسنک البم ۳۰
مچھر۔ پسو اور ننھے کیڑوں کے کاٹے ہیں۔ لیڈم پال کھانے کو دیں اور لیڈم پال Q خارجی طور پر استعمال کریں۔

بچھو کاٹے۔ آرسنک البم ۳۰ دیں۔ اور ارنیکا Q اوپر لگائیں۔
انگلی کے سرے پر گلہری یا چوہے وغیرہ کے کاٹنے پر ہائپیریکم ۳۰ دیں۔
اگر مقام ماوف سے دردیں آگے چلتی معلوم ہوں تو بھی ہائپیریکم مفید ہے۔

سر درد

سر درد اگر نزلہ زکام کے بند ہونے کی وجہ سے ہو تو نکس وامیکا ۳۰
سر درد ماتھے میں زیادہ۔ آنکھیں سرخ اور درد کریں۔ بیلاڈونا ۳۰
سر درد جو ۱۰ بجے صبح کے لگ بھگ شروع ہو۔ نیٹرم میور ۳۰
چلنے پھرنے یا سر کو ہلانے سے تکلیف۔ دباؤ سے آرام برائی اونیا ۳۰
سر درد کے ساتھ شدید متلی اور قے۔ اپی کاک ۳۰

سوزاک

ابتدائی حالت میں جیسے ہی تکلیف محسوس ہو۔ ایکونائیٹ ۳۰ ہر ۲ گھنٹے بعد دیں۔
اگر ایکونائیٹ سے فائدہ نہ ہو تو کینابس سٹائیوا ۳۰ دیں۔
قطرہ قطرہ جلن دار پیشاب کینتھرس ۳۰
زرد رنگ کا گاڑھا مواد خارج ہو ملیسٹلا ۲۰۰ یا ۱۰۰۰ صرف ایک خوراک دیں۔
پرانا سوزاک۔ ہاتھ پاؤں اور پیشاب کی نالی میں جلن سلفر ۳۰
اگر آتشک مادہ بھی ہو اور مواد سبز رنگ کا نکلے۔ مرک سال ۳۰ دیں۔

قولنج

درد میں پیٹ کو دبانا پڑے۔ درد اور اسہال کالوسنتھ ۳۰
بچوں کے قولنج میں کیمومیلا ۳۰ اور بیلاڈونا ۳۰ باری باری دیں۔
ثقیل غذاؤں اور غیر ہومیوپیتھک دواؤں سے استعمال کی وجہ سے قولنج بار بار پاخانہ کی حاجت ہو۔ نکس وامیکا ۳۰

قے

بچوں میں دودھ کی قے اور کمزوری ایتھوزا ۳۰
عام کیسوں میں خواہ بچہ ہو یا بڑا اپی کاک ۳۰
بہت بڑی قے اور بہت بڑے دست اکٹھے واقع ہوں (ہیضہ) وریٹرم البم ۳۰
بچہ دودھ پینے کے بعد فوراً قے کر دے ترش قے۔ کلکریا کارب ۳۰
ٹھنڈے پانی کی شدید پیاس۔ مگر پانی جب معدہ میں جگہ گرم ہو تو قے آ جائے۔ فاسفورس ۳۰

کالی کھانسی

کھانستے کھانستے بچے کا چہرہ سرخ ہو جائے۔ بیلاڈونا ۳۰
جبکہ چھاتی میں بلغم بہت بولے اور بچہ گگیاتا ہو۔ اپی کاک ۳۰

کانچ نکلنا

چڑچڑا اور اعصابی مزاج۔ پاخانہ کے بعد کانچ نکلے۔ اگنشیا ۳۰

زرد رنگ کے اسہال۔ ہر پاخانہ کے ساتھ کانچ نکلے۔ پوڈوفائیلم ۳۰

کان کا درد

بچوں کے کان درد میں روزمرہ کے طور پر پلسٹلا ۳۰

چڑچڑے بچوں میں کان درد کیمومیلا ۳۰

کان درد جبکہ درد رات کو بڑھ جائے مرک سال ۳۰

ککرے

اپی کاک ۵ قطرے ایک اونس آب مقطر میں ملا کر دن میں ۴ مرتبہ آنکھوں میں ڈالیں۔ اندرونی طور پر کھانے کے لیے اگر تازہ کیس ہو۔ ایکونائیٹ ۳۰، پرانے کیس ارجنٹم نائیٹریکم ۱۰۰۰ ایک خوراک پندرہ دن بعد دیں۔

کمر درد

وزن اٹھانے سے کمر درد ہو جائے آرنیکا ۳۰ اور فیرم فاس ۳۰ باری باری استعمال کریں۔

بھیگنے یا گرم سرد ہوتے پر کمر درد بیٹھنے پر زیادہ چلنے پھرنے میں افاقہ رسٹاکس ۳۰

ذراسی حرکت سے درد شدید ہو جائے سکون سے لیٹنے پر آفاقہ برائی اونیا ۳۰

کن پیڑے

اگر منہ خشک ہو فیرم فاس ۳۰ یا بیلاڈونا ۳۰

اگر منہ سے رال بہتی ہو مرک سال ۳۰

کھانسی

گلے پھولے ہوئے اور خشک کھانسی بیلاڈونا ۳۰

گلے پھولے ہوئے اور رال بہے مرک سال ۳۰

کھانسی خشک اور چھاتی درد کرے۔ برائی اونیا ۳۰

خشک کھانسی اگر برائی اونیا سے ٹھیک نہ ہو تو فاسفورس ۳۰

صبح کے وقت کھانسی زیادہ نکس وامیکا ۳۰

بچوں کی کھانسی۔ بلغم چھاتی میں بولے اپی کاک ۳۰

خشک کھانسی۔ آدھی رات کے بعد تکلیف زیادہ۔ آرسنک البم ۳۰

کھانسنے سے ہر بار پیشاب خطا ہو جائے ٹھنڈے پانی سے کھانسی رک جائے۔ کاسٹیکم ۳۰

کیل، مہاسے

مزاج گرم۔ ہاتھ پاؤں میں جلن اور کیل نکلنا۔ سلفر ۳۰

عورتوں میں ماہواری کی خرابی کے ساتھ کیل نکلنا۔ پلسٹلا ۳۰

سرخ رنگ کی چہرے پھنسیاں۔ بیلاڈونا ۳۰

گلے پڑنا

دائیں گلے کی زیادہ سوزش۔ منہ خشک۔ بیلاڈونا ۳۰

منہ سے رال بہے۔ مرک سال ۳۰

پرانے کیسوں میں برٹیا کارب ۲۰۰ ہر روز ایک خوراک دیں۔

گلا بیٹھنا

آواز کے زیادہ استعمال سے گلا بیٹھ جائے۔ آرنیکا ۳۰

سردی لگنے یا نزلہ و زکام یا موسم کی تبدیلی سے آواز یکایک بند ہو جائے۔
کاسٹیکم ۳۰

شام کے وقت گلا بیٹھنا۔ مرطوب موسم میں تکلیف زیادہ کاربوویج ۳۰
گلے کی سوزش اور دُکھن کے ساتھ آواز بھاری نیٹرم ناس ۳۰

گوہانجی

ہر قسم کی گوہانجی کے لیے پلسٹلا ۳۰ ایک مجرب دوا ہے۔
اگر خون خراب ہو گیا ہو اور بار بار دانے نکلتے ہوں درد زیادہ ہو۔
ہیپر سلفر
بار بار گوہنجیاں نکلنے کے لیے سلیشیا ۳۰ بھی استعمال ہوتی ہے۔

لنگڑی کا درد

دائیں ٹانگ میں تازہ دیں۔ کالوسنتھ ۳۰
کمر درد اور ٹانگ کا مشترکہ درد۔ گرم سرد ہونا۔ رسٹاکس ۳۰۔
دردیں یکدم شروع ہوں اور یکدم ختم ہوں۔ پاؤں لٹکائے رکھنے سے آرام۔ بیلاڈونا ۳۰
قبض۔ زیادہ بیٹھے رہنے والے اشخاص مثلاً کلرک۔ نکس وامیکا ۳۰
سرد ہوا لگ جانے سے درد اور بخار۔ شدید بے چینی۔ ایکونائیٹ

لو لگنا۔ سن سٹروک

سن سٹروک کی بہ ایک دوا گلونائیں ۳۰ ہر دس یا پندرہ منٹ بعد پانی میں دیں۔
چہرہ سرخ۔ آنکھیں سرخ اور غنودگی۔ بیلاڈونا ۳۰

مریض بہت بے آرام۔ موت کا خوف۔ ایکونائیٹ
نیٹرم میور ۳۰ لو لگ جانے میں اکسیر کا کام کرتا ہے۔ اگر ہذیانی کیفیت شروع ہو جائے۔
تو کالی فاس ۳۰ کے ساتھ باری باری سے دیں۔

مرگی

مرض کے دورہ میں بیلاڈونا ۳۰ جب کہ چہرہ سرخ۔ سر گرم اور پاؤں ٹھنڈے ہوں۔ مرگی کے دورے نئے چاند پر سلیشیا ۳۰
چڑچڑے مریض جو بدہضمی اور قبض کا شکار۔ نکس وامیکا ۳۰

مسوڑھوں سے پیپ آنا۔ مسوڑھے کا پھوڑا

مرک سال ۶ اور بلند طاقتیں استعمال کریں۔
ابتدائی سوزش درد۔ بیلاڈونا
منہ سے رال بہے۔ بدبودار سانس۔ مرک سال ۳۰
مسوڑھے میں پیپ بننے کا امکان نظر آئے۔ ہیپر سلفر ۳۰

معدہ کی تکالیف

شراب۔ کباب۔ چٹ پٹی غذاؤں۔ تمباکو چائے وغیرہ کے بداثرات۔
نکس وامیکا ۳۰
پیٹ میں بہت ریاح۔ بدبودار خارج ہو۔ کاربوویج ۳۰
روغنی غذاؤں کے بعد معدہ کی خرابی پلسٹلا ۳۰
میٹھی چیزوں کی خواہش اور پھر ان سے تکلیف بڑھنا۔ ارجنٹم نائٹریکم ۳۰

ملیریا بخار

بطور روزمرہ کی دوا کے اپی کاک ۳۰ (جب کسی دوا کی علامات نہ ملیں تو اس اس کو ہمیشہ استعمال کریں) ۸/۱۰ بجے صبح سردی سے بخار چڑھے، قبض اور سر درد ہو۔ نیٹرم میور ۳۰ (دورہ کے دوران میں اس دوا کو ہرگز نہ دیں بلکہ دورہ ختم ہونے پر دیں۔)

بعد دوپہر یا آدھی رات کے بعد بخار کا ہونا شدید بے چینی۔ آرسنک البم ۳۰

۴ بجے شام کا بخار ہوتا پیاس ندارد پلسٹلا ۳۰

منہ کے چھالے

بچوں میں بوریکس ۳۰

اگر رال بہت بہے۔ مرک سال ۳۰

موچ آنا

موچ کے شروع میں آرنیکا ۳ یا ۳۰ فیرم فاس ۳۰

موچ کے پرانے اثرات اگر آرنیکا کام نہ کرے۔ سٹاکس ۳۰

فیرم فاس ۳۰ یا ۳۰

نکسیر۔ اگر زیادہ نکسیر آنے سے کمزوری واقع ہو جائے۔ چائنا ۳۰

نمونیہ

سرد ہوا لگنے سے شدید حملہ، بے چینی۔ خوف۔ ایکونائیٹ ۳۰

دائیں طرف نمونیہ جب کہ مریض اسی طرف لیٹے۔ برائی اونیا ۳۰

اکثر برائی اونیا ۳۰ اور فاسفورس ۳۰ باری باری دینے سے بچوں اور بڑوں

کے نمونیہ کیس ٹھیک ہو جاتے ہیں۔

چھاتی میں بلغم بھری ہوئی مگر کمزوری کی وجہ سے مریض خارج نہ کر سکے۔ اینٹی مونیم ٹارٹ ۳۰

نیند کا نہ آنا

تکان کی وجہ سے نیند نہ آئے۔ آرنیکا ۳۰

چائے تمباکو وغیرہ کے کثرت استعمال کی وجہ سے نیند نہ آئے نکس وامیکا ۳۰

وضع حمل اور اس کے بعد کی دردیں

وضع حمل کو تیز کرنے کے لیے کالی فاس ۳۰ ہر پندرہ منٹ بعد ۱۰، ۵ قطرے دیں۔ وضع حمل کے بعد کی دردوں کے بعد آرنیکا ۳۰

ہچکی

نکس وامیکا ۳۰

ہیضہ

ہر کیس کے شروع میں کیمفر ۵ ہر ۱۵/۱۰ منٹ بعد شوگر میں دیں۔

قے اور دست بہت زیادہ۔ پیاس زیادہ ویریٹرم البم ۳۰

تشنج زیادہ ہو جائیں۔ کیوپرمیٹیکم ۳۰

Scanned with CamScanner

پہلے قبض کو دور کرنا ہوگا۔

درد کان کے لیے

روغن گل یا عرق پیاز دس بوندیں ایک بوند یہ اکسیر ملا کر کان میں ڈالیں درد فوراً دور ہوگا۔

درد دانت کے لیے

روئی کا پھویا اس دوائی میں بھگو کر دانت کے سوراخ میں رکھیں چند سیکنڈوں میں آرام آجائے گا۔

درد پیٹ کے لیے

شیر گرم پانی یا عرق گلاب میں ۵ بوند ملا کر نوش کر دیں۔ انشاءاللہ آرام آ جائے گا۔

ہیضہ کے لیے

مصری یا پتاشہ میں ۲ بوند تھوڑے تھوڑے وقفہ کے بعد کھلائیں۔

دھدر چنبل کے لیے

سوہاگہ ایک تولہ گندھک ایک تولہ نوشادر ایک ماشہ کو خوب پیس کر مرغ کے انڈے کی سفیدی ملا کر مرہم بنائیں اس میں پندرہ بوند اکسیر اعظم ملائیں دھدر چنبل پر لگائیں۔ انشاءاللہ فائدہ ہوگا۔

اور دیگچی میں دو ڈھائی سیر دودھ ڈال دیں اور حب الغراب کو پوٹلی میں باندھ کر لٹکائیں نیچے نرم نرم آنچ کریں۔ تمام دودھ جذب ہو جائے تو حب الغراب کو آب گرم میں دھو ڈالیں چھلکا اتار لیں اور درمیان میں جو جھلی سی ہوتی ہے۔ دور کریں۔ بعدہ، ادویہ ذیل کا مجموعہ ہم وزن حب الغراب کے سفوف کے کریں۔

نسخہ یہ ہے۔ فلفل سفید۔ دار چینی۔ چوب چینی۔ کباب چینی۔ جوز بوا۔ مصطگی۔ عود بلسان۔ زعفران۔ قرنفل۔ عود ہندی۔ سعد ہندی۔ آملہ مقشر۔ سنبل طیب۔ قاقلہ صغار۔ نانخواہ۔ رازیانہ سیاہ۔ صندل سفید۔ فلفل دراز۔ خصیۃ الثعلب۔ تودری سرخ۔ تودری سفید۔ تودری زرد۔ مرصلی سفید۔ گاؤزبان۔ طباشیر تمام ترلہ تولہ لیں۔ ورق طلاء۔ ورق نقرہ ۲ ماشہ لے کر شہد خالص سہ چند اول شہد کو صاف کر کے قوام بنائیں اس کے بعد سب ادویات بغیر زعفران۔ مصطگی و عود بلسان کے شامل کریں۔ آخر میں ورق طلاء وغیرہ کے ممزج کریں۔ خوراک نیم مثقال دودھ یا مسکہ کے ساتھ کھائیں۔ اگر ہر روز ۴۰ یوم تک نیم مثقال کھائیں۔ تمام عمر ضعیفی نزدیک نہ دیکھے گا۔ انشاءاللہ تعالیٰ مجرب المجرب ہے۔

اکسیر بواسیر:۔ یہ نسخہ سید صفدر علی شاہ صاحب نے مجھ ناچیز کو استعمال کرنے کے لیے دیا ہے انہوں نے فرمایا ہے کہ میں خود اس کا استعمال کرتا ہوں لوگوں کو فی سبیل اللہ دیتے ہے۔ حاضر خدمت ہے تاکہ لوگ فائدہ اٹھا سکیں۔ اسوقت اچھا ٹک چاکسو اچھا ٹک کیچو ایک چھٹانک۔ اڑھ سیر پانی میں ابال کر گاڑھا کریں پھر چنے کے برابر گولیاں بنائیں ایک گولی شام ہمراہ دودھ کھائیں۔ انشاءاللہ فائدہ ہوگا۔

برائے احتلام سرعت انزال

یہ نسخہ حکیم غلام محمد خان پٹھان بصیر پور والوں سے عطا ہوا ہے۔ اُن کے

ذیابیطس

عام طور پر ایسڈ فاس ۵ سے ۳۰ اور بلند طاقتیں کافی فائدہ پہنچاتی ہیں بشرطیکہ کثرت سے جماع کیا گیا ہو۔ پیشاب دودھیا۔ مریض انتہائی مایوس رات کو کئی مرتبہ اٹھ کر پیشاب کرنا پڑے سلی مزاج والے مریض جن کے پیشاب میں شکر آتی ہو۔ فاسفورس ۳۰۔ مریض میٹھی اشیاء کا بہت شوقین۔ پیٹ میں ریاح ارجنٹم نائٹریکم ۳۰۔

ریاح کا ہونا

اگر ریاح شدید بدبودار ہوں۔ کاربوویج ۳۰ اور بلند طاقتیں۔ اگر ڈکاروں سے قطعًا آرام نہ آئے اور کانوں میں آوازیں پیدا ہوں۔ چائنا ۳۰ ناف سے نیچے ریاح کا ہونا۔ دو چار لقموں سے پیٹ بھر جائے۔ لائیکوپوڈیم ۳۰ ہسٹریا والی عورتوں میں گلے میں ہوا کا گولہ اٹھ جانا۔ اگنیشا ۳۰۔ مصالحہ دار غذاؤں کا کثرت سے استعمال۔ یونانی اور ایلوپیتھک دوائیں کھاتے رہنا مزاج چڑچڑا اور ریاح نکس وامیکا۔ مریض میٹھی چیزوں کا دیوانہ۔ بلند آواز ڈکاریں۔ ارجنٹم نائٹریکم ۳
مرغن اشیاء کھانے کے بعد ریاح پلسٹلا ۳۰۔

زکام، نزلہ

زکام کے شروع ہونے پر ایکونائیٹ ۳۰ فیرم فاس ۳۰ ہر گھنٹہ بعد چار خوراک دیں۔ بند زکام کے لیے غیر ہومیوپیتھک دواؤں کے استعمال سے بیماری یا دبے نکس وامیکا ۳۰۔ اگر آنکھوں سے زیادہ پانی خارج ہو تو یوفریزیا ۳۰۔ ناک میں جلن۔ پتلا زکام۔ آرسنک البم ۳۰۔ جب گلا متاثر ہو جائے۔ مرک سال ۳۰۔ زکام پکنے پر جب بلغم کا رنگ پیلا ہو جائے۔ پلسٹلا ۳۰۔ زکام اور کھانسی کے بیک وقت موجود ہونے پر آرسنک البم اور بیلاڈونا باری باری استعمال کرا سکتے ہیں۔

زہریلے جانوروں کا کاٹنا، شہد کی مکھی اور بھڑ وغیرہ کے کاٹنے پر۔ ایپس میلی فیکا ۳۰

عام جسمانی کمزوری

اگر خون زیادہ نکل جانے کی وجہ سے ہو تو چائنا
اعصابی کمزوری جو مستقل غم۔ دماغی کام یا کثرت جماع کی وجہ سے۔
ایسڈ فاس ۳۰

ہر آدھ گھنٹہ بعد پلائیں۔

غدودوں کا سوجنا

سرخ اور نہایت پُر درد غدود (تازہ سوجن) بیلاڈونا ۳۰
گلے کے غدودوں کا سوجنا جبکہ منہ سے بہت پانی آئے۔ مرک
سال ۳

غدودوں میں پیپ پڑنا۔ پہلے سلیشیا ۲ سے پیپ نکالیں بعد ازاں سلیشیا ۲۰۰ ایک خوراک دیں۔
مریض موٹا۔ خنازیری غدود سر پر بکثرت پسینہ کلکریا کارب ۳۰
خنازیری غدود۔ ہاتھ پاؤں اور سر کی چوٹی میں جلن۔ سلفر ۳۰

قبض

بار بار پاخانہ کی حاجت مگر قلیل پاخانہ آئے۔ نکس وامیکا ۳۰
جلاب آور دواؤں کے بعد قبض۔ نکس وامیکا
پیاس زیادہ۔ منہ خشک۔ پاخانہ خشک برائی اونیا
بچوں کی قبض میں عمومًا برائی اونیا ۳۰ استعمال کریں۔
اگر قبض مستقل رہنے لگے تو نکس سے کام نہ چلے تو پھر صبح نہار منہ، سلفر ۳۰ کی ایک خوراک اور دن میں نکس ۳۰ کی تین خوراکیں دینے سے قبض رفع ہو جاتی ہے۔

فالنامہ قلندری حجروی مقیمی

یہ فال نامہ ہمارا اپنا تیار کردہ ہے۔ اس کو ہم نے تجربہ میں لایا بہت کامیاب رہا ہے۔ کامیاب ہوتے ہیں بھی ایک راز پنہاں ہے وہ یہ کہ لوگ پرانے فالنامے دیکھ کر تنگ آ گئے تھے۔ آج سے سو سال پرانی کتابوں میں یہ فالنامے چلے آ رہے ہیں لیکن مصنف ہذا نے کوشش کی کہ کوئی نئی ایجاد ہونی چاہیے۔ لہٰذا مصنف ہذا اور خاص دوست سید افضال علی شاہ گیلانی ایم اے اُردو نے مراقبے شروع کر دیئے۔ ہم نے مختلف درباروں پر جا کر مشاہدہ کیے کہ فالنامہ کس طرح ہونا ضروری ہے۔ مشاہدات کرنے سے ایک عجیب صورت سامنے آئی ہے۔ سب سے پہلے ہم نے حضرت میراں بہادل شیر قلندر کے روضہ اقدس پر مراقبہ کیا تو آپ نے ہماری باطنی راہنمائی فرمائی۔ انہوں نے فرمایا کہ ہر بزرگ کے دربار پر مراقبہ کریں۔ انہوں نے مراقبہ کرنے کا ایک منفرد طریقہ بتایا تھا جو کہ باطنی طور پر عطا ہوا ہے یہاں لکھنا مناسب نہیں ہے ہم نے مختلف مزاروں پر مراقبہ کیا اور بزرگوں نے بذریعہ الہام ہم کو فرمایا کہ ہمارے نام کی فال کے آگے فلاں فلاں لکھ دو ہم نے فوری طور پر کتاب پر نوٹ فرمائے مراقبہ کرتے وقت جو کچھ ہم کو حاصل ہوا ہم درج کرتے ہیں۔ لیکن یقین نہ کرنے والا منکر ہوگا۔ کیونکہ ہم نے جو کچھ حاصل کیا من و عن اُس طرح ہی لکھا ہے۔ بہت کارآمد ثابت ہوا ہے۔ اس میں زیادہ تر بزرگوں کے نام حجرہ شاہ مقیم کے ہی ہیں۔ اس لیے اس کا نام قلندری حجروی مقیمی رکھا ہے۔ ہم نے زیادہ تر مراقبہ بھی حجرہ شریف میں ہی کیا تھا۔ اس فال کو دیکھنے کا طریقہ مندرجہ ذیل ہے۔

طریقہ:۔ عامل کو چاہیے کہ پہلے تسبیح کے دانے کے برابر لکڑی کے دانے بنائے یا پھر صندل کی لکڑی کے دانے بازار سے مل جاتے ہیں جو کہ تسبیح بنی ہوتی ہے

۳۵ عدد دانے لے کر ہر دانے پر ایک سے ۳۵ تک نمبر لگائے پھر چینی کی ایک تھالی لے کر اُس میں تمام دانے رکھے دانوں کو ہلا کر سائل کے سامنے پیش کرے کہ کوئی ایک دانہ اُٹھائے۔ سائل جو دانہ اُٹھائے گا اُس دانے کے نمبر میں تفصیل دیکھیں۔ دانے اٹھانے سے پہلے تین دفعہ درود پاک تین دفعہ الحمد شریف تین دفعہ سورۃ اخلاص یعنی کل شریف پڑھ کر تمام بزرگوں کے ارواح کو ایصال کریں۔ پھر دانہ اُٹھائے۔ اگر دانہ نہ مل سکیں تو جدول پر ہاتھ رکھے جس خانہ پر انگلی شہادت دائیں جانب کی آئے تو وہی خانہ دیکھے بہتر تو یہ ہے کہ دانے بنوائے جائیں۔ جس طرح کا طریقہ ہم کو بتایا گیا تھا۔

جدول اگلے صفحہ پر ملاحظہ فرمائیں

شکریہ!

Scanned with CamScanner

1 حضرت میراں بہاول شیر قلندرؒ	2 حضرت سید نور محمد بزرگ رحؒ	3 حضرت سید ابو المعالی رحؒ	4 حضرت سید محمد مقیم محکم الدین رحؒ	5 حضرت سید سخی سیف الرحمٰن رحؒ
6 حضرت سید عبد اللہ نوری رحؒ	7 حضرت سید محمد امیر بالا پیر رحؒ	8 حضرت سید شہنشاہ محمد نور بھرپور رحؒ	9 حضرت سخی سید دولا پاک محمد محمد حسین رحؒ	10 حضرت سید محمد ہاشم رحؒ
11 حضرت سید محمد قاسم رحؒ	12 حضرت سید احمد بادشاہ	13 حضرت سید محمد شاہ رحؒ	14 حضرت سید عبد الرزاق رحؒ	15 حضرت سید والی قطب امام رحؒ
16 حضرت سید مدد لیسین رحؒ	17 حضرت سید عارف علی شاہ رحؒ	18 حضرت سید سخی امداد علی شاہ رحؒ	19 حضرت سید آغا نثار علی شاہ رحؒ	20 حضرت سید امتیاز علی شاہ رحؒ
21 حضرت سید خادم حسین شاہ رحؒ	22 حضرت سید بڈھے شاہ رحؒ	23 حضرت سید نیاز علی شاہ	24 حضرت سید عصمت اللہ رحؒ	25 حضرت سید عظمت اللہ رحؒ
26 حضرت سید صادق حسین شاہ رحؒ	27 حضرت سید مبارک علی شاہ رحؒ باہر آلی	28 حضرت سید کرم علی شاہ	29 حضرت سید مخدوم سردار علی شاہ رحؒ	30 حضرت سید ملک عالم شاہ رحؒ
31 حضرت سید قطب علی شاہ	32 حضرت سید عبد المجید شاہ رحؒ	33 حضرت سید جلال دین معصوم پاک رحؒ	34 حضرت سید کھیوا امام رحؒ	35 حضرت سید امانت علی شاہ رحؒ

۱۔ حضرت میراں بہاول شیر قلندرؒ

جس جگہ جانے کا ارادہ ہے مت جا نقصان ہوگا اور پریشانی ہوگی۔ پندرہ دن سخت ہیں پھر کام آسان ہو جائے گا۔ کچھ صدقہ کر جو منت مانی ہے پوری کر اب نیک دن آ رہے ہیں کسی بزرگ کے مزار پر روزانہ بعد نماز فجر حاضری دیا کر تاکہ تمام دلی مرادیں بر آئیں مریض صحت پائے گا۔ غیب کی خبر مل جائے گی۔ دولت ذرا مشکل سے ہاتھ آئے گی۔ مشکل حل ہوگی۔

2۔ حضرت سید نور محمد بزرگ رحؒ

تمہاری مرادیں پوری ہوگی جس کام کا ارادہ ہے پورا ہوگا۔ گم شدہ چیز مل جائے گی۔ سفر تمہارے لیے اچھا نہیں ہے قیدی رہائی پائے گا۔ کسی پر شک نہ کر دل کی بات کسی سے نہ کہہ دشمن تیرا کچھ بھی نہ بگاڑ سکیں گے۔ مریض کو صحت مشکل سے ملے گی۔ سفر پر گیا ہوا واپس آ جائے گا۔ فقیر سے جھگڑا نہ کر ورنہ نقصان ہوگا لڑکے کا خیال ہے تو اللہ انعام دے گا خواب کی تعبیر اچھا ہے۔

3۔ حضرت سید ابو المعالی رحؒ

نیک کاموں میں جلدی کر تیری عمر ساتھ نہیں دے رہی ہے۔ مریض ہرن کا گوشت کھائے تو صحت ہوگی۔ محنت مشقت سے حال بدل جائیں گے۔ کسی درویش سے دعا کرواؤ تاکہ کامیابی حاصل ہو تو قرآن پاک کی تلاوت کیا کر۔ سورت لیسین، الرحمان کا وظیفہ تیرے لیے مفید ہے۔ گناہوں سے توبہ کر حاملہ کو بیٹا پیدا ہوگا۔ زبان کو روک رکھ فلاح پاؤ گے۔ دوستوں سے فائدہ ہوگا۔ والدین کی خدمت کر صدقہ بلاؤں سے نجات ہے۔

۴۔ حضرت سید محمد مقیم محکم الدینؒ

حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ و آلہٖ وسلم کی زیارت نصیب ہوگی۔ صدقہ روزانہ کرتا کہ کام آسان ہو۔ دشمنوں پر فتح پائے گا۔ غیب سے روزی ملے گی۔ اولاد نرینہ ہوگی عورتوں سے محبت میں کامیابی ہوگی۔ مسافر امن و امان سے گھر آئے گا رنج والم سے نجات ہوگی۔ دنیا سے کنارہ کشی میں فائدہ ہے خواب کو سمجھ سفر میں فائدہ ہوگا۔ بیماری سے صحت ملے گی ترقی ہوگی۔ حج نصیب میں ہے۔ غوث پاک کی اولاد کا مرید ہو جا با ایمان مرے گا۔

۵۔ حضرت سخی سیف الرحمانؒ

ملازمت مل جائے گی روزی فراخ ہوگی، سفر پیش آنے والا ہے۔ سفر میں مصیبت آئی اللہ کو یاد کیا کر دلی مرادیں پوری ہوگی۔ حاملہ لڑکی ہوگی زبان چلانے سے مال حاصل ہوگا۔ حلال روزی کمانے سے کام ٹھیک ہو جائے گا۔ صدقہ جاریہ ادا کر کسی دربار پر کبوتروں کو باجرہ ڈال سات یوم میں مرشد کامل ملے گا۔ والدین میں سے کوئی فوت ہو جائے گا۔ گناہوں سے توبہ کر جھوٹ بولنا نقصان دہ ہوگا۔

۶۔ حضرت سید عبداللہ نوریؒ

جو کام کی نیت ہے پورا نہ ہوگا۔ غائب چند دنوں میں واپس آئے گا۔ مال ہاتھ آئے گا مگر رشتہ داری ٹوٹ جائے گی۔ شادی کرنا مبارک ہے ترقی دین و دنیا ہوگی، سورۃ فاتحہ کا وظیفہ کسی کامل مرد کی اجازت سے پڑھ مہلک بیماری میں گرفتار ہوگا۔ دوست کی ایمان داری پر بھروسہ نہ کر خواب شیطانی ہے۔ دنیا سے کنارہ کش ہو جاؤ۔ سرخ رنگ کا کپڑا صدقہ کر عورت تمہاری وفادار نہ رہے گی۔ ایک وزن نمک مال و دولت حاصل ہوگا۔ درختوں سے فائدہ ہوگا۔

۷۔ سید محمد امیر بالا پیرؒ

تیرا کام تدبیر سے ہوگا۔ پندرہ یوم بعد تیری مشکلیں آسان ہوں گی۔ سفر کا ارادہ ہے تو چلا جا فائدہ ہوگا۔ گم شدہ چیز مل جائے گی شادی تمہارے لیے بہتری کا سامان ہے۔ کسی رشتہ دار سے فائدہ ہوگا۔ غوث پاک کی زیارت ہوگی۔ دشمن کو دوست نہ سمجھ زندگی دراز ہوگی۔ حاملہ لڑکی جنے گی۔ سبز رنگ کا کپڑا اور دس سیر چاول خیرات کر۔ مرغی صدقہ کر تیرے کام سرانجام ہوں۔ نماز میں سستی نہ کرو ورنہ تیرے کاموں کا بگاڑ ہوگا۔ ماں باپ کی زیارت کیا کرتا کہ نجات پائے۔

۸۔ حضرت سید شاہ محمد نور بھرپورؒ

اللہ تعالیٰ اولاد نرینہ سے نوازیں گے۔ دوستوں کی مدد سے کام پورا ہوگا۔ مخالف تیرا پیچھا کر رہا ہے اور نقصان پہنچانے کی کوشش میں ہیں۔ بکری کا گوشت صدقہ کر سب بلائیں دور ہوں گی۔ منت کو آج ہی پورا کر کسی سید کی روزانہ زیارت کیا کرتا کہ آل نبیؐ کی زیارت سے تو صاحب ایمان بن جائے۔ سرداری ملے گی علم دین حاصل ہوگا۔ بیوی سے صدمہ ملے گا۔ رشتہ داروں سے میل جول رکھ تاکہ بغض ختم ہو جائے۔

۹۔ حضرت سخی دولا پاک حسینؒ

دولا پاک حسین کی مزار پر حجرہ شاہ مقیمؒ میں اکتالیس یوم حاضری صبح کے وقت دے اور بے فکر ہو جا۔ تجارت سے مال پائے۔ عہدہ میں ترقی ہوگی۔ دلی مطلب پورے ہونگے ایک سخت مشکل پیش آنے والی ہے۔ اہل و عیال کو اکیلا مت چھوڑ۔ جن و پری تکلیف دیتی ہے۔ کسی درویش سے دعا کی ضرورت ہے یاد رکھ! کھاؤ پیئو کرو چین۔ قرض اتارا ہے دولا پاک حسین۔ عورت خوبصورت ملے

پیار و محبت سے زندگی بسر ہوگی۔ غیب واپس آئے گا۔ دنیا میں زندگی تنگدستی سے گذرے گی۔ پھر اچانک کسی مرد کامل سے ملاقات کے بعد عیش کرو گے۔ چوری کا مال مت کھا توبہ کر گناہوں سے بچا کر۔ نیا چاند دیکھ کر سورۃ لیسین و ملک کی تلاوت کیا کرو۔

۱۰۔ سید محمد ہاشم قدس سرہ العزیز

صاحب فال کے نیک اور صالح اولاد پیدا ہوگی۔ نیک عمل انجام دے۔ بزرگ اور صالح ہوگا۔ دو عورتیں نکاح میں لائے۔ بیمار کو پندرہ یوم میں شفاء ہوگی۔ امام وقت سے فائدہ ہوگا۔ روزانہ پانچ لوگوں کو روٹی کھلا۔ کسی جشن میں شامل ہونے سے فائدہ ہوگا۔ دشمن تیری سات نسلوں کو نقصان نہیں پہنچا سکتے۔ کسی سید کی مزار پر سبز و سفید جھنڈا لہرا دے۔ کالا جادو کیا گیا ہے۔ مگر بے فکر ہو جا۔ سورۃ ملک کا چلہ کر۔ یہ خیال جس کے لیے تو نے فال لی ہے۔ صدقہ کر کام ہو جائے گا۔ زندگی عیش سے گذرے گی۔ حرام مال سے توبہ کر۔ دنیا سے کنارہ کش ہو جا۔ منحوس دن ختم ہو گئے ہیں۔ ہر کام کرنے سے پہلے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم دم میراں لعل پاک بہاول شیر قلندر پڑھ۔

۱۱۔ سید محمد قاسم قدس سرہ العزیز

اس کام میں مخالف بہت ہیں۔ کسی تدبیر سے کام ہوگا۔ بہادری کر۔ دشمن لاٹھی گولی کی زبان سمجھتے ہیں ان کا استعمال کر۔ افسروں کو مل لے۔ بارہ اماموں کی نیاز دیا کر۔ دروازہ پر سیاہ جھنڈا گاڑ دے۔ نظر بد سے محفوظ ہوگا۔ کہیں سفر کا ارادہ ہے۔ آج نہ جا۔ تین یوم میں کام سرانجام ہوگا۔ اللہ پر توکل رکھ۔ حاملہ کے لڑکا ہوگا۔ گمشدہ چیز نہیں ملے گی۔ بہاول شیر قلندرؒ کی مزار پر حجرہ شاہ مقیمؒ میں حاضری دے۔ مسجد بنوا۔ زمینداری سے فائدہ حاصل ہوگا۔ مریض کو صحت

مشکل ہے۔ قیدی کو رہائی مل جائے گی۔ مشکل آسان ہوگی۔ سورۃ کہف جمعہ کے دن تلاوت کیا کر۔ دوست یا عزیز کے آنے کی توقع ہے۔

۱۲۔ سید احمد بادشاہ قدس سرہ العزیز

دعائے سیفی با اجازت شروع کر دے۔ دختر نیک پیدا ہو۔ دشمن پر فتح یاب ہوگا رنج و غم اور مکر و فریب سے نجات حاصل ہو۔ غیر عورت تیرا نقصان کرے گی۔ درویش سے دعا کراؤ۔ دنیا کا علم حاصل ہوگا۔ دین حاصل ہوگا۔ زمین کاشت کر۔ دکان داری میں بھی فائدہ ہے۔ بیمار پر پندرہ دن بھاری ہیں۔ ابو آمنہ کی طرف سے اللہ کی راہ میں خیرات ہر جمعرات کو کیا کر۔ تمام دلی مقاصد پورے ہونگے۔ حج نصیب میں ہے۔ یہ کام مت کر بدنامی ہوگی۔ انڈہ صدقہ کر۔

۱۳۔ سید محمد شاہ قدس سرہ العزیز

یہ کام نیک اور مبارک ہے کر گذر ملازمت سے فائدہ ہوگا۔ زراعت میں بھی نفع ہے۔ رنا دعلی کبیر کی منزل پوری کرے۔ ابو رابعہ حجروی مقیمیؒ کی طرف سے اللہ کی راہ میں خیرات دیا کر۔ نصیب میں اولاد بہت ہے۔ اللہ کا ذکر شروع کر دے شادی کسی امیر گھر میں ہوگی۔ دنیا کا علم نصیب میں ہے۔ دولت کو ضائع نہ کر۔ کسی بڑے شہر میں رہائش اختیار کر۔ دل کا راز کسی پر ظاہر نہ کر۔ گھر والوں پر رزق کشادہ کر۔ مسافر واپس آ جائے گا۔ خواب میں حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت نصیب ہوگی۔ سرداری ملے گی۔ عزت و شہرت حاصل ہوگی۔ چالیس یوم میں حالات اچھے ہو جائیں گے۔ دوست مددگار سے جدائی ہوگی اور نقصان پائے گا۔

۱۴۔ سید عبدالرزاق قدس سرہ العزیز

ماں باپ کی خدمت سے تیرا یہ کام پورا ہوگا۔ جس کی ملاقات کا دل میں شوق ہے۔ اس سے ملاقاتی ہوگا۔ اس سے فائدہ بہت حاصل ہوگا۔ اللہ پر توکل رکھ اور درد اپنا کسی پر ظاہر نہ کر۔ جو کچھ تو چاہتا ہے مل جائے گا۔ صدقہ کر چاہے ایک کھجور ہی ہو۔ دشمن تمہارے ذلیل وخوار ہوں گے شادی کرنا چاہتا ہے عورت حور صفت ہوگی۔ رزق بے شمار ملے گا۔ صرف چودہ دن انتظار کر اور حجرہ شاہ مقیمؒ میں حضرت سید عبدالرزاق کی مزار پر ہر جمعرات ۸ ہفتے حاضری دے گمشدہ چیز مل جائے گی۔ دلی مرادیں پوری ہوں گی۔

۱۵۔ سید والی قطب امام قدس سرہ العزیز

مسافر، غائب کے آنے کی اُمید ترک کر دو۔ والدین کو ظاہر میں دوست اور باطن میں دشمن سمجھتا ہے۔ دوسری جگہ چلے جاؤ نفع حاصل ہوگا۔ جس کام کے لیے دریافت کرتے ہو۔ سورۃ مزمل کا وظیفہ کرنے سے پورا ہوگا۔ عورت ہمیشہ لڑائی جھگڑے سے تنگ رکھے گی۔ تمہاری دلی مراد چند دن میں پوری ہو جائے گی۔ اپنے نزدیکی رشتہ داروں کا بھلا کر تو اللہ مہربانی کرے گا اور قیدی رہا ہو جائے گا۔ بیمار جلد اچھا ہو جائے گا۔

۱۶۔ سید مدو یٰسین قدس سرہ العزیز

اللہ تعالیٰ تم کو دوست رکھتا ہے نیک کام کیا کر۔ معجزے ظاہر ہونگے۔ اس جگہ شادی نہ کر حضرت بابا بلھے شاہ کے مزار پر چار جمعرات حاضری دے تیرا کام جلد ہی پورا ہوگا۔ موجودہ سجادہ نشین حجرہ شاہ مقیمؒ کا مرید ہو جا۔ سفر پر جانے سے فائدہ ہوگا کاشتکاری فائدہ دے گی۔ ملازمت مل جائے گی۔ شعبان میں ایک مصیبت آنے والی ہے درود تاج صبح وشام سات مرتبہ پڑھا کرو۔ لڑکی پیدا ہوگی جو تیرا نام روشن کرے گی۔

۱۷۔ سید عارف علی شاہ قدس سرہ العزیز

جس کام کے لیے دریافت کرتے ہو اس کے ہونے میں کچھ وقت لگے گا۔ یہ شادی تمہیں نیک اور مبارک ہے۔ سفر پر نہ جا راستے میں خطرہ جان ہے سات یوم میں مراد حاصل ہوگی زردہ پکا کر تقسیم کر دے دین میں سستی کرے گا۔ حرام مال تجھ کو فائدہ نہ دے گا۔ اللہ تعالےٰ کے ننانوے ناموں کا ورد صبح کر کیا کر خوشخبری ملنے والی ہے۔ آئندہ سال میں کامیابی تیرے قدم چومے گی۔ خاندان میں ترقی ہوگی۔ حج نصیب میں ہے۔ دوست مخلص ہیں خیر و برکت ہاتھ آئے گی۔

۱۸۔ سید امداد علی شاہ قدس سرہ العزیز

لڑکی باکرہ سے نکاح کرے گا۔ دلی مراد بر آئے مسرت وخوشی حاصل ہو قرآن پاک پڑھ کر ماں باپ کا چہرہ دیکھا کر۔ بیماری آنے کا ڈر ہے۔ پہاڑی علاقے میں جانے سے فائدہ ہوگا۔ عدل وانصاف ملے گا۔ علم شریعت پر عمل شروع کر دے۔ اگر ملازمت کرنی ہے تو پرائیویٹ میں فائدہ ہوگا۔ گھر کے مالک کی موت واقع ہو گی۔ مصیبت آئے گی۔ کسی کامل سے دُعا کراؤ۔ اللّٰہ الصمد کی تسبیح صبح کی نماز کے ساتھ پڑھا کرو۔ قرآن پاک لے کر ہدیہ دے دو۔ دشمن پر فتح پائے پریشانی دور ہو آرام پائے۔

۱۹۔ سید آغا نثار قدس سرہ العزیز

خوشی حاصل ہوگی غم دور ہوں گے راحت ملے گی نصف دین و مال کا نقصان ہوگا۔ کسی بزرگ سے فیض حاصل ہوگا۔ علم میں ترقی ہو ہر دل عزیز ہو مشہور عام ہو نیک ہوگا۔ مال پاکیزہ ملے۔ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ننانوے ناموں کا ورد صبح کی نماز کے بعد ہر مشکل کا تیرے لیے حل ہے۔ کسی وقت حاکم سے ذلت اُٹھائے گا۔ اولاد نرینہ ہوگی۔ شربت، چاول پکا کر تقسیم کرے۔ زکام و بخار میں مبتلا ہوگا۔ سایہ کا بھی دخل ہوگا۔ دشمن تیری جان کے درپے ہے۔

۲۰۔ سید امتیاز علی قدس سرہ العزیز

فرزند پیدا ہوگا خوشی حاصل ہو۔ روزگار میں ترقی ہو۔ غیب سے مدد ملے پریشانی دور ہو۔ مالدار ہو نعمت ہاتھ آئے۔ سفر میں فائدہ ہوگا، لوگوں کا بھلا کیا کر۔ بزرگی حاصل ہو۔ آخرت میں نجات حاصل ہوگی۔ بگڑے کام درست ہوں نیا چاند دیکھ کر مرغی صدقہ کیا کر جو مہم درپیش ہے کام ہو جائے گا۔ سورۃ اخلاص کے تسبیح صبح نماز کے بعد وظیفہ بنا لے۔ اللہ پر بھروسہ کر غمگین نہ ہوا کر۔ دل کا راز فاش ہو جائے گا۔ دشمن دوست ہو جائیں گے۔ کاشتکاری میں فائدہ ہے۔ بھائی وفاداری کریں گے۔ ماں باپ ساتھ نہ دیں گے

۲۱۔ سید خادم حسین شاہ قدس سرہ العزیز

اعلیٰ عہدہ آپ کا منتظر ہے۔ دشمن کے ساتھ جھگڑا ہوگا۔ دولت سے گھر بھر جائے گا۔ دلی مقصد پورا ہوگا۔ گناہوں سے توبہ کرے۔ فرزند پیدا ہوگا۔ مٹی میں ہاتھ ڈالے گا تو سونا بنائے گا۔ شادی غیروں میں ہوگی۔ صدقہ کرو کسی غریب کا بل ادا کرو۔ کسی کام میں حیرانی ہوگی۔ بڑے افسروں سے تعلقات بن جائیں گے۔ رشتہ دار تابعدار ہوں گے۔ والدین کی تابعداری سے قحط سے بچ جائے گا۔ بیمار کو نو روز میں شفا ہوگی۔ شہید ہوگا یا درجہ شہادت ملے گا۔ سرکار خادم حسین شاہ کے لیے روٹی خیرات کر۔ یا ودود ہمیشہ پڑھا کر۔

۲۲۔ سید بُڈھے شاہ گیلانی قدس سرہ العزیز

عامل و کامل بن جائے گا۔ لوگوں میں مشہور ہوگا آیۃ الکرسیہ کا وظیفہ کسی کامل کی اجازت سے شروع کرے گا تو ہر کام حسب دل خواہش پورے ہونگے حضوری نصیب ہوگی حضرت پیر بڈھے شاہ کے نام کی خیرات اللہ کے راہ میں دے تو غیب مل جائے گا۔ اور بیمار کو شفاء ہوگی۔ حج نصیب ہوگا ملاقاتی عزت کرے گا۔ جو نیت تو نے کی ہے۔ فائدہ ہوگا۔ جو کام بھی شروع کرے گا۔ ۳۰ یوم بعد خوب پھلے پھولے گا۔ کاروبار بھی نفع دے گا۔ منحوس دن گذر گئے۔ سفر پر جا لیکن راہ میں دشمن کی احتیاط رکھ ورنہ نقصان اُٹھائے گا۔

۲۳۔ سید نیاز علی شاہ قدس سرہ العزیز

حصول مقصد ہوں گے مال پاکیزہ ہاتھ آنیوالا ہے اس جگہ کو چھوڑ دے ہجرت کر جا خیر و برکت و رحمت کا موجب ہے۔ نمازوں کی پابندی کیا کر حالات اچھے ہو جائیں گے ہر کوئی تمہیں نیک جانے گا اور اعتماد کرے گا مگر۔ بہاول شیر قلندر کی مزار پر حجرہ شاہ مقیم میں حاضری دیا کر۔ شادی اچھی جگہ ہوگی۔ بدگمانی کرنے سے تیرے کام بگڑے ہوئے ہیں۔ مریض پر پندرہ یوم سخت ہیں۔ مچھلی کا صدقہ دے دنیا کے کام میں رکاوٹ نہ ہوگی۔

24۔ سید عصمت اللہ قدس سرہ العزیز

عجیب وغریب اشیاء خریدنے میں رقم لگائے گا۔ اپنی سادگی کی وجہ سے دوست دشمن کو نہیں پہچانتا۔ نظر بد سے نقصان ہوا ہے۔ کئی عورتوں سے نکاح کرے گا۔ رجب کا مہینہ تجھے مبارک ہے خوشخبری ملے گی۔ یہ فال اچھی ہے تیری نیت پوری ہو گی۔ اللہ پر نگاہ رکھ اور صبر سے کام لے رزق کی سمت جانے پر فائدہ ہو گا۔ خواب میں تجھے ڈر لگتا ہے۔ غیب تیرا دور چلا گیا ہے۔ سوموار کو تیرے دل کا کام تجھ پر ظاہر ہو گا۔ گمشدہ چیز مل جائے گی۔ سورۃ الرحمان کا وظیفہ روزانہ صبح کی نماز کے بعد طلوع آفتاب سے پہلے تیری مشکلوں کا حل ہو گا۔

۲۵۔ سید عظمت اللہ قدس سرہ العزیز

تیرا مریض شفا پائے گا۔ اس سال سفر کرنا نفع مند ہے۔ گناہوں سے توبہ کرنی کاموں کی رکاوٹ دور کر دے گی۔ جس چیز سے تجھے خوف ہے تین یوم میں دور ہو جائے گا۔ خرید و فروخت نقصان دے گی۔ قرضہ نہ دیا کر واپس نہیں ملے گا۔ صبح خیرات کیا کر ۳۱۲ مرتبہ اول و آخر درود شریف پڑھ کر حاملہ کو میٹھی چیز دم کر کے دے ۴۱ یوم ایسا کر پھر لڑکا ہو گا۔ تنگدستی غالب رہے گی۔ آخر عمر دولت ملے گی۔ کاروبار میں حصہ داری بھی نفع نہ دے گی۔ کسی کو مرشد پکڑنے سے تمام کام سرانجام ہوں گے۔ فتح نامہ کا تعویذ پاس رکھ۔

26۔ سید صادق حسین قدس سرہ العزیز

تیرے حالات سونے کا چھلہ خیرات کرنے سے بہتر ہونگے سورۃ والتین کا وظیفہ پڑھ غیب کی خبر مل جائے گی۔ درود پاک کو ہمیشہ پڑھتا رہا کر مریض پر پندرہ دن سخت ہیں زبان بند رکھا کر سب تابعداری کریں گے۔ ہر کام استخارہ کر کے کیا کر کاروبار نفع دے گا۔ پانی سے نقصان ہو گا۔ سورۃ مزمل کا وظیفہ پڑھنے سے لڑکا ہو گا کسی بات سے دل کو پریشانی نہ لگا مراد پوری ہو جائے گی وزیروں کے پاس جائے گا تو نفع حاصل ہو گا۔ بدکاروں کا ساتھ چھوڑ دے۔ غریب کی مدد سے مسئلہ حل ہو گا۔

27 سید مبارک شاہ قدس سرہ العزیز

تجھ پر سایہ جن پری بھوت کا ہے۔ "اللہ اللہ" کرانے سے مریض کو صحت ہو گی۔ روزی کم ہو جائے گی۔ مصیبت آئے گی دنیا میں بدنامی ہو گی۔ مگر سورۃ یوسف کا نقش کسی عامل سے لیکر پہنو اور تلاوت کرو۔ حالات سنبھل جائیں گے سفر میں فائدہ ہے۔ ۲ بکرے خیرات کر دے۔ دشمن پر فتح پائے تمام بلائیں دور ہوں۔ دنیا سے کنارہ کشی بہتر ہے۔ دل کا راز ظاہر نہ کیا کر نماز پر دھیان کر۔

28۔ سید کرم علی شاہ قدس سرہ العزیز

بزرگوں کی خدمت تمہارے حق میں بہتر ہے۔ ہزاروں دشمن بھی تجھے نقصان نہیں پہنچا سکتے۔ اللہ تعالٰی اپنی رحمت سے شفا دے گا۔ ۵ یوم میں افسر مہربان ہو گا۔ عشق میں کامیابی ہو گی۔ چغل خور تمہارا نقصان کرے گا۔ افرادی قوت میں اضافہ ہو گا۔ ہر کام تیرے لیے نفع بخش ہے۔ عزیزوں کا فکر نہ کر۔ مسافر کی واپسی ہو گی۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کی تسبیح اور نماز فجر پڑھا کر اللہ تعالٰی مہربانی کرے گا۔ شادی دل پسند جگہ پر ہو گی جادو نہ کیا کر جادوگروں سے بچ کر رہ۔ مقدموں میں فتح تمہاری ہے۔

Scanned with CamScanner

29۔ مخدوم سردار علی شاہ قدس سرہ العزیز

جس جگہ پر جانے کا ارادہ ہے چلا جا فائدہ ہوگا اور غم دور ہوں گے۔ جھگڑا کرنے میں نفع ہے۔ بیٹی ہوگی۔ شراکت داری سے کاروبار چلے گا۔ بیمار کو صحت ملے گی۔ کھڈیاں ضلع قصور میں مخدوم سردار علی شاہ کے عرس میں شامل ہو کر۔ لوگوں میں مشہور ہوگا۔ پریشانی دور ہوگی۔ مقدمہ خارج ہوگا۔ گمشدہ چیز مل جائے گی۔ سورۃ فاتحہ پڑھا کر کام کی رکاوٹ ختم ہوگی۔ حضور غوث پاک کی خواب میں زیارت ہوگی۔ حاکم مہربان ہوگا۔

30۔ سید ملک عالم شاہ قدس سرہ العزیز

حکومت و سرداری ملے گی۔ روزی غیب سے ملے گی۔ فرزند ہوگا۔ دشمن پر فتح نصیب ہوگی۔ مرتبہ بلند ہوگا۔ نیک کاموں میں شہرت ملے گی۔ عدالت تیرے حق میں فیصلہ دے گی۔ ایک مصیبت آئے گی مگر ۲ من گندم خیرات کرنے سے جاتی رہے گی۔ شادی غیروں میں ہوگی۔ کسی کو قرض نہ دو مریض صحت یاب ہوگا۔ غیب مل جائے گا۔ حاجی ہونے کی بشارت ہے۔ دین و دنیا دونوں کام بن جائیں گے۔

31۔ سید قطب علی شاہؒ

قرآن پاک کا حافظ ہوگا۔ اعلیٰ افسری ملے گی۔ قیدی رہائی پائے گا۔ امیدیں پوری ہوں گی۔ مراد حاصل ہوگی۔ زن و شوہر میں جھگڑا ہو جائے گا۔ عمر دراز ہوگی۔ گناہوں سے توبہ کر۔ کسی کا قتل تیرے ہاتھوں ہوگا۔ مقدمہ بن جائے گا۔ مگر رہائی ملے گی۔ بدکار عورتیں نقصان پہنچا سکتی ہیں۔ گھر میں آگ لگ سکتی ہے۔ زراعت سے نفع ہوگا۔ پھل صدقہ کیا کر۔ گوشت

کھانا چھوڑ دے۔ مکاری چھوڑ دے۔ کسی بزرگ کی مزار پر حاضری دیا کر۔ جمعہ پڑھا کر۔ مال حرام کمانا چھوڑ دے۔ سب ٹھیک ہو جائے گا۔

32۔ سید عبدالمجید شاہ قدس سرہ العزیز

اگر کسی سے نکاح کرنا ہے تو کرے۔ تمام کام اچھے ہو جائیں گے۔ بدھ کو دل کا حال ظاہر ہوگا۔ جس چیز کو ڈھونڈتے ہو حاصل ہوگی۔ مگر راز فاش نہ کرو۔ غائب آدمی جلد واپس آئے گا۔ سفر کرنا تجھے فائدہ مند ہے لڑکی پیدا ہوگی۔ بیس روز میں کرم ہو جائے گا۔ تمام لوگ دوست ہو جائیں گے۔ فتح قدم چومے گی۔ صبر کرنے میں بہتری ہے۔ حجرہ شاہ مقیمؒ کے دربار پر حاضری دیا کر زندگی سنور جائے گی۔ آخرت میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی شفارش نصیب ہوگی۔ جس کام کا ارادہ ہے پورا ہوگا۔

33۔ سید جلال الدین معصوم پاکؒ

۴۱ بار سورۃ ملک پڑھنے سے تمام مشکلات حل ہو جائیں گی۔ قرض دار ہے تو قرض اتر جائے گا۔ اولاد نرینہ ہوگی۔ مگر معصوم پاک کی مزار پر کھلونے منت مان حجرہ شاہ مقیم میں آ۔ تیرا نصیب کھل جائے گا۔ دشمن دوست ہو جائیں گے۔ غنی ہو جائے گا۔ ملازمت ملنے والی ہے۔ آسیب کا گھر پر سایہ ہے۔ مال میں خیر و برکت ۵ دن میں ہوگی۔ بیماری ختم ہونے والی ہے۔ عورتوں کی وجہ سے نقصان ہو رہا ہے۔

34۔ حضرت سید کھیوا امامؒ

چوری کا مال واپس مل جائے گا۔ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زیارت نصیب ہوگی۔ دشمن ختم ہونے والے ہیں۔ تجھے خوشی حاصل ہو

گی۔ حاملہ کے لڑکا ہوگا۔ غریبی جاتی رہے گی اللہ تعالیٰ کے اسم یا باقیؒ ور
کا وظیفہ ۲ تسبیح روزانہ کیا کر مریض ۱۵ یوم میں شفا پائے گا۔ مسجد کی صفائی
کیا کر درختوں کا کاروبار نفع دے گا۔ قصیدہ غوثیہ تیرے مشکل کا حل ہے
حضرت سید کھیوا امامؒ کی مزار پر حجرہ شاہ مقیم میں چادر چڑھا۔
زندگی میں خوشیاں ہیں۔

35۔ حضرت بابا سید امانت علی شاہ قدس سرہ العزیز

.. ۵ بار نادِ علی کا وظیفہ پڑھ تاکہ تیرے کام آسانی سے پورے ہوں۔
شادی کا فکر مت کر ہو جائے گی۔ حضرت بابا سید امانت علی شاہ کے
مزار پر عرس میں 478 ج ب ٹوبہ ٹیک سنگھ میں شامل ہوا کر۔ دین
و دنیا سنور جائے گی۔ تمام امیدیں پوری ہوں گی۔ حج کا ارادہ ہے تو چلا جا۔
صدقہ کیا کر روٹی پکا کر کھلایا کر تنگدستی چھ ماہ میں دور ہو گی۔ کار کا مالک بن
جائے گا۔ انشاء اللہ اور صبر میں اللہ راضی ہے۔

قارئین کی آرا

تحفۃ الگیلانی کے بارے میں لوگوں کے تاثرات

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ ٥ خدا تعالیٰ کی ذات و برکات کا کھربوں شکر ہے کہ آج تحفۃ الگیلانی کا دوسرا ایڈیشن آپ کے ہاتھوں میں موجود ہے۔ ایڈیشن اوّل کی اشاعت کو مورخہ یکم دسمبر ۱۹۹۹ء کو ایک سال پانچ ماہ ہو گئے ہیں۔ لیکن خدا تعالیٰ کا شکر ہے کہ کتاب کا ایڈیشن اوّل مارکیٹ سے ختم ہو گیا ہے۔ اور مختلف شہروں سے نایابی کے لیے خطوط ملنا شروع ہو گئے ہیں یہ اس بات کی صداقت ہے کہ تحفۃ الگیلانی صرف ڈیڑھ سال سے قبل مارکیٹ سے نایاب ہو گئی۔ پہلا ایڈیشن ایک ہزار کی تعداد میں تھا۔ اس کی کامیابی اور صداقت کے لیے مختلف علاقوں مختلف شہروں اور بیرون ملک سے ہم کو کم از کم پانچ سو کے قریب خطوط ملے ہیں یہ بھی اس کتاب کی صداقت کے لئے کافی ہے کہ کم از کم پچاس فیصد لوگوں نے اس کتاب کو پزیرائی بخشی ہے۔ اس کی صداقت کے لئے ہم چند ایک خطوط نمونے کے طور پر کتاب کی خوبصورتی کے لئے لکھ رہے ہیں۔ تاکہ کتاب کی سچائی کو چار چاند لگ جائیں۔ خدا تعالیٰ کا کھربوں شکر ہے کہ تحفۃ الگیلانی نے کئی ناکام عاملوں کو کامیاب بنایا اور ہماری دل کی تمنا پوری ہوئی۔

گئی۔ جن لوگوں نے ہم کو خط لکھے ہیں اور اظہار صداقت کیا ہے۔ ہم اُن کا بھی شکریہ ادا کرتے ہیں اور اُن کے لئے دست بستہ دعا گو ہیں کہ خدا تعالیٰ ان کو مزید تحفۃ الگیلانی کے عملیات سے فیض یاب ہونے کی توفیق عطا فرمائے (آمین ثمہ آمین) لوگوں نے اظہار صداقت کے طور پر جو خط لکھے ہیں وہ جوں کے توں ہمارے پاس موجود ہیں۔ اُن میں سے چند نمونہ کے طور پر قارئین عملیات کی نذر کرتے ہیں۔ لوگوں کے خطوط کے ساتھ ایڈریس بھی لکھ دیئے ہیں تاکہ اگر کوئی سچائی ثابت کرنے کے لئے ان سے ملاقات کرنا چاہے تو ان کو اُس پتہ پر مل سکتا ہے۔ سب سے پہلے جو خط موصول ہوا تھا وہ سب سے پہلے درج کرتے ہیں۔ پھر بعد میں کوئی ترتیب نہ ہے۔

محمد الیاس مرزا مکان نمبر ۱۳۶ چونگی نمبر ۲۲ راولپنڈی کینٹ سے مورخہ ۲۱/۸/۹۸ کو ایک نامہ ارسال کرتے ہیں لکھتے ہیں۔

جناب انتہائی محترم اور قابل احترام حضرت پیر سید سبطین حیدر صاحب اسلام علیکم!

جناب عالی آج سے تقریباً دس دن پہلے اپنے ایک دوست کے ساتھ اشرف بک ایجنسی سے سیرت النبی ؐ کی کتابیں خریدنے گئے تھے۔ کیونکہ ہم نے محفل نعت خوانی کا اہتمام کیا تھا۔ اسی دن آپ کی لکھی ہوئی نہایت مبارک کتاب تحفۃ الگیلانی پر نظر پڑی تو صرف ایک نظر سے دیکھنے سے دل کو بہت بھا گئی۔ تو کتاب خریدنی پڑی۔ پھر خرید لی تو گھر میں آکر جب کتاب کا مطالعہ کیا تو بہت ہی اہم باتوں کا پتہ چلا تو اس کے بعد میں نے مکمل طور پر مطالعہ کیا۔ عرض یہ ہے کہ میں نے عملیات اور دست شناسی میں کافی لوگوں کو استاد بنایا تھا اور جگہ جگہ استادوں کی تلاش میں چکر لگاتا رہا۔ اور کافی لوگوں کی محفل میں بیٹھنے کا اتفاق ہوا۔ لیکن

کچھ سمجھ نہیں آرہا تھا۔ میں بجائے کامیابی کے ناکامی کی طرف جا رہا تھا اس لئے کہ مجھ کو کسی بھی استاد سے اچھی طرح راہنمائی نہ عطا ہوئی تھی لیکن میں نے ہمت نہ ہاری۔ چاہیئے تو تھا کہ میں تلاش بند کر دیتا مگر ہمت ہونے کے باوجود تھکا نہیں۔ میرا شوق جنون کی شکل اختیار کر گیا۔ لیکن کتابوں کا مطالعہ کرتا رہا۔ مطالعہ میں کافی کتابیں نظروں سے گزریں۔ بعد میں آپ کی کتاب تحفۃ الگیلانی کو تو بہت ہی بہت ہی مجرب پایا۔ اس لیے کہ میرے دوست کی ایک ہمشیرہ کو جنات کا سایہ ہو گیا تھا۔ جس تقریب میں میں گیا تھا۔ وہاں وہ بچی بھی موجود تھی۔ میرے دوست نے کہا کہ تم بھی عملیات کرتے ہو میری ہمشیرہ کو دیکھو کیا ہے۔ اُس نے کہا کہ لوگ کہتے ہیں کہ کسی جن کا سایہ ہے۔ اور جادو کے ذریعہ سے کیا ہوا ہے۔ میں نے مریض کی شکل دیکھی۔ اور دل نے کہا کہ تحفۃ الگیلانی سے نقش نادِ علی کبیر لکھ کر دوں۔ لہذا میں نے نقش لکھ دیئے۔ دوسرے دن صبح صبح میرا دوست میرے گھر آیا اور کہنے لگا کہ آپ نے ہم پر بہت احسان کیا ہے۔ میری ہمشیرہ نے چھ ماہ سے کچھ کھایا پیا نہ تھا۔ آپ کے نقش استعمال کرنے سے رات کی بچی بالکل ٹھیک ہو گئی ہے۔ رات کو کھانا بھی کھایا ہے اور پُر سکون نیند بھی سوئی ہے۔

جناب شاہ صاحب آپ نے یہ کتاب لکھ کر ہم پر بہت بڑا احسان فرمایا ہے۔ اسی دن سے میں نے آپکو اپنا مرشد اور کامل استاد تسلیم کر لیا ہے۔ آپ کے لکھے ہوئے نقوش سے بہت اشرف المخلوقات کو فیض پہنچے گا۔ میں ہمیشہ کے لئے صرف آپ کی نظر کرم چاہتا ہوں اور ہمیشہ کے لئے آپ سے فیض حاصل کرنا چاہتا ہوں مجھے امید ہے کہ آپ اپنے ہونے والے مرید اور شاگرد کو مایوس نہ فرمائیں گے۔ کیونکہ مجھے بھی کوئی روشنی کی کرن نظر آرہی ہے اور آپ اس روشنی کا راستہ

بند نہ کریں گے۔

جناب عالی میں ٹیلرنگ کا کام کرتا ہوں۔ میں پوری کوشش کروں گا کہ آپ کے ساتھ ملاقات کروں۔ اور آج سے میں آپ کو اپنا استاد مان رہا ہوں۔ اور زندگی بھر کامل استاد کہتا رہوں گا۔ آپ شاگرد بنائیں یا نہ بنائیں میں ہر ایک کو یہی کہوں گا کہ آپ ہی میرے کامل مرشد اور کامل استاد ہیں۔ اور جو کچھ مجھ کو مل رہا ہے اس ہی کامل پیر سے مل رہا ہے اور ہمیشہ ملتا رہے گا۔ اور مجھے کتاب کے عملیات خصوصاً واللہ اشد والے عمل کی اجازت بھی عطا فرمائیں۔ اور کبھی راولپنڈی آنا ہو تو مجھے اطلاع ضرور دیجئے گا۔ میرا گھر بہت چھوٹا ہے۔ مگر دل بہت وسیع ہے۔ آپ کی طرف سے جواب کا منتظر رہوں گا۔ امید ہے کہ آپ ناامید نہیں کریں گے۔

فقط والسلام آپ کا شاگرد

محمد الیاس مرزا راولپنڈی۔

سید محمد مرتضیٰ احسن شاہ معلم گورنمنٹ ہائی سکول رکھانوالہ ڈ/م خاص تحصیل و ضلع قصور سے اپنا نامہ ارسال کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

جناب شاہ صاحب، دامت برکاتہم العالیہ! السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ، احوال آنکہ بندہ نے آنجناب کی تحریر کردہ کتاب تحفۃ الگیلانی کا مطالعہ کیا۔ ماشاء اللہ بہت بہترین کتاب ہے۔ اللہ تعالیٰ آپ کے علم و عمل میں مزید برکت عطا فرمائے۔ آمین بحرمۃ سید المرسلین۔

امید کی جاتی ہے کہ جو تحفہ آپ نے ہم لوگوں کو عطا فرمایا ہے یہ آپکی محنت کا بے بہا خزانہ ہے۔ اور لوگوں کو بہت زیادہ فائدہ دے گی۔ میں آپ سے چند چیزوں کی راہنمائی چاہتا ہوں۔ مہربانی فرما کر راہنمائی عطا

فرمائیں۔

فقط دعاگو

سید غلام مرتضیٰ احسن شاہ

سید غلام مصطفےٰ شاہ صاحب نزد مسجد اہلحدیث کوٹ غلام محمد خاں قصور سے لکھتے ہیں کہ۔

جناب راہبر شریعت پیر طریقت پیر سید سبطین حیدر گیلانی صاحب

السلام علیکم! بعد

بعد از سلام و آداب کے عرض حال یہ ہے کہ۔ بندہ ناچیز بھی سادات گھرانے سے تعلق رکھتا ہے۔ اور خادم الفقراء ہے۔ آپکی کتاب "تحفۃ الگیلانی" کا مطالعہ کیا علم میں بیش بہا اضافہ ہوا بندہ کو بھی ورد اوراد و وظائف، چلہ کشی کا بچپن سے شوق ہے۔ آپ جیسے محبّ سادات پیران عظام کی دعا و برکت سے کامیابی حاصل ہوئی۔ بندہ ناچیز ابھی تک طالب علم ہے اور ساتھ ہی معلم کے عہدہ پر فرائض منصبی بھی سرانجام دے رہا ہے۔ بندہ ناچیز ابھی تک بیعت نہیں ہو سکا۔ مرشد کامل کی تلاش ہے سلسلہ قادری میں بیعت کی تمنا رکھتا ہے۔ اب آپ سے التماس ہے کہ بندہ کو از راہ خدا راہنمائی عطا فرمائیں۔ تاکہ اپنے رہبر کی راہبری میں زندگی گزار سکوں۔ میں بالکل عملیات، تسخیر کا عمل اور اجازت کا متمنی ہوں۔ بندہ کی انتہائی ادب سے گزارش ہے کہ خدا کی دی ہوئی نعمت سے اور اپنے بڑوں کی دعا و برکت سے اجازت تحریر فرمادیں۔ تحریری طور پر اجازت مرحمت فرمائیں۔ تاکہ بندہ کو اطمینان قلب ملے۔ امید ہے کہ خط کا جواب جلدی ارسال کریں گے۔

احقر العباد

سید غلام مصطفےٰ شاہ طالب

قمر حیات بھٹہ فیصل شہید بازار خیر پور ٹامے والی ضلع بہاول پور سے اپنا نامہ ارسال کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔

مکرمی و محترمی جناب پیر سید سبطین حیدر شاہ صاحب

السلام علیکم!

بندہ خیریت سے ہے اور خداوند کریم سے آپ کی خیریت نیک مطلوب ہے۔ گزارش ہے کہ بندہ نے حال ہی میں آپ کی نادر و نایاب اور بے نظیر کتاب تحفۃ الگیلانی کا مطالعہ کیا ہے۔ بندہ کافی عرصہ سے مختلف کتب کا مطالعہ کر رہا ہے لیکن اس کتاب میں آپ نے جس طرح نادر و نایاب عمل دیئے ہیں جو کہ آپ کے یا آپ کے دوست احباب کے تجربہ شدہ ہیں۔ یہ اس بات کی دلیل ہیں کہ اس کتاب کا ہر عمل تحقیق و تجربہ کے بعد ہی اس میں شامل کیا گیا ہے۔ جو کہ اس کتاب کی مقبولیت کو چار چاند لگا دیتے ہیں۔ بندہ کافی عرصہ سے تصوّف کی راہ میں چلنے کے لئے کسی نہ کسی طرح ان کتب کا مطالعہ کرتا رہا ہے۔ تاکہ مجھے مرشد کامل اور پیر کامل مل سکے لیکن ان تمام کتب کے مطالعہ کے بعد صرف آپ ہی وہ ہستی ہیں جن سے میں ہم کلام ہونے کا شرف حاصل کر رہا ہوں۔ اور پُر امید ہوں کہ آپ اس ناچیز کو مایوس نہیں فرمائیں گے۔ اس ناچیز کو اس قابل سمجھیں کہ اپنی مریدی اور شاگردی میں لے لیں۔ اپنے زیر سایہ صوف و سلوک کی راہ پر چلنا چاہتا ہوں۔ اگر آپ اس ناچیز کو اپنی نظر کرم میں لے لیں تو یہ بندہ کی خوش نصیبی ہوگی اور بندہ تا زندگی آپ کی اس مہربانی کو یاد رکھے گا اور آپ کی ہر طرح سے خدمت بجا لا کر اپنے آپ کو خوش نصیب تصور کرے گا۔ مجھے ہمدمی کا شرف عطا فرمائیں۔

فقط آپ کی توجہ کا طالب

قمر حیات بھٹہ زرگر، خیر پور ٹامے والی

فیصل آباد خیابان کالونی کشمیر روڈ سمیرہ چوک سے سید نبیل عظیم لکھتے ہیں کہ۔

مکرمی! السلام علیکم!

آپکی کتاب تحفۃ الگیلانی پڑھی پڑھ کر بڑی خوشی ہوئی۔ اس لئے کہ موجودہ دور میں بھی سچائی موجود ہے۔ کیونکہ اس کتاب میں سے میں نے کئی عملیات کئے ہیں جن میں مجھے سو فیصد کامیابی حاصل ہوئی۔ اس کے باوجود آپ کی نظر کرم کا طالب ہوں۔ اُمید ہے کہ آپ میری حوصلہ افزائی فرمائیں گے۔

اس کتاب میں آپ نے سورہ یٰسین با موکل لکھی ہے۔ وہ میں نے کیا ہے۔ آپ مجھے برائے مہربانی سورہ مزمّل شریف با موکل لکھ کر ارسال کریں اور اجازت عطا فرمائیں۔ آپ سے بالمشافہ ملاقات کرنا چاہتا ہوں۔ خط کا جواب ضرور دیں تاکہ آپ کے ساتھ ملاقات کر سکوں۔

فقط دعاگو

ناچیز فیصل

تحصیل و ضلع سیالکوٹ محلہ اسلام پورہ اگوکی سے مزمّل حمید لکھتے ہیں۔

جناب عالی پیر سید سبطین حیدر گیلانی صاحب

السلام علیکم!

جناب میں نے آپکی کتاب پڑھی۔ اس سے پہلے میں نے بہت ساری کتابیں پڑھیں جو آپ کی کتاب میں ملی جو فیض و برکات آپ کی کتاب میں ملے کم ہی کتب نظر میں آئی ہیں۔ آپ نے تو ہر بات صاف صاف لکھ دی کوئی پردہ نہ چھوڑا۔ خدا تعالیٰ آپ کو اپنی رحمت کے

سائے میں رکھے اور آپ کے فیض میں برکت کرے۔ آمین ثمہ آمین۔
میرا خط لکھنے کا مقصد صرف یہ ہے کہ آپ مجھے اپنی شاگردی میں لے لیں اور مجھے اپنے فیض سے مستفید فرمائیں اور مجھے دین کا پکا شیدائی بنائیں۔ میں اور میرا دوست آنساب آپ کے زیر سایہ آنا چاہتے ہیں آپ کی شہرہ آفاق تصنیف (تحفۃ الگیلانی) عملیات کی بلند پایہ کتاب ہے جس کو پڑھ کر بے شمار مجھ جیسے نوجوان فیض یاب ہو رہے ہوں گے۔ اللہ تعالیٰ آپکو اس نیک کام کا اجر و ثواب عطا فرمائے۔ آمین ثمہ آمین۔
خط کا جواب جلدی دیں۔ انتظار کروں گا۔

فقط آپ کی توجہ کا طلب گار

مزمل حمید

ساجد محمود c/o نذر محمد گیم قلی صادق پبلک سکول بہاول پور سے تحریر فرماتے ہیں کہ

محترم گیلانی صاحب!

السلام علیکم!

گذشتہ دنوں میں بازار میں سے گزر رہا تھا کہ میرے بک سیلر دوست نے مجھ کو آواز دی اور کہا کہ یہ کتاب تحفۃ الگیلانی نئی آئی ہے۔ میں چند کتابیں لے کر آیا تھا صرف ایک باقی رہ گئی ہے وہ آپ کے لئے رکھی ہے۔ میں نے کتاب کو سرسری نگاہ ڈالی تو کتاب خریدنے کی بجائے میں خود کتاب کا اسیر ہو گیا مگر مجبور تھا کہ خرید نہ سکا۔ کچھ دنوں بعد میں نے کتاب خرید لی۔ اب آپ کی کتاب "تحفۃ الگیلانی" تین ماہ سے میرے مطالعہ میں ہے۔ تحفۃ الگیلانی میں آپ کی سچائی اور تصدیقات نے دوبارہ عملیات کی طرف راغب کر دیا ہے۔ پہلے میرا دل

اکتا گیا تھا۔ میں نے چند عملیات کیے ہیں جو کہ بہت زود اثر ہیں لہذا کتاب کی سچائی نے مجھ کو آپ کا شیدائی بنا دیا ہے۔ میں آپ کو ملنا چاہتا ہوں اور کتاب "تحفۃ الگیلانی" کے عملیات کی اجازت چاہتا ہوں اور آپ کی شاگردی میں آنا چاہتا ہوں۔ براہ کرم مجھ پر نظر کرم فرمائیں۔

فقط احقر کمترین

ساجد محمود قادری اویسی

تحصیل سمندری ضلع فیصل آباد چک نمبر ۱۳۸ گ ب رسیانہ خورد سے سید امیر الحق شاہ گیلانی قادری چشتی صابری اپنا نامہ ارسال کرتے ہوئے فرماتے ہیں۔

بخدمت جناب قبلہ و کعبہ پیر و مرشد

السلام علیکم!

گزارش ہے کہ آپ کی تصنیف "تحفۃ الگیلانی" پڑھی اس لئے خط لکھ رہا ہوں۔ ہمارے بزرگ اس دنیا سے پردہ فرما چکے ہیں ہماری ظاہری طور پر رہنمائی کرنے والا کوئی نہیں ہے۔ آپ کی کتاب کی سچائی نے مجھے خط لکھنے پر مجبور کیا ہے۔ اس لئے خط لکھ رہا ہوں کہ آپ کی کتاب "تحفۃ الگیلانی" نے مجھے بہت سہارا دیا ہے بہت ساری مشکلیں حل ہو گئی ہیں۔ کھوئی ہوئی منزلیں مل گئیں۔ امید رکھتا ہوں کہ آپ میری ہر مقام پر رہنمائی فرمائیں گے اور اپنے فیض و کرم سے نوازیں گے۔ کیونکہ اب ہمارے بڑے بزرگ دنیا میں نہیں ہیں۔ گزارش یہ ہے کہ ایک نجدی کو مسلمان کرنا ہے۔ میں نے بہت کوششیں کی ہیں لیکن کوئی کامیابی نہیں ہوئی۔ لیکن کتاب "تحفۃ الگیلانی" ملی تو امید نظر آئی کہ اب ان شاء اللہ ضرور کامیابی ہو گی۔ کتاب کے عملیات کی اجازت چاہتا ہوں۔ جیسے آپ نظر کرم فرمائیں گے

ویسا ہی ہوگا۔ آپ کے ارشاد کا انتظار کروں گا۔ ملاقات کرنا چاہتا ہوں۔ کس طریقہ سے آپ کو مل سکتا ہوں۔

فقط دعاؤں کا طالب
سید امیر الحق شاہ گیلانی

حب چوکی ضلع لسبیلہ بلوچستان سے غلام قادر لکھتے ہیں کہ۔

محترم قبلہ جناب

السلام علیکم!

بعد از سلام عرض ہے کہ جناب کی کتاب "تحفۃ الگیلانی" کا مطالعہ کر کے بہت مسرت ہوئی میری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ جناب کی عمر دراز فرمائے تاکہ آپ کے تجربات سے مخلوق مستفید ہو آپ کی یہ تصنیف "تحفۃ الگیلانی" بلاشبہ عملیات کی دنیا میں ایک مفید و موثر کاوش ہے امید ہے کہ طالبان عملیات اپنے جائز مقاصد میں اس کتاب سے مدد لے کر ضرور مستفید ہوں گے۔ قبلہ! ناچیز آپ جیسے بزرگوں کی توجہ کا اور دعاؤں کا طالب ہے۔ دعا فرمائیں کہ اللہ تعالیٰ اس عاجز و ناچیز کو خلق خدا کی خدمت بے لوث طریقہ پر کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔

قبلہ بزرگوار سے خصوصی طور پر اور بڑے ادب کے ساتھ عرض ہے کہ بندہ ناچیز کو کتاب "تحفۃ الگیلانی" کے عملیات کی اجازت عطا فرمائیں۔ تاکہ جناب کے فیض سے ہمارے لسبیلہ کے لوگ بھی مستفید ہوں۔ شکریہ اگر اس موضوع پر آنجناب کی کوئی دوسری کتاب بھی ہو تو آگاہ فرما کر مشکور فرمائیں۔ اور اپنی شاگردی کا موقع عطا فرمائیں۔

فقط و خاک پائے بزرگان دین
غلام قادر سروری قادری

ضلع مظفر گڑھ تحصیل علی پور ٹیچر کالونی سے حکیم تحسین رضا لکھتے ہیں

جناب شہزادہ غوث الوریٰ

السلام علیکم!

واضح ہو کہ آپ کی کتاب "تحفۃ الگیلانی" کا مطالعہ کیا اور فوری طور پر اپنی بیگم کو عمل اللہ الصمد یا عزیز کا سوا لاکھ شروع کروا دیا خدا تعالیٰ کا کرنا ہے کہ ہم نے کوئی تعداد مقرر نہ کی تھی اور صرف سترہ دنوں میں میری بیوی نے سوا لاکھ مکمل کر دیا تھا جب صرف ابھی دس دن ہوئے تھے تو ہمارے گھر میں روزی کی فراوانی شروع ہو گئی تھی۔ میری نوکری میں اضافہ ہو گیا تھا۔ میری ترقی ہو گئی۔ اس کے بعد آپ کو خط لکھنا شروع کیا کہ اتنی نایاب کتاب کہ میں نے پہلے کافی کتابوں سے عملیات کئے تھے۔ مگر ناکام رہا۔ تھا۔ آپ کی تصنیف کی تو اجازت بھی نہ لی تھی لیکن کامیابی ہوئی۔ میری دعا ہے کہ خدا تعالیٰ آپ کی کتاب کو چار چاند لگائے۔ آپ نے اگر جلد دوئم و سوئم وغیرہ بھی لکھیں تو براہ کرم مجھے بذریعہ وی پی پوسٹ کر دیں۔ اگر کوئی اور تصانیف ہیں تو اُن کی فہرست عطا فرمائیں۔ اس کے علاوہ میں آپ کا مرید ہونا چاہتا ہوں۔ مجھ پر نظر کرم فرمائیں اور بتائیں کہ آپ کے آستانہ پر کس راستے سے آیا جا سکتا ہے۔ مجھے امید ہے کہ آپ میری راہنمائی فرمائیں گے۔ جواب کا انتظار رہے گا۔

فقط والسلام
تحسین رضا

تحصیل و ضلع ڈی۔ آئی۔ خان ڈاکخانہ پیروالا بیر پکر سے ملازم حسین لکھتے ہیں کہ

واجب الاحترام سید سبطین حیدر شاہ صاحب

Scanned with CamScanner

السلام علیکم !

سب دعائیں آپ کے نام ! خیریت موجود خیریت مطلوب بعد سلام کے آپکی کتاب "تحفۃ الگیلانی" بہت ہی اچھی کاوش ہے جس سے پڑھ کر دلی خوشی ہوئی۔ ایسی عملیات کی کتابیں عشروں بعد بھی شاید ایک دو بار آتی ہونگی - ورنہ نہیں۔ ہم نے تو سنا ہے کہ جنت صرف اور صرف اللہ تعالیٰ کے پاس ہے جو کہ حقیقت میں ہے۔ مگر آپ نے یہ جنت تحفۃ الگیلانی کی صورت میں گھر بیٹھے بٹھائے دے دی۔ جس کا میں پوری دنیا کی طرف سے ممنون ہوں اور اللہ تعالیٰ سے دعاگو ہوں کہ وہ آپکو اس کا پھل دے آپ نے یوں تو ہر مسلمان کے لئے خاص کر سُنی عقیدہ رکھنے والے پر بڑا کرم کیا ہے۔ میرے پاس کوئی ایسے الفاظ نہیں جو کہ میں اس کی تعریف میں لکھ سکوں۔ بس صرف اتنا کہہ سکتا ہوں کہ یہ ایک نایاب تحفہ ہے۔ آپ کو ملنے کی دلی تمنا رکھتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ کے حکم سے بہت جلد ملیں گے۔ ہاں اگر اس کی دوسری جلد تیار ہو گئی ہے تو اس کا بھی بتائیں۔ خط کا جواب ضرور دیں۔ انتظار کروں گا۔

فقط نیازمند
ملازم حسین ڈی۔ آئی خان

مکان نمبر ۱۴۴/۴۹ صدر بازار سیالکوٹ شہر سے چوہدری نذیر احمد کے صاحبزادے اپنے بیان میں تعریف کرتے ہوتے کہتے ہیں کہ

محترم پیر صاحب !

السلام علیکم !

کے بعد عرض ہے کہ میں نے آپ کی کتاب "تحفۃ الگیلانی" پڑھی۔ یوں تو ساری کتاب ہی نادر عملیات سے بھری ہوئی ہے جس

میں سے چند عملیات کو میں نے آزمایا ہے اور صد فی صد کامیابی حاصل ہوئی ہے۔ اب میں آپ سے ملنے کا خواستگار ہوں براہ کرم ملنے کے لئے وقت عطا فرمائیں۔ میری دعا ہے کہ خدا تعالیٰ اس کتاب سے پوری دنیا کو مستفید فرمائے۔ آمین ثمہ آمین۔

طالب دُعا صاحبزادہ
چوہدری نذیر احمد

عزیز آباد راولپنڈی عمران سٹریٹ مکان نمبر ۵/۹۶۳ سے محمد صغیر لکھتے ہیں۔

قابلِ صد احترام پیر صاحب !

السلام علیکم !

اُمید ہے آپ بخیریت ہونگے۔ میں آپ کی تصنیف "تحفۃ الگیلانی" کا قاری ہوں۔ اس میں سے چند عملیات میں نے تجربہ کیے ہیں۔ انہیں بہت فائدہ مند پایا ہے۔ اللہ تعالیٰ آپ کو بصدقہ نبی پاک عوام الناس کی مزید خدمت کرنے کا موقع عطا فرمائے۔ باقی عرض ہے کہ میں آپ کے ہاتھوں بیعت ہو کر دعائے سیفی کا عامل بننا چاہتا ہوں براہ کرم نظرِ عنایت فرما کر ملنے کا موقع فراہم کریں۔

جواب کا انتظار کروں گا۔ آپ نے یہ کتاب صرف ایک جلد میں لکھی ہے یا مزید جلدیں بنائیں گے یہ بھی بتائیں۔

فقط آپ کا مخلص
محمد صغیر

بخاری کالونی نواں شہر ملتان مکان نمبر 1X۶۷۲/۵-K سے مرید عباس مڑل لکھتے ہیں۔

مکرمی گیلانی صاحب!

السلام علیکم!

بخیریت و خیریت مطلوب! آپ کی کتاب "تحفۃ الگیلانی" پڑھی کتاب پڑھتے ہی دل باغ باغ ہوگیا۔ ایسا لگتا ہے کہ آپ نے اپنا سینہ چیر کر لوگوں میں بانٹ دیا ہے۔ موجودہ دور میں عامل لوگ ایسا بہت ہی کم کرتے ہیں کہ بات کھل کر سامنے آئے۔ آپ کی کتاب پڑھنے سے ڈوبی ہوئی اُمیدیں دوبارہ لوٹ آئی ہیں۔ میری دعا ہے کہ خدا تعالیٰ آپ کو اس بدلہ میں اجرِ عظیم عطا فرمائے۔ آمین۔ باقی میں ہزاروں وظیفوں کا ایک وظیفہ کسی کے لئے کیا تھا وہ بہت کامیاب رہا ہے اب میں آپ سے بالمشافہ ملاقات کا شرف حاصل کرنا چاہتا ہوں امید ہے کہ ٹھکرائیں گے نہیں۔ جواب کا انتظار رہے گا۔

دعا گو والسلام

مرید عباس مڑل ملتان

محمد اسلم خاں ایڈووکیٹ القاسم ہاوس گلشن باغ کوئٹہ سے لکھتے ہیں کہ۔

قابلِ احترام پیر و مرشد

السلام علیکم!

گذارش ہے کہ آپ کی کتاب "تحفۃ الگیلانی" مجردی مقیمی میرے زیرِ مطالعہ ہے سب سے پہلے میں آپکو اس کتاب کی اشاعت پر بہت مبارک باد دیتا ہوں کیونکہ یہ کتاب نہ صرف روحانی امور بلکہ دیگر تمام امور

پر فوقیت رکھتی ہے۔ صرف ایک کتاب "تحفۃ الگیلانی" خریدنے سے تین چار کتابیں خریدنے سے چھٹکارا مل گیا ہے۔ آپ نے ہر بات بڑی وضاحت کے ساتھ اس میں تحریر کی ہے۔ اور یہ آپ کی کامیابی کی دلیل ہے۔ اور کامیابی کے لئے آپ نے صفحہ صفحہ پر تجربات کی مہر ثبت کردی ہے۔ اس کتاب کی سچائی دیکھ کر میں آپ کا معتقد ہوگیا ہوں اور آپ کا بیعت ہونا چاہتا ہوں۔ میری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ آپ کے روحانی درجات بلند فرمائے آمین ثمہ آمین۔ آپکو ملنے کا مشتاق ہوں۔ جوابی لفافہ میں ملنے کی تاریخ اور راستہ کی راہنمائی فرمائیں۔

آپ کی دعاؤں کا طالب

احقر محمد اسلم ایم اے۔ ایل ایل بی

عبدالغفور پوسٹ بکس نمبر ۱۲۳۹ راولپنڈی سے نامہ لکھتے ہیں کہ

مکرمی و معظمی و محترمی جناب شاہ صاحب!

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ'!

جناب عرض ہے کہ میرے ساتھ عجیب واقعہ پیش آیا ہے کہ ایک دن خواب میں کسی بزرگ نے مجھ کو آپ کی کتاب "تحفۃ الگیلانی" دی اور پڑھنے کی اجازت بھی دی۔ دوسرے دن میں نے بازار میں "تحفۃ الگیلانی" کی تلاش شروع کردی۔ اور کل ہی جناب کی تصنیف "تحفۃ الگیلانی" خرید کر مطالعہ کرنا شروع کر دیا۔ ماشاء اللہ بے مثال ہے۔ اللہ رب العزت سے دعا ہے کہ وہی ذات تقدس ہی آپ کو جزائے خیر عطا فرمائے۔ روحانی طور پر آپ کا میرے ساتھ تعارف ہوگیا ہے۔ اب ظاہری طور پر اجازت کا طلب گار ہوں۔ امید ہے کہ ٹھکرائیں گے نہیں۔

اکاڑہ چھاؤنی سے نائب صوبیدار حاجی عبدالرحیم بزم پوری پوسٹ بکس نمبر ے سے لکھتے ہیں کہ ۔

قبلہ و محترم جناب شاہ صاحب!

السلام علیکم!

ذیت طرفین کے بعد عرض ہے کہ بندہ کافی عملیات کی کتابوں کا مطالعہ کرتا رہا ہے۔ مگر پھر بھی دلی حسرت پوری نہ ہوئی۔ ایک دن آپکی کتاب "تحفۃ الگیلانی" پڑھی تو دل کو راحت نصیب ہوئی جس طرح آپ نے اپنے تجربات تحریر کیے ہیں اس طرح ایسی کتاب اب تک میں نے نہیں دیکھی ہے۔ آپ نے ہم جیسے گناہ گاروں کی صحیح راہنمائی فرمائی ہے میں نے بعض عمل، تعویزات استعمال میں لائے جو تیر بہدف ثابت ہوئے ہیں اللہ تعالیٰ سے دعاگو ہوں کہ اللہ رب العزت آپکو ایسی کتب لکھنے کی توفیق دے میں زیادہ لکھنے سے قاصر ہوں۔ لیکن صرف یہ کہہ سکتا ہوں کہ اس کی مثال کوئی کتاب نہیں ہے۔ آپ کو کس طرح ملا جا سکتا ہے تحریر فرمائیں۔

فقط والسلام

حاجی عبدالرحیم بزم پوری

جدہ پوسٹ بکس نمبر ۹۲۹۹، جدہ ۲۱۴۱۳ سے عصام مکیؒ لکھتے ہیں کہ ۔

جناب حضرت صاحب!

السلام علیکم!

خیریت کا طالب عرض کرتا ہوں کہ جدہ میں آپ کے ملک پاکستان کی کتاب اردو کی تصنیف آپ کے مبارک ہاتھوں سے لکھی ہوئی کتاب "تحفۃ الگیلانی" کا مطالعہ کیا اور بہت خوش ہوا کہ پاکستانی عاملوں کے

پاس بھی بہت سچائی ہے۔ اور میں پوری سچائی کے ساتھ کہتا ہوں کہ اس کتاب میں ایسے ایسے نادر عملیات لکھے ہیں جو کہ دوسری کتابوں میں میں نے بہت ہی کم دیکھے ہیں اور اس طرح کی کوئی کتاب میں نے نہیں پڑھی۔

مختصر یہ کہ میں نے آپ کی کتاب میں سے کچھ تعویزات پڑھے اور آزمائے ہیں۔ انھیں پورا پورا اثر کرتے دیکھا ہے جو کہ عام عاملوں کی کتابوں میں بہت ہی کم ہوتا ہے۔ روحانی طور پر میں آپ کا شیدائی ہو گیا ہوں امید ہے کہ آئندہ خط کا جواب بھی دیں گے اور میرے ناچیز پر رابطہ قائم کر کے احسان بھی فرمائیں گے۔

فقط والسلام دعاگو

محمد عصام مکیؒ

آستانہ قلندر نزد ابراہیم فاؤنڈیشن سکول گلی نمبر ۳ مکان نمبر ۲۹۵ ذوالفقار کالونی فیصل آباد سے صاحبزادہ فقیر بابا غلام عباس المعروف چاندی شاہ قلندر لکھتے ہیں کہ۔

جناب قبلہ محترم پیر و مرشد پاک سید سبطین حیدر مدظلہ تعالیٰ

السلام علیکم!

کے بعد عرض ہے کہ آپ کی کتاب تحفۃ الگیلانی اپنے ایک مرید کے ہاتھوں دیکھی تو اس سے چند دن کے لیئے پڑھنے کیلئے مانگی چند دن مطالعہ کے بعد میں نے کتاب بازار سے خرید لی۔ جناب گیلانی صاحب میں عرصہ سے آپ جیسے لوگوں کی تلاش میں تھا۔ مگر تلاش نہ کر سکا۔ جب آپکی تصنیف کا مطالعہ کیا تو اس کتاب نے مجھے پانچ کتابوں سے نجات دلا دی اب صرف آپکی کتاب کے وظائف و تعویزات لوگوں کو لکھ کر دیتا ہوں خدا تعالیٰ کی قسم کھا کر کہتا ہوں کہ جو بھی عمل، وظیفہ، تعویزات استعمال کئے ہیں۔ ان سے

Scanned with CamScanner

کبھی بھی ناکامی نہیں ہوئی ہے۔ پتہ نہیں آپ نے اس کتاب میں کہاں سے انوکھا فیض رکھا ہے۔ اب دوسری کتابوں کا مطالعہ کرنے کو جی نہیں کرتا ہے میری دعا ہے کہ خدا تعالیٰ آپ کی کتاب کو اور آپ کے درجات کو مزید بلندی عطا فرمائے۔ اب بندہ ناچیز آپ سے روحانی بیعت کرنا چاہتا ہے اس سلسلہ میں میں آپ حضور سے وقت لیتا ہے اور جو آپ کا فارغ وقت ہو بندہ گنہگار کو مطلع فرمائیں۔ تاکہ درِ اقدس پر حاضر ہو کر چوکھٹ بوسی کر سکوں آنے کے لئے مکمل راستہ بتائیں۔ مہربانی ہوگی۔ جواب کا انتظار کرونگا

فقط والسلام

صاحبزادہ فقیر بابا غلام عباس المعروف چاندی شاہ قلندر

انگلینڈ سے جناب خادم حسین قادری رضوی لکھتے ہیں کہ میرے ایک دوست حال ہی میں پاکستان سے آئے ہیں ان کے ہاتھ میں آپ کی تصنیف ”تحفۃ الگیلانی“ دیکھی کتاب کا مکمل مطالعہ کرنے کے بعد مجھے عملیات، چلہ جات کا شوق پیدا ہوا۔ آپ کی اجازت کے بغیر قصیدہ غوثیہ، سورۃ یٰسین اور دیگر وظائف کے چلہ جات آپ کی کتاب سے کئے ہیں۔ خدا تعالیٰ کے فضل وکرم سے سو فیصد کامیابی حاصل ہوئی ہے۔ اب بندہ آپ کے بیعت ہونے کا طلب گار ہے۔ امید ہے کہ آپ مجھے اپنے قیمتی وقت سے ملنے کا موقع دیں گے اور اگر فون نمبر ہو تو مہربانی فرما کر دے دیں تاکہ جلدی رابطہ ہو سکے۔ اور خط کا جواب جلدی دیں۔ میرا خط انتظار میں نہ رکھیں۔ امید ہے کہ بندہ کو خدمت کا موقع دیں گے۔ مجھ جیسے گنہگاروں کو گلے لگانا اہل بیت کا شیوہ ہے۔ امید ہے کہ ٹھکرائیں گے نہیں۔

سینگاپور سے جناب سید عبداللہ شاہ صاحب لکھتے ہیں کہ

جناب گیلانی صاحب

السلام علیکم!

حال ہی میں مجھے پاکستان جانے کا اتفاق ہوا۔ تو میرے ایک دوست نے مجھے ”تحفۃ الگیلانی“ تحفہ میں دی پہلے تو میں نے کتاب کو ایک نظر دیکھا تو جی میں دوسرے عاملوں کی طرح خیالات آنے شروع ہو گئے کیونکہ پہلے میں نے کئی کتابوں سے چلہ جات کیے تھے مگر ناکام رہا تھا۔ میں نے آپ کی کتاب تحفہ سمجھ کر رکھ لی۔ جب میں واپس آیا تو سوچا کہ آپ کی کتاب سے کوئی وظیفہ کروں۔ خدا تعالیٰ کو یاد کر کے ایک چلہ کیا تو پوری زندگی کی امیدیں بر آئیں۔ پھر گاہے بگاہے تین چار چلے کئے۔ ہر چلہ میں سو فیصد کامیابی ہوئی۔ پھر آپکو خط لکھنا شروع کر دیا۔ خط لکھ کر رکھ دیا کہ شاید آپ میرے جیسے نکمے لوگوں کو پتہ نہیں خط کا جواب بھی دیتے ہیں کہ نہیں۔ پھر حوصلہ کر کے خط ڈاک کے سپرد کر دیا۔ اب میں امید کرتا ہوں کہ آپ میرے خط کا جواب دیں گے۔ اب اگر آپ کے ملک میں آنا ہوا تو انشاءاللہ ضرور ملاقات کروں گا۔ جوابی لفافہ کے لئے کچھ رقم ارسال خدمت ہے۔ امید ہے کہ حوصلہ افزائی کریں گے۔ اور اب جب بھی آپ کے ساتھ ملاقات ہوگی تو انشاءاللہ آپ کی شاگردی اختیار کروں گا۔

فقط دعاؤں کا طالب

سید عبداللہ شاہ

۲۱ رمضان المبارک ۱۴۲۰ھ

الائیڈ بنک آف پاکستان ملتان سے خان بشیر احمد خان لکھتے ہیں کہ

جناب محترم بابا جان!

السلام علیکم! عرض ہے کہ مجھے خدمت خلق کرنے کا بہت شوق ہے اس

وجہ سے عملیات کی کتابوں کا مطالعہ کرتا رہا ہوں۔ ویسے تو میں بنک میں بارہ گریڈ کا ملازم ہوں۔ صرف شوق اور خدمت خلق کی خاطر عملیات کرتا ہوں گذشتہ ماہ آپ کی تصنیف ”تحفۃ الگیلانی“ کا مطالعہ کیا۔ جناب کیا بتاؤں کہ میرے دل پر کیا گزری۔ صرف اتنا کہوں گا کہ میرے پاس عملیات کی ایک سو پچھتر کتابیں ہیں۔ جو کہ بہت کامل لوگوں کی لکھی ہوئی ہیں۔ لیکن دل کی بے تابی پھر بھی ختم نہ ہوئی۔ جب آپ کی کتاب سے میں نے ایک چلہ کیا تو بہت خوش ہوا۔ کہ پہلے اس طرح میں نے کبھی کامیابی نہ پائی۔ میری خوشی کی انتہا نہ رہی آپ نے کتاب لکھ کر پوری دنیا پر بہت بڑا احسان کیا ہے۔ خصوصی طور پر مجھ ناچیز پر۔ اب میں آپ کا روحانی طور پر بیعت ہونا چاہتا ہوں۔ اور دوسرے وظیفہ جات کی اجازت بھی لینا چاہتا ہوں۔ اور ملنے کیلئے وقت اور تاریخ بتا دیں۔ تاکہ آپ کے ساتھ ملاقات ہو سکے۔ میری دعا ہے کہ خدا تعالیٰ آپ کو مزید ایسے ہی نادر و نایاب تحفے لکھنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین ثم آمین۔

فقط خاکسار

خان بشیر احمد خان۔ اے۔ بی۔ ایل

نواں شہر ملتان۔

محترم قاری حضرات

کتاب میں چند نمونے کے خطوط لکھنے کا یہ مقصد ہرگز نہیں ہے کہ اپنے منہ میاں مٹھو بنیں۔ خوشامد بُری بلا ہے۔ خدا تعالیٰ شیطان کے شر سے پناہ دے (آمین ثم آمین)۔ اصل مقصد یہ ہے کہ ہم نے اپنی عوام کو ایک حقیر سا تحفہ ”تحفۃ الگیلانی“ کی صورت میں دیا ہے۔ یہ تحفہ ہے تو حقیر سا لیکن خدا تعالیٰ کی قدرت ہے کہ اس نے ہمارے اس تحفہ کو نایاب تحفہ بنا دیا ہے۔ قاری حضرات اس کا بُرا نہ محسوس کریں کہ کتاب میں چند خطوط کیوں لکھے گئے ہیں۔

فقط ناچیز و ناکس

مصنّف کتاب ہذا

Scanned with CamScanner

بیرون ملک کتاب ملنے کے ایڈریس

بیرون ملک جہانگیر بک ڈپو لاہور کی شائع شدہ کتاب "تحفۃ الگیلانی" مندرجہ ذیل ایڈریس سے بآسانی مل سکتی ہے ۔

۱۔ کلیم پاشا اورچرڈ روڈ سینگاپور فون نمبر 188504-03048
انٹرنیٹ Pasa @ Siget Com Sg

۲۔ محمد وسیم احمد 250 سورنگون روڈ 218090 سینگاپور
ٹیلی فون نمبر 3924006 فیکس نمبر 3924007

۳۔ سیّد محمد ندیم گیلانی
359 چانگی روڈ سینگاپور
فون نمبر 842002 فیکس 8413921

۴۔ محمد امین
شنوان پلازہ 03-01 شنوان ہانگ کانگ
فون نمبر 296132

۵۔ محمد عصام مکیؒ سی آر 32395 پوسٹ بکس نمبر 9299
جدہ 21413 فون نمبر 6511008 فیکس 6534139

۶۔ ساحل گیسٹ ہاوس / باباچراغ شاہ
3965 گلی خان خاناں جامع مسجد دہلی 110006
فون نمبر 3268937

۷۔ سیّد مدثر نوید گیلانی
191 The Broad Way Houth Hall
Mibal ILZ London
Ph = 0044-7931350374

۸۔ پروفیسر ڈاکٹر بشیر علی بشیر محمد
پوسٹ بکس نمبر 9196 ایل سی نمبر 4317
مکۃ المکرمہ K-S-A
فون نمبر 966-2-5376767 فیکس 966-2-5377494

۹۔ محمد سہیل بھٹی
باتو کیفو جیلان بانو
کوالمپور ملیشیا فون نمبر 03-9271361

Scanned with CamScanner

مکتبہ خانہ مدینہ
0300-6990739
067-3354593
نزد حبیب بنک کچہری بازار بورے والا

ظفر علی شاہ ——— ظفر اقبال۔

میں تو تنہا سا ہوں لیکن یہ بے شرمی نہیں ہے۔
مجھ دیکھ کر سمجھیں یہ نرمی ہے یا یہ گرمی ہے

میں تو وزیر اعظم ہے بس یہی کہوں گا اب
اقتدار سے چمٹے رہنا ہی ہٹ دھرمی ہے

(روزنامہ دنیا فیصل آباد، بدھ 26 جولائی 2017ء)

۲۸ — ۳ — ۲۰۱۳
۱۶ — ۵ — ۱۴۳۴
بروز جمعرات